خمینی اور اثنا عشریہ کے بارے میں علماء کرام کا متفقہ فیصلہ

خصوصی اشاعت

ماہنامہ
بینات
کراچی

www.besturdubooks.wordpress.com

ناشر
مکتبہ بینات علامہ بنوری ٹاؤن کراچی ۷۴۸۰۰

CamScanner

ماہنامہ

بینات

تیسرا ایڈیشن

کراچی

فہرست

بصائر وعبر	مولانا محمد یوسف لدھیانوی	۲
نگاہ اولیں	خلیل الرحمٰن سجاد ندوی	۳
مقدمہ	حضرت مولانا محمد منظور نعمانی	۴
استفسار	حضرت مولانا محمد منظور نعمانی	۳۷
فتاویٰ — ہندوستان کے اکابر علماء واصحاب فتویٰ اور — ممتاز دینی مدارس کے فتاویٰ وتصدیقات		۹۷
فتاویٰ — پاکستان کے ممتاز مراکز افتاء اور — اصحاب علم وفتویٰ کے فتاویٰ وتصدیقات		۱۵۱
ضمیمہ نمبر ۱ تکفیر شیعہ پر تشبیہات کا جواب	حضرت حکیم الامت تھانوی	۱۶۹
ضمیمہ نمبر ۲ شیعہ کافر کیوں؟	حضرت مولانا قاضی مظہر حسین چکوال	۱۷۶
ضمیمہ نمبر ۳ علماء پاکستان کی مزید تصدیقات		۲۱۳

بیرون ممالک سے بذریعہ ہوائی ڈاک

سعودی عرب، عرب امارات، مسقط، بحرین، عراق ایران، مصر، کویت، بنگلہ دیش، انڈیا ۲۰۰ روپے
ریاستہائے متحدہ امریکہ، برطانیہ، تھائی لینڈ، ہانگ کانگ، برما، نائیجیریا، جنوبی افریقہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ ۲۵۰ روپے

خط وکتابت وترسیل کا پتہ

ماہنامہ بینات پوسٹ بکس نمبر ۳۴۶۵ کراچی ۵
جامعۃ العلوم الاسلامیہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵
فون نمبر ۴۱۳۵۷۰ - ۱۹۲۵۵۲

ناشر: محمد ادریس۔ طابع: فیروز ذکی۔ مطبع: ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک کراچی

com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

حضرت خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کا نام اسلام ہے۔ جو شخص اسلام کے تمام متواترات ومسلمات کو مانتا ہو وہ مسلمان کہلاتا ہے۔ جو شخص ضروریات اسلام میں سے کسی ایک کا منکر ہو وہ پورے دین کا منکر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مکذب ہے۔ اس لیے دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

عام غلط فہمی یہ ہے کہ شیعہ مذہب بھی اسلام کے اندر مسلمانوں ہی کا ایک فرقہ ہے۔ یہ غلط فہمی اس لیے ہوئی کہ شیعہ مذہب پر تقیہ کی سیاہ چادر تنی رہی، اور نہ شیعہ مذہب نہ صرف یہ کہ بے شمار ضروریات دین اور متواترات اسلامی کا منکر ہے۔ بلکہ اس کا کلمہ بھی، جو دین کی اولین اساس ہے، مسلمانوں سے الگ ہے، اور قرآن کریم، جو دین کا سرچشمہ ہے، یہ اس کی تحریف کا بھی قائل ہے، جس گروہ کا کلمہ اور قرآن تک مسلمانوں سے الگ ہو، ان کو مسلمان کہنا خود اسلام کی نفی ہے۔

شیعہ مذہب، اسلام کے بالمقابل، کفر وارتداد، الحاد وزندقہ اور نفاق وشقاق کی وہ پہلی تحریک ہے جو اسلام کو مٹانے کے لیے کھڑی کی گئی — اور چاہا گیا کہ اس کے ذریعہ بعد کی امت کا رابطہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے، قرآن کریم سے اور السابقون الاولون من المہاجرین والانصار سے کاٹ دیا جائے، تاکہ بعد کی امت کو اسلام کی کسی بات پر اور قرآن کریم کے کسی حرف پر اعتماد نہ رہے۔ اور نظریہ امامت پیش کیا گیا تاکہ مسلمانوں کا قبلۂ ایمان تبدیل ہو جائے۔

شیعیت، اپنی اسلام دشمنی اور نفاق پروری کے باوجود ہمیشہ تقیہ کے سیاہ دبیز پردوں میں مستور رہی، جب اس نے نمود وظہور کی ذرا سی کوشش کی، اس کے کفریہ عزائم ہر کس وناکس کے سامنے کھل گئے اور وہ فوراً دوبارہ تقیہ کی نقاب سیاہ اوڑھنے پر مجبور ہو گئی۔ یہی حادثہ شیعیت کو ہمارے دور میں شیعہ امام خمینی کے ذریعہ پیش آیا، امام خمینی نے مرکز شیعیت — ایران — میں اقتدار حاصل کیا تو نظریۂ ولایت فقیہ کے تحت شیعیت نے پر پرزے نکالنے شروع کیے، ہمارے مخدوم حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ العالی نے ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت نامی کر خمینی وشیعی تحریک کے اصل خط وخال اجاگر کر دیئے۔ اور اب اس موضوع پر یہ ان کی دوسری کتاب ہے جو الفرقان لکھنؤ کے خاص نمبر کی شکل میں آئی ہے۔ اس ناکارہ کا احساس یہ ہے کہ یہ پندرہویں صدی کے اوائل میں وہ خاص تجدیدی کارنامہ ہے جس کی توفیق، حق تعالیٰ شانہ نے حضرت موصوف کو ارزانی فرمائی ہے، ہم اسے بینات کے خاص نمبر کی حیثیت سے من وعن شائع کر رہے ہیں یہ گویا اس کا پاکستانی ایڈیشن ہے، جو حضرات اس کو تقسیم کرنا چاہیں ہم انہیں تقریباً اصل لاگت پر مہیا کریں گے۔ واللہ الموفق۔

نگاہ اولیں

خلیل الرحمٰن سجاد ندوی

شروع ہی سے اسلام کے قلب وجگر اور اس کے اعصاب پر ایسے حملے ہوئے ہیں کہ دوسرا مذہب ان میں سے ایک کی بھی تاب نہیں لاسکتا، لیکن اسلام نے شکست نہیں کھائی بلکہ اپنے سب حریفوں کو شکست دی اور اپنی اصلی شکل میں قائم رہا۔ اس لئے کہ ہر دور میں ایسے افراد پیدا ہوتے رہے جنھوں نے نہایت جرأت وہمت کے ساتھ ان حملوں کا مقابلہ کیا۔ یہ محض اتفاقی بات نہیں۔ اور خدا کی اس کائنات میں کوئی بات اتفاقی طور پر نہیں ہوتی۔ بلکہ اس انتظام خداوندی کا نتیجہ ہے کہ جس دور میں جس صلاحیت وقوت کے آدمی کی ضرورت تھی، اور زہر کو جس تریاق کی حاجت تھی، وہ امت کو عطا ہوا۔

اسلام کی تاریخ سے واقفیت رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ جن داخلی فتنوں اور منافقانہ تحریکوں سے اسلام اور مسلمانوں کو سب سے زیادہ نقصان پہونچا ہے ان کا سرچشمہ ادیان میں سب سے زیادہ طویل العمر اور سخت جان فتنہ شیعیت ہے، جسے ہماری شامت اعمال کے طور پر اس زمانہ میں نئی زندگی ملی ہے لیکن شاید یہ نئی زندگی مستقبل میں اس کے لئے "افاقۃ الموت" ثابت ہو البتہ اس بات کا انحصار، سنت اللہ کے مطابق، اس بات پر ہے کہ کتنی جلد ہماری قوم اس فتنہ کی سنگینی کو صحیح طور پر سمجھتی ہے، اور اس کے شر سے اپنی حفاظت کے لئے کتنے عزم وارادہ، کتنی غیرت وحمیت اور کتنی چستی وبیداری کا ثبوت دیتی ہے۔؟

امت مسلمہ کو اس پرانے اور مکار دشمن کی حقیقت سے صحیح طور پر باخبر کرنے اور غیرت اور جرأت مندی کے ساتھ اس فتنہ کے فیصلہ کن مقابلہ پر اسے آمادہ کرنے کے لئے کی جانے والی کوششوں کے سلسلہ کی ایک کڑی الفرقان کا یہ خاص نمبر ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھ میں ہے۔

——— اس کے ایک ایک لفظ کو غور سے پڑھئے، اور پھر فیصلہ کیجئے کہ آپ پر اس سلسلہ میں کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے ؟؟؟

اے اللہ اپنے بندوں کی اس کوشش کو قبول فرما اور اس میں عصائے موسیٰ کی تاثیر ڈال دے!

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیدنا محمد خاتم النبیین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین
اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ

شیعہ اثنا عشریہ اور اس دور کے اُن کے امام روح اللہ خمینی سے متعلق ہند و پاکستان کے حضرات علماء شریعت کا فتویٰ اور فیصلہ عامۃ المسلمین کی واقفیت کے لئے پیش کیا جا رہا ہے یہ عاجز مناسب سمجھتا ہے کہ اس بارے میں سب سے پہلے اپنی سرگذشت عرض کر دی جائے۔

دار العلوم دیوبند کی رسمی طالب علمی سے فارغ ہونے کے بعد یہ عاجز تدریس میں مشغول ہو گیا تھا اگرچہ اس زمانہ میں آریہ سماجیوں، قادیانیوں اور دوسرے فرق ضالہ سے مناظرے و مباحثے بھی کرتا تھا جس کا اس وقت کے خاص حالات میں بازار گرم تھا اور ان فرقوں کی کتابیں بھی دیکھتا رہا لیکن شیعوں سے کبھی مناظرہ کی نوبت نہیں آئی۔ اس وجہ سے اس دور میں شیعہ مذہب کی کوئی کتاب دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا، حضرت مولانا محمد عبد الشکور صاحب فاروقی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ اس عاجز کا عقیدتمندانہ تعلق تھا اور جانتا تھا کہ وہ راسخ العلم و تقی عالم ربانی ہیں، اور شیعہ مذہب کا ان کا مطالعہ نہایت وسیع اور عمیق ہے، اور اس

مطالعے کی بنیاد پر وہ شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کے قائل ہیں، یہ عاجز بھی ان کے علم و تقویٰ کے اعتماد پر یہی رائے رکھتا تھا۔ اور حسب ضرورت اس سے اتفاق کا اظہار کرتا تھا۔

اس کے بعد ایک وقت آیا کہ میرا خیال یہ ہو گیا کہ میں نے خود شیعہ مذہب کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا ہے، اس لئے مجھے اس بارے میں احتیاط اور کم سے کم کف لسان کا رویہ اختیار کرنا چاہیئے چنانچہ طویل مدت تک میرا یہی حال رہا۔ اس عرصہ میں مجھے شیعہ مذہب کے مطالعہ کی کوئی ضرورت بھی پیش نہیں آئی۔

ایرانی انقلاب کے کچھ ہی مدت کے بعد سب سے پہلے امریکہ کے ایک دردمند مسلمان کا خط اس عاجز کے پاس آیا جس میں انھوں نے لکھا تھا کہ یہاں امریکہ میں ایک بہت بڑا دینی حادثہ یہ پیش آیا ہے، کہ یہاں کی سیاہ فام نسل اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بہت تیز رفتاری کے ساتھ اسلام قبول کر رہی تھی، اور اب سفید فام نسل میں بھی کام شروع ہو گیا تھا اور اس نسل کے نوجوان بھی اچھی رفتار سے اسلام کی طرف آنے لگے تھے ــــ یہاں تک کہ ہم جیسوں کو خیال ہونے لگا تھا کہ شاید مشیت خداوندی امریکی قوم کو ہی اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے لئے منتخب کرے۔ حالات برسوں سے اسی رفتار سے چل رہے تھے کہ اچانک ایران میں انقلاب برپا ہوا اور کچھ مدت کے بعد وہاں سے دعوتی اور تبلیغی لٹریچر آنا شروع ہوا۔ جو یہاں کی بہترین زبان میں تھا اور وہ بہت ہوشیاری کے ساتھ خصوصیت سے سیاہ فام نومسلموں کو پہنچایا گیا۔ وہ بیچارے سیدھے سادے نومسلم تھے اسلام کے بارے میں ان کا علم بالکل اجمالی تھا۔ وہ اس لٹریچر سے متاثر ہوئے ــ پھر ایران سے دو، داعی اور مبلغ آئے جو یہاں کی زبان میں بہترین تقریر کرتے تھے، انھوں نے بھی اپنی کوششوں کا خاص نشانہ ان نومسلموں ہی کو بنایا، ان کی تقریروں سے متاثر ہو کر ان سیاہ فام نومسلموں کی بڑی تعداد نے شیعہ مذہب کو اصلی اسلام سمجھ کر قبول کر لیا اور رفتہ رفتہ ان پر ایسا رنگ چڑھا کہ انھوں نے نہ صرف ہم لوگوں سے بے تعلقی اختیار کر لی بلکہ ان میں سے بہت سے شیعہ مذہب کے پرجوش داعی اور ہم جیسے مسلمانوں کے جانی دشمن بن گئے۔

یہ کچھ عرصے کے بعد اسی طرح کی اطلاعات نیوزی لینڈ اور افریقہ کے بعض ملکوں سے بھی آئیں ــــ خود برصغیر ہند و پاکستان اور بنگلہ دیش میں ایک ایسی نیم دینی و نیم سیاسی جماعت کے زعماء اور اکابر کی طرف سے جس کو اس جماعت سے تعلق رکھنے والے دین کامل کی واحد علمبردار جماعت سمجھتے ہیں اپنے نشر و اشاعت کے وسیع ذرائع سے ایرانی انقلاب کے خالص

اسلامی انقلاب اور اس کے قائد روح اللہ خمینی کے ملت اسلامیہ کے مثالی رہنما اور امام المسلمین ہونے کے بارے میں ایسا پروپیگنڈہ کیا گیا کہ پورے برصغیر کی فضا اس پروپیگنڈے سے گونجنے لگی اور خاص کر کالجوں، اسکولوں میں تعلیم پانے والے جذباتی نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد نے پوری طرح اس کو قبول کر لیا بلکہ حق یہ ہے کہ وہ اس میدان میں اس جماعت کے ان اکابر و زعماء سے بھی بہت آگے نکل گئے اور خمینی صاحب کے گویا نقیب اور ان کے لشکر کے گویا سپاہی بن گئے

اس صورتحال کے سامنے آجانے کے بعد اس عاجز نے ضروری سمجھا کہ شیعہ مذہب کی بنیادی اور مستند کتابوں اور خود خمینی صاحب کی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے، چنانچہ تقریباً ایک سال تک صرف یہ مطالعہ کیا گیا، اس مطالعہ سے یہ چند حقیقتیں پورے یقین کے ساتھ آنکھوں کے سامنے آگئیں۔

ایک یہ کہ شیعہ مذہب مسلمانوں کے بہت سے دوسرے فرقوں کے مذاہب کی طرح اسلام کی شاخ نہیں ہے بلکہ وہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین حق اسلام کے بالکل متوازی اور متصادم ایک دین ہے۔

دوسرے یہ کہ جس طرح مسلمانوں کے بہت سے گمراہ فرقے خوارج، مرجئہ، مجسمہ، وغیرہ غلط فہمی سے پیدا ہوئے شیعہ مذہب اس طرح پیدا نہیں ہوا بلکہ عبداللہ بن سبا یہودی اور اس کے خاص رفقاء نے اپنے سوچے سمجھے منصوبہ کے مطابق اسلام کی تخریب و تحریف اور مسلمانوں میں افتراق و تفریق اور خانہ جنگی برپا کرنے کے لئے اس کو وضع کیا تھا۔

خمینی صاحب کی تصانیف کے مطالعہ سے یہ بات بھی واضح طور پر سامنے آگئی کہ وہ سخت متعصب غالی شیعہ ہیں، انھوں نے خلفاء ثلاثہ (سیدنا صدیق اکبر، فاروق اعظم، ذوالنورین) اور ان کے تمام رفقاء سابقین اولین کو (باستثناء حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ) کافر و منافق لکھا ہے، نیز یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں اور اس کے بعد بھی کافر و منافق ہی رہے انھوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ہمارے بارہ اماموں کا وہ مقام و مرتبہ ہے جہاں تک کسی مقرب فرشتے اور کسی نبی و رسول کی رسائی نہیں۔

خاص کر ان کی کتاب "الحکومۃ الاسلامیہ" کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ وہ اپنے کو بارہویں امام معصوم (امام غائب) کا قائم مقام قرار دینے کی بنیاد پر امت کے انتظامی معاملات میں ان تمام اختیارات کا مالک کہتے ہیں جو امت کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حاصل تھے، اور اپنی اس حیثیت اور اس منصب کی بنیاد پر وہ عالم اسلامی اور خاص کر حرمین شریفین پر حکومت کا صرف اپنے کو حقدار سمجھتے ہیں اس لئے جب بھی وہ موقع مناسب سمجھیں گے حرمین شریفین پر قبضہ کی کوشش کریں گے۔

راقم السطور نے اپنے اس مطالعے کا حاصل مرتب کر کے اب سے تین سال پہلے اپنی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" کی شکل میں شائع کر دیا تھا۔

اس کتاب میں میں نے شیعہ مذہب کو باطل ثابت کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی تھی، مذہب شیعہ کی بنیادی اور مستند کتابوں کے مطالعہ سے اور اسی طرح خمینی صاحب کی کتابوں سے جو کچھ سامنے آیا تھا صرف اسکو پورے حوالوں کے ساتھ جوں کا توں پیش کر دیا تھا، فرقہ اثنا عشریہ اور خمینی صاحب کے بارے میں اپنی طرف سے کوئی شرعی حکم بھی نہیں لگایا تھا۔ اس کتاب کا مقصد صرف یہی تھا کہ جو پڑھے لکھے مسلمان شیعہ مذہب سے واقف نہیں ہیں، اور خاص کر جن حضرات علماء کرام نے شیعہ مذہب کی کتابوں اور خمینی صاحب کی تصانیف کا مطالعہ نہیں کیا ہے وہ حقیقت حال سے واقف ہو جائیں۔

اس کتاب کی اشاعت کے بعد بہت سے مخلصین کی طرف سے سنجیدگی کے ساتھ یہ سوال کیا گیا کہ جب شیعہ فرقے کا حال وہ ہے جو اس کتاب سے معلوم ہوا تو حضرات علماء کرام کی طرف سے انکی تکفیر کا اس طرح فیصلہ کیوں نہیں کیا گیا جس طرح قادیانیوں کے بارے میں کیا گیا۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ سوال ناواقفیت پر مبنی تھا، حقیقت یہ ہے کہ ہمارے علماء متقدمین و متاخرین میں سے جن حضرات کو بھی شیعی عقائد سے واقفیت تھی، انھوں نے تکفیر ہی کی۔ بلکہ خاص کر فقہ حنفی کی مبسوطات اور کتب فتاوی کے مطالعہ سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے زیادہ تر مصنفین و مؤلفین نے ان کو صرف اس بنیاد پر خارج از اسلام قرار دیا کہ وہ صحابہ کرام خاص کر شیخین (حضرت صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ عنہما) سے بغض و عداوت رکھتے اور ان کی شان میں گستاخی اور بدزبانی کرتے ہیں — یہ وہ بات ہے جو شیعوں کے عام رویہ سے اور اس کی عمومی شہرت کی وجہ سے ان مسلمانوں کو بھی معلوم ہے جنھوں نے شیعہ مذہب کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا اسی لئے راقم سطور کا قریب بہ یقین گمان ہے کہ ہمارے ان فقہاء کرام کی

نظر سے اثنا عشریہ کی کتابیں نہیں گذر سکیں۔ اس کی وجہ بھی ظاہر ہے۔ شیعہ مذہب میں اس کی سخت تاکید کی گئی ہے کہ اپنے مذہب اور اپنے عقائد کو دوسروں سے چھپایا جائے (یہ عاجز اپنی کتاب "ایرانی انقلاب، خمینی اور شیعیت" میں اس کو تفصیل سے لکھ چکا ہے[1]) تو جبتک پریس کے ذریعہ ان کتابوں کی طباعت اور عام اشاعت کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اور اور قلم ہی سے کتابیں لکھی جاتی تھیں تو شیعہ صاحبان دوسروں کو ان کتابوں کی ہوا بھی نہیں لگنے دیتے تھے ——— اگر شیعہ مذہب کی کتابیں ان فقہائے کرام کی نظر سے گذری ہوتیں تو وہ تکفیر کی بنیاد کے طور پر صرف سب صحابہ، سب شیخین اور انکار خلافت شیخین کا ذکر نہ کرتے بلکہ وہ ان کے عقیدۂ تحریف قرآن کا ذکر کرتے، امامت کے نبوت و رسالت سے بالاتر اور اپنے بارہ اماموں کے تمام انبیاء و رسل سابقین سے افضل ہونے کے ان کے عقیدے کا ذکر فرماتے، اور حضرات شیخین اور اسی طرح ام المومنین حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے مومن ہونے سے بھی انکار اور ان کے قطعی جہنمی ہونے کے عقیدہ کا ذکر کرتے ——— اثنا عشریہ کے یہ وہ عقائد ہیں جو انکی مستند اور بنیادی کتابوں میں ایسی صراحت کے ساتھ لکھے گئے ہیں کہ اس کے بعد کسی تاویل کی گنجائش نہیں ——— اور ظاہر ہے کہ ان عقیدوں میں سے کسی ایک عقیدہ کے رکھنے والوں کی تکفیر کے بارے میں کسی ایسے شخص کو تردد نہیں ہو سکتا جو اسلام اور کفر کی حقیقت اور ان کے حدود کو جانتا سمجھتا ہو۔

ہمارے حنفی فقہاء و علماء میں علامہ ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۳ھ) اس لحاظ سے بہت ممتاز ہیں کہ ان کی کتاب "رد المحتار" فقہ حنفی کی گویا انسائیکلوپیڈیا ہے۔ اس میں فقہ حنفی کی ان قدیم کتابوں کی نقول بھی مل جاتی ہیں جو اب تک بھی طبع نہیں ہو سکی ہیں۔ بلاشبہ یہ کتاب تصنیف فرما کر انھوں نے حنفی دنیا پر بڑا احسان فرمایا ہے۔ لیکن اسی رد المحتار میں اور اس کے علاوہ اپنے ایک رسالہ میں جو "رسائل ابن عابدین" میں شامل ہے شیعوں کے بارے میں انھوں نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے، اس کے مطالعہ کے بعد اس میں شک نہیں کیا جا سکتا کہ مذہب شیعہ کی کتابیں ان کی نظر سے بھی نہیں گذر سکیں اگرچہ ان کا زمانہ اب سے قریباً ڈیڑھ سو سال پہلے ہی کا ہے[2]

---

[1] ملاحظہ ہو ایرانی انقلاب، خمینی اور شیعیت ص ۲۲۴ تا ص ۲۲۸ — [2] اگلے صفحہ پر

بلکہ اس کے بعد کے دور کے بھی (چند حضرات کو مستثنیٰ کرکے) ایسے جبال علم جو اپنے وقت کے آسمان علم کے آفتاب و ماہتاب تھے ان کی کتابوں سے بھی یہی اندازہ ہوتا ہے کہ مذہب شیعہ کی کتابوں کا براہ راست اور تفصیلی مطالعہ کرنے کا انھیں بھی موقع نہیں ملا۔

راقم سطور یہاں یہ عرض کردینا بھی ضروری سمجھتا ہے کہ شیعہ مذہب کی کتابوں کا مطالعہ نہ کرسکنے کی وجہ سے ہمارے ان فقہاء و علماء کے علمی مقام و مرتبہ میں کوئی کمی نہیں آتی (یہ عاجز ابھی عرض کرچکا ہے کہ اب سے قریباً چھ، سات سال پہلے تک جبکہ عمر پچہتر سال سے متجاوز ہوچکی تھی، میں نے بھی شیعوں کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا تھا، حالانکہ اس زمانے میں وہ بآسانی دستیاب ہوسکتی تھیں) بلکہ یہ عرض کرنا صحیح ہوگا کہ ہمارے ان فقہاء پر یہ اللہ تعالیٰ کا غیر معمولی فضل اور خاص توفیق تھی کہ شیعہ مذہب کے مطالعہ کے بغیر ہی اللہ تعالیٰ نے ان سے وہ فیصلہ کرایا جو بجائے خود حق تھا اور حق ہے ——— خود راقم سطور کو کئی معاملات میں یہ تجربہ ہوا کہ ہمارے بعض اکابر و مشائخ نے کسی مسئلہ میں کوئی رائے ظاہر فرمائی مگر اس کی جو بنیاد تحریر فرمائی وہ اس عاجز کے نزدیک ضعیف تھی، لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ جو رائے ظاہر فرمائی تھی وہ سو فیصد صحیح تھی ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

بہرحال یہ خیال کرنا بالکل صحیح نہیں ہے کہ پہلے شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر نہیں کی گئی، اس عاجز نے فقہ حنفی کی مبسوطات و کتب فتاویٰ میں یا ان علماء کرام کے رسائل میں جو خاص اس مسئلے پر لکھے گئے جو ایسی عبارتیں دیکھیں جن میں شیعوں کی تکفیر کی گئی ہے، انکی تعداد تیس چالیس سے کم نہ ہوگی فقہ حنفی کی کتابوں کے علاوہ جو دوسری کتابیں دیکھیں وہ اسکے علاوہ ہیں، اس مطالعہ کے بعد پورے وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ ہر دور کے علماء اور فقہا نے شیعوں

حاشیہ۔ جن حضرات اہل علم نے امام العصر حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ کا بے نظیر کتاب "اکفار الملحدین" کا مطالعہ کیا ہے، ان کو اندازہ ہوگا کہ ہمارے علماء متقدمین و متاخرین میں بہت کم ایسے حضرات ہوں گے جنھوں نے تکفیر کے مسئلہ پر اتنی تفصیل اور گہرائی کے ساتھ مطالعہ کیا ہوگا جیسا مطالعہ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نے کیا تھا، نمونہ کے لئے اکفار الملحدین ص۳۸ پر روافض کی تکفیر پر گفتگو کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:

قلت والاکثر علی تکفیر منکر خلافۃ الشیخین ..... بل فی الخلاصۃ والصواقق انہ صرح بہ محمد بن الحسن فی الاصل وکذا صححہ فی الظہیریہ کما فی الخندیہ نعم فی الدر المختار تساھل ..."

کی تکفیر کی ہے۔

شیعیت کے بارے میں ائمہ اصلاح و تجدید کا موقف

اس سلسلے میں یہ بات خاص طور سے قابل لحاظ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے جن بندوں سے دین کی حفاظت، تجدید و احیا اور تحریفات و تاویلات فاسدہ کا پردہ چاک کرنے کا کام خاص طور سے لیا ہے، ان سب نے شیعیت کو انتہائی درجہ کی ضلالت سمجھا اور اس سے امت کی حفاظت کے لئے پوری جد وجہد فرمائی، نیز اسے اسلام کے خلاف بدترین سازش اور شیعوں کو خارج از اسلام قرار دیا ــــ تجدید و احیاء دین کی تاریخ کا یہ ایک اہم باب ہے، اگر صفحات میں گنجائش ہوتی تو یہ عاجز ہر دور کے ائمہ اصلاح و تجدید کی اس سلسلہ کی کوششوں کا تفصیل سے ذکر کرتا، تاہم "مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ" کے اصول کے تحت اس سلسلے کی چند اہم اور معروف شخصیتوں کا مختصراً ذکر کیا جاتا ہے۔

امام مالکؒ دوسری و تیسری صدی ہجری میں دین اور شریعت اسلامی کے باقی و نافذ العمل رہنے کے لئے شدید ضرورت حدیث و سنت کے سرمایہ کی حفاظت اور فقہ کی تدوین اور استنباط و اجتہاد تھی، اللہ تعالیٰ نے اس ضرورت کی تکمیل کے لئے جس مبارک تجدیدی سلسلہ کا انتخاب فرمایا ان میں امام دار الہجرت امام مالک (م ۱۷۹ھ) کا نہایت ممتاز مقام ہے، انھوں نے خلیفۂ وقت ہارون رشید کے ایک سوال کے جواب میں صراحۃً روافض کو خارج از اسلام قرار دیا تھا، اس پورے واقعہ کا ذکر مفتی حبیب الرحمٰن خیر آبادی صاحب (مفتی دار العلوم دیوبند) کے فتوٰی میں الاعتصام للشاطبی کے حوالہ سے آپ ملاحظہ فرمائیں گے ــ علاوہ ازیں حافظ ابن کثیرؒ اور علامہ بغوی صاحب معالم اور علامہ خازن وغیرہ نے بھی اپنی تفسیروں میں سورۂ فتح کی آیت "لیغیظ بہم الکفار" کے تحت امام مالک رحمہ اللہ کے اس فتوے کا ذکر فرمایا ہے۔

شیخ عبد القادر جیلانیؒ پانچویں اور چھٹی صدی ہجری کے عظیم داعی الی اللہ اور سلسلہ اصلاح و تجدید کے گل سرسبد حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی شخصیت محتاج تعارف نہیں، انھوں نے اپنی معروف تصنیف "غنیۃ الطالبین" میں فرق ضالہ کے زیر عنوان روافض کا ذکر کرتے ہوئے ان کے جن بنیادی عقائد کا ذکر کیا ہے

ان سے معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی یہ فرقہ اسلام سے خارج تھا، استفتار میں شیخ کی عبارت کا جو اقتباس نقل کیا گیا ہے اسے ملاحظہ فرمالیا جائے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ ساتویں اور آٹھویں صدی کے مجدد شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اپنی تصنیفات اور فتاوی میں جابجا شیعیت کا رد فرمایا ہے، لیکن اس موضوع پر ان کی مستقل تصنیف "منہاج السنۃ" ہے، جو انھوں نے اپنے ایک معاصر شیعی عالم ابن المطہر الحلی کی کتاب "منہاج الکرامہ فی معرفۃ الامامۃ" کے جواب میں لکھی تھی، جس میں زیادہ تر حضرت علی اور اپنے ائمہ کی عصمت و امامت کے اثبات، خلفاء ثلثہ کی خلافت کی تردید اور صحابۂ کرام کے مطاعن پر زور قلم صرف کیا گیا تھا، شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے منہاج السنۃ لکھ کر جو بڑے سائز کی چار جلدوں پر مشتمل ہے، واقعہ یہ ہے کہ اس باب میں امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کر دیا، قیامت تک یہ کتاب انشاء اللہ اس مسئلہ میں امت کی رہنمائی کرتی رہے گی۔

منہاج السنۃ میں مطاعن صحابہ کے جواب، خلفاء ثلثہ کی خلافت کے دلائل اور شیعی عقیدۂ امامت کی تردید کے علاوہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے جابجا اس اہم تاریخی حقیقت کو بھی پوری صراحت اور وضاحت سے کھلا ہے کہ تاریخ کے ہر دور میں شیعوں نے اسلام کے دشمنوں یہود و نصاریٰ اور کفار و منافقین کا ساتھ دیا ہے۔ اس سلسلہ میں انھوں نے ایک مقام پر کافی تفصیل کے ساتھ گذشتہ تاریخ میں شیعوں کے اسلام دشمنوں کی حمایت کے اس مسلسل رویہ کو بیان کرنے کے بعد لکھا ہے کہ "جب تاتاری مشرق کی طرف سے آئے اور انھوں نے مسلمانوں کا قتل عام کیا اور خراسان، عراق و شام اور جزیرہ میں ان کے خون کے دریا بہائے تو شیعوں نے مسلمانوں کے خلاف ان حملہ آور تاتاریوں کا ساتھ دیا، اسی طرح شام میں جب عیسائیوں نے مسلمانوں سے جنگ کی، تب بھی روافض ان کی کمک پر تھے"۔۔۔۔ یہ سب لکھنے کے بعد امت کو ان کے مستقبل کے عزائم سے ان (الہامی) الفاظ میں باخبر کیا ہے کہ:

"اگر یہودیوں کی عراق میں یا کہیں اور حکومت قائم ہو جائے تو یہ روافض ان کے سب سے بڑے مددگار ہوں گے"۔

منہاج السنۃ چونکہ ایک رافضی مصنف کی کتاب کے جواب میں لکھی گئی ہے اور اس کا

مقصد و موضوع اس رافضی کے دلائل کی تردید اور اعتراضات کا جواب ہے اس لئے اگر اس میں کسی طالب کو روافض کے بارے میں فقہی حکم اور فتویٰ نظر نہ آئے تو تعجب کی بات نہیں لیکن زبان و بیان کو سمجھنے والے منہاج السنۃ کے ہر صفحہ سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ روافض کے بارے میں شیخ الاسلام کی رائے کیا ہے۔

علاوہ ازیں استفتاء میں شیخ الاسلام کی ایک دوسری اہم کتاب "الصارم المسلول علی شاتم الرسول" کے حوالے سے چند عبارتیں نقل کی گئی ہیں، جن میں انھوں نے متقدمین علماء متقدمین کا فتویٰ روافض کی تکفیر کے بارے میں نقل فرمایا ہے۔ پھر اپنی اسی کتاب کے بالکل آخر میں "فصل فی تفصیل القول فیہم" کے زیر عنوان ایک مستقل فصل قائم کر کے روافض کے مختلف فرقوں کے متعلق فیصلہ کن انداز میں الگ الگ احکام ذکر کئے ہیں، اسکے مطالعے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کے نزدیک جس (شخص یا گروہ) کا یہ عقیدہ ہو کہ قرآن کی آیات میں کچھ کمی ہوئی ہے یا کچھ آیتوں کو چھپا لیا گیا ہے، یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ سوائے چند اشخاص کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد تمام صحابہ مرتد ہو گئے تھے یا یہ کہ ــــ فاسق ہو گئے تھے تو اس شخص کے کفر میں کوئی شک نہیں بلکہ جو اس کے کفر میں شک کرے ان کی رائے میں اس کا کفر بھی لازم ہے۔ الصارم المسلول ص ۵۹۱ ص ۵۹۲

حضرت مجدد الف ثانی ہمارے برصغیر میں تجدید و اصلاح کا خاص سلسلہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے شروع ہوتا ہے، ان کے دفاتر مکتوبات میں بہت بڑی تعداد میں وہ مکاتیب ہیں جن کا یہی موضوع ہے، ان مکاتیب کے علاوہ ایک مستقل رسالہ "ردّ روافض" تحریر فرمایا جو دراصل علماء ماوراء النہر کے اس فتویٰ کی تائید میں تھا جو انھوں نے روافض کی تکفیر کے سلسلہ میں تحریر فرمایا تھا۔ اس میں حضرات صحابہ کرام خصوصاً شیخین کے فضائل کے بارے میں احادیث نبوی اور امت کے ائمہ کبار کے ارشادات درج کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں

وشک نیست کہ شیخین از اکابر صحابہ اند بلکہ افضل ایشاں، پس تکفیر بلکہ تنقیص ایشاں موجب کفر و زندقہ و ضلالت باشد، کما لا یخفی

اور اس میں شک نہیں کہ شیخین صحابہ میں سب سے افضل ہیں پس انکی تکفیر بلکہ انکی تنقیص بھی موجب کفر و زندقہ و ضلالت ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

آگے امام ربانی نے اس کے ثبوت و تائید میں فقہ حنفی کی چند کتابوں کی عبارتیں بھی نقل فرمائی ہیں یہ بھی ملحوظ رہے کہ حضرت مجدد صاحب کا زمانہ وہ ہے جبکہ حکومت میں شیعوں کا غیر معمولی دخل

تھا، جہانگیر کی بیوی نور جہاں ایران کی غالی شیعہ تھی، اس کا باپ "دیوان کل" یعنی وزیر اعظم تھا اور اس کا بھائی "وکیل مطلق" یہ سب غالی شیعہ تھے، تزک جہانگیری میں خود جہانگیر نے لکھا ہے

"در دولتِ پادشاہی من حالا در دست ایں سلسلہ است: پدر "دیوان کل" پسر "وکیل مطلق"، دختر "ہمراز و مصاحب" (بحوالہ تذکرہ امام ربانی)

بلاشبہ یہ اللہ تعالیٰ کی خداداد عنایت تھی کہ ایسے نازک وقت میں ہر طرح کے خطرات کے لئے اپنے آپ کو تیار کر کے حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے شیعیت کے خلاف یہ جہاد کیا۔

سلسلۂ ولی اللہی آپ کے بعد حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا زمانہ آتا ہے، اسوقت حکومت اگرچہ عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں تھی جو مذہباً سنی تھے لیکن شیعوں کو یہ اقتدار حاصل تھا کہ اپنی خاص ترکیبوں سے جسکو چاہتے تخت پر بٹھاتے اور جس کو چاہتے تخت سے اتار دیتے یا قتل کرا دیتے (اس کی تفصیل تذکرہ امام ربانی میں حضرت مولانا مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے مقالہ میں دیکھی جا سکتی ہے)۔

ان حالات میں بھی حضرت شاہ صاحب نے شیعیت کے خلاف جہاد کرنا اپنا خاص فریضہ سمجھا، ازالۃ الخفا اور قرۃ العینین جیسی ضخیم کتابیں اسی موضوع پر لکھیں اور اس نکتہ کو اس موضوع سے متعلق اپنی ہر کتاب میں دوہرایا اور وصیت نامہ میں بھی درج فرمایا کہ شیعہ اپنے عقیدہ امامت کی وجہ سے ختم نبوت کے منکر ہیں اور اس بنیاد پر ان کو خارج از اسلام زندیق قرار دیا حضرت شاہ صاحب کی کتابوں کی یہ تصریحات ناظرین کرام استفتار میں اور حضرت مولانا عبدالرشید نعمانی (مقیم کراچی) دامت فیوضہم کے جواب میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ان کے فرزند اکبر حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے بھی رفض و تشیع کے فتنہ کو امت کے لئے سب سے بڑا فتنہ اور سب سے بڑی گمراہی سمجھا، اس سلسلہ میں تحفۂ اثنا عشریہ جیسی کتاب تصنیف فرمائی، جو اس راہ میں انشاء اللہ ہمیشہ طالبین حق کی رہنمائی کرتی رہے گی ـــــ ملحوظ رہے کہ وہ قرآن پاک کے خاص اصطلاح کے مطابق جدال بالتی ھی احسن۔ یعنی فن مناظرہ کی کتاب ہے، فتویٰ نہیں ہے، لیکن اس میں اثنا عشریہ کی بنیادی کتابوں کے حوالے سے متعدد مقامات پر ان کے عقیدۂ تحریف قرآن کا بھی ذکر کیا گیا ہے، اور اس میں کسی کے لئے شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ یہ عقیدہ موجب کفر ہے ـــــ اور ان کے فتاویٰ کے مجموعہ "فتاویٰ عزیزی" میں شیعہ اثنا عشریہ کی صریح تکفیر

کا فتویٰ موجود ہے جسکو مولانا عبدالرشید نعمانی دامت فیوضہم نے اپنے جواب میں نقل فرمادیا ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ان کے بلا واسطہ اور بالواسطہ تلامذہ نے بھی امت کو رفض کی گمراہی سے بچانے کے لئے اپنے اپنے ظروف وحالات اور امکانات کے مطابق جدوجہد فرمائی،

جہاں تک اس عاجز کا مطالعہ ہے اس ولی اللہی سلسلہ کے ہمارے قریبی اکابر میں مولانا خلیل احمد سہارنپوری مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس فتنہ کی طرف سب سے زیادہ توجہ فرمائی اور کتب شیعہ کا خاصا اہتمام سے مطالعہ فرمایا، جیساکہ ان کی تصانیف "ہدایات الرشید" وغیرہ سے اندازہ کیا جاسکتا ہے، انھوں نے بھی شیعہ اثنا عشریہ کو خارج از اسلام کافر بحکم مرتد قرار دیا ہے اور اسی کو محققین کا مذہب بتایا ہے۔ ناظرین کرام حضرت مولانا نوراللہ مرقدہ کا یہ فتویٰ فتاویٰ خلیلیہ کے حوالے سے اس مجموعہ فتاویٰ میں دارالافتاء مظاہر علوم سہارنپور کے جواب میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

حضرات علماء اہلحدیث کا رویہ بھی اس مسئلہ میں یہی رہا ــــ اور یہی ہے ــــ ہفتہ وار الاعتصام لاہور" کے محترم مدیر مولانا حافظ صلاح الدین یوسف صاحب نے اپنے فتویٰ کے ساتھ (جو ناظرین اس مجموعہ میں ملاحظہ فرمائیں گے) اب سے اسّی برس پہلے کا اسی زمانے کے جماعت اہل حدیث کے ایک محترم صاحب فتویٰ عالم دین مولانا عبدالاحد خانپوری رحمۃ اللہ علیہ کا تحریر فرمایا ہوا مطبوعہ فتویٰ (جو آٹھ صفحات پر ہے) اس عاجز کے پاس روانہ فرمایا ہے، اس میں صراحت کے ساتھ مدلل طور پر شیعوں کی تکفیر کی گئی ہے، یہ فتویٰ سنہ ۱۹۰۶ء میں لکھا گیا تھا، اس پر تقریباً تیس حضرات علماء کرام کی تصدیقات ہیں۔

یہ عاجز شیعہ مذہب سے واقفیت کے بارے میں حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے امتیاز و تخصص کا اوپر ذکر کرچکا ہے اور اب سے ساٹھ سال پہلے لکھے ہوئے ان کے فتویٰ کا بھی ذکر کرچکا ہے جو اس دور کے اکابر علماء و اصحاب فتویٰ کی تصدیقات کے ساتھ شائع ہوا تھا جس میں شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کی گئی تھی (اس فتوے کا ذکر استفتاء میں بھی کیا گیا ہے) ــــ اور ــــ عصر حاضر کے مختلف مکاتب فکر کے حضرات علماء کرام اور مفتیان عظام کا فتویٰ اور فیصلہ اس مجموعہ کی شکل میں آپکے سامنے ہے۔

یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا اس کا حاصل یہی ہے کہ متقدمین و متاخرین علماء شریعت میں سے جن حضرات کو شیعوں کے موجب کفر عقائد کا علم ہوا انھوں نے ان کو خارج از اسلام قرار دیا، جن حضرات کو تردد ہوا شیعوں کے عقائد کی پوری واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے ہوا۔

مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے متبعین کے بارے میں بھی ایسا ہی ہوا کہ جن علماء کرام نے انکی کتابیں دیکھیں اور یقین کے ساتھ یہ بات سامنے آگئی کہ یہ شخص نبی و رسول ہونے کا مدعی ہے اور اس عقیدہ ختم نبوت کا منکر ہے جو قطعیات و ضروریات دین میں سے ہے اور اسی طرح دوسری موجب کفر باتیں علم میں آئیں جن میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں تھی تو انھوں نے تکفیر ضروری سمجھی اور جن حضرات نے وہ کتابیں نہیں دیکھیں اور ان کے عقیدے صحیح طور پر ان کے سامنے نہیں آئے بہت دن تک وہ تکفیر میں متردد رہے ـــــ ممالک عربیہ کے محتاط علماء و اصحاب فتویٰ جو مرزا غلام احمد کی اردو زبان میں لکھی ہوئی کتابیں ہماری طرح نہیں پڑھ سکتے تھے وہ مرزا غلام احمد اور اس پر ایمان لانے والے قادیانیوں کی تکفیر سے اتفاق پر ایک زمانہ تک آمادہ نہیں ہوتے تھے، اب سے صرف پینتیس ۳۵ سال پہلے کا واقعہ ہے کہ ۱۹۵۲ء میں کراچی میں عالمی مؤتمر علماء اسلام کا اجلاس تھا دوسرے ممالک خاص کر عرب ممالک کے اکابر و مشاہیر علماء بھی شریک ہوئے تھے، یہ عاجز راقم سطور بھی مدعو تھا اور شریک ہوا تھا، عالم اسلام کی عظیم شخصیت سماحۃ المفتی امین الحسینی علیہ الرحمہ اجلاس کے صدر تھے، اس وقت پاکستان میں قادیانیوں کو خارج از اسلام اور غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی مہم مجلس احرار ہی چلا رہی تھی، اس کے علماء کا ایک وفد آیا اور اس نے صدر اجلاس سماحۃ المفتی امین الحسینی صاحب سے یہ خواہش ظاہر کی کہ علماء کی اس عالمی مؤتمر میں قادیانیوں کے خارج از اسلام اور غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی تجویز پاس کر دی جائے۔ لیکن مفتی صاحب اس کے لئے اس وقت کسی طرح تیار نہ ہوئے ـــــ راقم سطور کے نزدیک اس کی وجہ یہ تھی کہ ان حضرات کی گفتگو سے ان کو وہ یقین و اطمینان حاصل نہیں ہو سکا جو ان کے نزدیک تکفیر کے لئے ضروری تھا۔

مفتی امین الحسینی صاحب علیہ الرحمہ کے علاوہ بھی اس عاجز نے متعدد ایسے عرب علماء کو دیکھا ہے جن کا یہی رویہ تھا۔ اور ظاہر ہے کہ اس کی وجہ یہی تھی کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور قادیانیوں کے بارے میں ان کو وہ واقفیت نہیں تھی جو ہم لوگوں کو تھی، اگر ان حضرات کو وہ واقفیت ہوتی تو وہ بھی انکی تکفیر کو دینی فریضہ سمجھتے۔ اور یہ حال صرف عرب علماء ہی کا

نہیں تھا بلکہ یہ عاجز ذاتی طور پر برصغیر کے بھی بعض ایسے حضرات سے واقف ہے۔ جو اب سے قریباً صرف دس بارہ سال پہلے تک قادیانیوں کی تکفیر سے اتفاق نہیں فرماتے تھے اور اس کے خلاف علانیہ اظہار رائے کرتے تھے، اسکی کوئی توجیہ اس کے سوا نہیں کی جاسکتی کہ ان کو قادیانیوں کے قطعی موجب کفر عقیدوں کا علم نہیں ہوسکا، یا یہ کہ وہ اسلام اور کفر کی حقیقت اور اس کے حدود سے صحیح طور پر واقف نہیں تھے۔

یہاں یہ عاجز ضروری سمجھتا ہے کہ ایمان اور کفر کی حقیقت اور ان کے حدود کی وضاحت اپنے ناظرین کے لئے حتی الوسع عام فہم انداز میں کردی جائے۔

ایمان و اسلام اور کفر کی حقیقت اور انکی حدود

ایمان کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دل سے اللہ کا رسول مانا جائے جو کچھ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بتلائیں اس سب کی تصدیق اور اس کو قبول کیا جائے اور اس پر ایسا یقین کیا جائے جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو ان کی کسی ایک ایسی بات کا انکار کرنا اور یقین نہ کرنا موجب کفر ہوگا ——— البتہ جن مسلمانوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نہیں پایا اور ان کو آپ کی تعلیم بالواسطہ پہونچی (جیسا کہ ہمارا حال ہے) ان کے لئے یہ حیثیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف انہیں تعلیمات اور احکام کی ہوگی جو ایسے قطعی اور یقینی طریقے سے ثابت ہیں، جن میں کسی شک شبہ یا تاویل کی گنجائش نہیں ——— مثلاً یہ بات کہ حضور نے شرک و بت پرستی کے خلاف توحید کی تعلیم دی، قیامت و آخرت، جنت و دوزخ کی خبر دی، ایک مستقل مخلوق کی حیثیت سے فرشتوں کے وجود کی اطلاع دی قرآن پاک کو ہمیشہ محفوظ رہنے والی اللہ کی کتاب اور اپنے کو اللہ کا آخری نبی بتلایا جسکے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی نبی نہیں آئے گا اور مثلاً پانچ وقت کی نماز، رمضان کے روزوں، اور زکوٰۃ و حج کے فرض ہونے کی تعلیم دی اور اس طرح کی اور بہت سی دینی حقیقتیں اور دینی احکام ہیں جن کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہونے کے بارے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں، تو کسی کے مومن و مسلم ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ایسی تمام باتوں کی اپنے علم کے مطابق (اجمالی یا تفصیلی) تصدیق کی جائے، ان کو دل سے مانا جائے قبول کیا جائے ——— ایسی کسی ایک بات کا انکار بھی موجب کفر ہوگا، مثلاً کوئی بدبخت

کہے کہ میں توحید و رسالت، نماز، روزہ وغیرہ سب باتوں کو تو مانتا ہوں، لیکن قیامت اور جنت و دوزخ کی بات میری سمجھ میں نہیں آتی، یا کہے کہ فرشتوں کی بات میری سمجھ میں نہیں آتی اس لئے میں اس کو نہیں مانتا ــــ یا مثلاً کہے کہ میں یہ تو مانتا ہوں کہ قرآن پر جو کچھ ہے وہ سب برحق ہے لیکن میں یہ نہیں مانتا کہ وہ خدا کا کلام ہے بلکہ میرے نزدیک وہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ہے (جیسا کہ اب سے تقریباً پچاس سال پہلے ہمارے ہی ملک کے بعض ملحدین نے کہا اور لکھا بھی تھا) یا مثلاً کہے کہ میں یہ نہیں مانتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت و رسالت کا سلسلہ ختم ہو گیا اور آپ کے بعد کبھی کوئی نبی نہیں آئے گا (جو قادیانیوں کا موقف ہے) تو ظاہر ہے کہ اس کا یہ عقیدہ اسلام سے اس کے رشتے کو کاٹ دیگا اور اس کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا جائے گا اگرچہ وہ یہ بات کسی غلط تاویل کی بنیاد پر کہتا ہو اور دوسری تمام ایمانیات کا اقرار کرتا ہو، نماز پڑھتا ہو، روزے رکھتا ہو حج کرتا ہو، زکوٰۃ ادا کرتا ہو اس کے باوجود اس کو کافر ہی کہا جائے گا، اس حقیقت کے سمجھنے کے لئے قادیانیوں کی مثال ہمارے سامنے ہے۔

راقم سطور نے استفتاء میں شیعہ اثنا عشریہ کے جن تین خاص عقیدوں کا ثبوت انکی بنیادی اور مستند کتابوں کے حوالے سے پیش کر کے حضرات علماء کرام و اصحاب فتویٰ سے سوال کیا ہے، ان تینوں عقیدوں کی نوعیت یہی ہے کہ ان سے ان دینی حقیقتوں کی تکذیب اور ان کا انکار ہوتا ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی قطعیت کے ساتھ ثابت ہیں جس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں، علماء کی اصطلاح میں ان کو "قطعیات" اور "ضروریات دین" کہا جاتا ہے۔

ان میں سب سے پہلا مسئلہ شیخین (سیدنا ابوبکر صدیق و فاروق اعظم رضی اللہ عنہما) کے ایمان کا ہے، جو شخص دین کا کچھ بھی علم رکھتا ہے وہ جانتا ہے کہ ان کا مومن و صادق ہونا صرف تاریخی مسئلہ نہیں، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مواقع پر مختلف عنوانات سے اتنی حدیثوں میں جن کا شمار مشکل ہے ان کے مناقب و فضائل بیان فرمائے ان کے جنتی ہونے کی خبر دی، خاص کر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہجرت کے انتہائی نازک اور خطرناک سفر میں رازدار اور وفادار رفیق کی حیثیت سے اپنے ساتھ لیا، اور اپنے مرض وفات

میں اپنی جگہ امام نماز مقرر فرمایا، اور امت کو اپنے بعد ان کی اقتدا اور پیروی کی ہدایت فرمائی۔ ان احادیث سے جو متواتر بقدر مشترک ہیں اور ان واقعات سے جو تواتر کے ساتھ معلوم ہیں ایسے یقین کے ساتھ جس میں ذرہ برابر شک وشبہ کی گنجائش نہیں معلوم ہو جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے مومن صادق، مقبول بارگاہ الٰہی اور جنتی ہونے کے بارے میں تبلا دیا گیا تھا اور آپ نے اپنے ارشادات اور اپنے عمل سے امت کو بھی اس سے مطلع فرمایا

ان احادیث متواترہ کے علاوہ شیخین کے مومن صادق، مقبول بارگاہ خداوندی اور خلیفہ برحق ہونے پر بھی قرآن پاک کی متعدد آیات نے مہر تصدیق ثبت فرمائی ہے، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی بے نظیر فارسی تصنیف ازالۃ الخفاء میں ان آیات پر مفصل کلام فرمایا ہے جس سے یہ حقیقت روشن ہو کر سامنے آجاتی ہے، پھر ان کے بعد حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی نے ان آیتوں کی تفسیر میں اردو میں مستقل رسائل لکھے ہیں، جن کا مطالعہ کر کے ہر وہ شخص جو عقل سلیم اور نور ایمان سے محروم نہیں کیا گیا ہے اسی نتیجہ پر پہونچے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں خالص معجزانہ انداز میں حضرات شیخین کے مومن صادق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے خلیفۂ برحق ہونے کی شہادت محفوظ کر دی ہے۔ لہٰذا جو شخص یا فرقہ حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کو منافق، کافر اور معاذ اللہ جہنمی کہتا ہے (جیسا کہ خمینی صاحب نے کشف الاسرار میں پوری صراحت اور صفائی کے ساتھ لکھا ہے اور اثنا عشریہ کا عام عقیدہ ہے[1]) وہ ایک ایسی دینی حقیقت کا تکذیب کرتا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قطعیت کے ساتھ ثابت ہے۔

حضرات شیخین کے علاوہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حال

---

[1] شیعوں کے اس عقیدے کے بارے میں خمینی صاحب اور متعدد دوسرے مستند شیعہ مصنفین کی عبارتیں اور انکے ائمہ معصومین کی روایات ناظرین کرام استفتاء میں ملاحظہ فرمائیں گے یہاں پاکستان کے ایک معروف شیعہ مجتہد علامہ محمد حسین کی کتاب "تجلیات صداقت" کی ایک مختصر عبارت بھی ملاحظہ فرمالی جائے:

"اصل بات یہ ہے کہ ہمارے اور ہمارے برادران اسلام میں جو کچھ تنازع ہے وہ صرف اصحاب ثلثہ کے بارے میں ہے، اہل سنت ان کو بعد از نبی تمام اصحاب امت سے افضل جانتے ہیں۔ اور ہم ان کو دولت ایمان وایقان اور اخلاص سے تہی دامن جانتے ہیں۔" تجلیات صداقت ص ۲۰۱ (طبع پاکستان)

بھی یہی ہے کہ ان کا مومنہ صادقہ ہونا دینی قطعیات میں سے ہے، قرآن مجید سورۂ نور میں انکی عفت و پاکدامنی کے ساتھ ان کے مومنہ ہونے کی شہادت بھی محفوظ کر دی گئی ہے نیز اسی سورت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد الطیبات للطیبین والطیبون للطیبات ان کے مومنہ صادقہ طیبہ ہونے کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے شہادت ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے ساتھ جو خاص الخاص تعلق تھا یہاں تک کہ مرض وفات کے آخری ایام میں دیگر تمام ازواج مطہرات سے اجازت حاصل کر کے آپ نے انھیں کے حجرہ میں انھیں کے ساتھ رہنا طے فرمایا، اور آخری لمحہ حیات تک ان کے ساتھ جس تعلق کا اپنے عمل سے اظہار فرمایا، وہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ آپ ان کو مومنہ صادقہ طیبہ جانتے تھے۔

ان سب حقائق پر نظر رکھتے ہوئے اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مومنہ صادقہ ہونا بھی دینی قطعیات میں سے ہے ـــــ لیکن ناظرین کرام استفتاء میں ملاحظہ فرمائیں گے کہ اثنا عشریہ کا ترجمان اعظم ملا مجلسی ان کو صاف لفظوں میں کافرہ منافقہ، ملعونہ لکھتا ہے اور جہاں تک معلوم ہے اس فرقے کے عوام و خواص سب حضرت صدیقہ کے مومنہ ہونے سے انکار کرتے ہیں، پاکستان کے شیعہ مجتہد علامہ محمد حسین نے اہلسنت کے ایک عالم مولانا کرم الدین مرحوم مؤلف "آفتاب ہدایت" کو جواب دیتے ہوئے لکھا ہے:

"باقی رہا مؤلف کا یہ کہنا کہ عائشہ مومنوں کی ماں ہیں، ہم نے ان کے ماں ہونے کا انکار کب کیا ہے، مگر اس سے ان کا مومنہ ہونا تو ثابت نہیں ہوتا، ماں ہونا اور ہے اور مومنہ ہونا اور" (تجلیات صداقت ص۴۷۸)

استفتاء میں دوسرا مسئلہ شیعوں کے عقیدۂ تحریف قرآن کا ہے

اس کے بارے میں ناظرین کرام سے صرف یہ عرض کرنا ہے کہ اس کو بغور ملاحظہ فرمایا جائے ـــــ اس بحث کے آخر میں ایک عنوان ہے:

کسی اثنا عشری شیعہ کیلئے تحریف سے انکار اور اہلسنت کی طرح قرآن پر ایمان از روئے عقل بھی ممکن نہیں

اس عنوان کے تحت جو کچھ لکھا گیا ہے وہ کوئی ایسی منطقی بحث نہیں، جسے سمجھنے کے لئے کسی خاص درجہ کی عقل وفہم کی ضرورت ہو، وہ دو اور دو چار کی طرح آسانی سے سمجھ میں آنے والی بدیہی حقیقت ہے۔

البتہ اس سلسلے میں ایک بات کی طرف خاص طور سے ناظرین کو توجہ دلانا ہے۔ استفتاء میں خمینی صاحب کی کتاب "کشف الاسرار" کے حوالے سے ذکر کیا گیا ہے کہ خلفاء ثلاثہ اور ان کے رفقاء (جن کو خمینی صاحب دشمن اسلام منافقوں کی ایک پارٹی بتلاتے ہیں) قرآن میں سے اگر اپنی اغراض فاسدہ کے لئے کچھ آیتوں کا نکال دینا ضروری سمجھتے تو وہ قرآن سے ان آیتوں کو نکال دیتے، وہ آیتیں ہمیشہ کے لئے قرآن سے غائب ہو جاتیں اور وہ تورات وانجیل ہی کی طرح محرف[1] ہو جاتا۔

اس سے ظاہر ہے کہ خمینی صاحب خلفاء ثلاثہ اور ان کے ساتھیوں کو قرآن میں تحریف کر دینے پر اور اس میں سے آیتوں کی آیتیں غائب کر دینے پر قادر یقین رکھتے ہیں۔

—— اور وہ اور اثنا عشری فرقہ کا ہر فرد اس کا بھی قائل ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پورے چوبیس سال تک ہی منافق وبدکردار لوگ حکومت واقتدار پر غاصبانہ طور پر قابض اور سیاہ وسفید کے مالک رہے، انھوں نے ہی موجودہ قرآن کو مرتب کرایا۔

—— تو اللہ تعالیٰ نے جس بندہ کو کچھ بھی عقل دی ہو وہ سوچے کہ کیا اس کا کچھ بھی امکان ہے کہ جس فرقہ کا یہ عقیدہ ہو وہ موجودہ قرآن کو ہر قسم کی تحریف سے محفوظ کتاب اللہ یقین

---

[1] خمینی صاحب کی اصل فارسی عبارت یہ ہے:۔

در صورتیکہ امام را در قرآن ثبت می کردند، آنہا نیکہ جز برائے دنیا وریاست با اسلام وقرآن سروکار نداشتند، وقرآن را وسیلۂ اجرائے نیات فاسدہ خود کردہ بودند آیات را از قرآن بردارند و کتاب آسمانی را تحریف کنند، وبرائے ہمیشہ قرآن را از نظر جہانیاں بیندازند، وتا روز قیامت این ننگ برائے مسلمانہا وقرآن آنہا بماند وہا مثل یہود ونصاریٰ نگردند۔ برائے خود اینہا ثابت شود

(کشف الاسرار ص ۱۱۴)

[2] اہلسنت کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد اور اس ازلی فیصلہ کے بعد کہ "انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون" کسی انسان بلکہ کسی مخلوق کی قدرت میں نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نازل فرمائی ہوئی اس کتاب مقدس میں کوئی تحریف تبدیلی یا کمی بیشی کر سکے

کر سکے ؟ اور دل سے اس کے کتاب الٰہی ہونے پر اس کا ایمان ہو ؟

اس کے بعد کسی کے لئے اس میں شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ ہمارے زمانے کے جو اثنا عشری شیعہ قرآن پر ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں وہ صرف ان کا تقیہ ہے ـــــ قرآن کے بارے میں فی الحقیقت ان کا عقیدہ وہی ہے، جو ایک شیعہ عالم اعجاز بدایونی کی اس تحریر سے معلوم ہوتا ہے جس کو مولانا عبدالقدوس رومی (مفتی شہر آگرہ) نے اپنے جواب میں نقل فرمایا ہے۔

اس سلسلہ میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ شیعہ عالم مولوی فرمان علی کا ترجمۂ قرآن اور اسی طرح مولوی مقبول دہلوی کا ترجمۂ قرآن اسی صدی کے لکھے ہوئے ہیں اور شیعوں میں عام طور سے مقبول ہیں، ان دونوں نے اپنے حواشی میں قرآن میں جا بجا تحریفات کا ذکر کیا ہے

آخر میں ناظرین کرام سے یہ بھی گذارش ہے کہ شیعوں کے عقیدۂ تحریف قرآن کے بارے میں اگر مزید بصیرت حاصل کرنی ہو تو اس عاجز کی کتاب "ایرانی انقلاب خمینی اور شیعیت" میں تحریف قرآن کی بحث ملاحظہ فرمالی جائے۔

استفتاء میں تیسرا مسئلہ یہ پیش کیا گیا ہے : کہ شیعہ اثنا عشریہ اپنے عقیدۂ امامت کی وجہ سے ختم نبوت کے منکر ہیں، اس بارے میں جو کچھ بھی استفتاء میں لکھا گیا ہے امید ہے کہ اسی کے مطالعہ سے ناظرین کو اس بارے میں اطمینان و یقین حاصل ہو جائے گا۔ ـــــ اور عقیدۂ ختم نبوت کا قطعیات اور ضروریات دین میں سے ہونا کسی وضاحت کا محتاج نہیں ؛ قادیانیوں کو خاص کر عقیدۂ ختم نبوت کے انکار ہی کی وجہ سے کافر اور خارج از اسلام قرار دیا گیا ہے، اگرچہ وہ اپنے اس انکار کی تاویل کرتے ہیں، اور اپنے تراشے ہوئے معنی کے لحاظ سے حضور کو خاتم النبیین بھی کہتے ہیں، بالکل یہی حال اثنا عشریہ کا ہے، جیسا کہ استفتاء میں وضاحت سے لکھ دیا گیا ہے۔

اگرچہ ان تین عقیدوں کے علاوہ شیعہ اثنا عشریہ کے اور بھی متعدد ایسے عقیدے ہیں جن کو علماء کرام نے موجب کفر قرار دیا ہے، مثلاً عقیدہ بدا اور عقیدہ رجعت وغیرہ، لیکن راقم سطور کا خیال ہے اور شیعہ مذہب سے واقفیت رکھنے والے اور بھی علماء کرام نے تحریر فرمایا ہے کہ ان عقیدوں میں کچھ نہ کچھ تاویل کی گنجائش ہے، اس لئے اس عاجز نے ان عقیدوں سے کوئی تعرض نہیں کیا ہے، صرف مذکورہ بالا ان تین عقیدوں کو

حضرات علماء کرام و اصحاب فتویٰ کے سامنے پیش کرکے جواب اور فتویٰ چاہا ہے جن میں ذرہ برابر شک وشبہ کی اور تاویل کی گنجائش نہیں، اس لئے استفتار کا جواب لکھنے والے حضرات علماء کرام و مفتیان عظام نے متفقہ طور پر یہی فتویٰ دیا ہے کہ یہ عقیدے قطعاً موجب کفر ہیں اور ان عقیدوں کا حامل فرقہ اثنا عشریہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

چند غلط فہمیاں اور ان کا ازالہ

اثنا عشری شیعوں کی تکفیر اور عصر حاضر میں اس کے اظہار و اعلان کے سلسلہ میں جو اشکالات یا غلط فہمیاں بعض حضرات کو ہوتے ہیں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر مختصراً ہی سہی ان کے سلسلہ میں بھی کچھ عرض کر دیا جائے۔

روافض کی تکفیر کے سلسلے میں بعض لوگوں کی طرف سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ بہر حال وہ اہل قبلہ میں سے ہیں اور حضرت امام ابوحنیفہؒ اور دوسرے ائمہ کا یہ ارشاد مشہور و معروف ہے کہ اہل قبلہ کی تکفیر نہ کی جائے (قادیانیوں کی تکفیر سے اختلاف کرنے والے بعض حضرات بھی یہ بات کہا اور لکھا کرتے تھے)

کاش یہ حضرات اس پر غور کرتے کہ جن ائمہ کرام یا جن مصنفین نے یہ بات فرمائی یا لکھی ہے کہ اہل قبلہ کی تکفیر نہ کی جائے، ان کی مراد اہل قبلہ کے لفظ سے کیا ہے؟ ——— ظاہر ہے کہ لفظی اور لغوی معنی کے لحاظ سے تو ہر وہ شخص اہل قبلہ ہے جو مکہ مکرمہ میں واقع کعبہ کو بیت اللہ اور قبلہ مانتا ہو، تو اگر اس لفظ کا یہی مطلب ہو تو ابوجہل و ابولہب وغیرہ سارے مشرکین عرب اہل قبلہ تھے عربوں کی تاریخ اور ان کے حالات سے واقفیت رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ سارے مشرکین عرب کعبہ کو بیت اللہ اور قبلہ مانتے تھے اس کا طواف کرتے تھے، اپنے طریقے پر حج اور عمرہ بھی کرتے تھے تو اگر اہل قبلہ کا مطلب یہی ہو تو پھر ان مشرکین عرب کو بھی کافر ماننے کی گنجائش نہ ہوگی۔

دراصل اہل قبلہ ایک خاص دینی اور علمی اصطلاح ہے، عقائد اور فقہ کی کتابوں میں تکفیر کی بحث میں یہ لفظ (اہل قبلہ) عام طور سے استعمال ہوا ہے اور انھیں کتابوں میں یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو اسلام کو بہ طور دین قبول کر چکے ہوں توحید و رسالت قیامت وغیرہ ایمانیات پر یقین رکھتے ہوں، اور کسی ایسی دینی حقیقت کے منکر

نہ ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے قطعی اور یقینی طریقے پر ثابت ہو جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہ ہو۔ پس اگر کوئی شخص کسی ایسی ایک بات کا بھی منکر ہے تو وہ اہل قبلہ میں سے نہیں ہے اور اس کی تکفیر ہی کی جائے گی۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی "شرح فقہ اکبر" میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کی اس ہدایت کا ذکر کیا گیا ہے ـــــ ساتھ ہی اسی مقام پر اہل قبلہ کی تشریح کے طور پر لکھا گیا ہے۔

اعلم ان المراد باھل القبلۃ الذین اتفقوا علی ما ھو من ضروریات الدین (شرح فقہ اکبر ص۱۸۶)

(ترجمہ) اور تمھیں یہ بات جان لینی چاہیئے کہ اہل قبلہ سے وہی لوگ مراد ہیں جو تمام ضروریات دین سے متفق ہوں۔

یہی بات فقہ اور عقائد کی دوسری کتابوں میں بھی صراحت کے ساتھ لکھی گئی ہے۔ پس جو لوگ قادیانیوں اور روافض کے بارے میں اس طرح کی بات کرتے ہیں کہ وہ اہل قبلہ ہیں وہ اس دینی وعلمی اصطلاح کی مراد اور حقیقت سے ناواقف ہیں، ـــــ روافض کے بارے میں آپ کو معلوم ہو چکا کہ وہ ایسی دینی حقیقتوں کے مکذب اور منکر ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی قطعیت کے ساتھ ثابت ہیں، جس میں ذرہ برابر شک وشبہ کی گنجائش نہیں اور قطعیات اور ضروریات دین میں سے ہیں۔

"یہ اہل قبلہ" کے لفظ سے غلط فہمی تو ایسی تھی جس کی کچھ بنیاد تھی اگرچہ کیسی ہی غلط تھی۔ ہمارے زمانے کے تو بہت سے پڑھے لکھے مسلمانوں کا بھی یہ خیال ہے کہ جو شخص اپنے کو مسلمان کہتا ہے (خواہ اس کا عقیدہ کچھ بھی ہو) بس وہ مسلمان ہے، ان لوگوں کے نزدیک اسلام بھی ہندو دھرم کی طرح کا ایک مذہب ہے جس میں کسی خاص عقیدے کی ضرورت اور اہمیت نہیں، ہندو دنیا سے واقفیت رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ ویدوں کو مقدس الہامی کتاب ماننے والے بھی ہندو ہیں اور اس کا انکار کرنے والے اور ان کو خرافات کا مجموعہ بتانے والے جینی بھی ہندو ہیں، مورتی پوجا کرنے والے سناتن دھرمی بھی ہندو ہیں اور اس کا کھنڈن کرنے اور اس کو مہاپاپ بتانے والے آریہ سماجی بھی ہندو ہیں، ایشور اور خدا کو ماننے والے بھی ہندو ہیں اس کے قطعی منکر بھی ہندو ہیں ـــــ ایک زمانے میں ہمارے ملک کے عظیم لیڈر پنڈت جواہر لال نہرو نے خود اپنا ذکر کرتے ہوئے لکھا تھا کہ

ہندو مذہب بھی عجیب ہے اس سے کسی طرح پیچھا نہیں چھوٹ سکتا، میں خدا کو نہ مانوں جب بھی ہندو ہوں اور کسی مذہب کو نہ مانوں جب بھی ہندو ہوں[1]۔

یہ لوگ جو ہر اس شخص کو جو اپنے کو مسلمان کہے مسلمان مانتے اور ماننے پر اصرار کرتے تھے، قادیانیوں کی تکفیر کے بارے میں بھی علماء کرام پر ملایانہ تنگ نظری کا الزام لگاتے اور پھبتیاں کستے تھے، خمینی اور فرقہ اثنا عشریہ کی تکفیر کے بارے میں بھی ان کا یہی رویہ ہونا قدرتی بات ہے، ایسے حضرات سے دردمندی کے ساتھ صرف یہ عرض کرنا ہے کہ وہ اسلام کی حقیقت کو جاننے کی کوشش کریں ـــــ اسلام مخصوص عقائد ایمانیات اور زندگی کا ایک متعین ضابطہ حیات ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ آیا اور قرآن مجید میں محفوظ ہے، جو شخص اس کو قبول کرے وہ مومن و مسلم ہے اور جو اس کو نہ مانے (اگرچہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قریب ترین عزیز ہو) وہ کافر ہے۔

قادیانیوں کی تکفیر کی مخالفت کرنے والوں کا جو ایک حربہ تھا، روافض کی تکفیر سے اختلاف کرنے والے بھی اسی حربہ کو استعمال کرتے ہیں وہ حربہ یہ ہے کہ ماضی کی تکفیر کے بعض غلط فتووں کا حوالہ دیکر علماء کرام کے تکفیر کے فتوؤں کو عوام کی نظروں میں ناقابل اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی جائے۔

لیکن یہ غور فرمایا جائے کہ یہ بات معقولیت سے کتنی دور ہے؟ ـــــ سب جانتے ہیں کہ پولیس والے چوروں، ڈاکوؤں اور دوسری طرح کے مجرموں کا جو چالان کرتے ہیں، ان میں بعض چالان دانستہ یا نادانستہ غلط بھی ہوتے ہیں تو کیا اس سے یہ نتیجہ نکالنا اور اصول بنا لینا صحیح ہوگا کہ کسی جگہ کی پولیس چور اور ڈاکوؤں وغیرہ مجرموں کے جو چالان کرے تو ہمیشہ ان چالانوں کو غلط ہی مانا جائے اور سب چوروں اور ڈاکوؤں وغیرہ مجرموں کو بری ہی قرار دیا جائے؟

اللہ تعالیٰ ایسی باتیں کرنے والے لوگوں کو عقل سلیم عطا فرمائے، اور اسلام و کفر کی حقیقت

---

[1] بہت عرصہ گذرا پنڈت نہرو کا یہ بات ان کی خود نوشت سوانح حیات کے اردو ایڈیشن میں پڑھی تھی، اس وقت صرف یادداشت سے لکھ رہا ہوں، کتاب سامنے نہیں ہے، ان کے الفاظ کچھ بھی ہوں لیکن اطمینان ہے کہ مطلب یہی تھا۔

سمجھنے کی توفیق دے۔

اسی طرح ایک بات یہ بھی کہی جاتی ہے کہ شیعہ سنی اختلاف تو بہت عرصہ سے چلا آرہا ہے۔ پھر بھی علماء اہلسنت نے شیعیت کے خلاف اس قدر سخت موقف اختیار نہیں کیا، لہٰذا خاص کر آج کل کے حالات میں جبکہ وقت کی ضرورت اتحاد ہے نہ کہ اختلاف اس بحث کو چھیڑنا اور اس موقف کا اظہار و اعلان مناسب اور وقت کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ اشکال بھی شیعیت کے بارے میں ہمارے علماء متقدمین کے رویہ اور مسئلہ کی موجودہ نوعیت دونوں سے ناواقفیت ہی پر مبنی ہے۔

جہاں تک علماء متقدمین کے رویہ کا تعلق ہے، تو اس کے بارے میں تو اس مضمون کے ابتدائی حصہ میں کافی تفصیل کے ساتھ عرض کیا جا چکا ہے کہ ہر دور میں ہمارے علماء و فقہاء نے تمام شیعی عقائد سے تفصیلی طور پر واقف نہ ہو سکنے کے باوجود صرف شیخین رضی اللہ عنہما کی خلافت اور ان کی صحابیت کے انکار اور انکی شان میں گستاخانہ رویہ کی بنا پر بجا طور پر خارج از اسلام قرار دیا۔

یہاں اتنی بات اور عرض کر دی جائے کہ اثنا عشری فرقہ کا ایک مستقل مذہب و فرقہ کی شکل میں وجود تیسری صدی ہجری کے اواخر یا چوتھی صدی ہجری کے شروع میں ہوا تھا اور شروع ہی سے ان کی تمام سرگرمیاں، حیرت انگیز حد تک خفیہ اور زمیں دوز رہی ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ جیسے جیسے اسلام اور اہلسنت کے خلاف ان کے جذبات ظاہر ہوتے گئے، اور ان کا نقصان کھلتا گیا ان کے متعلق علماء اسلام خاص کر ان علماء کے رویہ میں جن سے اللہ تعالیٰ امت کی رہبری و رہنمائی کا خصوصی کام لے رہا تھا اور جو حالات سے زیادہ باخبر رہتے تھے نمایاں طور پر سختی آتی گئی۔

مثلاً شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا زمانہ ساتویں اور آٹھویں صدی کا تھا۔ ان کی کتابوں کے مطالعہ سے شیعیت کے بارے میں ان کا جو سخت موقف سامنے آتا ہے، اس عاجز کے نزدیک اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ جس دور میں تھے، اس دور میں اس فرقہ کی اسلام دشمنی کھل کر سامنے آچکی تھی، شام و فلسطین پر صلیبی حملوں کے موقع پر شیعوں نے صلیبیوں کا جس طرح ساتھ دیا تھا اور اس کے بعد صلیبیوں نے شام پر قبضہ کے بعد جس طرح ان شیعوں کو اپنا معتمد و مقرب بنایا تھا، اور پھر آٹھویں صدی میں تاتاریوں کے شام پر حملہ کے وقت بھی جس طرح

شیعوں نے کھل کران کا ساتھ دیا تھا۔ اس کی وجہ سے اس فرقہ کے ایک ایک فرد کے سینے میں اسلام اور مسلمانوں سے جو عداوت چھپی چلی آرہی تھی وہ کھل کر سامنے آگئی تھی۔

اس مجموعی صورتحال اور واقعاتی پس منظر کو سامنے رکھنے کے بعد بآسانی سمجھ میں آسکتا ہے کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے موقف میں اتنی شدت کیوں تھی؟

سطور بالا میں راقم سطور اس موضوع پر علامہ ابن تیمیہؒ کی مایہ ناز تصنیف منہاج السنۃ اور اس کے درجہ و مقام کا تذکرہ کرچکا ہے۔ یہاں اس کی ایک عبارت کا ترجمہ مزید نقل کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے ص ۲۸۸ ج ۲ میں جہاں شیخ الاسلام نے حلی رافضی کی یہ بات نقل فرمائی ہے کہ:۔

"یمامہ کا مسیلمہ اور اس کے متبعین مسلمان اور اہل ایمان تھے، البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد چونکہ انھوں نے ابو بکرؓ کو خلیفہ ماننے اور انھیں زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کر دیا تھا، صرف اس لئے انھیں مرتد قرار دیکر ابو بکرؓ نے ان کے خلاف لشکر کشی کی، اور ان کے بارہ سو سے زیادہ آدمی قتل کر دیئے اور ان کے ساتھ کفار کا سا معاملہ کیا۔"

اس مقام پر علامہ ابن تیمیہ کی غیرت ایمانی کو جوش آیا ہے، اور انھوں نے اس بے مثال جاہلانہ افترا پردازی کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے:

افترا پردازوں اور مرتدین اولین کے پیروکار عصر حاضر کے ان مرتدین سے اللہ کی پناہ! یہ لوگ کھلم کھلا اللہ و رسول، اسکی کتاب اور اس کے دین کے دشمن ہیں اسلام سے خارج ہیں، ان لوگوں نے اسلام کو پس پشت ڈال رکھا ہے اور اللہ و رسول سے اور اہل ایمان سے جنگ چھیڑ رکھی ہے۔ یہ لوگ دشمنوں اور مرتدوں کا ساتھ دیتے ہیں۔ اس طرح کی باتوں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے عداوت رکھنے والے یہ لوگ اسی طرح کے مرتد اور کافر ہیں جیسے وہ مرتدین تھے جن سے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ کی تھی" [1]

---

[1] اس کے بعد شیخ نے بہت تفصیل کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ مسیلمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا، اور یمامہ کے لوگوں نے اسے نبی مان لیا تھا اس بنا پر حضرت صدیق اکبرؓ نے اس سے جنگ کی تھی... ملاحظہ ہو منہاج السنۃ ص ۱۴۱ تا ۱۴۸

اس موقع پر، بیان حق اور اتمام حجت کی غرض سے دسویں صدی ہجری کے عظیم مفسر اور فقیہ علامہ ابو السعود (م ۹۸۲ھ) کا ایک فتویٰ نقل کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے جو انھوں نے غالباً اپنے زمانے کے عثمانی خلیفہ کے استفسار کے جواب میں تحریر فرمایا تھا۔ (یاد رہے کہ علامہ ابو السعود کی حیثیت خلافت عثمانیہ کے "شیخ الاسلام" اور مفتی اعظم کی تھی۔) اس استفسار میں ان سے دریافت کیا گیا تھا کہ:

"کیا شیعوں سے جنگ کرنا جائز ہے؟ اور ان سے جنگ میں ہمارا جو آدمی مارا جائیگا کیا وہ شہید ہوگا؟ جبکہ (ان دونوں سوالوں کا جواب یہ بات پیش نظر رکھ کر دیا جائے کہ) ان کا یہ کہنا ہے کہ ان کا قائد اہلبیت نبوی میں سے ہے اور یہ کہ وہ لوگ کلمہ طیبہ کے قائل ہیں؟"

اس کا جو جواب علامہ ابو سعود نے دیا تھا اس کا ترجمہ یہ ہے:

اُن (شیعوں) سے جنگ جہاد اکبر ہے۔ اور ان سے جنگ میں ہمارا جو آدمی مارا جائے گا وہ شہید ہوگا، خلیفہ کے خلاف ہتھیار اٹھانے کی وجہ سے وہ باغی (بھی) ہیں اور متعدد وجوہ سے کافر (بھی) ہیں۔ وہ ۷۲ اسلامی فرقوں سے خارج ہیں، اس لئے کہ انھوں نے ان تمام فرقوں کے خود ساختہ عقائد کے ملغوبے سے ایک الگ کفر وضلال ایجاد کیا ہے۔ علاوہ ازیں ان کا کفر ایک سطح پر نہیں رہتا بلکہ بتدریج بڑھتا رہتا ہے۔ ....

(اسکے بعد علامہ نے ان کے کفر کی کچھ وجوہ و علامات نقل کی ہیں اس کے بعد لکھا ہے)

اسی وجہ سے ہمارے گذشتہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ان پر تلوار اٹھانا جائز ہے اور یہ کہ ان کے کافر ہونے میں جس کو شک ہو وہ خود کفر کا مرتکب قرار دیا جائے گا۔ چنانچہ حضرت امام اعظم، امام سفیان ثوری، امام اوزاعی کا مسلک تو یہ ہے کہ اگر یہ لوگ توبہ کر کے اپنے کفر کو چھوڑ کر اسلام میں آجائیں تو انھیں قتل نہیں کیا جائے گا، اور امید کی جاسکتی ہے کہ تمام کفار کی طرح توبہ کے بعد ان کو بھی معاف کر دیا جائے گا۔ لیکن امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام لیث بن سعد اور بہت سے ائمہ کبار کا مسلک یہ ہے کہ نہ انکی توبہ قبول کی جائے گی، اور نہ ان کے اسلام لانے کا اعتبار کیا جائے گا بلکہ حد جاری کرتے ہوئے ان کو قتل کر دیا جائے گا۔

(اس کے بعد علامہ ابوسعود نے یہ لکھنے کے بعد کہ خلیفہ وقت ان دونوں مسلکوں میں سے جس کو مناسب سمجھیں اس پر عمل کریں یہ بات بھی لکھی ہے کہ)

جو شیعہ ادھر ادھر منتشر ہیں، اور ان کے عقائد کی کوئی علامت ان پر ظاہر نہیں ہوتی ان سے تعرض نہ کیا جائے، ان پر مذکورہ بالا احکام جاری نہیں ہوں گے۔ البتہ جو ان کا قائد ہے، اور جو لوگ اس کے پیروکار ہیں، اور جو ان کی طرف سے جنگ کریں تو ان کے خلاف کارروائی سے ہرگز توقف نہ کیا جائے اس لئے کہ وہ لوگ مذکورہ وجوہ کفر کے مسلسل مرتکب ہو رہے ہیں۔ نیز اس بارے میں کوئی شبہ نہیں کہ ان کے ساتھ جنگ دوسرے کافروں کے ساتھ جنگ سے زیادہ اہم ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دوسرے کافروں سے جنگ سے پہلے مسیلمہ اور اسکے پیروکاروں کے خلاف اعلان جنگ کیا تھا، حالانکہ مدینہ کے اطراف کے علاقے کافروں سے بھرے ہوئے تھے شام وغیرہ دوسرے ممالک مسیلمہ کے فتنہ سے زمین کو پاک کرنے کے بعد ہی فتح کئے گئے تھے، خوارج کے فتنہ کے ساتھ حضرت علی کا طرز عمل بھی یہی تھا،

الغرض ان سے جہاد بلاشبہ اہم ترین کام ہے، اور ان سے جنگ آزمائی میں جو شخص مارا جائے گا وہ شہید ہوگا۔"[1]

اسی طرح حضرت مجدد الف ثانی، حضرت شاہ ولی اللہؒ اور ان کے بعد کے اکابر اہل علم کا شیعیت کے بارے میں جو موقف رہا ہے اپنے مقام پر اس مضمون میں اسکا ذکر کیا جا چکا ہے — اسی بنا پر اس عاجز نے یہ عرض کیا تھا کہ یہ کہنا کہ ہمارے گذشتہ دور کے علماء نے شیعیت کے بارے میں بہت سخت رویہ اختیار نہیں کیا، ناواقفیت پر مبنی ہے البتہ اس بارے میں اتنی وضاحت کی اور ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ گذشتہ دور میں جس علاقے میں شیعیت کا مسئلہ خطرناک صورت اختیار کرتا تھا مقامی طور پر وہاں کے

---

[1] علامہ ابوالسعود کا یہ فتویٰ علامہ ابن عابدین شامی نے اپنے رسالہ "تنبیہ الولاۃ والحکام علی احکام شاتم خیر الانام اوا حد اصحابہ الکرام" میں نقل کیا ہے۔ علامہ شامی کا یہ رسالہ رسائل ابن عابدین میں شائع ہو گیا ہے ملاحظہ ہو ص ۲۶۹ تا ۲۷۱ (طبع سہیل اکیڈمی لاہور)

علماء اس کی طرف متوجہ ہوتے تھے، اور اس بارے میں اپنے موقف کا اظہار فرماتے تھے، اور انکی مساعی کم از کم اس دور اور علاقے کے مسلمانوں کو اس فرقہ کی حقیقت سے باخبر کرنے کے لئے بڑی حد تک کافی ہوا کرتی تھیں۔ یہاں تک کہ جو اسلامی حکومتیں شیعہ عنصر کے عمل و دخل سے آزاد ہوتی تھیں وہ بھی ان علماء کرام کے موقف کی روشنی ہی میں شیعوں کے بارے میں اپنی پالیسی وضع کرتی تھیں۔

مثلاً گیارہویں صدی ہجری کے مشہور شیعہ عالم و مصنف نعمت اللہ موسوی الجزائری[1] (م ۱۱۱۲ھ) نے اپنی کتاب الانوار النعمانیہ ج ۲ ص ۲۷ میں یہ جو لکھا ہے کہ "ہمارے زمانہ کے بہت سے اہلسنت یہود اور نصاریٰ کو ہم سے بہتر سمجھتے ہیں۔ اور جب ہم ان کے ساتھ (ان کے علاقوں کا) سفر کرتے ہیں تو وہ ہم سے ٹیکس وصول کرتے ہیں"۔ .....

اگر یہ کہا جائے اس دور میں دولت عثمانیہ کا شیعوں کے ساتھ یہ معاملہ علامہ ابو السعود وغیرہ کے اس فتویٰ کے زیر اثر تھا تو بعید نہ ہوگا۔

اسی طرح ہندوستان کی تاریخ کے مطالعہ سے یہ جو معلوم ہوتا ہے کہ "اورنگ زیب نے زمام سلطنت ہاتھ میں لینے کے بعد اپنی پوری توجہ عہد اکبری کے مخالف اسلام اثرات کو مٹانے شیعیت کے اثر کو کم کرنے (جس کا بڑا مرکز جنوب تھا اور اسی لئے اس نے اپنی زندگی اور توانائی کا بڑا حصہ اسکی تسخیر میں صرف کیا) اور ایران کے ان مجوسیت آمیز تہذیبی اثرات کو جو دور اکبری میں قائم ہو گئے تھے اور جو ایرانی تقویم اور جشن نوروز کی شکل میں پائے جاتے تھے ختم کرنے کے اقدامات پر مرکوز کی"[2] تو جو لوگ اورنگ زیب کی شخصیت پر حضرت مجدد صاحب کے فرزند حضرت خواجہ محمد معصوم کے اثرات کو جانتے ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں کہ شیعیت کے بارے میں اورنگ زیب کے اس طرز عمل کے پیچھے بھی حضرت مجدد صاحب کا وہی مضبوط مجددی موقف تھا جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔ علاوہ ازیں خود اورنگ زیب کے زمانہ میں جو اکابر اہل علم و فتویٰ موجود تھے، شیعیت کے بارے میں ان کا

---

[1] الجزائری کی یہ نسبت خلیج عربی اور شط العرب کے اطراف میں واقع جزیروں "بحرین" وغیرہ کی طرف ہے ملاحظہ ہو تاج العروس اور معجم البلدان وغیرہ۔

[2] تو سین کے درمیان کی عبارت نفیس محترم مولانا ابو الحسن علی ندوی کی تصنیف تاریخ دعوت و عزیمت جلد پنجم کے صفحہ سے ماخوذ ہے

جو موقف فتاویٰ عالمگیری کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے ، کہا جا سکتا ہے کہ اورنگ زیب نے شیعوں کے ساتھ اپنے طرز عمل کو طے کرنے میں اس کو بھی پیش نظر رکھا ہوگا ۔

بہر حال اس حقیقت کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شیعیت کے ضلال اور خطرے سے امت کو باخبر کرنے کے لئے ہمارے ان حضرات علماء کرام کی ان جرأتمندانہ کوششوں کا زبردست اثر ہوا کرتا تھا ، لیکن اس زمانہ کے حالات کی وجہ سے وہ اثر زمان و مکان دونوں اعتبار سے محدود رہتا تھا ـــــ اب حالات مختلف ہیں ۔ دنیا کا رقبہ سمٹ کر رہ گیا ہے ۔ نشر و اشاعت اور ابلاغ کے بے شمار ذرائع ہیں ۔ اور زمانہ اجتماعی کانفرنسوں کا ہے ۔ لہٰذا اب علماء جو موقف اختیار کریں گے ۔ امید کی جاتی ہے کہ انشاء اللہ مستقل طور پر پوری امت کی رہنمائی کرتا رہے گا ۔

رہی یہ بات کہ موجودہ حالات میں اس بحث کو چھیڑنا نامناسب اور وقت کے تقاضوں کے برخلاف ہے تو یہ بھی دراصل پوری صورتحال اور اس مسئلہ کی حقیقی نوعیت کے پیش نظر نہ ہونے ہی کا نتیجہ ہے ۔

اس سلسلہ میں سب سے پہلے تو اس بات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ اثنا عشری فرقہ کے ہاتھ میں تاریخ میں پہلی مرتبہ ـــ اسلام دشمن طاقتوں خصوصاً یہودیوں کی خفیہ منصوبہ بندی کے نتیجہ میں ۔ ایک نہایت مضبوط حکومت کی باگ ڈور بلا شرکت غیرے آئی ہے ۔ وہ بھی اس طرح کہ جتنی ضرورت انھیں اسلام دشمن طاقتوں کی مدد کی ہے ، اتنی ہی ضرورت ان اسلام دشمن طاقتوں کو اپنے منصوبوں کی تکمیل کے لئے اس گروہ کی ہے ، اور پہلی مرتبہ شیعوں کو یہ موقع ملا ہے کہ وہ اپنی پوری طاقت استعمال کر کے اپنے ان منصوبوں کی تکمیل کی کوشش کریں جن کی تمنا اپنے سینوں میں لئے ان کی نسلوں پر نسلیں گزرتی جا رہی ہیں ۔

عام مسلمانوں کے لئے جن کو شیعوں کی کتابیں پڑھنے کا موقع ملا ہے ۔ اور نہ انھیں قریب سے شیعوں کی نفسیات کے تجربہ اور مشاہدہ کا موقع ملا ہے اس نفسیاتی کیفیت کا صحیح اندازہ لگانا بہت مشکل ہے جو ان کے ایک ایک فرد کے دل و دماغ ، جذبات اور شعور کی ہر ہر سطح پر مہدی منتظر اور امام غائب کے بے تابانہ انتظار کی وجہ سے نقش ہے ۔ صدیوں سے انکے علماء اپنے سادہ لوح عوام کو مہدی منتظر کے انتظار کے فضائل اور اس کے اجر و ثواب کے

متعلق من گھڑت روایات سنا سنا کر مطمئن کرتے چلے آرہے ہیں۔

دوسری طرف مشکل یہ ہے کہ ان کی سیکڑوں روایات میں یہ کہا گیا تھا کہ امام غائب اپنے غار سے ظاہر ہو کر سب سے پہلے مکہ مکرمہ آئیں گے اور جو لوگ ان کی بیعت نہیں کرینگے ان سب کو قتل کر دینگے پھر مدینہ منورہ جا کر حضرت ابوبکر اور حضرت عمرؓ کی لاشوں کو قبر سے نکال کر زندہ کریں گے اور پھر دنیا کے آغاز سے قیامت تک جو ظلم یا کفر دنیا میں کہیں بھی ہوا ہوگا، اور جو گناہ کہیں بھی کیا گیا ہوگا اسکی سزا ان دونوں کو دیں گے، یہاں تک کہ دن رات میں انھیں ہزار مرتبہ مارا اور پھر زندہ کیا جائے گا — اسی طرح حضرت عائشہ پر بھی حد جاری کریں گے[1] الغرض ان روایات کے بموجب امام غائب کا ظہور اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر شیعوں کا مکمل قبضہ ہو۔ شیعہ مذہب میں امام غائب کے ظہور کے عقیدہ کی اہمیت شیعوں کے دل و دماغ پر اس عقیدہ کے اثرات اور ان کے ظہور کے لئے حرمین شریفین پر مکمل شیعی قبضہ کی ضرورت۔ ان تینوں پہلوؤں کو نظر میں رکھئے — اور — خود فیصلہ کیجئے کہ کیا اس صورت میں شیعہ مذہب کی رو سے ایران میں قائم ہونے والی خالصتہً شیعہ حکومت کا اولین فریضہ یہ نہیں ہوگا کہ وہ حرمین شریفین میں مکمل شیعی اقتدار قائم کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔

اس عاجز نے جب ۱۹۷۵ء سال قبل شیعہ مذہب کی بالخصوص خمینی کی کتابوں کا مطالعہ کیا تھا تو اس وقت ان کتابوں کے مطالعہ سے اس بات پر بالکل یقین ہو گیا تھا کہ:

"حرمین شریفین پر قبضہ کی کوشش شیعہ مذہب کی رو سے مذہبی فریضہ ہے اور ان کے لئے جب بھی حالات سازگار ہوں گے اس کی کوشش وہ ضرور بالضرور کریں گے۔"

(اس عاجز نے اپنے اس "یقین" کا اظہار اپنی کتاب میں بھی کر دیا تھا، اور وقتاً فوقتاً حضرات اہل علم سے گفتگو کے دوران بھی اسے بیان کرتا رہا)

---

[1] ان روایات کا مطالعہ براہ راست اثنا عشری مذہب کی بنیادی کتابوں میں اگر ہمارے علماء کرام کریں تو بہت اچھا ہو۔ اس عاجز نے بھی اپنی کتاب ایرانی انقلاب، خمینی اور شیعیت میں ص ۱۷۹ و ص ۱۸۰ پر اور پھر ص ۲۱۳ سے ص ۲۱۹ تک اس موضوع کے متعلق بعض اہم شیعی روایات نقل کر دی ہیں۔

اس سلسلہ میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ایرانی قیادت شروع ہی سے "انقلاب خمینی" کو انقلاب مہدی کا پیش خیمہ اور نقطۂ آغاز قرار دیتی رہی ہے۔ بلکہ خمینی کی خرابی صحت وغیرہ کے متعلق قیاس آرائیوں کی تردید میں وہاں یہ بھی کہا جاتا رہا ہے کہ "امام صاحب تو انشاء اللہ انقلاب کا جھنڈا امام زماں کے حوالے کر کے ہی اس امانت سے دستبردار ہوں گے"۔ اس لئے بھی امام غائب کے جلد از جلد ظہور کی کوشش ایران کی شیعہ حکومت کے لئے لازم قرار پاتی ہے جسکے لئے جیسا کہ سطور بالا میں عرض کیا گیا حرمین شریفین پر قبضہ ضروری ہے۔

اور یہ تو بات چل رہی تھی چند مقدمات سے ایک "نتیجہ" کے استنباط کی، لیکن اس سال تو حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں جو کچھ ہوا اس کے بعد یہ مسئلہ نظری اور استنباطی نہیں رہا، ایک امر واقعہ بن کر پوری امت کے سامنے آچکا ہے۔

اب خدارا کوئی بتائے کہ جو لوگ مرکز اسلام پر قبضہ کے لئے اور پھر وہاں سے امام غائب کے ظہور کا ڈھونگ رچا کر حضرات شیخین اور حضرت عائشہ وغیرہ کے پاکیزہ اجساد کی بے حرمتی کر کے اور لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام کر کے ان منحوس خوابوں کی تعبیر جلد از جلد دیکھنے کے لئے بیچین اور ہر وقت مصروف عمل ہوں جو وہ صدیوں سے دیکھتے چلے آرہے ہیں اور یہود و نصاریٰ وغیرہ دشمنان اسلام کے بھی آلۂ کار بن کر حرمین شریفین کے تقدس کو نیست و نابود کرنا چاہ رہے ہوں بلکہ انھوں نے بالفعل اس مقصد کے لئے کاروائی شروع بھی کر دی ہو اور جنگ کا بگل بجا رہا ہو غیرت اسلامی تو بڑی چیز ہے کیا یہ بات عام انسانی غیرت اور عام عقل و دانش کے بھی مطابق ہے کہ ایسے بدترین دشمنوں کے مقابلہ اور ان کی حقیقت کو آشکارا کرنے کے کام کو "نامناسب اور وقت کے تقاضے کے خلاف" کہا جائے؟ اور اس کام کو آئندہ کے لئے موخر رکھا جائے۔۔

واقعہ یہ ہے کہ بات اس کے بالکل برعکس ہے! یہ مسئلہ اتنی فوری توجہ کا طالب ہے کہ ایک لمحہ کی تاخیر بھی ناقابل تصور حد تک بربادیوں اور ہلاکتوں کا سبب بن سکتی ہے۔

یہاں اس بات کو بھی صاف صاف عرض کر دینا ضروری ہے کہ ایران اور شیعی قیادت کی طرف سے پوری اسلامی دنیا میں شیعہ سنی اختلافات کو یکسر فراموش کر کے باہم متحد رہنے کی جو آواز مسلسل لگائی جا رہی ہے اور حج کو "سیاسی اکھاڑے" کے

کے طور پر پیش کرنے کی جو کوشش کی جارہی ہے یقیناً ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت اس کے پیچھے بھی یہ سازش کام کر رہی ہے کہ جس وقت شیعہ مجاہدین، حرمین شریفین پر قبضہ کی ناپاک کوشش کر رہے ہوں اس وقت دنیا بھر کے مسلمان اس کوشش کو حج کے سیاسی پہلو کے اظہار یا زیادہ سے زیادہ دو ملکوں کی باہمی سیاسی چپقلش سمجھ رہے ہوں، اور لوگوں کا ذہن اصل مسئلہ حرمین شریفین پر قبضہ کے دیرینہ شیعی منصوبے اور اس کے بعد ان کے ارادوں کی طرف منتقل ہی نہ ہو سکے۔

الغرض اس عاجز کا یہ احساس ہے۔ اور الحمدللہ کہ یہ احساس کسی جذباتی تاثر یا ناروا عجلت پر مبنی نہیں ہے، طویل غور و فکر اور عمیق مطالعہ پر مبنی ہے۔ کہ امت مسلمہ، اسلام اور حرمین شریفین کو جو خطرہ اس وقت اپنے بدترین دشمنوں کی طرف سے لاحق ہے اتنا شدید خطرہ اس سے پہلے کبھی لاحق نہیں ہوا پس اس وقت امت کو اس خطرہ سے آگاہ کرنا اور اس کے مقابلہ کے لئے امت کو ذہنی طور پر تیار کرنا وقت کی ایسی ضرورت ہے جس کو پورا کرنے کے لئے عملی اقدام میں ایک لمحہ کی تاخیر، اور ذرا سی غفلت، تساہلی یا کم ہمتی ناقابل تلافی نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔

اللہ کی رحمت خاصہ نازل ہو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد چاروں طرف سے ٹوٹ پڑنے والے فتنوں کے مقابلہ کے لئے وہ روش اختیار کی جس نے قیامت تک کے لئے امت کو یہ عظیم سبق سکھا دیا کہ تمام خطرات کے مقابلہ اور فتنوں سے حفاظت کے لئے صحیح طریقہ یہ ہے کہ دین کی حفاظت کے تقاضوں کو تمام ظاہری اور چھوٹی مصلحتوں پر ترجیح دی جائے اور ظاہری حالات اور مصالح کی رعایت کی وجہ سے دین کو خطرہ میں نہ ڈالا جائے۔

دینی مدارس کے ذمہ دار حضرات کی خدمت میں

راقم سطور کی طالب علمی کے زمانے میں اب سے قریباً ستر سال پہلے قادیانی فتنہ مسلمانوں کے لئے سب سے زیادہ خطرناک داخلی فتنہ تھا۔ بعض خاص وجوہ سے (جن کی تفصیل کی ضرورت نہیں) بہت سے پڑھے لکھے حضرات خاص کر جدید تعلیم یافتہ نوجوان اس سے بہت زیادہ متاثر ہوتے تھے اور اس کے خلاف کچھ سننے کے لئے بھی تیار نہ ہوتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی سنت ازلیہ کے مطابق اسی زمانے میں اس فتنہ کے فتنۂ ارتداد ہونے کے بارے میں اپنے کچھ بندوں کو ایسا شرح صدر نصیب فرمایا تھا کہ وہ اسکے خلاف زبانی و قلمی جہاد کو "جہاد اکبر" یقین کرتے تھے ان میں ہمارے استاذ امام العصر حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ کا خاص حال و مقام تھا۔ اسکا نتیجہ یہ تھا کہ ان کے درس میں ضمنی طور پر قادیانیت کے بارے میں جو کچھ بیان ہو جاتا تھا اس سے ہم طلبہ کو اتنی معلومات حاصل ہو جاتی تھی کہ ہم قادیانی فتنہ کی شدت کو پوری طرح محسوس کر سکتے تھے اور دوسروں کو بھی کافی حد تک اس بارے میں مطمئن کرنے کے قابل ہو جاتے تھے ـــــ کسی نہ کسی درجہ میں یہی حال اکثر دوسرے اساتذہ کا بھی تھا، دار العلوم دیوبند کے علاوہ دوسرے دینی مدارس میں بھی ایسے اساتذہ ہوتے تھے جن کے درس سے طلبہ کو قادیانیت کے بارے میں ضروری واقفیت حاصل ہو جاتی تھی

جیسا کہ اوپر عرض کیا جا چکا، ہو قت شیعیت کے احیاء اور اس کی دعوت و تبلیغ کا فتنہ دین کے لئے عظیم ترین فتنہ ہے جسکو وقت کی ایک طاقتور حکومت اپنے پورے وسائل کے ساتھ چلا رہی ہے ـــــ اس صورتحال کا تقاضا ہے کہ ہمارے مدارس میں پڑھنے والے طلبہ اس سے ضروری حد تک واقف اور باخبر ہوں۔ اس کے لئے ہمارے اہل مدارس جو تدبیر مناسب سمجھیں اس سے دریغ نہ فرمائیں۔

اسی طرح حضرات علماء کرام اور خواص اہل دین سے گذارش ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ ایک طاقتور حکومت کی طرف سے تمام حکومتی وسائل کے ذریعہ عالمگیر پیمانے پر یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ عام مسلمانوں کو شیعیت کے دائرہ میں لے آیا جائے یا شیعوں کے اصل اغراض و مقاصد کی طرف سے بالکل غافل رکھ کر کم از کم ان کے خیالات کو شیعیت اور موجودہ ایرانی حکومت کے حق میں ہموار کر لیا جائے، حضرات علماء کرام کا یہ فریضہ ہے کہ عام مسلمانوں کو اس گمراہی سے بچانے اور شیعیت کی حقیقت اور شیعوں کے انتہائی خطرناک ارادوں اور منصوبوں سے انھیں باخبر کرنے کے لئے جو کچھ کر سکتے ہوں اس میں کمی نہ کریں۔


اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ختام الکلام کے طور پر امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی علماء کرام کو اس بارے میں خاص نصیحت و ہدایت انھیں کے الفاظ میں نقل کر دی جائے، اس میں انھوں نے علماء اسلام کے لئے واجب و لازم بتلایا ہے کہ شیعیت کی تردید اور شیعوں کے مکائد و مفاسد کے بیان میں کوئی کوتاہی نہ کریں، حضرت

ممدوح نے اپنے رسالہ "رد روافض" کے آخر میں تحریر فرمایا ہے:

"اما چوں شیعہ شنیعہ اصحاب عظام را بہ بدی یاد میکنند، و بہ سب ولعن ایشاں جرأت می نمایند، علماء اسلام را واجب و لازم است کہ ردّ آنہا نمایند، و مفاسد ایشاں را ظاہر سازند" ص ۲۴

اسی مناسبت سے یہ بات بھی صراحت کے ساتھ عرض کر دینا ضروری ہے کہ جن حضرات اہل علم نے شیعہ مذہب کی کتابوں کا براہ راست مطالعہ نہیں فرمایا یا تو وہ کوئی رائے قائم کرنے کے لئے پہلے ان کی کتابوں کا مطالعہ فرمائیں اور یا حضرت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ جیسے ان علماء کی رائے پر اعتماد کریں جن کو وہ علم اور دین کے لحاظ سے قابل اعتماد سمجھیں جنھوں نے مذہب شیعہ کا براہ راست مطالعہ کر کے ہی رائے قائم فرمائی ہے ـــــ بہ صورت دیگر مسئلہ کی اس وقت کی خاص سنگینی کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے لئے بہتر ہوگا کہ وہ کوئی رائے ظاہر کرنے سے احتیاط فرمائیں اور ایسا رویہ اختیار نہ فرمائیں جس سے بیچارے ناواقف عوام یہ سمجھیں کہ شیعہ اثنا عشریہ بھی، حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی اور اہلحدیث کی طرح مسلمانوں ہی کا ایک فرقہ ہیں ـــــ اس طرح کا رویہ اگرچہ غیر شعوری طور پر ہو۔ نتیجہ کے طور پر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف خمینی اور شیعوں کے ان منصوبوں کی مدد ہوگا، جن کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے اور ان کے لئے راہ ہموار کرے گا۔

بس اب یہ عاجز رخصت ہوتا ہے، ناظرین کرام ان سطروں کے بعد پہلے استغفار ملاحظہ فرمائیں گے جو اس عاجز نے قریباً ڈیڑھ سال پہلے مرتب کیا تھا اور اکتوبر ۸۶ء میں دارالعلوم دیوبند میں منعقد ہونے والے "اجلاس تحفظ ختم نبوت" کے موقع پر اس میں شرکت فرمانے والے حضرات علماء کرام کی خدمت میں جواب کے لئے پیش کر دیا تھا، بعد میں چند ہی جگہ ڈاک سے بھی بھیجا گیا ـــــ ان سطور کی تحریر کے وقت تک جو جواب موصول ہوتے رہے وہ اس مجموعہ میں شامل کر دیئے گئے ہیں، پاکستان کے جوابات چند ہی ہیں لیکن وہاں سے اطلاع آچکی ہے کہ وہاں کے مخلصین نے بڑی تعداد میں حضرات علماء کرام و اصحاب فتویٰ اور دینی اداروں کے جوابات اور ان کی تصدیقات حاصل کی ہیں، لیکن وہ ابھی تک یہاں نہیں پہونچ سکیں، انشاء اللہ ان کے موصول ہو جانے پر ان کو بھی



الفرقان ہی میں یا مستقل ضمیمہ کی شکل میں شائع کر دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ اپنے ان تمام بندوں کو اپنی شان عالی کے مطابق جزائے خیر عطا فرمائے جنھوں نے استفتاء کا جواب تحریر فرما کر یا تصدیقی دستخط فرما کر یا حضرات اہل علم تک استفتاء کو پہنچا کر اور ان سے جوابات حاصل کر کے دین کی حفاظت کی اس کوشش میں حصہ لیا۔

ان سطور کی تحریر کے وقت اور اس مقدمہ کے اوراق کا رکنان ادارۂ الفرقان کے حوالہ کرتے وقت اس مریض و ناتواں بندہ کا دل اپنے پروردگار کے حمد و شکر کے جذبہ سے معمور اور اس کا رواں رواں اپنے رب کریم کے حضور میں سربسجود ہے، جسکی قدرت اور یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ کی شان کا ایک چھوٹا سا مظہر یہ مجموعہ بھی ہے ـــــ بلاشبہ یہ برکت ہے اللہ کے ان بندوں سے عقیدت و محبت کی جنکو اس عاجز کے گمان کے مطابق اس دور میں دین کی حفاظت و خدمت کے لئے حکمت الٰہی نے منتخب فرمایا تھا، اللہ کی رحمت ہو ان سب پر۔


آخری کلمہ اللہ کی حمد اور اپنے قصوروں پر ندامت و استغفار ہے، اور اسکی قدرت مطلقہ سے پوری امید کے ساتھ دین کی حفاظت کی کوشش کرنے والوں کی نصرت کی دعا ہے۔

اللھم انصر من نصر دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم واجعلنا منھم
واخذل من خذل دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ولا تجعلنا منھم
وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین
وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

بندۂ عاجز

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ لکھنؤ

(دوشنبہ) ۲۰ ربیع الاول سنہ ۱۴۰۸ھ
۲۳ نومبر سنہ ۱۹۸۷ء



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از : بندۂ عاجز محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

دین حق کے امین محافظ حضرات علمائے شریعت کی خدمت میں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ـــــ بندۂ راقم سطور عرض کرتا ہے :-

گزشتہ چار پانچ سالوں میں مختلف ملکوں سے آنے والے خطوط سے اس عاجز کو معلوم ہوتا رہا کہ ایرانی انقلاب کے بعد سے شیعیت ایک زندہ دعوت اور تحریک بن گئی ہے۔ اور ایرانی حکومت کے سفارتخانے جہاں بھی ہیں وہ اب شیعیت کی دعوت و تبلیغ کے مرکز کے طور پر بھی کام کر رہے ہیں۔ اور اندازہ کیا جاتا ہے کہ ایرانی حکومت جنگی محاذ ہی کی طرح اس دعوتی اور تبلیغی محاذ پر بھی بے حساب اور بیدریغ دولت صرف کر رہی ہے۔ مختلف ملکوں میں وہاں کی زبانوں میں اس مسلک کا لٹریچر بارش کی طرح برسایا جا رہا ہے۔ نیز ایران سے تربیت یافتہ داعی بھیجے جا رہے ہیں اور اس دعوتی مہم کے سلسلہ میں شیعہ مذہب کے اصول تقیہ کا بڑی مہارت سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجہ میں بعض ملکوں میں ناواقف مسلمان خاص کر نوجوان تیزی کے ساتھ شیعہ مذہب قبول کر رہے ہیں۔

اس صورتحال کے علم میں آجانے کے بعد اس عاجز نے فرض سمجھا کہ گمراہی کے اس سیلاب سے امت محمدیہ کے دین و ایمان کی حفاظت کے لئے جو کچھ اپنے سے کیا جا سکتا ہو۔ وہ کیا جائے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت و رحمت سے امید کی جائے کہ وہ اپنے وعدے اور اپنی سنت ازلیہ کے مطابق اپنے ان بندوں کی مدد فرمائے گا۔ جو اس مقصد کے لئے جدوجہد کریں گے وَلَیَنْصُرَنَّ اللّٰہُ مَنْ یَّنْصُرُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝

اس سلسلہ میں سب سے اہم اور مقدم کام یہ تھا کہ مسلمانوں کو شیعہ مذہب کی حقیقت، اور ایرانی انقلاب کے قائد خمینی صاحب کے عقائد و عزائم سے واقف کرایا جائے۔ اس کے لئے راقم سطور نے قریباً ایک سال تک شیعہ مذہب کی بنیادی اور مسلمہ کتابوں اور ان اکابر و اعاظم شیعہ مجتہدین و مصنفین کی تصانیف کا جو مذہب شیعہ میں سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ اور خود خمینی صاحب کی تصنیف کا مطالعہ کیا۔ پھر اس مطالعہ کا حاصل قریباً تین سو صفحے کی ایک کتاب کی شکل میں مرتب کر دیا جو

"ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" کے نام سے اب سے قریباً ڈیڑھ سال پہلے شائع ہو چکی ہے۔

اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی یہ غیبی مدد سامنے آئی کہ اسی کی توفیق سے اس کے بہت سے بندوں نے (جن کو راقم سطور جانتا بھی نہیں) محض ایمانی جذبہ سے اور خالصتاً لوجہ اللہ اس کتاب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت اور دور دراز ملکوں تک پہونچانے کی کوششیں کیں۔ اس کے نتیجہ میں تھوڑی سی مدت میں ہندوستان و پاکستان سے مجموعی طور پر اس کے ڈھائی لاکھ کے قریب نسخے شائع ہو چکے ہیں۔ اور عرب ممالک یورپ، امریکہ، افریقہ جیسے دور دراز ممالک میں اردو پڑھنے والے مسلمانوں تک اس کے نسخے بڑی تعداد میں پہونچ چکے ہیں۔ اور بفضلہ تعالیٰ یہ سلسلہ جاری ہے ـــــ بلاشبہ یہ سب محض اللہ تعالیٰ کا کرم اور اس کی قدرت و نصرت کا کرشمہ ہے۔ اس میں کتاب کی کسی خوبی اور اس کے مصنف کے کسی کمال کو مطلق دخل نہیں ہے۔ وہ مسکین تو بالکل بے ہنر آدمی ہے۔ [1]

اس کتاب کی تصنیف و اشاعت کا مقصد بس اتنا ہی تھا کہ جو مسلمان شیعیت کی حقیقت، خمینی صاحب کے عقائد و عزائم اور ان کے برپا کئے ہوئے ایرانی انقلاب کی واقعی نوعیت سے واقف نہیں ہیں اور اس ناواقفیت کی وجہ سے ایرانی حکومت یا اس کے ایجنٹوں کے پرفریب پروپیگنڈے کا شکار ہو سکتے ہیں وہ واقف ہو جائیں۔ بفضلہ تعالیٰ اتنے کام کے لئے یہ کتاب کافی ثابت ہوئی۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ الْحَمْدُ لِلّٰہِ ـــ

کتاب کی اشاعت کے بعد اس کا مطالعہ کرنے والے بہت سے حضرات کی طرف سے بڑی سنجیدگی کے ساتھ سوال کیا گیا کہ جب شیعہ اثنا عشریہ کے عقائد وہ ہیں جو ان کے بنیادی اور مسلمہ کتابوں کے حوالوں سے اس کتاب میں لکھے گئے ہیں۔ تو حضرات علمائے کرام کی طرف سے ان کے بارے میں اس طرح کا فیصلہ کیوں نہیں کیا گیا۔ جس طرح کا قادیانیوں کے بارے میں کیا گیا ہے؟

راقم سطور نے ماہنامہ الفرقان میں اس سوال کا ذکر کر کے ماضی قریب ہی کے اکابر علمائے کرام کے وہ فتوے اور متقدمین و متاخرین علماء و فقہا کی وہ عبارتیں شائع کر دیں۔ جن میں شیعہ اثنا عشریہ کے موجب کفر عقائد کی بنا پر ان کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا گیا ہے ـــــ اس کے بعد

---

[1] یہ بات بھی اللہ تعالیٰ کے شکر کے ساتھ قابل ذکر ہے کہ کتاب کا انگریزی ایڈیشن بھی ہندوستان و پاکستان اور جنوبی افریقہ سے بڑی تعداد میں شائع ہو چکا ہے۔ عربی ایڈیشن بھی بفضلہ تعالیٰ مصر سے شائع ہو چکا ہے۔ بلاشبہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد ہی کا کرشمہ ہے۔

ضرورت محسوس ہوئی کہ اس پورے مواد کو استفتا کی شکل میں مرتب کر کے عصر حاضر کے حضرات علمائے شریعت و اصحاب فتوی کی خدمت میں بھی پیش کیا جائے اور ان کے جوابات کے ساتھ شائع کر دیا جائے ۔

یہ اوراق اسی غرض سے حضرات علمائے کرام و مفتیان عظام کی خدمت میں پیش کئے جا رہے ہیں ۔ اس کی کوشش کی گئی ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کے جن عقائد کی بنا پر ان کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا گیا ہے ان کا ثبوت ان کی بنیادی اور مسلمہ کتابوں سے اس طرح سامنے آجائے کہ اس کے بعد کسی کے لئے شک شبہ کی اور تاویل کی گنجائش نہ رہے ۔ اس کی وجہ سے اس سوالنامہ کے صفحات کی تعداد کچھ زیادہ ہو گئی ہے ۔ لیکن یہ ضروری تھا ۔ تاکہ حضرات علمائے کرام علی وجہ البصیرت اور پورے قلبی و ذہنی اطمینان و اذعان کے ساتھ رائے قائم فرمائیں ۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل



شیعہ اثنا عشریہ کے موجب کفر عقائد

جن کی بنا پر متقدمین و متاخرین علماء و فقہا نے ان کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا ہے

اثنا عشریہ کی بنیادی اور مستند کتابوں کے مطالعہ کے بعد خاص طور سے ان کے یہ تین عقیدے اس طرح آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں جس کے بعد کسی شک شبہ اور تاویل کی گنجائش نہیں رہتی۔

ایک یہ کہ حضرات شیخین (سیدنا حضرت ابوبکر صدیق و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما) کے بارے میں ان کا عقیدہ ہے کہ وہ (معاذ اللہ) نہ صرف یہ کہ کافر و منافق تھے۔ بلکہ اگلی امتوں کے اور اس امت کے خبیث ترین کافروں، فرعون، ہامان و نمرود اور ابولہب، ابوجہل سے بھی حتیٰ کہ شیطان مردود سے بھی بدتر درجہ کے کافر تھے اور جہنم میں سب سے زیادہ عذاب انھیں دونوں پر ہے اور یہ کہ ان دونوں کی بیٹیاں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک بیویاں حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا) بھی ــــ العیاذ باللہ ــــ منافقہ اور کافرہ تھیں اور اپنے باپ (ابوبکر و عمر) کے کہنے سے ان دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زہر دیکر شہید کیا تھا ــــ استغفر اللہ ثم استغفر اللہ والعیاذ باللہ

دوسرا یہ کہ موجودہ قرآن محرف ہے۔ اس میں ہر طرح کی تحریف اور کمی بیشی ہوئی ہے۔ یہ بعینہٖ وہ "کتاب اللہ" نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی گئی تھی۔

تیسرا یہ کہ ان کا بنیادی عقیدہ "امامت" ختم نبوت کی قطعی نفی کرتا ہے۔ لہٰذا وہ اپنے اس عقیدہ کی وجہ سے ختم نبوت کے منکر ہیں۔ اگرچہ زبان سے حضورؐ کو خاتم الانبیاء کہتے ہیں (جس طرح قادیانی بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین کہتے ہیں) ان کے ان مجتہدین نے جو شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں صاف صاف کہا ہے کہ انکے بارہ اماموں کا مرتبہ تمام نبیائی یقین سے اور امامت کا درجہ نبوت و رسالت سے برتر اور بالاتر ہے۔

اب ان تینوں عقیدوں کے بارے میں انکے ائمہ معصومین کے ارشادات اور ان کے مستند ترین علماء و مجتہدین کے بیانات ملاحظہ فرمائے جائیں ــــ

حضرات شیخین کے بارے میں

شیعہ اثنا عشریہ کی حدیث کی کتابوں میں ان کے نزدیک سب سے زیادہ مستند ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی رازی (م ۳۲۸ھ) کی کتاب الجامع الکافی[1] ہے۔ اس کا درجہ ان کے نزدیک وہی ہے جو علمائے اہلسنت کے نزدیک امام بخاری کی "الجامع الصحیح" کا ہے، بلکہ اس سے بھی بالاتر۔ اس کے آخری حصہ کتاب الروضہ میں شیعوں کے ساتویں امام معصوم ابوالحسن موسیٰ کا ایک طویل مکتوب پوری سند کیساتھ روایت کیا گیا ہے۔ اس میں شیخین کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

فلعمری لقد نافقا قبل ذالک ورد ا علی اللہ جل ذکرہ کلامہ وھزیا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وھما الکافران علیھما لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین۔

(کتاب الروضہ ص ۶۲ طبع لکھنؤ)

میں بقسم کہتا ہوں کہ وہ دونوں (ابوبکر و عمر) پہلے سے منافق تھے، انھوں نے اللہ کے کلام کو رد کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کیساتھ تمسخر کیا۔ وہ دونوں قطعی کافر ہیں۔ ان پر اللہ کی، اور اس کے فرشتوں کی اور آدمیوں کی سب کی لعنت۔

اور اسی کتاب الروضہ میں شیعوں کے پانچویں امام معصوم امام باقر کا یہ ارشاد شیخین کے بارے میں روایت کیا گیا ہے:۔

فارقا الدنیا ولم یتوبا ولم یتذاکرا ما صنعا با میر المومنین علیہ السلام فعلیھما لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین (کتاب الروضہ ص ۱۱۵ طبع لکھنؤ)

یہ دونوں دنیا سے چلے گئے اور انھوں نے امیر المومنین علیہ السلام کے ساتھ جو کچھ کیا تھا۔ اس سے توبہ نہیں کی۔ اور اس کو یاد بھی نہیں کیا، تو ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور انسانوں کی سب کی لعنت،

ملا باقر مجلسی شیعوں کے گیارہویں صدی ہجری کے بہت بڑے مجتہد اور محدث ہیں، علمائے شیعہ ان کو خاتم المحدثین کہتے اور لکھتے ہیں۔ کثیر التصانیف ہیں۔ ہمارا اندازہ ہے کہ ان کی کتابیں شیعوں

---

[1] الجامع الکافی کے حصہ اول "اصول کافی" کے آخر میں اس کے مؤلف ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی کا تذکرہ ہے اس میں کتاب کے بارے میں لکھا ہے یقال ان ھذا الکتاب عرض علی القائم فاستحسنہ (بیان کیا جاتا ہے کہ یہ کتاب بارگاہ معصوم (امام غائب) کے سامنے پیش کی گئی (یعنی ان کے خاص سفیر کے ذریعہ) انھوں نے اس کی تحسین فرمائی ــــ جب کہ ہم اہلسنت کی صحیح بخاری کو کسی معصوم کی تحسین و تصدیق حاصل نہیں ہے۔

میں دوسرے تمام مصنفوں سے زیادہ مقبول ہیں۔ ان کو شیعہ مذہب کا ترجمان اعظم کہا جا سکتا ہے خمینی صاحب نے بھی اپنی کتاب کشف الاسرار میں مذہبی معلومات حاصل کرنے کیلئے مجلسی کی فارسی کتابوں کے مطالعہ کا مشورہ دیا ہے۔ (کشف الاسرار ص ۱۲۱) ان مجلسی صاحب نے اپنی کتاب جلاء العیون میں حضرت علی مرتضیٰؓ سے منسوب کر کے ایک طویل روایت نقل کی ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ :-

در جہنم تابوتے ہست کہ دوازدہ کس در آں تابوت ہستند شش کس از گزشتگان و شش نفر از ہیں امت۔ و آں تابوت در چاہے ہست در قعر جہنم، و بر آں چاہ سنگے افتادہ است کہ حق تعالیٰ ہرگاہ بخواہد کہ جہنم را مشتعل سازد امر می فرماید کہ آں سنگ را از سر چاہ بردارند چوں سنگ را بر می دارند جمیع جہنم مشتعل شود از حرارت آں چاہ۔ پس من در حضور شما پرسیدم کہ آنہا کیستند؟ فرمود کہ اما از پیشیناں پس ایں شش نفر قابیل و فرعون و نمرود، و پے کنندہ ناقہ صالح۔ و دو کس از بنی اسرائیل کہ بعد از موسیٰ و عیسیٰ دین ایشاں را تغیر دادند۔ و امت ایشاں را گمراہ کردند۔ اما از ہیں اُمت پس دجال است و پنج نفر ابوبکر و عمر و ابو عبیدہ بن الجراح و سالم مولیٰ حذیفہ و سعد بن العاص۔

(جلاء العیون ص ۱۴۷ طبع ایران)

جہنم میں ایک صندوق ہے جس میں بارہ آدمی بند ہیں چھ پچھلی امتوں کے اور چھ اس امت کے اور وہ صندوق جہنم کے ایک آتشی کنوئیں میں ہے اور وہ کنواں ایک پتھر سے بند کر دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ جب جہنم کی آگ کو بھڑکانا چاہے گا۔ تو حکم فرمائے گا۔ کہ جس پتھر سے کنواں بند کیا گیا ہے۔ اس کو ہٹا دیا جائے جب وہ پتھر ہٹا دیا جائے گا۔ تو اس کنوئیں کی آگ سے سارا جہنم بھڑک اٹھے گا (آگے راوی کہتا ہے) میں نے حضرت امام سے پوچھا کہ وہ بارہ آدمی کون ہیں جو اس صندوق میں بند ہیں؟ تو انھوں نے فرمایا کہ اگلی امتوں کے چھ آدمی تو یہ ہیں قابیل۔ نمرود۔ فرعون۔ اور حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا قاتل۔ اور بنی اسرائیل میں سے وہ دو آدمی جنھوں نے حضرت موسیٰ و عیسیٰ کے بعد ان کے دین کو بدل ڈالا اور ان کی امتوں کو گمراہ کیا۔ اور اس امت کے چھ آدمی یہ ہیں۔ دجال اور ابوبکر۔ عمر۔ ابو عبیدہ بن الجراح سالم مولیٰ حذیفہ اور سعد بن العاص۔

مجلسی نے جہنم کے اس آتشی تابوت کی روایت جس میں بارہ آدمی بند ہیں۔ جن میں (معاذ اللہ)

شیخین بھی ہیں۔ اپنی دوسری کتاب "حق الیقین" میں بھی ذکر کی ہے (حق الیقین ص ۵۰۲)۔

اور "جلاء العیون" اور حق الیقین ہی میں ایک اور روایت ذکر کی ہے جس میں حضرات شیخین کے بارے میں حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف منسوب کر کے لکھا ہے کہ انھوں نے فرمایا تھا کہ۔

آں دو مرد اعرابی کہ ہرگز ایمان بخدا و رسول نیاورد و بو ند یعنی ابوبکر و عمر (جلاء العیون ص ۲۱۰ و حق الیقین ص ۵۰۲)

وہ دو اعرابی جو خدا اور اس کے رسول پر ہرگز ایمان نہیں لائے یعنی ابوبکر اور عمر۔

اور "جلاء العیون" ہی میں مجلسی نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں لکھا ہے کہ۔

ہیچ عاقل را مجال آں نیست کہ شک کند در کفر عمر۔ پس لعنت خدا و رسول بر ایشاں باد و بر ہر کہ ایشاں را مسلمان داند و ہر کہ در لعن ایشاں توقف نماید (جلاء العیون ص ۴۵)

کسی صاحب عقل کیلئے اس کی مجال اور گنجائش نہیں ہے کہ عمر کے کافر ہونے میں شک کرے پس خدا اور رسول کی لعنت ہو عمر پر اور ہر اس شخص پر جو اس کو مسلمان جانے۔ اور ہر اس آدمی پر جو اس پر لعنت کرنے میں توقف کرے (یعنی لعنت کرنے سے زبان کو روکے)۔

ملا باقر مجلسی کی تصانیف جلاء العیون۔ حق الیقین۔ زاد المعاد۔ حیات القلوب وغیرہ سے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے متعلق اس طرح کی انتہائی زہریلی اور اشتعال انگیز روایتیں اور عبارتیں بلا مبالغہ سیکڑوں کی تعداد میں نقل کی جا سکتی ہیں۔ لیکن غیر ضروری طوالت ہوگی۔ اس لئے "حق الیقین" سے صرف ایک روایت اور نقل کی جاتی ہے جو مجلسی نے شیخ مفید کی کتاب "اختصاص" کے حوالہ سے شیعوں کے چھٹے امام معصوم جعفر صادق کی روایت سے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بیان کی حیثیت سے نقل کی ہے ـــــ واضح رہے کہ شیعوں کے نزدیک شیخ مفید کا مقام یہ ہے کہ ان کے بارہویں امام غائب (امام مہدی) غار میں روپوش ہو جانے اور غیبت صغریٰ کا دور ختم ہو جانے کے بعد بھی شیخ مفید کو خطوط لکھتے تھے جو کسی غیبی نامعلوم طریقے سے ان کو مل جاتے تھے۔ شیعوں کی معتبر کتاب "احتجاج طبرسی" میں ان کے نام امام غائب کے وہ خطوط موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ امام غائب کے خاص معتمدین میں سے تھے [1] اس لئے یہ سمجھنا غلط

---

[1] امام غائب اور ان کے خطوط کے بارے میں یہ جو کچھ تحریر کیا گیا ہے۔ شیعوں کے عقیدہ کی بنیاد پر لکھا گیا ہے ہمارے نزدیک تو امام غائب کی شخصیت ہی ایک فرضی شخصیت ہے۔ اس کے لئے راقم سطور کی کتاب (باقی اگلے صفحہ پر)

نہ ہوگا کہ یہ روایت شیعوں کی معتبر ترین روایتوں میں سے ہے۔ اسی لئے اس کی طوالت اور اس کے مضمون کی انتہائی خباثت اور دل آزاری کے باوجود دل پر جبر کرکے اس پوری روایت کو ذیل میں درج کیا جا رہا ہے۔ (نقل کفر کفر نباشد) ملا باقر مجلسی لکھتا ہے کہ۔

شیخ مفید در کتاب اختصاص از حضرت صادق علیہ السلام روایت کردہ است کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرمود کہ روزے بیرون رفتم از پشت کوفہ و قنبر در پیش روئے من راہ می رفت، ناگاہ ابلیس پیدا شد۔ گفتم من کہ عجیب پیر گمراہ شقی ہستی تو۔ گفت چرا ایں را می گوئی یا امیر المومنینؑ۔ بخدا سوگند تر احد یے نقل کنم از خود و از خداوند عزوجل و در مابین ما نا لئے نہ بود۔ بدرستیکہ چوں مرا بزمین فرستاد خدا بہ سبب آں خطائے کہ کردم۔ چوں بآسمانے چہارم رسیدم۔ ندا کردم کہ الٰہی و سیدی گماں نہ دارم کہ از من شقی تر خلقے آفریدہ باشی حق تعالیٰ وحی فرمود سوئے من کہ بلکہ آفریدہ ام خلقے را کہ از تو شقی تر است۔ برو بہ سوئے خازن جہنم تا صورت او را و جائے او را بہ تو

شیخ مفید نے "کتاب اختصاص" میں حضرت جعفر صادق سے روایت کیا ہے کہ امیر المومنین (حضرت علی) علیہ السلام نے بیان فرمایا کہ ایک دن میں شہر کوفہ کے پیچھے باہر گیا۔ اور قنبر (خادم و غلام) میرے آگے جا رہا تھا۔ کہ اچانک ابلیس میرے سامنے آگیا، میں نے اس سے کہا کہ عجیب گمراہ بدبخت ہے تو!۔ اس نے کہا اے امیر المومنین آپ یہ بات کیوں کہتے ہیں۔ خدا کی قسم کھا کے میں آپ کو ایک بات سناتا ہوں، جو میرے اور خداوند عزوجل کے درمیان ہوئی۔ اور ہمارے درمیان کوئی تیسرا نہ تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ جب اللہ نے مجھے میری اس خطا کی بنا پر جو میں نے کی تھی آسمان سے زمین پر بھیج دیا۔ تو جب میں چوتھے آسمان پر پہونچا۔ تو میں نے خداوند عزوجل سے عرض کیا کہ اے میرے خدا اور میرے مالک و آقا، میں گمان نہیں کرتا کہ تو نے مجھ سے زیادہ شقی اور بدبخت کوئی مخلوق پیدا کی ہوگی

بقیہ حاشیہ ۱ "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" کا مطالعہ کیا جائے ص ۱۶۸ تا ۱۷۶ ——

شیخ مفید کے نام امام غائب کے جن خطوط کا یہاں حوالہ دیا گیا ہے وہ احتجاج طبرسی طبع نجف اشرف جلد دوم کے صفحہ ۳۲۲ تا ۳۲۵ میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ شیعی دنیا میں ان کے ائمہ معصومین کے بعد شاید شیخ مفید ہی کا درجہ اور مرتبہ ہے۔

بہ نماید ۔ رفتم بسوئے مالک ۔ وگفتم
خداوند ترا سلام میرساند ۔ وی فرماید کہ بمن
بنمائے کے راکہ از من شقی تراست مالک مرا برد بہ
سوئے جہنم و سرپوش بالائے جہنم را برداشت ۔
آتشے سیاہ بیروں آمد کہ گماں کردم کہ مرا
و مالک را خواہد خورد ۔ مالک بآں گفت کہ ساکن
شو ۔ ساکن شد ۔ پس مرا برد بہ طبقہ دوم
آتشے بیروں آمد ازاں سیاہ تر و گرم تر
پس گفت ساکن شو ۔ ساکن شد و ہم چنیں کہ
بہر مرتبہ اے کہ میبرد از مرتبہ سابق تیرہ تر و
گرم تر بود تا بہ طبقہ ہفتم برد ۔ آتشے ازاں
بیروں آمد کہ گماں کردم کہ مرا و مالک را و
جمیع آنچہ خدا آفریدہ است خواہد سوخت، پس
دست بدیدہ ہائے خود گزاشتم و گفتم ۔
اے مالک امر کن او را کہ سرد و ساکن شود ۔ والا
می میرم مالک گفت ۔ تو نخواہی مرد تا وقت
معلوم ۔ پس صورت دوم دروا دیدم کہ در
گردن ایشاں زنجیر ہائے آتش بود و ایشاں
را بجانب بالا آویختہ بودند ۔ و بر سر آنہا
گروہے ایستادہ بودند ۔ و گرزہائے آتش
در دست داشتند و بر ایشاں می زدند ۔
گفتم مالک اینہا کیستند ؟ گفت مگر نہ خواندی
آنچہ در ساق عرش نوشتہ بود ۔ و من دیدہ
بودم کہ خدا بر ساق عرش دو ہزار سال پیش
از انکہ دنیا را یا آدم را خلق کند نوشتہ بود

تو اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی کہ میں نے
ایسی مخلوق پیدا کی ہے جو تجھ سے بھی زیادہ شقی
اور بدبخت ہے تو جہنم کے داروغہ کے پاس جا تاکہ
وہ تجھ کو اس مخلوق کی صورت اور اس کی جگہ دکھلا
دے تو میں جہنم کے داروغہ کے پاس گیا، اور میں
نے اس سے کہا کہ خداوند عزوجل تجھ کو سلام کہتا
ہے اور حکم دیتا ہے کہ مجھے اس آدمی کو دکھلا
دے ۔ جو تجھ سے بھی زیادہ شقی اور بدبخت ہے
تو مجھے وہ جہنم کی طرف لے گیا اور جہنم کے اوپر جو
سرپوش تھا ۔ وہ اس نے اٹھایا ۔ اس میں سے سیاہ
رنگ کی ایسی آگ باہر نکلی کہ میں نے گمان کیا کہ یہ
آگ مجھے اور داروغہ جہنم کو بھی کھا جائے گی
داروغہ جہنم نے اس سے کہا کہ ساکن ہو جا ۔ تو وہ
ساکن ہو گئی ۔ پھر وہ مجھے جہنم کے دوسرے
طبقہ میں لے گیا ۔ تو اس میں سے ایسی آگ نکلی جو
پہلی والی آگ سے بھی زیادہ سیاہ اور گرم تھی ۔ تو
داروغہ جہنم نے اس آگ سے کہا کہ ساکن ہو جا
تو وہ ساکن ہو گئی ۔ اسی طرح داروغہ جہنم جس
طبقے میں مجھے لے جاتا اس میں سے ایسی آگ
نکلتی جو اس سے پہلے سب طبقوں کی آگ سے
زیادہ تیرہ و تار اور زیادہ گرم ہوتی، یہاں تک
کہ وہ مجھے جہنم کے ساتویں طبقہ میں لے گیا ۔ اس
میں سے ایسی آگ نکلی کہ میں نے گمان کیا کہ یہ
آگ مجھے اور داروغہ جہنم کو بھی اور اللہ کی پیدا
کی ہوئی تمام مخلوقات کو کھا کے بھسم کر دیتی

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ایدتہ ونصرتہ بعلی
اینہا دو دشمن ایشاں و دوستم کنندہ
بر ایشانند یعنی ابوبکر و عمر۔
(حق الیقین ص ۵۰۹ و ۵۱۰)

تو میں نے اس آگ کی دہشت اور خوف سے اپنے ہاتھ آنکھوں پر رکھ لئے اور اس طرح آنکھیں بند کرلیں۔ اور میں نے داروغہ جہنم سے کہا کہ اس آگ کو حکم دو کہ یہ ٹھنڈی اور ساکن ہو جائے۔ ورنہ میں مر جاؤں گا۔ داروغہ جہنم نے کہا تو ہرگز اس وقت تک نہیں مرے گا۔ جبتک وہ وقت نہ آجائے جو تیری موت کے لئے خدا کی طرف سے مقرر اور اس کے علم میں ہے (آگے ابلیس بیان کرتا ہے کہ) میں نے جہنم کے اس ساتویں طبقہ میں دو آدمیوں کو دیکھا کہ انکی گردنوں میں آگ کی زنجیریں ہیں۔ اور ان کو اوپر کی جانب لٹکا دیا گیا ہے، اور ان کے سر پر دو گروہ کھڑے ہیں۔ اور آگ کے گرز ان کے ہاتھوں میں ہیں اور وہ ان دونوں آدمیوں پر آگ کے وہ گرز مارتے ہیں، میں نے کہا کہ اے داروغہ جہنم یہ دونوں کون ہیں؟ اس نے کہا کہ تو نے وہ نہیں پڑھا جو عرش کے پایہ پر لکھا ہوا تھا (ابلیس کہتا ہے کہ) میں نے دیکھا تھا کہ خدا نے دنیا کے یا آدم کے پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے لکھدیا تھا کہ "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ایدتہ ونصرتہ بعلی" (کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا۔ اور محمد اللہ کے رسول ہیں میں نے محمد کی مدد علی کے ذریعہ کی اور قوت بخشی) یہ دونوں آدمی (جن کے گلے میں آتشی زنجیریں ہیں، اور جن پر آگ کے گرزوں کی مار پڑ رہی ہے) یہ دونوں علی کے دشمن اور ان پر ظلم وستم کرنے والے ہیں۔ یعنی یہ ابوبکر اور عمر ہیں۔

راقم سطور ناظرین کرام سے معذرت خواہ ہے کہ حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے متعلق ایسی خبیث و دلآزار عبارتیں اور روایتیں ان کے سامنے پیش کیں۔ جن کا مطالعہ یقیناً انتہائی تکلیف کا باعث ہوگا۔ خود راقم سطور نے کتابوں میں ان کا مطالعہ انتہائی قلبی اذیت کے ساتھ کیا تھا اور شدید کراہت کے ساتھ ان کو اپنے قلم سے لکھا ہے۔ صرف اس لئے کہ شیعہ مذہب کی حقیقت اور اثنا عشریہ کا عقیدہ و مسلک صحیح طور پر سامنے آجائے اور کسی شک شبہ کی گنجائش نہ رہے۔

اور واقعہ یہ ہے کہ جو کچھ اس سلسلہ میں یہاں پیش کیا گیا ہے۔ وہ محض "مشتے نمونہ از خروارے" ہے اس سلسلہ کی اسی طرح کی چند اور انتہائی دل آزار اور خبیث روایتیں راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" میں صفحہ ۱۹۵ سے صفحہ ۲۱۹ تک دیکھی جا سکتی ہیں۔ جو مجلسی کی تصانیف ہی سے نقل کی گئی ہیں۔ جو بلا شبہ شیعہ مذہب کا ترجمان اعظم ہے۔ اور جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے خمینی صاحب نے جس کی فارسی تصانیف کے مطالعہ کا شیعوں کو اپنی تصنیف "کشف الاسرار" میں مشورہ دیا ہے۔ اور ان پر اپنا اعتماد ظاہر کیا ہے (کشف الاسرار ص ۱۲۱) مجلسی کے بارہ میں پاکستان کے ایک بلند پایہ شیعہ مجتہد کا بیان بھی آگے درج کیا جائے گا۔

اس سلسلہ میں خمینی صاحب کے فرمودات بھی ملاحظہ ہوں

روح اللہ خمینی صاحب (جو شیعہ عالم اور مجتہد ہونے کے ساتھ اپنے نظریہ "ولایۃ الفقیہ" کے مطابق امام غائب معصوم (امام مہدی) کے گویا قائم مقام بھی ہیں ہمارے اس دور میں شیعہ مذہب کے سب سے بڑے نمائندے سمجھے جاتے ہیں۔ انھوں نے بھی حضرات شیخین اور ان کے تمام رفقاء سابقین اولین صحابہ کرام کے بارہ میں تقیہ کی لاگ لپیٹ کے بغیر صفائی سے وہی عقیدہ ظاہر کیا ہے جو کلینی اور مجلسی کی نقل کی ہوئی شیعوں کے ائمہ معصومین کی مذکورہ بالا روایات سے معلوم ہوا ہے۔ خمینی صاحب نے اپنی معرکۃ الآرا فارسی تصنیف "کشف الاسرار" میں ص ۱۱۲ سے ۱۲۰ تک اس موضوع پر بہت طویل اور مفصل کلام کیا ہے۔ راقم سطور نے اپنی کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" میں ان کی فارسی عبارتیں نقل کی ہیں۔ اور ان کی بقدر ضرورت وضاحت کی ہے اور آخر میں ان عبارتوں کا حاصل چند نمبروں میں لکھا ہے۔ طوالت سے بچنے کے لئے یہاں صرف اسی کو نقل کر دینا کافی سمجھا ہے۔ خمینی صاحب کی اصل عبارتیں انکی کتاب "کشف الاسرار" میں یا راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت میں (ص ۲۱۵ سے ۲۱۹ تک) دیکھی جا سکتی ہیں

حضرات شیخین اور عام صحابہ کرام کے بارے میں خمینی صاحب کے فرمودات کا حاصل

۱۔ شیخین ابوبکرؓ عمرؓ اور ان کے رفقا عثمانؓ، ابو عبیدہ وغیرہ دل سے ایمان ہی نہیں لائے تھے۔ صرف حکومت اور اقتدار کی طمع اور ہوس میں انھوں نے بہ ظاہر اسلام قبول کر لیا تھا اور اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنے کو چپکا رکھا تھا۔ (یہ چپکا رکھنا خود خمینی صاحب کی تعبیر ہے۔ ان کے الفاظ ہیں "آنہا نیکہ سالہا در طمع ریاست خود را بدین پیغمبر چسپانیدہ بودند") ——— کشف الاسرار ص ۱۱۳

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حکومت و اقتدار حاصل کرنے کا ان کا جو منصوبہ تھا اس کے لئے وہ ابتدا ہی سے سازش کرتے رہے۔ اور انھوں نے اپنے ہم خیالوں کی ایک طاقتور پارٹی بنالی تھی۔ ان سب کا اصل مقصد اور مطمح نظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حکومت پر قبضہ کر لینا ہی تھا۔ اس کے سوا اسلام سے اور قرآن سے ان کا کوئی سروکار نہیں تھا (کشف الاسرار ص ۱۱۳-۱۱۴)

۳۔ اگر بالفرض قرآن میں صراحت کیساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امامت و خلافت کے لئے حضرت علیؓ کی نامزدگی کا ذکر بھی کر دیا جاتا تب بھی یہ لوگ ان آیات قرآنی اور خداوندی فرمان کی وجہ سے اپنے اس مقصد اور منصوبہ سے دست بردار ہونے والے نہیں تھے جس کے لئے انھوں نے اپنے کو اسلام سے اور رسول اللہؐ سے چپکا رکھا تھا۔ اس مقصد کے لئے جو حیلے اور جو داؤ پیچ ان کو کرنے پڑتے وہ سب کرتے۔ اور فرمان خداوندی کی پرواہ نہ کرتے (کشف الاسرار ص ۱۱۳)

۴۔ قرآنی احکام اور خداوندی فرمان کے خلاف کرنا ان کے لئے معمولی بات تھی۔ انھوں نے بہت سے قرآنی احکام کی مخالفت کی اور خداوندی فرمان کی کوئی پرواہ نہیں کی۔ اس سلسلہ میں خمینی صاحب نے "مخالفتہائے ابوبکر بانص قرآنی" اور "مخالفتہائے عمر با قرآن" کے عنوانات قائم کر کے (اپنے خیال کے مطابق) ان کی مخالفت قرآن کی مثالیں بھی دی ہیں۔

کشف الاسرار ص ۱۱۵ و ۱۱۹

۵۔ اگر وہ اپنا مقصد (حکومت و اقتدار) حاصل کرنے کے لئے قرآن سے ان آیات کا نکال دینا ضروری سمجھتے (جن میں امامت کے منصب پر حضرت علی کی نامزدگی کا ذکر کیا گیا ہوتا) تو وہ ان آیتوں ہی کو قرآن سے نکال دیتے۔ وہ آیتیں ہمیشہ کے لئے قرآن سے غائب ہو جاتیں۔ اور وہ توریت و انجیل ہی کی طرح محرف ہو جاتا۔ (کشف الاسرار ص ۱۱۴)

۶۔ اگر وہ ان آیات کو قرآن سے نہ نکالتے، تب وہ یہ کر سکتے تھے اور یہی کرتے کہ ایک حدیث اس مضمون کی گھڑ کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی طرف منسوب کر کے لوگوں کو سنا دیتے کہ آخری وقت میں آپؐ نے فرمایا تھا کہ امام و خلیفہ کے انتخاب کا مسئلہ شوریٰ سے طے ہوگا اور علی جن کو امامت کے منصب کے لئے نامزد کیا گیا تھا۔ اور قرآن میں بھی اس کا ذکر کر دیا گیا تھا ان کو منصب سے معزول کر دیا گیا۔ (کشف الاسرار ص ۱۱۴)

۷۔ اور یہ بھی ہو سکتا تھا کہ عمر ان آیات کے بارے میں کہہ دیتے کہ یا تو خود خدا سے ان آیتوں کے نازل کرنے میں۔ یا جبریل یا رسول خدا سے ان کے پہنچانے میں اشتباہ ہو گیا۔ یعنی غلطی اور چوک ہو گئی ——— (کشف الاسرار ص ۱۱۹ - ۱۲۰)

۸۔ خمینی صاحب نے (حدیث قرطاس کا ذکر کرتے ہوئے) بڑے دردناک نوحہ کے انداز میں (حضرت عمر کے بارے میں) لکھا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے آخری وقت میں اس نے آپ کی شان میں ایسی گستاخی کی جس سے روح پاک کو انتہائی صدمہ پہنچا۔ اور آپؐ دل پر اس صدمہ کا داغ لے کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ اس موقع پر خمینی صاحب نے صراحت کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ عمر کا یہ گستاخانہ کلمہ دراصل اس کے باطن اور اندر کے کفر و زندقہ کا ظہور تھا۔ اس موقع پر خمینی صاحب کے الفاظ یہ ہیں۔

"این کلام یا وہ کہ از اصل کفر و زندقہ ظاہر شدہ" (کشف الاسرار ص ۱۱۹)

۹۔ اگر یہ شیخین اور ان کی پارٹی والے) دیکھتے کہ قرآن کی ان آیات کی وجہ سے (جن میں امامت کے لئے حضرت علی کی نامزدگی کی گئی ہوتی) اسلام سے وابستہ رہتے ہوئے ہم حصول حکومت کے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے اسلام کو ترک کر کے اور اس سے کٹ کر ہی یہ مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔ تو یہ ایسا ہی کرتے اور (ابوجہل اور ابولہب کا موقف اختیار کر کے اپنی پارٹی کے ساتھ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صف آرا ہو جاتے۔

(کشف الاسرار ص ۱۱۴)

۱۰ ۔ عام صحابہ کا حال یہ تھا کہ یا تو وہ ان کی (شیخین کی) خاص پارٹی میں شریک و شامل، ان کے رفیق کار اور حکومت طلبی کے مقصد میں ان کے پورے ہم نوا تھے۔ یا پھر وہ تھے جو ان لوگوں سے ڈرتے تھے۔ اور ان کے خلاف ایک حرف زبان سے نکالنے کی ان میں جرأت وہمت نہیں تھی (کشف الاسرار ص ۱۱۹ - ۱۲۰)

خمینی صاحب کے بیانات جو ان کی کتاب "کشف الاسرار"[1] کے حوالہ سے سطور بالا میں آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ ان کے سامنے آجانے کے بعد اس میں شک شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ حضرات شیخین اور ان کے خاص رفقاء سابقین اولین صحابہ کرام کے بارہ میں ان کا عقیدہ بھی وہی ہے جو کلینی اور مجلسی کی نقل کی ہوئی روایات سے معلوم ہوا تھا۔ کہ یہ سب (معاذ اللہ) کافر و منافق ایمان سے قطعی محروم خالص دنیا پرست تھے۔ صرف حکومت اور اقتدار کی طمع میں انھوں نے منافقانہ طور پر صرف زبان سے اسلام قبول کر لیا تھا۔ باطن میں وہ اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن تھے۔ استغفر اللہ ثم استغفر اللہ

---

[1] خمینی صاحب کی یہ تصنیف کشف الاسرار" فارسی میں قریباً ساڑھے تین سو صفحات کی کتاب ہے یہ پہلی دفعہ ایران میں ۱۳۶۲ھ میں طبع ہو کر شائع ہوئی تھی۔ اس کے بعد بھی برابر شائع ہوتی رہی خمینی صاحب کے برپا کئے ہوئے انقلاب کے بعد کے طبع شدہ ایڈیشن کا نسخہ بھی خود راقم سطور نے دیکھا ہے ـــــ اپنی کتاب "ایرانی انقلاب خمینی اور شیعیت" میں بنگلہ دیش کے ایک صاحب کی اطلاع کی بنیاد پر راقم سطور نے لکھا تھا کہ "یہ کتاب نایاب ہے یا نایاب کر دی گئی ہے" ـــــ بعد میں تحقیق سے معلوم ہوا کہ یہ اطلاع غلط تھی خمینی صاحب کی یہ کتاب ایران میں برابر چھپتی اور بازاروں میں فروخت ہوتی رہی ہے اب بھی ملتی ہے۔

عقیدہ تحریف قرآن

شیعہ اثنا عشریہ کی بنیادی اور مسلمہ کتابوں کے مطالعہ سے یہ حقیقت بھی ایسے یقین کے ساتھ آنکھوں کے سامنے آئی جس میں کسی شک شبہ کی گنجائش نہیں کہ اثنا عشریہ کا عقیدہ ہے کہ موجودہ قرآن محرف ہے، اس میں اسی طرح تحریف ہوئی ہے، جیسی اگلی آسمانی کتابوں، تورات، انجیل وغیرہ میں ہوئی تھی وہ بعینہٖ وہ "کتاب اللہ" نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل فرمائی گئی تھی۔ اثنا عشریہ کی حدیث کی ان کتابوں میں جن میں ان کے ائمہ معصومین کی روایات جمع کی گئی ہیں (جن پر مذہب شیعہ کا دارومدار ہے) خود ان کے اکابر محدثین ومجتہدین کے بیان کے مطابق دو ہزار سے زیادہ ائمہ معصومین کی وہ روایات ہیں جن سے قرآن کا محرف ہونا ثابت ہوتا ہے، اور ان کے ان علماء ومجتہدین نے جو اثنا عشری مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں، اپنی کتابوں میں اعتراف کیا ہے کہ یہ روایات متواتر ہیں، اور تحریف قرآن پر ان کی دلالت صاف اور صریح ہے، جس میں کوئی ابہام و اشتباہ نہیں ہے اور یہ کہ یہی ہمارا عقیدہ ہے۔ اسی مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ تیسری صدی ہجری کے آخر بلکہ چوتھی صدی کے قریباً نصف تک پوری شیعی دنیا کا یہی عقیدہ رہا۔ اس صدی کے قریباً وسط میں سب سے پہلے صدوق ابن بابویہ قمی (متوفی ۳۸۱ھ) نے اور اس کے بعد پانچویں صدی میں شریف مرتضیٰ (متوفی ۴۳۶ھ) اور شیخ ابو جعفر طوسی (متوفی ۴۶۰ھ) نے اور چھٹی صدی ہجری میں ابو جعفر طبرسی مصنف تفسیر "مجمع البیان" (متوفی ۵۴۸ھ) نے اپنا یہ عقیدہ ظاہر کیا کہ وہ قرآن کو عام مسلمانوں کی طرح محفوظ اور غیر محرف مانتے ہیں لیکن شیعی دنیا نے ان کی اس بات کو قبول نہیں کیا بلکہ ائمہ معصومین کی متواتر اور صریح روایات کے خلاف ہونے کی وجہ سے رد کر دیا۔ مختلف زمانوں میں شیعوں کے اکابر و اعاظم علماء مجتہدین نے قرآن کے محرف ہونے کے موضوع پر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ اس سلسلہ کی سب سے اہم کتاب جو مطالعہ میں آئی۔ وہ شیعوں کے ایک بڑے مجتہد اور خاتم المحدثین علامہ حسین محمد تقی نوری طبرسی کی کتاب ہے جس کا نام ہے "فصل الخطاب فی اثبات تحریف کتاب رب الارباب" یہ عربی زبان میں باریک قلم سے لکھی ہوئی قریباً چار سو صفحات کی کتاب ہے اس کے مصنف نے یہ ثابت کرنے کے لئے کہ قرآن میں ہر طرح کی تحریف ہوئی ہے۔ دلائل کے انبار لگا دیئے ہیں، اس کے علاوہ ان کتابوں کی طویل فہرست دی ہے جو مختلف زمانوں میں شیعہ اثنا عشریہ کے اکابر علماء ومجتہدین نے موجودہ قرآن کو محرف ثابت کرنے کے لئے لکھی ہیں۔ اس کے مطالعہ کے بعد اس میں شک نہیں رہتا۔ کہ اثنا عشریہ کا عقیدہ قرآن پاک کے بارے میں یہی ہے کہ اس میں

تحریف ہوئی ہے، اور ہر طرح کی تحریف ہوئی ہے اور اثنا عشری فرقہ کے جن لوگوں نے خاص کر جن علماء و مصنفین نے تحریف کے عقیدہ سے انکار کیا ہے۔ اس کی سمجھ میں آنے والی کوئی توجیہ اس کے سوا نہیں کی جا سکتی کہ انھوں نے یہ انکار کچھ مصلحتوں کے تقاضے سے کیا ہے یعنی تقیہ کیا ہے (یہ بات خود شیعوں کے اکابر علماء و مجتہدین نے لکھی ہے۔ جیسا کہ آگے معلوم ہو جائے گا)

یہ کتاب مصنف نے تیرہویں صدی کے آخر میں اس وقت لکھی تھی جب شیعہ اثنا عشریہ کے بہت سے علماء نے ازراہ مصلحت بھی قرآن پاک میں تحریف کے اپنے عقیدہ سے انکار کی پالیسی اختیار کر لی تھی علامہ حسین محمد تقی نوری طبرسی نے اس کو ائمہ معصومین اور اثنا عشری مذہب سے انحراف سمجھا، اور اس کی تردید ضروری سمجھی۔ اور یہ کتاب لکھی۔ یہ کتاب مصنف کی زندگی ہی میں ایران میں طبع ہوئی تھی، اسی کا عکس لیکر حال ہی میں پاکستان میں اس کو طبع کر دیا گیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کتاب نے کسی شیعہ کے لئے تحریف کے عقیدہ سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔ اس کے چند اقتباسات بھی انشاء اللہ آئندہ صفحات میں پیش کئے جائیں گے۔ پہلے اثنا عشریہ کی حدیث کی معتبر ترین کتابوں سے ان کے ائمہ معصومین کے چند ارشادات پیش کئے جاتے ہیں، جن میں صراحت کے ساتھ قرآن پاک میں تحریف اور تغیر و تبدیل کا ذکر کیا گیا ہے۔

قرآن میں تحریف کے بارے میں "ائمہ معصومین" کے ارشادات

(۱) سورۂ بقرہ کے شروع ہی میں آیت ۲۳ ہے۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۔ اس آیت کے بارے میں شیعوں کی اصح الکتب "اصول کافی" میں ان کے پانچویں "امام معصوم" امام باقر کا یہ ارشاد روایت کیا گیا ہے۔

نزل جبرئیل بھذہ الایۃ علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ھکذا وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فی علیؑ فاتوا بسورۃ من مثلہ۔ (اصول کافی ص ۲۶۲)

جبریل امین یہ آیت اس طرح لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوئے تھے۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فِيْ عَلِيٍّ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۔

مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جن لوگوں نے موجودہ قرآن کو مرتب کیا یا کرایا۔ (یعنی حضرات خلفائے ثلاثہؓ) انھوں نے اس آیت میں سے "فی علیؑ" کے الفاظ نکال دیئے۔

(۲) سورۂ طٰہٰ کی آیت ۱۱۵ اس طرح ہے "وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَىٰ آدَمَ مِن قَبْلُ فَنَسِيَ ....
اصول کافی میں روایت ہے کہ اثنا عشریہ کے چھٹے "امام معصوم" جعفر صادق نے قسم کھا کے فرمایا، کہ خدا کی قسم یہ آیت اس طرح نازل ہوئی تھی۔

ولقد عهدنا الى ادم من قبل كلمات فى محمد وعلى وفاطمة والحسن والحسين والائمة من ذريتهم فنسى .... هكذا والله انزلت على محمد صلى الله عليه واله ۔ (اصول کافی ص ۲۶۳)

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے پورا خط کشیدہ حصہ نکال دیا گیا ہے۔

(۳) سورۂ احزاب کے آخری رکوع میں آیت ہے "وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا" اصول کافی ہی میں روایت ہے کہ امام جعفر صادق نے فرمایا کہ یہ آیت اس طرح نازل ہوئی تھی۔ ومن يطع الله ورسوله فى ولاية على والائمة من بعده فقد فاز فوزا عظيما
مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے فی علی والائمۃ من بعدہٖ کے الفاظ نکال دیے گئے۔
(اصول کافی ص ۲۶۲)

(۴) موجودہ قرآن پاک میں سورۂ نساء کی آیت ۱۷۰ اس طرح ہے "يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا" اصول کافی میں ہے کہ اس آیت کے بارے میں امام باقر نے ارشاد فرمایا۔

نزل جبرئيل بهذه الاية هكذا ..... يا ايها الناس قد جاءكم الرسول بالحق من ربكم فى ولاية علىؑ فامنوا خيرا لكم وان تكفروا بولاية علىؑ فان لله ما فى السموات وما فى الارض۔ (اصول کافی ۲۹۰)

امام باقر کے اس ارشاد کا واضح مطلب یہ ہے کہ اس آیت میں "فی ولایۃ علیؑ اور بولایۃ علیؑ" کے الفاظ تھے اور اس طرح اس میں امیر المومنین علی کی ولایت و امامت پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا تھا۔ اور اس کے انکار کو کفر قرار دیا گیا تھا۔ لیکن موجودہ قرآن کو مرتب کرکے امت کے سامنے پیش کرنے والوں (خلفائے ثلاثہ) نے آیت میں سے یہ الفاظ نکال دیے۔

اثنا عشریہ کی اسی اصح الکتب" اصول کافی" سے اسطرح کی روایتیں بڑی تعداد میں پیش کی جاسکتی ہیں۔ جن میں ان کے ائمہ معصومین نے قرآنی آیات میں اس طرح کی تحریف اور قطع و برید کا قسمیں کھا کھا کر دعویٰ فرمایا ہے۔ یہاں اس سلسلہ کی صرف ایک ہی روایت اور ملاحظہ فرمالی جائے؛

عن هشام بن سالم عن ابی عبد الله علیه السلام قال ان القرآن الذی جاء به جبرئیل علیه السلام الی محمد صلی الله علیه وآله سبعة عشر الف آیة (اصول کافی ۶۰۱)

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ قرآن جو جبرئیل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ پر لے کر نازل ہوئے تھے۔ اس میں سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) آیتیں تھیں۔

موجودہ قرآن پاک میں خود شیعہ مصنفین کے لکھنے کے مطابق کل آیات چھ ہزار سے کچھ ہی اوپر ہیں (سات چھ ہزار کبھی نہیں ہیں) لیکن امام جعفر صادق کا ارشاد ہے کہ اصلی قرآن جو جبرئیل علیہ السلام لے کر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوئے تھے اس میں سترہ ہزار آیتیں تھیں۔ مطلب یہ ہوا کہ موجودہ قرآن کو مرتب کر کے امت کے سامنے پیش کرنے والوں نے دو تہائی کے قریب قرآن غائب کر دیا۔ اصول کافی کے شارح علامہ قزوینی نے اس روایت کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے

مراد اینست کہ بسیارے ازاں قرآن ساقط شدہ۔ و در مصاحف مشہورہ نیست (صافی شرح اصول کافی جز ششم ص۵ طبع لکھنؤ)

امام جعفر صادق کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اصل قرآن میں سے بہت سا حصہ ساقط اور غائب کر دیا گیا۔ اور وہ موجودہ قرآن کے مشہور نسخوں میں نہیں ہے۔

اصول کافی کی یہ صرف پانچ روایتیں نمونے کے طور پر پیش کی گئی ہیں۔ ورنہ اسی کتاب سے اس طرح کی روایتیں بڑی تعداد میں پیش کی جا سکتی ہیں ــــ اب آپ حضرات کی خدمت میں اثنا عشریہ کی بعض دوسری معتبر کتابوں سے بھی ان کے ائمہ معصومین کے چند ارشادات پیش کئے جاتے ہیں جن میں قرآن میں تحریف اور قطع برید کی بات صفائی اور صراحت سے فرمائی گئی ہے۔

"تفسیر عیاشی" شیعوں کی قدیم مستند ترین تفسیر ہے۔ اس کے حوالہ سے "تفسیر صافی" میں امام باقر کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے۔

لولا انه زید فی القرآن ونقص ما خفی حقنا علی ذی حجی (تفسیر صافی جلد اول ص۱۰ طبع ایران)

اگر قرآن میں زیادتی اور کمی نہ کی گئی ہوتی تو کسی عقل رکھنے والے پر ہم ائمہ کا حق پوشیدہ نہ رہتا۔

اور اسی صفحہ پر "تفسیر عیاشی" کے حوالہ سے امام جعفر صادق کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے۔

لو قرء القرآن کما انزل لالفیتنا فیه مسمین (تفسیر صافی جلد اول ص۱۰)

اگر قرآن اسی طرح پڑھا جاتا۔ جیسا کہ وہ نازل ہوا تھا۔ تو تم اس میں ہم ائمہ کا تذکرہ نام بنام پاتے

پانچویں صدی ہجری کے ایک جلیل القدر شیعہ محدث و فقیہ احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی کی کتاب

"الاحتجاج" بھی مذہب شیعہ کی خاص معتمد اور معتبر کتابوں میں سے ہے۔ اس میں روایت ہے کہ ایک زندیق نے قرآن پاک پر اپنے چند اعتراضات امیر المومنین علی علیہ السلام کے سامنے پیش کئے، آپ نے ان سب کے جوابات دیئے۔ ان میں اس زندیق کا ایک اعتراض یہ بھی تھا کہ سورۂ نساء کی آیت ۳ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَآءِ..... الآیۃ نحوی قاعدہ سے جملہ شرطیہ ہے۔ لیکن شرط و جزا میں جو جوڑ اور ربط ہونا چاہیئے وہ اس آیت میں بالکل نہیں ہے امیر علیہ السلام نے اس کے جواب میں فرمایا۔

هو مما قدمت ذكره من اسقاط المنافقين من القرآن. وبين القول في اليتامى وبين نكاح النساء من الخطاب والقصص اكثر من ثلث القرآن۔

(احتجاج طبرسی جلد اول ص ۲۷۰ طبع نجف اشرف)

یہ اسی قبیل سے ہے جسکا میں پہلے ذکر کر چکا ہوں کہ منافقین نے قرآن میں سے بہت کچھ ساقط کر دیا ہے اور اس آیت میں (یہ تصرف ہوا ہے کہ) "ان خفتم الا تقسطوا فی الیتامی" اور "فانکحوا ما طاب لکم من النساء" کے درمیان ایک تہائی سے زیادہ قرآن تھا، جس میں خطاب تھا اور قصص تھے (منافقین نے وہ سب ساقط اور غائب کر دیا)

"احتجاج طبرسی" کی اسی روایت میں ہے کہ اس زندیق کے بعض دوسرے اعتراضات کے جواب میں بھی امیر علیہ السلام نے یہی تحریف والی بات فرمائی لیکن ان سب کا نقل کرنا غیر ضروری ہے۔

تحریف سے متعلق "ائمہ معصومین" کی روایات کے اس سلسلہ کو اسی پر ختم کیا جاتا ہے۔ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ اثنا عشریہ کے اکابر محدثین و مجتہدین کے بیان کے مطابق ان کی حدیث کی کتابوں میں دو ہزار سے زیادہ ائمہ معصومین کی روایات ہیں جو بتلاتی ہیں کہ قرآن میں تحریف ہوئی ہے اور ہر طرح کی ہوئی ہے۔

اب اس مسئلہ سے متعلق چند ان اکابر علمائے شیعہ کے بیانات پیش کئے جاتے ہیں۔ جو شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ شیعوں کے عظیم المرتبت محدث و فقیہ سید نعمت اللہ الموسوی الجزائری نے اپنی کتاب "الانوار النعمانیہ" میں اس مسئلہ پر کسی قدر تفصیل سے کلام کیا ہے اور صفائی اور صراحت کے ساتھ اور مدلل طور پر بتلایا ہے کہ موجودہ قرآن کے بارہ میں اثنا عشریہ کا کیا عقیدہ ہے۔

قرآن مجید کی قراءات سبعہ (وہ سات قرأتیں) جو شیعوں کے علاوہ ساری امت مسلمہ کے

نزدیک متواتر ہیں۔ اور ان کا یہ تواتر ہی مسلمانوں کے اس ایمان و یقین کی بنیاد ہے کہ موجودہ قرآن بعینہٖ وہی قرآن ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا تھا۔ اور آپ نے امت کو ملا۔ ان قراءات سبعہ کے تواتر کا انکار کرتے ہوئے شیعوں کے یہ جلیل القدر محدث وفقیہ نعمت اللہ الجزائری تحریر فرماتے ہیں :۔

ان تسلیم تواترها عن الوحی الالٰهی و کون الکل قد نزل به الروح الامین یفضی الی طرح الاخبار المستفیضة بل المتواترة الدالة بصریحها علی وقوع التحریف فی القرآن کلاماً ومادةً واعراباً مع ان اصحابنا رضوان الله علیهم قد اطبقوا علی صحتها والتصدیق بها۔ نعم قد خالف فیها المرتضی والصدوق والشیخ الطبرسی وحکموا بان ما بین دفتی هذا المصحف هو القرآن المنزل لاغیر ولم یقع فیه تحریف ولا تبدیل ....

(مطلب یہ ہے کہ) ان قراءات سبعہ کو متواتر تسلیم کرنے اور ان کو بعینہٖ وحی الٰہی اور جبریل امین کے ذریعہ نازل شدہ مان لینے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ائمہ معصومین کی ان تمام مشہور بلکہ متواتر حدیثوں کو جو صفائی اور صراحت کے ساتھ بتلاتی ہیں کہ قرآن میں اس کی عبارتوں اور اس کے کلمات اور اعراب میں بھی تحریف ہوئی ہے (ان سب حدیثوں کو) نامعتبر قرار دیکر رد کر دینا پڑیگا حالانکہ صورتحال یہ ہے کہ ہمارے اکابر و مشائخ متقدمین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اس پر اجماع اور اتفاق ہے کہ یہ حدیثیں صحیح ہیں اور تحریف کے بارہ میں جو کچھ ان میں بتلایا گیا ہے وہ برحق اور واقعہ کے مطابق ہے اور ہم اس کو مانتے ہیں ہاں ہمارے مشائخ متقدمین میں سے شریف مرتضیٰ اور صدوق اور شیخ طبرسی نے اس سے اختلاف کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ یہی موجودہ قرآن بعینہٖ وہ قرآن ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا تھا اور اس میں کسی طرح کی تحریف اور تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

آگے سید نعمت اللہ الجزائری صفائی کے ساتھ لکھتے ہیں کہ

والظاهر ان هذا القول صدر منهم لاجل مصالح کثیرة .... کیف ولهولاء

اور یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ ہمارے ان حضرات (شریف مرتضیٰ صدوق۔ شیخ طبرسی) نے

الاعلام رووا فی مؤلفاتهم اخبارا کثیرۃ تشتمل علی وقوع تلک الامور فی القرآن وان الآیۃ هکذا انزلت ثم غیرت الی هذا۔

یہ بات بہت سی مصلحتوں کی وجہ سے (اپنے عقیدہ اور ضمیر کے خلاف) کہی ہے۔ یہ ان کا عقیدہ کیسے ہوسکتا ہے جبکہ خود انھوں نے اپنی کتابوں میں بڑی تعداد میں وہ حدیثیں روایت کی ہیں جو بتلاتی ہیں کہ قرآن میں مذکورہ بالا ہر طرح کی تحریف ہوئی ہے۔ اور یہ کہ فلاں آیت اس طرح نازل ہوئی تھی۔ پھر اس میں یہ تبدیلی کردی گئی

سید نعمت اللہ الجزائری اسی سلسلہ کلام میں (اپنے اس دعوے کے ثبوت میں کہ قرآن میں تحریف ہوئی ہے اور موجودہ قرآن بعینہٖ وہ کتاب اللہ نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی) آگے لکھتے ہیں۔

انه قد استفاض فی الاخبار ان القران کما انزل لم یولفه الا امیر المومنین علیه السلام بوصیة من النبی صلی الله علیه واله فبقی بعد موته ستة اشهر مشتغلا بجمعه فلما جمعه کما انزل الی به الی المتخلفین بعد رسول الله صلی الله علیه واله فقال هذا کتاب الله کما انزل فقال له عمر بن الخطاب لا حاجة بنا الیك ولا الی قرآنك ..... فقال لهم علی علیه السلام لن تروه بعد هذا الیوم ولا یراه احد حتی یظهر ولدی المهدی علیه السلام وفی ذلك القران زیادات

بہت سی حدیثوں میں جو درجۂ شہرت کو پہونچی ہوئی ہیں یہ وارد ہوا ہے کہ قرآن جس طرح نازل ہوا تھا۔ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی وصیت کے مطابق صرف امیر المومنین علیہ السلام نے آپ کی وفات کے بعد پورے چھ مہینے اسی میں مشغول رہ کر جمع کیا تھا جب آپ نے اس کو جمع کرلیا۔ تو اس کو لے کر ان لوگوں کے پاس آئے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے بعد امیر المومنین کی امامت وخلافت سے منکر ہوکر خلیفہ بن گئے تھے، آپ نے ان سے فرمایا کہ یہ بعینہٖ وہ کتاب اللہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوئی تھی تو عمر بن الخطاب نے کہا کہ ہم کو تمھاری اور تمھارے اس قرآن کی ضرورت نہیں۔ تو امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ آج کے دن کے بعد تم اس کو کبھی نہ دیکھ سکو گے۔ اور کوئی بھی نہ دیکھ

كثيرة وهو خال من التحريف۔

سکے گا اس وقت تک کہ جب میرے بیٹے مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔ وہ اس قرآن کو ظاہر کریگا۔ اس میں بہت سی زیادتیاں ہیں۔ اور وہ تحریف سے بالکل خالی ہے۔

سید نعمت اللہ الجزائری نے آگے کلینی کی "اصول کافی" سے وہ روایت بھی نقل کی ہے جس میں امام جعفر صادق کی روایت سے یہ پورا واقعہ بیان کیا گیا ہے جس کے آخر میں یہ بھی ہے کہ

فاذا قام قرأ كتاب الله على حده واخرج المصحف الذى كتبه على عليه السلام

جب مہدی ظاہر ہوں گے تو وہ کتاب اللہ قرآن کو اس کی صحیح صورت میں پڑھیں گے۔ اور قرآن کا وہ نسخہ دنیا کے سامنے پیش کریں گے جو علی علیہ السلام نے لکھا تھا۔

جزائری نے پوری روایت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے

والاخبار الواردة بهذا المضمون كثيرة جدا۔

اور اس مضمون کی جو حدیثیں روایت کی گئی ہیں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

اسی سلسلہ کلام میں سید نعمت اللہ الجزائری نے "امیر المومنین علی علیہ السلام" کے جمع کئے ہوئے اور لکھے ہوئے قرآن کے بارے میں اپنے ائمہ معصومین کی روایات کی روشنی میں یہ بھی فرمایا ہے کہ جب ہمارے مولا صاحب الزماں (مہدی) ظاہر ہوں گے۔

فيرتفع هذا القرآن من ايدى الناس الى السماء ويخرج القرآن الذى الفه امير المومنين على عليه السلام

(الانوار النعمانیہ جلد دوم ص ۳۵۰ تا ۳۶۴ طبع ایران)

تو موجودہ قرآن آسمان کی طرف اٹھا لیا جائیگا کسی کے بھی ہاتھ میں (اس کا نسخہ) نہیں رہے گا اور صاحب الزمان (مہدی) اس قرآن کو نکال کر پیش فرمائیں گے جس کو امیر المومنین علیہ السلام نے جمع اور مرتب فرمایا تھا۔

سید نعمت اللہ الموسوی الجزائری شیعہ اثنا عشریہ کے عظیم المرتبت محدث و فقیہ ہیں[1]۔ انھوں

---

[1] الانوار النعمانیہ کے شروع میں "ترجمۃ المولف" کے زیر عنوان ۱۰ صفحات میں سید نعمت اللہ الجزائری کا تذکرہ ہے۔ اس میں موصوف کے بارے میں ان اکابر و اعاظم علمائے شیعہ کے بیانات نقل کئے گئے ہیں (باقی اگلے صفحہ پر)

نے اپنے اس بیان میں پوری صراحت اور صفائی کے ساتھ مندرجہ ذیل باتوں کا اعتراف بلکہ دعویٰ کیا ہے

(۱) یہ کہ قراءات سبعہ (وہ ساتوں قراتیں) جنکے تواتر کی بنیاد پر موجودہ قرآن کو متواتر اور یقینی طور پر کتاب اللہ مانا جاتا ہے متواتر نہیں ہیں۔ لہذا موجودہ قرآن بھی متواتر نہیں ہے۔ اور وحی الٰہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تواتر ثابت نہیں ہے۔

(۲) ہمارے ائمہ معصومین کی وہ روایتیں جو بتلاتی ہیں کہ موجودہ قرآن میں ہر طرح کی تحریف ہوئی ہے متواتر ہیں اور تحریف پر ان کی دلالت صاف اور صریح ہے جس میں کوئی ابہام و اشتباہ نہیں ہے۔

(۳) ہمارے اصحاب (یعنی اثنا عشری فرقہ کے اکابر و مشائخ متقدمین) کا اس پر اتفاق اور اجماع ہے کہ تحریف کی یہ روایتیں صحیح ہیں۔ اور وہ ان کی تصدیق کرتے ہیں۔ (یعنی انہی روایات کے مطابق ان کا عقیدہ ہے)۔

(۴) ہمارے علماء متقدمین میں سے شریف مرتضیٰ، صدوق، اور شیخ طبرسی نے اس سے اختلاف ظاہر کیا ہے۔ اور موجودہ قرآن کو ہی اصل قرآن کہا ہے۔ اور اس میں تحریف اور کسی تبدیلی کے واقع ہونے سے انکار کیا ہے۔ لیکن یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ انھوں نے بہت سی مصلحتوں کی وجہ سے اپنا یہ عقیدہ ظاہر کیا ہے (یعنی تقیہ کیا ہے)

راقم سطور عرض کرتا ہے کہ ہمارے زمانہ کے شیعہ علماء و مجتہدین نے بھی بالعموم تحریف کے عقیدہ سے انکار کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ لیکن حقیقت وہی ہے جو ان کے اس عظیم المرتبت محدث اور مجتہد نے صفائی کے ساتھ ظاہر کی ہے۔

(۵) اصلی قرآن وہ تھا اور وہی ہے جو امیر المومنین علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جمع اور مرتب کیا تھا۔ لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت پر غاصبانہ طور پر قبضہ کرنے والوں نے اس کو قبول نہیں کیا تو حضرت امیر علیہ السلام

بقیہ حاشیہ:۔ ہیں جو بلاشبہ شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ ان سب کے بیانات اس پر متفق ہیں کہ سید نعمت اللہ الجزائری اثنا عشریہ کے نہایت بلند پایہ عالم و مصنف جلیل القدر اور عظیم المرتبت محدث و فقیہ ہیں۔ (ملاحظہ ہو الانوار النعمانیہ" ص ۷ زیر عنوان جمہور الثناء علیہ)۔

نے اس قرآن کو کسی کو بھی نہ دکھانے کا فیصلہ کر لیا۔ (وہ رازدارانہ طور پر ایک امام سے دوسرے امام کو منتقل ہوتا رہا) اور اب وہ بارہویں امام غائب (مہدی) کے پاس ہے۔ (جو غار میں روپوش ہیں) اس میں موجودہ قرآن کے مقابلہ میں زیادات ہیں (یعنی ایسے بہت سے مضامین ہیں جو موجودہ قرآن میں نہیں ہیں) جب وہ (مہدی) ظاہر ہوں گے۔ تو وہ اسی اصلی اور مکمل قرآن کو دنیا کے سامنے پیش کریں گے۔ اور اس وقت موجودہ قرآن کے سارے نسخے آسمان کی طرف اٹھا لئے جائیں گے۔ کسی کے ہاتھ میں اس کا کوئی نسخہ نہیں رہے گا ـــــ موجودہ قرآن مجید کے بارے میں یہ ہے شیعہ اثنا عشریہ کا اصل عقیدہ جو ان کے اس جلیل القدر محدث و فقیہ نے صفائی کے ساتھ اور اپنے نزدیک مدلل طور پر بیان کیا ہے۔

اس کے بعد شیعوں کے ایک دوسرے عظیم المرتبت محدث اور مجتہد علامہ حسین محمد تقی نوری طبرسی کی کتاب "فصل الخطاب فی اثبات تحریف کتاب رب الارباب" سے چند عبارتیں آپ حضرات کے سامنے پیش کی جاتی ہیں ـــــ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ اس کتاب کا موضوع ہی جیسا کہ اس کے نام سے بھی ظاہر ہے، موجودہ قرآن کو محرف ثابت کرنا ہے۔ یہ چار سو صفحے کی ضخیم کتاب ہے اس کے مصنف نے اپنے دعوے کے ثبوت میں شیعی نقطۂ نظر سے دلائل کے گویا انبار لگا دیئے ہیں۔ اگر اس میں سے وہ عبارتیں نقل کی جائیں۔ جو یہاں نقل کرنے کے لائق ہیں تو کم از کم پچاس صفحات پر آئیں گی۔ لیکن یہاں صرف چند ہی عبارتیں نقل کی جائیں گی۔

قرآن میں تورات و انجیل ہی کی طرح تحریف ہوئی ہے

مصنف نے نمبر وار وہ دلائل پیش کئے ہیں۔ جن سے ان کے نزدیک قرآن میں تحریف کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اس سلسلہ میں ۴ پر انھوں نے ان روایات کا حوالہ دیا ہے جو یہ بتلاتی ہیں کہ قرآن میں اسی طرح تحریف ہوئی ہے۔ جس طرح تورات و انجیل میں ہوئی تھی۔ اس سلسلہ کلام کو شروع کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

الامر الرابع ذکر اخبار خاصة فیها	اور چوتھی بات ہے اثنا عشریہ کی ان روایات
دلالة او اشارة علی کون القرآن	کا ذکر جو صراحۃً یا اشارۃً یہ بتلاتی ہیں کہ تحریف

كالتوراة والانجيل فى وقوع التحريف والتغيير فيه وركوب المنافقين الذين استولوا على الامة فيه طريقة بنى اسرائيل فيهما وهى حجة مستقلة لاثبات المطلوب (فصل الخطاب ص)

اور تغیر و تبدل کے واقع ہونے میں قرآن تورات اور انجیل ہی کی طرح ہے، اور جو یہ بتلاتی ہیں کہ جو منافقین امت پر غالب آگئے اور حاکم بن گئے تھے (ابوبکر و عمر وغیرہ) وہ قرآن میں تحریف کرنے کے بارہ میں اسی راستہ پر چلے جس راستہ پر چل کر بنی اسرائیل نے توراۃ و انجیل میں تحریف کی تھی۔ اور یہ ہمارے دعوے (یعنی تحریف) کے ثبوت کی مستقل دلیل ہے

آگے مصنف نے اکابر علماء شیعہ کی کتابوں کے حوالے سے کئی صفحوں میں وہ روایات نقل کی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد قرآن میں اسی طرح کی تحریف کی گئی جیسی تحریف حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کے بعد توراۃ و انجیل میں کی گئی تھی ــــ

متقدمین علماء شیعہ سب ہی تحریف کے قائل اور مدعی ہیں
صرف چار وہ ہیں جنھوں نے تحریف سے انکار کیا ہے

علامہ نوری طبرسی نے اسی فصل الخطاب میں زیر عنوان "المقدمة الثالثة" (تیسرا مقدمہ) لکھا ہے کہ ہمارے علماء میں اس مسئلہ میں کہ قرآن میں تحریف اور تغیر و تبدل ہوا ہے یا نہیں۔ دو قول مشہور ہیں۔ پھر اس کی تفصیل کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

الاول وقوع التغيير والنقصان فيه وهو مذهب الشيخ الجليل على بن ابراهيم القمى شيخ الكلينى فى تفسيره صرح ذلك فى اوله وملأ كتابه من اخباره مع التزامه فى اوله بان لا يذكر فيه الا ما رواه مشائخه

پہلا قول یہ ہے کہ قرآن میں تغیر و تبدل ہوا ہے اور کمی ہوئی ہے (یعنی کچھ حصہ اس میں سے ساقط اور غائب کیا گیا ہے) اور یہ مذہب ہے ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی کے شیخ علی بن ابراہیم قمی کا۔ انھوں نے اپنی تفسیر کے شروع ہی میں اس کو صراحت اور صفائی سے

وثقاته ومذهب تلميذه ثقة الاسلام الكليني رحمه الله على ما نبه اليه جماعة لنقله الاخبار الكثيرة الصريحة في هذا المعنى في كتاب الحجة خصوصا في باب النكت والنتف من التنزيل والروضة من غير تعرض لردها وتاويلها

(فصل الخطاب ص ٢٥)

لکھا ہے اور اپنی کتاب کو تحریف (ثابت کرنے والی) روایات سے بھر دیا ہے۔ اور انھوں نے اس کا التزام کیا ہے کہ وہ اپنی اس کتاب میں وہی روایات ذکر کریں گے جن کو وہ اپنے مشائخ اور ثقہ حضرات سے روایت کرتے ہیں۔ اور یہی مذہب ان کے شاگرد ثقۃ الاسلام کلینی رحمہ اللہ کا جیسا کہ علماء کی ایک جماعت نے ان کی طرف اس کی نسبت کی ہے۔ کیونکہ انھوں نے اپنی کتاب "الجامع الکافی" کتاب الحجۃ میں اور بالخصوص اس کے "باب النکت والنتف من التنزیل" اور "کتاب الروضۃ" میں بہت بڑی تعداد میں وہ روایات (ائمہ معصومین سے) نقل کی ہیں۔ جو صراحتہً تحریف پر دلالت کرتی ہیں۔ پھر نہ تو انھوں نے ان روایات کو رد کیا ہے اور نہ انکی کوئی تاویل کی ہے۔

اس عبارت میں علامہ نوری طبرسی نے تحریف کے قائل علمائے متقدمین میں سے سب سے پہلے صرف ان دو کا ذکر کیا ہے (ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی اور ان کے شیخ علی بن ابراہیم قمی) واضح رہے کہ یہ دونوں حضرات وہ ہیں جنھوں نے شیعی نظریہ کے مطابق غیبتِ صغریٰ کا پورا زمانہ پایا ہے [1]۔ بلکہ انکے تذکرہ نویسوں کے بیان کے مطابق ان دونوں نے گیارہویں امام حسن عسکری کا بھی کچھ زمانہ پایا ہے [2]

---

[1] یعنی وہ زمانہ جبکہ شیعی عقیدہ کے مطابق امام غائب کے پاس ان کے سفیروں اور ایجنٹوں کی خفیہ آمدورفت ہوتی تھی۔ (تفصیل اس عاجز کی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" ص ۱۶۶ پر دیکھی جا سکتی ہے)۔

[2] اصول کافی کے آخر میں اس کے مؤلف محمد بن یعقوب رازی کلینی کا تذکرہ ہے اس میں لکھا ہے کہ فالظاہر انہ رضی اللہ عنہ ادرک تمام الصغریٰ بل بعض ایام العسکری علیہ السلام ایضاً" (اصول کافی طبع لکھنؤ ص ۶۹۵)

اس کے بعد علامہ طبرسی نے پورے پانچ صفحے میں دوسرے ان متقدمین اکابر علمار شیعہ کا ذکر کیا ہے جنھوں نے اپنی تصانیف میں تحریف اور تغیر و تبدل کا دعویٰ کیا ہے، ان کی تعداد تیس چالیس سے کم نہ ہوگی، زیادہ ہی ہوگی۔ اس سب کے بعد مصنف نوری طبرسی نے لکھا ہے:

ومن جميع ما ذكرنا ونقلنا بتتبعي القاصر يمكن دعوى الشهرة العظيمة بين المتقدمين وانحصار المخالفين فيهم باشخاص معينين يأتي ذكرهم قال السيد المحدث الجزائري في الانوار ما معناه ان الاصحاب تداطبقوا على صحة الاخبار المستفيضة بل المتواترة الدالة بصريحها على وقوع التحريف في القرآن كلاماً ومادةً واعراباً و التصديق بها۔ نعم خالف فيها المرتضى والصدوق والشيخ الطبرسي۔

(فصل الخطاب ص۳۰)

اور ہم نے اپنی محدود تلاش اور محدود مطالعہ سے (تحریف کے بارے میں شیعہ اکابر علمائے متقدمین کے) جو اقوال نقل کئے، ان کی بنیاد پر دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ ہمارے علمائے متقدمین کا یہی مذہب عام طور سے مشہور تھا (کہ قرآن میں تحریف اور کمی بیشی ہوئی ہے) اور اس کے خلاف رائے رکھنے والے بس چند متعین اور معلوم افراد تھے جن کا ناموں کے ساتھ ابھی ذکر آجائے گا۔ (آگے مصنف نوری طبرسی نے سید نعمت اللہ الجزائری کی کتاب الانوار النعمانیہ کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے فرمایا) ہمارے اصحاب کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ مشہور بلکہ متواتر روایات جو صراحۃً بتلاتی ہیں کہ قرآن میں تحریف ہوئی اس کی عبارت میں بھی اس کے الفاظ اور اعراب میں بھی وہ روایات صحیح ہیں، اور ان روایات کی تصدیق (یعنی ان کے مطابق عقیدہ رکھنے) میں بھی ہمارے اصحاب کے درمیان اتفاق ہے — ہاں اس میں صرف شریف مرتضیٰ اور صدوق اور شیخ طبرسی نے اختلاف کیا ہے۔

آگے اختلاف کرنے والوں میں مصنف نے ان تین حضرات کے علاوہ چوتھا نام ابوجعفر طوسی کا بھی ذکر کیا ہے۔ اور تحریف سے انکار کے سلسلہ میں ان سب کی عبارتیں

نقل کر کے مصنف نے سب کا جواب دیا ہے ۔

ملحوظ رہے کہ یہ چاروں حضرات، ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی اور ان کے شیخ علی بن ابراہیم قمی سے کافی متاخر ہیں۔ پھر ان میں سب سے متاخر ابوعلی طبرسی ہیں ۔ (ان کا سنہ وفات ۵۴۸ ہے) انھوں نے تحریف سے انکار کے سلسلہ میں جو کچھ لکھا تھا اس کا جواب دینے کے بعد مصنف علامہ نوری طبرسی نے لکھا ہے :

والی طبقته لم یعرف	اور ابوعلی طبرسی کے طبقہ تک (یعنی چھٹی
الخلاف صریحا الا	صدی ہجری کے وسط تک) ان چار مشائخ
من هذه المشائخ الاربعه	کے سوا کسی کے متعلق بھی معلوم نہیں ہوا
(فصل الخطاب ص۳۲)	کہ انھوں نے اس مسئلہ میں صراحۃً اختلاف
	کیا ہو (یعنی قرآن میں تحریف ہونے سے
	صراحت کیساتھ انکار کیا ہو)

راقم سطور نے عرض کیا تھا کہ مصنف نے اپنے عقیدہ اور نقطۂ نظر کے مطابق قرآن میں تحریف واقع ہونے پر دلائل کے انبار لگا دیئے ہیں ــــ اسی سلسلہ میں دلیل ۱۲ پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

تحریف کی روایتیں دو ہزار سے زیادہ

الدلیل الثانی عشر الاخبار	بارہویں دلیل ائمہ معصومین کی وہ روایات
الواردة فی الموارد المخصوصة	ہیں جو قرآن کے خاص خاص مقامات کے
من القرآن الدالة علی تغییر	بارے میں وارد ہوئی ہیں۔ جو بتلاتی ہیں کہ قرآن
بعض الکلمات والآیات	کے بعض کلمات اور اسکی آیتوں اور سورتوں میں
والسور باحدی الصور	ان صورتوں میں سے کسی ایک صورت کی
المتقدمة وهی کثیرة جداً	تبدیلی کی گئی ہے۔ جن کا پہلے ذکر کیا جا
حتی قال السید	چکا ہے۔ اور وہ روایات بہت زیادہ
نعمت اللہ الجزائری	ہیں۔ یہاں تک کہ ہمارے (جلیل القدر

فی بعض مؤلفاته کما حکی عنه
ان الاخبار الدالة علی ذالك
تزید علی الفی حدیث وادعی
استفاضتها جماعة کالمفید
والمحقق الداماد والعلامة المجلسی
وغیرهم بل الشیخ ایضا صرح
فی التبیان بکثرتها بل ادعی
تواترها جماعة یاتی ذکرهم
(فصل الخطاب ص ۲۲۷)

محدث) سید نعمت اللہ الجزائری نے اپنی
بعض تصانیف میں فرمایا ہے جیسا کہ ان سے
نقل کیا گیا ہے کہ قرآن میں اس تحریف اور
تغیر و تبدل کو بتلانے والی ائمہ اہل بیت
کی حدیثوں کی تعداد دو ہزار سے زیادہ ہے
اور ہمارے اکابر علماء کی ایک جماعت نے
مثلاً شیخ مفید اور محقق داماد اور علامہ مجلسی
نے ان حدیثوں کے مستفیض اور مشہور ہونے
کا دعویٰ کیا ہے اور شیخ طوسی نے بھی
تبیان میں بصراحت لکھا ہے کہ ان روایتوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ بلکہ ہمارے
علماء کی ایک جماعت نے جن کا آگے ذکر آئے گا۔ ان روایات کے متواتر ہونے کا دعویٰ
کیا ہے۔

روایات تحریف کے تواتر کا دعویٰ کرنیوالے اکابر علماء شیعہ

پھر کتاب کے آخر میں ان اکابر و اعاظم علمائے شیعہ کا مصنف نے ذکر کیا ہے
جنھوں نے دعویٰ کیا ہے کہ قرآن میں تحریف اور تغیر و تبدل کی روایتیں متواتر ہیں۔ اور
بلاشبہ ان کا یہ دعویٰ شیعہ حضرات کی کتب حدیث کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے۔ مصنف
رقمطراز ہیں:

وقد ادعی تواتر (ای تواتر وقوع
التحریف والتغییر والنقص) جماعة
منهم المولی محمد صالح فی شرح
الکافی حیث قال فی شرح ما ورد
"ان القرآن الذی جاء به جبرئیل
الی النبی سبعة عشر الف آیة

اور قرآن میں تحریف اور تغیر و تبدل اور اس
کو ناقص کہنے (کی روایات کے) متواتر
ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ ہمارے اکابر علماء
کی ایک جماعت نے، ان میں سے ایک مولانا
محمد صالح ہیں۔ انھوں نے کافی کی شرح
میں اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے

وفی روایة سلیم ثمانیة عشر الف اٰیة" مالفظه "واسقاط لبعض القرآن و تحریفه ثبت من طرقنا بالتواتر معنی" کما یظهر لمن تامل فی کتب الاحادیث من اولها الی آخرها

جس میں فرمایا گیا ہے کہ "جو قرآن رسول اللہ پر جبرئیل نے کر نازل ہوئے تھے اس میں سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) آیتیں تھیں (اور اسی حدیث کی سلیم کی روایت میں بجائے سترہ ہزار کے اٹھارہ ہزار (۱۸۰۰۰) آیات بتلائی گئی ہیں) اس حدیث کی شرح میں مولانا محمد صالح نے فرمایا ہے:

"اور قرآن میں تحریف اور اس کے بعض حصوں کا ساقط کیا جانا ہمارے طریقوں سے تواتر معنوی ثابت ہے، جیسا کہ ہر اس شخص پر ظاہر ہے جس نے ہماری حدیث کی کتابوں کا اول سے آخر تک غور سے مطالعہ کیا ہے۔

ومنهم الفاضل قاضی القضاة علی بن عبدالعالی علی ما حکی عنه السید فی شرح الوافیه ....

اور انہی علماء میں سے (جنھوں نے قرآن میں تحریف اور کمی بیشی کی حدیثوں کے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا ہے) ایک قاضی القضاۃ علی بن عبدالعالی بھی ہیں جیسا کہ جناب سید نے شرح وافیہ میں ان سے نقل کیا ہے۔

ومنهم الشیخ المحدث الجلیل ابوالحسن الشریف فی مقدمات تفسیره

اور انہی میں سے ایک شیخ محدث جلیل ابوالحسن الشریف ہیں انھوں نے بھی اپنی تفسیر کے مقدمات میں ان روایات کے معنوی تواتر کا دعویٰ کیا ہے۔

ومنهم العلامة المجلسی قال فی مرآة العقول فی شرح باب انه لم یجمع القرآن کله الا الائمة علیهم

اور ہمارے انہی علماء کبار میں سے (جنھوں نے تحریف کی روایات کے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا ہے) ایک علامہ مجلسی بھی ہیں انھوں نے اپنی کتاب "مرآۃ العقول" میں

السلام بعد نقل کلام المفید ما
لفظه والاخبار من طرق الخاصة
والعامة فی النقص والتغییر متوا
ترة ویخطئه علی نسخة صحیحة
من الکافی کان یقرءها
علی والده وعلیها خطهما
فی اخر کتاب فضل القرآن
عند قول الصادق "القرآن الذی
جاء به جبرئیل" علی محمد
سبعة عشر الف آیة"
ما لفظه لا یخفی ان هذا
الخبر وکثیر من الاخبار
الصحیحة صریحة فی نقص
القرآن وتغییره وعندی ان الاخبار
فی هذا الباب متواترة معنی
وطرح جمیعها یوجب رفع
الاعتماد عن الاخبار رأسا۔ بل
ظنی ان الاخبار فی هذا الباب
لا یقصر عن اخبار الامامة فکیف
یثبتونها بالخبر
فصل الخطاب
ص ۳۲۸-۳۲۹

اصول کافی کے باب "انه لم یجمع القرآن
کله الا الائمه علیهم السلام" کی شرح
میں شیخ مفید کا کلام نقل کرنے کے بعد لکھا
ہے کہ قرآن میں کمی اور تبدیلی کیے جانے کے
بارے میں احادیث و روایات جو شیعوں اور
غیر شیعوں کی سندوں سے روایت کی گئی ہیں
وہ متواتر ہیں۔ اور اصول کافی کے اس نسخہ
پر جو انھوں نے اپنے والد کے سامنے پڑھا
(اور اس پر ان دونوں کے قلم کی تحریر ہے)
کتاب فضل القرآن کے خاتمہ پر جہاں امام
جعفر صادق علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت کیا
گیا ہے کہ "جو قرآن جبرئیل محمدؐ کے پاس لائے
تھے اس میں سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) آیتیں
تھیں" علامہ مجلسی نے اپنے قلم سے لکھا ہے
کہ ظاہر ہے کہ یہ حدیث اور اس کے علاوہ
بہت سی صحیح حدیثیں صراحت کے ساتھ
یہ بتلاتی ہیں کہ قرآن میں کمی اور تبدیلی کی گئی
ہے ــــ (اس کے آگے علامہ مجلسی
لکھتے ہیں کہ) میرے نزدیک اس باب میں
حدیثیں معنی کے لحاظ سے متواتر ہیں۔ اور
ان سب کو نظر انداز کرنے اور ناقابل اعتماد
قرار دینے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ احادیث و روایات
پر سے اعتماد بالکل اٹھ جائے گا۔ (اور
احادیث کا سارا ذخیرہ ناقابل اعتبار ہو جائے
گا) بلکہ میرا گمان ہے کہ اس باب کی (یعنی قرآن میں تحریف اور کمی و تبدیلی کی) حدیثیں مسئلہ

امامت کی حدیثوں سے کم نہیں ہیں۔ پھر (جب متواتر حدیثوں کو بھی نظر انداز کیا جا سکے گا۔ تو مسئلہ امامت کو (جو مذہب شیعہ کی اساس و بنیاد ہے) احادیث و روایات سے کیوں کر ثابت کیا جا سکے گا۔

علامہ نوری طبرسی کی "فصل الخطاب" سے جو عبارتیں یہاں نقل کی گئیں، ان سے مندرجہ ذیل چند باتیں ایسی صراحت اور صفائی کے ساتھ معلوم ہوئیں۔ جس میں کسی شک شبہ کی گنجائش نہیں۔

۱۔ یہ کہ قرآن میں اسی طرح کی تحریف، قطع و برید اور تبدیلی ہوئی ہے، جیسی کہ یہود و نصاریٰ نے اپنی آسمانی کتابوں تورات و انجیل میں کی تھی۔

۲۔ شیعہ اثنا عشریہ کی حدیث کی کتابوں میں تحریف کی روایتیں دو ہزار (۲۰۰۰) سے زیادہ ہیں۔

۳۔ متقدمین علمائے شیعہ سب ہی تحریف کے قائل ہیں۔ صرف چار ہیں جنھوں نے تحریف سے انکار کیا ہے (جن کے بارے میں سید نعمت اللہ الجزائری نے لکھا ہے کہ انھوں نے یہ انکار بہت سی مصلحتوں کی وجہ سے کیا ہے ان کا عقیدہ یہ نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے)

۴۔ شیعوں کی اصح الکتب "الجامع الکافی" کے مؤلف ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی اور ان کے شیخ علی بن ابراہیم قمی (جنھوں نے غیبت صغریٰ کا پورا زمانہ پایا۔ اور کچھ زمانہ گیارہویں امام معصوم حسن عسکری کا بھی پایا) ـــــ اور ان کے علاوہ عام طور سے شیعوں کے علمائے متقدمین اس کے قائل ہیں کہ قرآن میں تحریف ہوئی ہے۔

۵۔ اثنا عشریہ کے بہت سے ان بلند پایہ علماء و مجتہدین نے جو شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں دعویٰ کیا ہے کہ قرآن میں تحریف کی حدیثیں متواتر ہیں۔ اور مذہب شیعہ کے ترجمان اعظم ملا باقر مجلسی کے بیان کے مطابق ان کی تعداد اثنا عشری مذہب کی اساس و بنیاد مسئلہ امامت کی حدیثوں سے کم نہیں ہے۔ ان کو ناقابل اعتبار قرار دیکر نظر انداز کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمارے حدیث کے سارے ذخیرہ سے اعتماد اٹھ جائے گا۔ اور امامت کا مسئلہ بھی بے بنیاد ہو جائے گا، کسی طرح اس کو ثابت نہیں کیا جا سکے گا۔ (کیوں کہ اس کی بنیاد روایات ہی پر ہے)

واقعہ یہ ہے کہ علامہ نوری طبرسی کی اس کتاب "فصل الخطاب" کے مطالعہ کے بعد

یہ بات آفتاب نیمروز کی طرح آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے کہ کسی اثنا عشری شیعہ کے لئے اثنا عشری رہتے ہوئے قرآن میں تحریف کے عقیدہ سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے اس فرقہ کے جو لوگ تحریف کے عقیدہ سے انکار کرتے ہیں۔ ان کے انکار کی کوئی توجیہ اس کے سوا نہیں کی جاسکتی کہ یا تو وہ تقیہ کرتے ہیں (جو اثنا عشری مذہب میں صرف جائز نہیں، بلکہ واجب و فرض اور گویا جزو ایمان ہے) یا اپنے مذہب کی بنیادی کتابوں سے بھی ناواقف اور بے خبر ہیں۔

یہاں یہ ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا کہ "فصل الخطاب" کے مصنف یہ علامہ طبرسی شیعوں کے بڑے عالی مقام محدث اور مجتہد تھے، شیعی دنیا میں ان کو عظمت اور تقدس کا جو مقام حاصل تھا، اس کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ ۱۳۲۰ھ میں جب ان کا انتقال ہوا تو ان کو نجف اشرف میں "مشہد مرتضوی" کی عمارت میں دفن کیا گیا۔ جو شیعہ حضرات کے نزدیک "اقدس البقاع" یعنی روئے زمین کا مقدس ترین مقام ہے، جہاں صرف ایسے ہی شیعہ اکابر و مشائخ دفن ہو سکتے ہیں جن کو شیعی دنیا میں عظمت و تقدس اور مقبولیت کا اعلیٰ ترین مقام حاصل ہو، اور ان کو ائمہ معصومین کا خاص درجہ کا وارث و نائب مانا جاتا ہو۔

لہ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ شیعہ اثنا عشری مذہب میں تقیہ کا کیا مقام ہے اور اس کی کیسی تاکید ہے اور اس کی کیا حقیقت ہے۔ نیز ائمہ معصومین کے تقیہ کے واقعات معلوم کرنے کے لئے راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں تقیہ کا بیان صفحہ ۲۲۶ سے صفحہ ۲۴۰ تک دیکھا جائے۔ یہاں بھی صدوق بن بابویہ قمی کے رسالہ "اعتقادیہ" کی ایک عبارت ملاحظہ فرمالی جائے۔

والتقیۃ واجبۃ لا یجوز رفعہا الی ان یخرج القائم فمن ترکہا قبل خروجہ فقد خرج من دین اللہ تعالیٰ ومن دین الامامیۃ وخالف اللہ ورسولہ والائمۃ۔

(رسالہ اعتقادیہ مع اردو شرح احسن الفوائد صفحہ ۱۰۴ طبع سرگودھا (پاکستان)

تقیہ واجب ہے اور اس کا ترک کرنا اس وقت تک جائز نہیں جب تک کہ حضرت القائم (امام مہدیؑ) کا ظہور ہو، تو جو کوئی ان کے ظہور سے پہلے اس کو ترک کریگا تو وہ اللہ کے دین سے اور امامیہ (یعنی شیعہ اثنا عشریہ) کے دین سے نکل جائے گا۔ اور اپنے اس عمل سے اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول پاک کی اور ائمہ معصومین کی مخالفت کرے گا۔

کسی اثنا عشری شیعہ کے لئے تحریف سے انکار

اور موجودہ قرآن پر ایمان از روئے عقل بھی ممکن نہیں

اثنا عشریہ کے عقیدہ تحریف قرآن کے بارے میں یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا وہ ان کے ائمہ معصومین کی صریح و متواتر روایات اور ان کے متقدمین و متاخرین اکابر علماء و مجتہدین کے تحریری بیانات کی بنیاد پر عرض کیا گیا ـــــ اب آخر میں یہ عرض کرنا ہے کہ کسی اثنا عشری کے لئے اثنا عشری عقائد رکھتے ہوئے تحریف سے انکار اور اہل سنت کی طرح قرآن پر ایمان از روئے عقل بھی ممکن نہیں ہے، اور اس کے سمجھنے کے لئے کسی خاص درجہ کی ذہانت اور باریک بینی کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ ہر معمولی عقل رکھنے والا بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے، غور فرمایا جائے۔

گزشتہ صفحات میں حضرات شیخین (صدیق اکبر و فاروق اعظم) نیز ذی النورین حضرت عثمان (رضی اللہ عنہم اجمعین) کے بارے میں اثنا عشریہ کے ائمہ معصومین کی جو روایات اور ان کے اکابر علماء و مجتہدین کے جو بیانات ان کی کتابوں سے نقل کئے جا چکے ہیں ان سے معلوم ہو چکا ہے کہ اثنا عشریہ کا عقیدہ ان حضرات کے بارے میں یہ ہے کہ یہ کافر و منافق تھے، اور اگلی امتوں اور اس امت کے بھی خبیث ترین کافروں سے بدتر درجہ کے کافر تھے۔ اور دوزخ میں سب سے زیادہ عذاب انہی پر ہو رہا ہے ـــــ اور گزشتہ صفحات ہی سے یہ بھی آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ ہمارے اس زمانہ کے شیعوں کے امام اکبر روح اللہ خمینی صاحب نے حضرات خلفائے ثلاثہ اور ان کے خاص رفقاء تمام اکابر صحابہ کے بارے میں اپنی فارسی تصنیف "کشف الاسرار" میں پوری صراحت اور صفائی کے ساتھ بلکہ ادعائی انداز میں تحریر فرمایا ہے کہ یہ لوگ ایک دن کے لئے بھی دل سے ایمان نہیں لائے تھے، بلکہ صرف حکومت اور اقتدار پر قبضہ کر لینے کی طمع اور ہوس میں منافقانہ طور پر اسلام قبول کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وابستہ ہو گئے تھے۔ یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور حیات میں برابر اپنے اسی مقصد کے لئے سازشیں کرتے رہے۔ یہ ایسے بدکردار تھے کہ اس مقصد کے

حاصل کرنے کے لئے قرآن میں تحریف بھی کر سکتے تھے، آیتیں کی آیتیں اس میں سے حذف اور غائب کر سکتے تھے۔ جھوٹی حدیثیں گھڑ کے لوگوں کو سنا سکتے تھے۔ یہاں تک کہ اگر کسی وقت یہ لوگ محسوس کرتے کہ مسلمان رہ کر حکومت پر قبضہ نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اسلام سے رشتہ توڑ کر اور (ابوجہل و ابولہب وغیرہ کی طرح) اسلام دشمنی کا موقف اختیار کر کے اور اسلام کے خلاف جنگ کر کے ہی یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے تو یہ ایسا ہی کرتے اور اسلام کے کھلے دشمن ہو کر مقابلہ میں آجاتے [1]

حضرات خلفائے ثلثہ اور ان کے رفقا کے بارے میں یہ عقیدہ رکھنے کے ساتھ اثنا عشریہ یہ بھی مانتے ہیں۔ اور اس پر نوحہ و ماتم بھی کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یہی منافق لوگ (جو دل سے آپ کے، آپ کے اہل بیت کے اور آپ کے دین کے دشمن تھے) اپنی سیاسی کرتب بازی سے خلیفہ بن کر غاصبانہ اور ظالمانہ طور پر حکومت پر قابض ہو گئے۔ پھر خلافت پر قابض ہو جانے کے بعد بھی یہ ایسے بدکردار رہے کہ جگر گوشۂ رسول سیدہ فاطمہ زہراؓ پر بھی طرح طرح کے ظلم ڈھائے [2] (ظاہر ہے کہ یہ انتہائی درجہ کی شقاوت تھی) اور خمینی صاحب کے فرمانے کے مطابق یہ ظالم اپنے دور خلافت میں اپنی نفسانی خواہشات کے مطابق کھلم کھلا قرآنی احکام کو انتہائی بے پروائی سے پامال کرتے رہے (کشف الاسرار ص ۱۱۵ تا ۱۱۹)

اس سب کے ساتھ اثنا عشریہ یہ بھی مانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد پورے ۲۴ سال تک (یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت تک) بلا شرکت

---

[1] خمینی صاحب کی وہ عبارتیں جن میں یہ سب کچھ فرمایا گیا ہے ان کی تصنیف "کشف الاسرار" کے صفحہ ۱۱۳، ۱۱۴ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔ راقم سطور نے اپنی کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" میں بھی یہ عبارتیں نقل کر دی ہیں (ص ۵۵ تا ۶۰)

[2] شیعہ مذہب کے ترجمان اعظم ملا باقر مجلسی نے اپنی کتاب "جلاء العیون" میں سیدہ فاطمہ زہراؓ پر کے جانے والے مظالم کا ذکر بڑے لرزہ خیز انداز میں کیا ہے۔ راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب خمینی اور شیعیت" کے صفحہ ۶ پر بھی اس کو دیکھا جا سکتا ہے ــــ اس سے یہ بھی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ شیعہ علماء و مصنفین کو اس طرح کے افسانے گھڑنے میں کس درجہ کمال حاصل ہے ــــ

غیرے انہی لوگوں کا اقتدار رہا ــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ و جانشین اور مسلمانوں کے فرماں روا کی حیثیت سے یہی سب کچھ کرتے رہے انہی کے اہتمام سے قرآن اس کتابی شکل میں مرتب اور شائع ہوا جس شکل میں وہ آج ہمارے سامنے ہے۔

اب غور فرمایا جائے کہ جس فرقہ یا جس شخص کا عقیدہ حضرات خلفائے ثلثہ کے بارے میں وہ ہو جو اثنا عشریہ کا اوپر بیان کیا گیا۔ کیا از روئے عقل یہ ممکن ہے کہ ان کے مرتب اور شائع کئے ہوئے قرآن کے بارے میں اس کا یہ ایمان و یقین ہو کہ یہ بعینہٖ وہی کتاب اللہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی اور اس میں اس کو مرتب اور شائع کرنے والوں نے (جو منافق تھے اور جن کا کردار وہ تھا جو اثنا عشری عقیدہ کے مطابق اوپر بیان کیا گیا) اپنی نفسانی اغراض و خواہشات کے تقاضے سے کوئی تحریف، کسی قسم کی قطع برید کمی یا زیادتی نہیں کی ہے؟ ــــ ظاہر ہے کہ ہر عقل رکھنے والا اس کا جواب یہی دیگا کہ یہ ممکن نہیں ہے ــــ ملحوظ رہے کہ ایمان اس یقین اور اس قلبی تصدیق کا نام ہے جس میں کسی شک شبہ کی گنجائش نہ ہو۔ جس طرح کسی چیز کو آنکھوں سے دیکھ لینے کے بعد شک شبہ کا امکان نہیں رہتا۔

حقیقت یہ ہے کہ ایمان کا درجہ تو بہت اعلیٰ و بالا ہے۔ حضرات خلفائے ثلاثہ کے بارے میں وہ عقیدہ رکھنے کے ساتھ جو اثنا عشریہ کا عقیدہ ہے، قرآن کے بارے میں کسی درجہ کا اعتبار بھی نہیں ہو سکتا۔ اس مسئلہ کو کسی بھی قانون داں بلکہ کسی بھی باشعور انسان کے سامنے رکھ دیا جائے تو وہ یہی جواب دے گا۔

حاصل کلام

اثنا عشریہ کے عقیدہ تحریف قرآن کے بارے میں یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا اس کا حاصل اور خلاصہ یہ ہے کہ اثنا عشری مذہب کی بنیادی اور مستند کتابوں میں شیعوں کے ائمہ معصومین کے ارشادات اور ان کے اکابر و اعاظم علماء و مجتہدین کی تصنیفات کے مطالعہ کے بعد یہ حقیقت آفتاب نیمروز کی طرح سامنے آجاتی ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کا عقیدہ یہی ہے کہ موجودہ قرآن محرف ہے۔ اس میں ہر طرح کی تحریف

اور قطع بریدہ ہوئی ہے ـــــ علاوہ ازیں ان کے لئے ازروئے عقل بھی یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ اس کو یقین کے ساتھ تحریف و تبدیل سے محفوظ بعینہٖ وہ کتاب اللہ مان سکیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے نبی کریم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی ۔ حضرات خلفائے ثلثہ اور ان کے رفقاء تمام اکابر صحابہ کے بارے میں ان کے عقیدہ نے قرآن پر ایمان ان کے لئے ناممکن بنا دیا ہے لہذا اب جو شیعہ علماء و مجتہدین تحریف کے عقیدہ سے انکار اور موجودہ قرآن پر ہم اہل سنت ہی کی طرح ایمان کا اظہار کرتے ہیں ۔ ان کے اس رویہ کی کوئی معقول اور قابل قبول توجیہ اس کے سوا نہیں کی جا سکتی کہ یہ ان کا تقیہ ہے ۔ جو شیعہ مذہب میں ان کے امام غائب (مہدی) کے ظہور کے وقت تک فرض و واجب اور گویا جزو ایمان ہے ۔ اس کی ایک روشن دلیل یہ بھی ہے کہ وہ اپنے مشائخ متقدمین میں سے "الجامع الکافی" کے مؤلف ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی اور ان کے استاذ علی بن ابراہیم قمی اور "الاحتجاج" کے مؤلف احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی وغیرہ ان سب مشائخ متقدمین کو جن کا ذکر "فصل الخطاب" میں علامہ نوری طبرسی نے مدعیان تحریف کی حیثیت سے کیا ہے ، اور اسی طرح اپنے علمائے متاخرین میں ملا باقر مجلسی ، سید نعمت اللہ الجزائری ، علامہ قزوینی شارح اصول کافی ، اور علامہ نوری طبرسی جیسے ان سب حضرات کو اپنا مذہبی پیشوا مانتے ہیں ـــ جو نہ صرف یہ کہ موجودہ قرآن کے محرف ہونے کے قائل ہیں بلکہ اس عقیدہ کے علمبردار ہیں ۔ اور جنھوں نے اس موضوع پر مستقل کتابیں بھی لکھی ہیں ۔ حالانکہ ظاہر ہے کہ جو شخص قرآن کے محرف ہونے کا عقیدہ رکھتا ہے وہ قرآن پر ایمان سے محروم ہے ۔ اس کا شمار تو مومنین میں بھی نہ ہونا چاہیئے ۔



اثنا عشریہ کا عقیدۂ امامت ختم نبوت کی نفی کرتا ہے

لہذا وہ عقیدۂ ختم نبوت کے منکر ہیں

اثنا عشری مذہب کی بنیادی اور مستند کتابوں کے مطالعہ کے بعد ایک یہ حقیقت بھی اسی طرح آنکھوں کے سامنے آتی ہے جس میں کسی شک شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ اثنا عشریہ کا عقیدۂ امامت جو اس مذہب کی اساس و بنیاد ہے۔ عقیدہ ختم نبوت کی قطعی نفی کرتا ہے اور اس بارہ میں ان کا عقیدہ جمہور امت مسلمہ سے بالکل مختلف ہے۔ "وہ ختم نبوت" اور "خاتم النبیین" کے الفاظ کے تو قائل ہیں (جس طرح کہ قادیانی بھی قائل ہیں) لیکن اس کی حقیقت کے منکر ہیں۔ شیعوں اور قادیانیوں کے علاوہ امت کے تمام فرقوں کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے "خاتم النبیین" ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نبوت و رسالت جس حقیقت اور جس مقام و منصب کا عنوان ہے اس کا سلسلہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ پر ختم فرمادیا ـــــ ہر نبی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث و نامزد اور بندوں کے لئے اللہ کی حجت ہوتا تھا۔ اس پر ایمان لانا نجات کی شرط ہوتا تھا، اس کو وحی کے ذریعہ اللہ کے احکام ملتے تھے، وہ معصوم ہوتا تھا، بندوں پر اس کی اطاعت فرض ہوتی تھی ـ صرف وہی اور اسی کی تعلیم امت کے لئے ہدایت کا سرچشمہ اور مرجع و ماخذ ہوتا تھا اگر وہ صاحب کتاب ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کتاب بھی نازل ہوتی تھی یہی نبوت کی حقیقت اور نبی کا مقام و منصب تھا اور جمہور امت محمدیہ کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے "خاتم النبیین" ہونے کا مطلب یہی ہے کہ آپ کے بعد یہ مقام و منصب کسی کو عطا نہیں ہوگا ـــــ

لیکن شیعہ اثنا عشریہ کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ مقام و منصب اور یہ سب امتیازات بلکہ ان سے بھی بالاتر مقامات و درجات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کے بارہ اماموں کو حاصل ہیں۔ وہ نبیوں کی طرح بندوں پر اللہ کی حجت ہیں۔ ان کے بغیر اللہ کی حجت بندوں پر قائم نہیں ہوتی۔ وہ نبیوں ہی کی طرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے نامزد، معصوم اور مفترض الطاعت ہیں، ان پر ایمان لانا اسی طرح نجات کی شرط ہے جس طرح

نبیوں پر ایمان لانا شرط نجات ہے۔ ان پر فرشتوں کے ذریعہ وحی بھی آتی ہے۔ اللہ کے احکام بھی آتے ہیں۔ ان کو معراج بھی ہوتی ہے۔ ان پر کتابیں بھی نازل ہوتی ہیں۔ یہ تو وہ صفات اور اللہ تعالیٰ کے وہ انعامات ہیں جن میں یہ "ائمہ معصومین" انبیاء علیہم السلام کے شریک اور ان کے برابر ہیں لیکن اثنا عشریہ کے نزدیک ان کو ان کے علاوہ ایسے بلند مقامات اور کمالات بھی حاصل ہیں جو انبیاء علیہم السلام کو بھی حاصل نہیں۔ مثلاً یہ کہ یہ دنیا ان ہی کے دم سے قائم ہے۔ اگر ایک لمحہ کے لئے بھی ہماری یہ دنیا امام کے وجود سے خالی ہو جائے تو سب نیست و نابود ہو جائے۔ اور مثلاً یہ کہ ان کی پیدائش اس عام طریقہ اور عام راستہ سے نہیں ہوتی جس طریقہ اور راستہ سے عام انسانوں کی پیدائش ہوتی ہے بلکہ وہ اپنی ماؤں کی ران میں سے نکلتے ہیں۔ اور مثلاً یہ کہ کائنات کے ذرہ ذرہ پر ان کی تکوینی حکومت ہے۔ یعنی ان کو "کن فیکون" کا اقتدار و اختیار حاصل ہے۔ اور یہ کہ ان کو اختیار ہے کہ جس چیز یا جس عمل کو چاہیں حلال یا حرام قرار دیدیں۔ اور مثلاً یہ کہ تمام ائمہ عالم ماکان و مایکون ہیں، کوئی چیز ان سے مخفی نہیں۔ اور مثلاً یہ کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت سے وہ علوم بھی عطا ہوئے جو نبیوں اور فرشتوں کو بھی نہیں دیئے گئے ہیں۔ اور مثلاً یہ کہ وہ دنیا اور آخرت کے مالک و مختار ہیں۔ جس کو چاہیں دیدیں۔ بخشدیں اور جس کو چاہیں محروم رکھیں۔ اور مثلاً یہ کہ وہ اپنی موت کا وقت بھی جانتے ہیں اور ان کی موت ان کے اختیار میں ہوتی ہے۔

ظاہر ہے کہ جمہور امت محمدیہ کے نزدیک یہ شان انبیاء علیہم السلام کی بھی نہیں ہے بلکہ ان میں بعض تو وہ ہیں جو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی صفات ہیں لیکن اثنا عشریہ کے نزدیک ان کے ائمہ کی یہی شان ہے اور یہ سب صفات و مقامات ان کو حاصل ہیں سبحانہ وتعالیٰ عما یشرکون ۰

ائمہ کی صفات و امتیازات اور ان کے بلند مقامات و درجات کے بارے میں یہ جو کچھ لکھا گیا وہ ان کی اصح الکتب "اصول کافی، کتاب الحجۃ" کی روایات اور ان کے ائمہ معصومین کے ارشادات کا حاصل اور خلاصہ ہے، ان روایات و ارشادات کا متن اصل کتاب میں دیکھا جا سکتا ہے۔ راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں بھی (صفحہ ۱۱۹ سے ۱۶۵ تک) ان تمام روایات کا متن دیکھا جا سکتا ہے جو اصول کافی ہی سے

بحوالہ صفحات نقل کیا گیا ہے۔

اپنے ائمہ کے ان ارشادات اور ان روایات ہی کے مطابق اثنا عشریہ کا عقیدہ ہے اسی کے ساتھ وہ مانتے ہیں کہ ان اماموں کے لئے نبی کا لفظ نہیں بولا جائے گا۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین فرمادیا گیا ہے۔

ان سب چیزوں کے سامنے آجانے کے بعد کسی صاحب عقل و دانش کو اس میں شک شبہ نہیں رہ سکتا کہ اثنا عشریہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کی حقیقت ختم نہیں ہوئی۔ وہ تو امامت کے عنوان سے ترقی کے ساتھ جاری ہے۔ البتہ آپ کے بعد کسی کو نبی نہیں کہا جائے گا۔ بس یہی ان کے نزدیک ختم نبوت کی حقیقت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین قرار دیئے جانے کا تقاضا ہے، اثنا عشری مذہب کے ترجمان اعظم، ان کے خاتم المحدثین علامہ باقر مجلسی نے اپنے ائمہ معصومین کی روایات کے حوالہ سے صراحت اور صفائی کے ساتھ لکھا ہے کہ امامت کا درجہ نبوت سے بالاتر ہے اور اپنے نزدیک اس کو دلیل سے بھی ثابت کیا ہے۔ اپنی کتاب "حیات القلوب" کی تیسری جلد میں (جو صرف امامت ہی کے موضوع پر ہے) تحریر فرماتے ہیں:

از بعضے اخبار معتبرہ کہ انشاء اللہ بعد ازیں مذکور خواہد شد۔ معلوم می شود کہ مرتبہ امامت بالاتر از مرتبہ پیغمبری است۔

ائمہ کی بعض معتبر روایات سے جو انشاء اللہ اس کے بعد ذکر کی جائیں گی معلوم ہوجاتا ہے کہ امامت کا مرتبہ نبوت کے مرتبہ سے بالاتر ہے

آگے یہ علامہ مجلسی دلیل کے طور پر فرماتے ہیں:

چنانچہ حق تعالیٰ بعد از نبوت بحضرت ابراہیم خطاب فرمودہ کہ انی جاعلک للناس اماما۔ (حیاۃ القلوب جلد سوم ص ۳۱ طبع ایران)

چنانچہ حق تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو نبوت عطا فرمانے کے بعد ان سے فرمایا تھا کہ میں تجھ کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔

اس سے معلوم ہوا کہ امامت نبوت سے آگے کے درجہ کی چیز ہے۔

اس کے چند سطر آگے علامہ مجلسی نے لکھا ہے

واز برائے تعظیم حضرت رسالت پناہ و آنکہ آنجناب خاتم انبیا باشد منع اطلاق ہم نبی و آنچہ مرادف آنست بر آنحضرت کردہ اند

اور حضرت رسالت پناہ کی تعظیم کے لئے اور اس وجہ سے کہ آنجناب خاتم انبیاء ہیں۔ نبی اور اس کے ہم معنی لفظ کے اطلاق کو حضرت امام

(حیات القلوب جلد سوم ص۲) پر منع کرتے ہیں۔

علامہ مجلسی کی اس عبارت سے صراحت کے ساتھ معلوم ہوگیا کہ اثنا عشریہ کا عقیدہ اپنے ائمہ کی احادیث و روایات کی بنیاد پر یہ ہے کہ امامت کا درجہ نبوت سے بالاتر ہے۔ اور ہمارے ہی زمانے کے پاکستان کے ایک بلند پایہ مجتہد علامہ محمد حسین نے شیخ صدوق کے رسالہ "العقائد" کی اردو میں ضخیم شرح لکھی ہے۔ اس میں صراحت کے ساتھ لکھا ہے کہ

ائمہ اطہار سوائے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر تمام انبیا اولو العزم وغیرہم سے افضل و اشرف ہیں۔ (امن الفوائد فی شرح العقائد ص۲ طبع پاکستان)

اور اس زمانے کے ایشیا دنیا کے امام خمینی صاحب نے بھی "الحکومت الاسلامیہ" میں صراحت کے ساتھ تحریر فرمایا ہے کہ

وان من ضروریات مذهبنا ان لائمتنا مقاما لا یبلغه ملك مقرب ولا نبی مرسل

(الحکومت الاسلامیہ ص۵۲ طبع تہران)

ہمارے مذہب (شیعہ اثنا عشریہ) کے ضروری اور بنیادی عقائد میں سے یہ عقیدہ بھی ہے کہ ہمارے ائمہ معصومین کو وہ مقام و مرتبہ حاصل ہے جس تک کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل بھی نہیں پہونچ سکتا۔

علامہ مجلسی، علامہ محمد حسین اور خمینی صاحب کی ان تصریحات کے بعد اس میں شک شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ اثنا عشریہ کے نزدیک ان کے ائمہ کا مقام و مرتبہ انبیاء علیہم السلام سے بالاتر ہے اور وہ ان اعلیٰ مقامات اور بلند تر درجات پر فائز ہیں جن تک کسی مقرب فرشتے اور نبی مرسل کی بھی رسائی نہیں ہوسکتی۔ اور یہ کہ ان ائمہ پر نبی کے لفظ کا اطلاق اس وجہ سے نہیں کیا جاسکتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو "خاتم النبیین" فرمایا گیا ہے ظاہر ہے کہ یہ فی الحقیقت عقیدۂ ختم نبوت کی قطعی نفی ہے۔

اس حقیقت کو کہ اثنا عشریہ کا عقیدۂ امامت ختم نبوت کی نفی کرتا ہے، اور وہ اپنے اس عقیدہ کی وجہ سے فی الحقیقت ختم نبوت کے منکر ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے کتب شیعہ کے مطالعہ اور اپنی خداداد فکر و بصیرت سے یقین کے ساتھ سمجھا اور صراحت کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ "تفہیمات الٰہیہ" میں ارقام فرماتے ہیں۔

امام باصطلاح ایشاں معصوم مفترض الطاعۃ شیعہ اثنا عشریہ کی اصطلاح اور ان کے

منصوب للخلق است و وحی باطنی در حق امام تجویز می نمایند، پس در حقیقت ختم نبوت را منکر اند گو بزبان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را خاتم الانبیاء میگفته باشند۔
(تفہیمات الہیہ ص ۲۴۴)

عقیدہ میں امام کی شان یہ ہے کہ وہ معصوم ہوتا ہے، اس کی اطاعت فرض ہوتی ہے اور مخلوق کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر اور نامزد ہوتا ہے، اور شیعہ امام کے حق میں وحی باطنی کے قائل ہیں پس فی الحقیقت وہ ختم نبوت کے منکر ہیں اگرچہ زبان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیا کہتے ہیں۔

اس موضوع سے متعلق راقم سطور نے اوپر جو کچھ عرض کیا ہے اس کے مطالعہ کے بعد انشاء اللہ کسی کو بھی حضرت شاہ ولی اللہؒ کے اس نتیجہ فکر کے بارے میں کوئی شک شبہ نہیں رہے گا کہ شیعہ اپنے عقیدہ امامت کی وجہ سے ختم نبوت کے منکر ہیں ــــ آگے انشاء اللہ حضرت شاہ صاحب کی تصنیف "مسوّیٰ شرح موطا امام مالکؒ" کی عبارت نقل کی جائے گی جس میں انھوں نے اس بنیاد پر شیعہ اثنا عشریہ کو زنادقہ اور مرتدین کے زمرہ میں شمار کیا ہے

حاصل کلام : حضرات علماء شریعت و اصحاب فتویٰ کی خدمت میں یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا اس کا حاصل یہ ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کی بنیادی اور مستند کتابوں کے مطالعہ سے ان کے یہ تین عقیدے ایسے یقین کے ساتھ جس میں شک شبہ کی گنجائش نہیں آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں۔

ایک یہ کہ شیخین (حضرت صدیق اکبرؓ و فاروق اعظمؓ) کے بارہ میں ان کا عقیدہ ہے کہ وہ (معاذ اللہ) نہ صرف یہ کہ کافر و منافق تھے بلکہ اگلی امتوں کے شدید ترین کافروں نمرود اور فرعون و ہامان، اور اس امت کے خبیث ترین کافروں ابولہب و ابوجہل سے بھی حتیٰ کہ شیطان مردود سے بھی بدتر درجہ کے کافر تھے اور جہنم میں سب سے زیادہ عذاب انہی پر ہے

دوسرا یہ کہ موجودہ قرآن محرف ہے، اس میں ہر طرح کی تحریف اور کمی بیشی ہوئی ہے۔ یہ بعینہٖ وہ کتاب اللہ نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی

تیسرا یہ کہ ان کا بنیادی عقیدہ امامت ختم نبوت کی قطعی نفی کرتا ہے لہذا وہ اپنے اس عقیدہ کی وجہ سے ختم نبوت کے منکر ہیں، اگرچہ زبان سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء کہتے ہیں۔ جس طرح قادیانی بھی آپ کو خاتم النبیین اور خاتم الانبیاء کہتے ہیں۔

اس کے بعد یہ عاجز راقم سطور متقدمین و متاخرین علماء و فقہا کی چند عبارتیں بھی آپ حضرات کی خدمت میں پیش کر دینا مناسب سمجھتا ہے جن میں شیعہ اثنا عشریہ کے عقائد ذکر کر کے ان کے بارے میں شرعی فیصلہ فرمایا گیا ہے۔

شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں متقدمین و متاخرین اکابر علمائے امت اور فقہائے کرام کے فیصلے اور فتوے

امام ابن حزم اندلسیؒ متوفی ۴۵۶ھ

امام ابن حزم اندلسی نے "الفصل فی الملل والاھواء والنحل" میں امامیہ یعنی شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں تحریر فرمایا ہے

ومن قول الامامیۃ کلھا قدیمًا وحدیثًا ان القرآن مبدل زید فیہ ما لیس منہ ونقص منہ کثیر وبدل کثیر

(الفصل فی الملل والاھواء والنحل ص ۱۰۲ ج ۴)

اور پورا فرقہ امامیہ، ان کے متقدمین اور متاخرین سب اس کے قائل ہیں کہ قرآن بدل ڈالا گیا ہے اس میں وہ بڑھایا اور شامل کر دیا گیا ہے جو اس میں نہیں تھا اور بہت کچھ کم بھی کر دیا گیا ہے اور بہت تبدیلی اور تحریف کی گئی ہے۔

اور انہی امام ابن حزم نے اپنی اسی کتاب میں دوسری جگہ اسلام اور قرآن پر عیسائیوں کے کچھ اعتراضات نقل کئے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ تھا کہ:۔

ان الروافض یزعمون ان اصحاب نبیکم بدلوا القرآن واسقطوا منہ وزادوا فیہ

مسلمانوں ہی کے ایک فرقہ روافض (شیعوں) کا خیال اور دعویٰ ہے کہ تمہارے نبی کے صحابیوں نے قرآن میں تحریف کر دی۔

اس میں سے بہت کچھ ساقط کر دیا اور اضافہ بھی کیا (لہذا تمہارا قرآن محفوظ اور قابل اعتبار نہیں)

امام ابن حزم نے عیسائیوں کے تمام اعتراضات کا بالترتیب جواب دیا ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں تحریر فرمایا:۔

واما قولهم فی دعوی الروافض بتبدیل القراءات فان الروافض لیسوا من المسلمین۔

(الفصل لابن حزم جلد ۲ ص ۷۸)

اور ان عیسائیوں نے جو یہ کہا ہے کہ روافض کا دعویٰ ہے کہ قرآن میں تبدیلیاں کی گئی ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ روافض (شیعہ) مسلمانوں میں شامل نہیں ہیں وہ فی الحقیقت غیر مسلمین ہیں۔

قاضی عیاض مالکیؒ متوفی ۵۴۴ھ

قاضی عیاض مالکیؒ نے "کتاب الشفاء" میں شیعوں ہی کے بارے میں کلام کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:۔

نقطع بتکفیر کل قائل قال قولا یتوصل به الی تضلیل الامة وتکفیر جمیع الصحابة۔

(کتاب الشفا جلد ۲ ص ۲۸۶)

اور جو شخص ایسی بات کہے جس کے نتیجہ میں امت گمراہ قرار پائے اور تمام صحابہ کرام کی تکفیر ہوتی ہو تو ہم ایسے شخص کو قطعیت کے ساتھ کافر قرار دیں گے (اور ظاہر ہے کہ اثنا عشریہ کا یہی موقف ہے)

اور یہی قاضی عیاض اسی کتاب میں آگے تحریر فرماتے ہیں۔

وکذلك من انکر القرآن او حرفا منه او غیر شیئا منه او زاد فیه

ج ۲ ص ۲۸۹

اور اسی طرح ہم اس شخص کو بھی قطعیت کے ساتھ کافر قرار دیتے ہیں جو قرآن کا انکار کرے یا اس کے ایک حرف ہی کا انکار یا اس کے کسی کلمہ کو بدلے یا اس میں اضافہ کرے (جیسا کہ اثنا عشریہ کی بیشمار روایات میں ہے۔ جو راقم سطور کی کتاب میں بھی

دیکھی جا سکتی ہیں)۔

اور اسی سلسلۂ کلام میں آگے فرماتے ہیں :

وکذلک نقطع بتکفیر غلاۃ الرافضۃ فی قولہم ان الائمۃ افضل من الانبیاء (ج ۲ ص ۲۹۰)

اور اسی طرح ہم ان غالی شیعوں کی ان کے اس عقیدہ کی وجہ سے بھی قطعی تکفیر کرتے ہیں کہ ان کے اماموں کا درجہ نبیوں سے بالاتر ہے

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ متوفی ۵۶۱ھ

"غنیۃ الطالبین" حضرت قدس سرہٗ کی معروف تصنیف ہے۔ اس میں حضرت نے ایک فصل قائم فرمائی ہے جس کا عنوان ہے

فصل فی الفرق الضالۃ عن طریق الھدیٰ (ان فرقوں کے بیان میں جو گمراہ ہوگئے) ـــــ اس فصل میں خوارج اور پھر شیعوں کے مختلف فرقوں کے ذکر کے بعد ارقام فرمایا ہے۔

والذی اتفقت علیہ طوائف الرافضۃ وفرقہا اثبات الامامۃ عقلاً وان الامامۃ نص وان الائمۃ معصومون من الآفات والغلط والسھو والخطاء ..... ومن ذلک تفضیلھم علیاً فی جمیع الصحابۃ وتنصیصھم علی امامتہ بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وتبرءھم عن ابی بکر وعمر وغیرھما من الصحابۃ الا نفراً منھم ..... ومن ذلک

اور روافض (شیعوں) کے تمام فرقوں اور گروہوں کا اس پر اتفاق ہے کہ ان کا مسلہ امامت از روئے عقل بھی ثابت ہے اور امام کا تعین اللہ تعالیٰ کے صریح حکم سے ہوتا ہے اور یہ کہ امام ہر طرح کی آفات سے اور غلطی اور بھول چوک سے بھی معصوم ہوتے ہیں ..... اور ان شیعوں کے انہی عقائد میں سے یہ بھی ہے کہ وہ حضرت علیؓ کو تمام صحابہ سے افضل مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کے لئے ان کو اللہ و رسول کی طرف سے صراحت کے ساتھ امام بنا دیا گیا تھا

ایضا ادعاء هم ان الامة ارتدت بترکهم امامة علی الاستة نفر وهم علی وعمار والمقداد بن الاسود وسلمان الفارسی ورجلان آخران ..... ومن ذلک قولهم ان للامام ان یقول لست بامام فی حال التقیة .... وان الاموات یرجعون الی الدنیا قبل یوم الحساب .... و من ذلک ان الامام یعلم کل شئی ما کان وما یکون من امر الدنیا والدین حتی عدد الحصی وقطر الامطار وورق الاشجار وان الائمه تظهر علی ایدیهم المعجزات کالانبیاء علیهم السلام

(غنیۃ الطالبین ۱۵۶، ۱۵۷)

اور وہ بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ اور ان کے علاوہ تمام ہی صحابہ کرام سے سوائے گنتی کے چند آدمیوں کے، اور ان کے گمراہانہ اور اسلام سوز عقائد میں سے یہ عقیدہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت علیؓ کو امام و خلیفہ نہ ماننے اور نہ بنانے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت مرتد ہوگئی سوائے چھ آدمیوں کے اور وہ چھ یہ ہیں علی، عمار، مقداد بن الاسود سلمان فارسی اور دو اور آدمی (بس یہ چھ ہی مسلمان رہے باقی سب مرتد ہوگئے)۔

اور ان کے عقائد فاسدہ میں سے یہ بھی ہے کہ امام کے لئے جائز ہے کہ وہ تقیہ کرکے کہہ دے کہ میں امام نہیں ہوں ..... اور ان کا ایک فاسد عقیدہ، عقیدہ رجعت بھی ہے[1] ..... اور ان کا ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ امام کو دنیا اور دین کی تمام چیزوں کا علم ہوتا ہے، یہاں تک کہ دنیا بھر کے سنگ ریزوں اور کنکریوں اور بارش کے قطروں اور درختوں کے پتوں کی تعداد

---

[1] عقیدہ رجعت کی تفصیل راقم سطور کی کتاب میں ص ۲۴۳ پر دیکھی جاسکتی ہے، بلکہ حضرت علمائے کرام کی خدمت میں راقم سطور کی گزارش ہے کہ اگر شیعوں کی کسی کتاب میں ان کے اس عقیدہ کی تفصیل نظر سے نہیں گزری ہے تو راقم سطور کی کتاب میں ملاحظہ فرمالیں۔ حضرات علمائے کرام کا اس سے واقف ہونا ضروری ہے۔

کا بھی ان کو علم ہوتا ہے اور اماموں کے ہاتھ پر انبیاء علیہم السلام کی طرح معجزات بھی ظاہر ہوتے ہیں۔

آگے حضرت شیخ قدس سرہ نے اسی سلسلۂ کلام میں شیعوں کے مختلف فرقوں اور ان کے عقائد کا ذکر کرنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ شیعوں اور یہودیوں کے درمیان افکار و اطوار میں بہت مشابہت اور مماثلت ہے، پھر اس کی بہت سی مثالیں دی ہیں اس سلسلہ بیان کے آخر میں فرمایا ہے۔

والیھود حرفت التوراۃ وکذالک الرافضۃ حرفوا القرآن لانھم قالوا القرآن غیر وبدل وخولف بین نظمہ وترتیبہ واُحیل عما انزل علیہ وقرء علی وجوہ غیر ثابتۃ عن الرسول وانہ قد نقص منہ وزید فیہ (غنیۃ الطالبین ص۱۶۲)

اور یہودیوں نے تورات میں تحریف کی ایسے ہی روافض نے قرآن کو محرف کیا۔ کیونکہ انھوں نے دعویٰ کیا کہ قرآن میں تغیر و تبدل کیا گیا ہے اور اس کی ترتیب میں الٹ پلٹ کیا گیا ہے اور وہ جیسا نازل ہوا تھا اس کو بدل دیا گیا ہے اور وہ اس طرح پڑھا جاتا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں اور اس میں کمی بھی کی گئی ہے اور اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ حنبلی متوفی سنہ ۷۲۸ھ

شیخ الاسلام ابن تیمیہ اپنی معروف تصنیف الصارم المسلول میں ارقام فرماتے ہیں:

وقال القاضی ابو یعلی الذی علیہ الفقہاء فی سب الصحابۃ ان کان مستحلا لذالک کفر وان لم یکن مستحلا فسق ولم یکفر سواء

اور قاضی ابو یعلیٰ نے فرمایا کہ اس مسئلہ پر فقہا کا اتفاق ہے کہ اگر کوئی بدبخت صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کرے اس کو جائز سمجھ کر تو وہ کافر ہے اور اگر جائز نہیں سمجھتا گناہ ہی جانتا ہے (بس بدتمیزی کے بک دیا ہے) تو کافر نہیں ہوگا لیکن فاسق اور سخت گنہگار ہوگا۔ خواہ یہ گستاخی یہ ہو

كفرهم او طعن في دينهم مع اسلامهم

کہ انکو کافر کہے یا ان کو مسلمان مانتے ہوئے ان کی دینی حیثیت کو مجروح کرے اور ان کو بددین کہے ،

اسی سلسلۂ کلام میں آگے فرماتے ہیں :

وقطع طائفة من الفقها من اهل الكوفة[1] وغيرهم بقتل من سب الصحابة وكفر الرافضه

اور کوفہ کے فقہا کے ایک طبقہ نے قطعیت کے ساتھ فتویٰ دیا ہے کہ صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کرنے والا (اگر اسلامی حکومت ہو تو) سزائے موت کا مستحق ہے نیز انھوں نے فتویٰ دیا ہے روافض کے دائرہ اسلام سے خارج ہونے کا ۔

قال محمد بن يوسف الفريابي وسئل عمن شتم ابا بكر قال كافر، قيل نصلي عليه قال لا ۔

اور محمد بن یوسف الفریابی سے دریافت کیا گیا ایسے آدمی کے بارے میں جو صدیق اکبر رضؓ کی شان میں گالی بکے تو انھوں نے فرمایا کہ وہ کافر ہے ۔ پوچھا گیا کہ ایسے آدمی کی نماز جنازہ پڑھی جائے ؟ آپ نے فرمایا کہ نہیں ۔

شیخ الاسلام اسی سلسلہ میں آگے فرماتے ہیں :۔

قال ابو بكر بن هانى لا توكل ذبيحة الرافضة والقدرية كما لا توكل ذبيحة المرتد مع انه توكل ذبيحة الكتابى

امام ابوبکر ابن ہانی نے فرمایا کہ روافض اور قدریہ کا ذبیحہ کھانا جائز نہیں جیسے کہ مرتد کا ذبیحہ کھانا جائز نہیں ۔ حالانکہ اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کا ذبیحہ کھانا جائز ہے روافض اور قدریہ کا ذبیحہ کھانا اس لئے

---

[1] ملحوظ رہے کہ روافض کے بارے میں کوفہ کے علماء و فقہا کا فیصلہ و فتویٰ خاص اہمیت رکھتا ہے کیونکہ کوفہ رفض اور تشیع کا مرکز رہا ہے ۔ اس لئے وہاں کے علماء و فقہاء روافض کے عقائد و احوال سے زیادہ واقف رہے ہیں ۔

لان هؤلاء یقومون مقام المرتد (الصارم المسلول ص۵۷۵)

جائز نہیں کہ شرعی حکم کے لحاظ سے یہ مرتدین میں ہیں۔

علامہ علی قاریؒ متوفی سنہ ۱۰۱۴ھ علامہ علی قاری نے "شرح فقہ اکبر" میں ان عقائد اور ان فرقوں کا بیان کرتے ہوئے جن کے کفر پر ائمہ اور علماء کا اجماع ہے۔ تحریر فرمایا ہے

من جحد القرآن او کله او سورة منه او آیة (شرح فقہ اکبر ملا علی ص۵۳۰)

اور جو شخص قرآن کا انکار کرے پورے قرآن کا یا اس کی کسی ایک سورت کا یا ایک ہی آیت کا (وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے)

اور انہی علامہ علی قاری کی مرقاۃ شرح مشکوٰۃ کے حوالہ سے مظاہر حق کے تتمہ میں نقل کیا گیا ہے کہ انھوں نے اپنے زمانے کے روافض اور خوارج کے بارے میں تحریر فرمایا ہے کہ:

انهم یعتقدون کفر اکثر اکابر الصحابة فضلا عن سائر اهل السنة والجماعة فهم کفرة بالاجماع بلانزاع (مرتاۃ شرح مشکوٰۃ بحوالہ تتمہ مظاہر حق)

یہ لوگ اکثر صحابہ کے کافر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں چہ جائے کہ اہل سنت وجماعت پس ایسے لوگوں کے کفر پر سب کا اجماع ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

علامہ بحر العلوم لکھنویؒ علامہ ممدوح کی "مسلم الثبوت" کی شرح "فواتح الرحموت" کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو شیعوں کے عقیدہ تحریف قرآن کا علم نہیں تھا۔ شیعی عالم ابو علی طبرسی کی تفسیر جامع البیان کے مطالعہ سے ان کو معلوم ہوا کہ شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ موجودہ قرآن کامل مکمل نہیں ہے۔ اس کے جمع کرنے اور ترتیب دینے والے صحابہ کی تقصیر اور کوتاہی سے اس کے کچھ حصے غائب ہوگئے (اگرچہ خود اس مصنف کو اس عقیدہ سے اختلاف ہے) بہرحال ابو علی طبرسی کی اس کتاب کے مطالعہ سے جب علامہ بحر العلوم کو اس کا علم ہوا تو انھوں نے تحریر فرمایا

فمن قال بهذا القول فهو کافر لانکاره الضروری فانهم

جو اس کا قائل ہو اور جس کا یہ عقیدہ ہو وہ کافر ہے کیونکہ وہ ایک ایسی حقیقت کا

نواسخ الرحموت ص۶۱۸ (طبع نولکشور لکھنؤ) منکر ہے جو ضروریات دین میں سے ہے اسکو سمجھ لینا چاہیئے۔

علامہ کمال الدین المعروف بابن الہمامؒ متوفی ۶۸۱ھ

علامہ ابن الہمام نے فتح القدیر شرح ہدایہ باب الامامۃ میں تحریر فرمایا ہے:

وفی الروافض ان من فضل علیا علی الثلاثۃ فمبتدع وان انکر خلافۃ الصدیق او عمر رضی اللہ عنہما فھو کافر (فتح القدیر ج۱ ص۳۵۷ طبع نولکشور)

اور روافض کے بارے میں شرعی حکم یہ ہے کہ اگر وہ حضرت علی کو خلفائے ثلاثہؓ سے صرف افضل مانتا ہے تو بدعتی ہے اور اگر صدیق اکبر یا عمر فاروق کی خلافت کا منکر ہے تو وہ کافر ہے

فتاویٰ عالمگیری

فتاویٰ عالمگیری جو سلطان اورنگ زیب عالمگیرؒ کے دور حکومت میں ان کے حکم سے علماء و اصحاب فتویٰ کی ایک جماعت نے مرتب کیا اس میں ہے۔

الرافضی اذا کان یسب الشیخین و یلعنھما العیاذ باللہ فھو کافر وان کان یفضل علیا کرم اللہ وجھہ علی ابی بکر رضی اللہ عنہ لایکون کافرا الا انہ مبتدع۔

رافضی اگر شیخین (حضرت صدیق اکبرؓ و فاروق اعظمؓ) کی شان میں گستاخی کرے اور ان پر لعنت کرے (العیاذ باللہ) تو وہ کافر ہے اور اگر اس کا حال یہ ہو کہ وہ حضرت علی کو شیخین سے افضل مانتا ہو تو کافر نہیں ہے مبتدع یعنی بدعتی ہے۔

اسی سلسلہ کلام کے آخر میں فرمایا گیا ہے

وھؤلاء القوم خارجون عن ملۃ الاسلام واحکامھم احکام المرتدین (فتاویٰ عالمگیری جلد ۲ ص۲۹۸-۲۹۹ طبع ہند)

اور یہ لوگ یعنی روافض دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور ان کے احکام وہ ہیں جو شریعت میں مرتدین کے ہیں۔

علامہ ابن عابدین شامیؒ

ردالمحتار باب المرتد میں علامہ ابن عابدین کا رویہ تکفیر کے بارے میں سخت احتیاط کا ہے، جیسا کہ اس کے مطالعہ سے معلوم کیا جا سکتا

ہے ۔ تاہم وہ فرماتے ہیں ۔

نعم لا شک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا او انکر صحبۃ الصدیق ۔

ہاں جو بدبخت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو تہمت لگائے ، یا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار کرے تو اس کے کفر میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں ۔

(رد المحتار جلد ۲ صـ ۲۹۲)

ایک اہم انتباہ شیعوں کی تکفیر کے مسئلہ پر کلام کرتے ہوئے فقہا اور اہل فتویٰ کی عبارتوں میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر "قذف" (تہمت لگانے) کا جو ذکر آتا ہے (جو شامی کی مندرجہ بالا عبارت میں بھی ہے) اس سے مراد ایک سخت اور گندے گناہ کی تہمت ہے ، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ (دراصل بعض خبیث النفس منافقین کی شرارت سے) حضرت صدیقہؓ پر لگائی گئی تھی ۔ اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور میں حضرت صدیقہؓ کی برأت نازل فرما کر قیامت تک کے لئے ان کی پاکدامنی کی خداوندی شہادت اسی طرح محفوظ فرمادی جس طرح حضرت مریم صدیقہ کی پاکدامنی کی شہادت محفوظ کردی گئی ہے ، اس لئے ائمہ ، فقہا اور علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ جو بدبخت اس گناہ کی نسبت حضرت صدیقہؓ کی طرف کرے اس کے کفر و ارتداد میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں ، کیونکہ وہ قرآن کی تکذیب کرتا ہے ۔

راقم سطور اس سلسلہ میں حضرات علمائے شریعت کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ حضرات فقہا نے جس تہمت کا "قذف" کے لفظ سے ذکر کیا ہے وہ ایک گناہ کی تہمت تھی ۔ لیکن اثنا عشریہ کے علماء و مصنفین اس سے بھی شدید تر بلکہ خبیث ترین گناہ اور جرم کی تہمت حضرت صدیقہؓ پر لگاتے ہیں ۔ شیعوں کے خاتم المحدثین اور شیعہ مذہب کے ترجمان اعظم علامہ باقر مجلسی نے اپنی کتابوں میں حضرت صدیقہؓ کو بار بار "منافقہ" اور "کافرہ" لکھا ہے ۔ اور اس سے بھی آگے یہ کہا (معاذ اللہ) انہوں نے اور ان کے ساتھ دوسری ام المومنین حضرت حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما نے باہم سازش کرکے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زہر دے کر شہید کیا تھا (اس کی تفصیل راقم سطور کی

کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" کے صفحہ ۲۲۱ و ۲۲۲ پر دیکھی جا سکتی ہے۔
اس سلسلہ کی ایک مختصر سی روایت یہاں بھی ملاحظہ فرمالی جائے، مجلسی نے "حیات القلوب" میں لکھا ہے۔

وعیاشی بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ عائشہ وحفصہ آنحضرتؐ را بزہر شہید کردند (حیات القلوب ج ۲ ص ۸۸۰)

اور عیاشی نے معتبر سند سے امام جعفر صادق سے روایت کیا ہے کہ عائشہ وحفصہ نے آنحضرتؐ کو زہر دیکر شہید کیا تھا۔

ظاہر ہے کہ یہ تہمت "قذف" والی تہمت سے ہزار درجہ زیادہ شدید وخبیث ہے حضرات علمائے کرام فرمائیں کیا ایسی بات کسی ایسے شخص کے قلم سے نکل سکتی ہے جس کے قلب میں ذرہ بھر بھی ایمان ہو؟ ——— واضح رہے کہ یہی وہ مجلسی ہیں جن کی کتابیں شیعوں میں سب سے زیادہ مقبول ہیں۔ اور جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا جا چکا ہے کہ جناب خمینی صاحب نے اپنی کتاب "کشف الاسرار" میں فرمایا ہے کہ دینی معلومات حاصل کرنے کے لئے ملا باقر مجلسی کی کتابوں کا مطالعہ کیا جائے (کشف الاسرار ص ۱۲۱)

اور ہمارے ہی زمانہ کے ایک بلند پایہ شیعہ مجتہد علامہ محمد حسین نے جنھوں نے اثنا عشریہ کی حمایت اور اہلسنت کے رد میں متعدد کتابیں تصنیف فرمائی ہیں اور شیخ صدوق کے رسالہ "العقائد" کی اردو میں شرح بھی لکھی ہے، اس میں انھوں نے علامہ مجلسی کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے۔

"غواص بحار الاخبار، ناشر علوم ائمہ اطہار، سرکار علامہ مجلسی علیہ الرحمۃ"
(احسن الفوائد فی شرح العقائد ص ۴۳۶)

آج کے شیعی دنیا کے امام خمینی اور پاکستان کے ان بلند پایہ مجتہد کے ان بیانات سے سمجھا جا سکتا ہے کہ شیعی دنیا میں علامہ مجلسی کا کیا مقام ہے۔ ہمارے زمانہ کے شیعہ بھی حضرت صدیقہؓ کے بارے میں اپنا یہی عقیدہ برملا ظاہر کرتے ہیں کہ وہ مومنہ نہیں منافقہ تھیں[1]۔ (العیاذ باللہ)

---

[1] حالانکہ قرآن مجید سورۂ نور میں ان کی پاک دامنی کی شہادت کے ساتھ ان کے مومنہ ہونے کی شہادت بھی محفوظ کر دی گئی ہے۔ لہٰذا ان کو منافقہ یا کافرہ کہنا یا لکھنا کتاب اللہ کی صریح تکذیب ہے۔

ام المومنین حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا سے متعلق یہ بات تو ضروری سمجھ کر جملہ معترضہ کے طور پر عرض کر دی گئی، ورنہ شیعہ اثنا عشریہ سے متعلق متقدمین و متاخرین علماء و فقہا کے فتاوی پیش کئے جا رہے تھے۔ اب یہ عاجز آخر میں حضرت شاہ ولی اللہؒ (متوفی ۱۱۷۶ھ) کی تصنیف، موطا امام مالک کی شرح "مسوی" سے اس مسئلہ سے متعلق ان کا محققانہ کلام اور اس کے بعد ماضی قریب چودھویں صدی ہجری کے برصغیر ہی کے چند اکابر علماء و اصحاب فتوی کے فتووں کا اجمالی ذکر کر کے اس سلسلہ کو ختم کرتا ہے۔

شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں حضرت شاہ ولی اللہ کا فیصلہ

شاہ صاحب نے پہلے بتلایا کہ کافر تین قسم کے ہیں ـــــ فرماتے ہیں

ان المخالف للدین الحق ان لم یعترف به ولم یزعم له لا ظاهرا ولا باطنا فهو کافر وان اعترف بلسانه وقلبه علی الکفر فهو المنافق، وان اعترف به ظاهرا لکنه ینکر بعض ما ثبت من الدین ضرورة بخلاف ما فسره الصحابة والتابعون واجمعت علیه الامة فهو الزندیق۔

دین حق اسلام کے مخالف و منکر کا اگر حال یہ ہے کہ وہ ظاہر میں بھی اسلام کا منکر ہے اور باطن میں یعنی دل سے بھی منکر ہے تو اس کو کافر کہا جائے گا۔ اور اگر اس کا حال یہ ہے کہ ظاہر میں اور زبان سے تو اسلام کا اقرار کرتا ہے لیکن دل سے منکر ہے تو اس کو منافق کہا جائے گا۔ اور اگر ایسا ہے کہ بظاہر اسلام کو مانتا اور اپنے کو مسلمان کہتا ہے لیکن بعض ایسی دینی حقیقتوں کی جن کا ثبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قطعی اور بدیہی ہے ایسی تشریح اور تاویل کرتا ہے جو صحابہ و تابعین اور اجماع امت کے خلاف ہے تو اس کو زندیق کہا جائے گا۔

اس کے بعد حضرت شاہ صاحبؒ نے زندقہ کی چند مثالیں بیان فرمائی ہیں۔ اسی سلسلہ میں شیعوں کے بارے میں ارقام فرماتے ہیں۔

وكذلك من قال في الشيخين
ابي بكر وعمر مشدّ
ليامن اهل الجنة مع
تواتر الحديث في بشارتهما
او قال ان النبي صلى الله عليه
وسلم خاتم النبوة لكن
معنى هذا الكلام انه
لا يجوز ان يسمى بعده احدٌ بالنبي
واما معنى النبوة وهو
كون الانسان مبعوثاً من الله
تعالى الى الخلق، مفترض الطاعة
معصوماً من الذنوب ومن
البقاء على الخطاء فيما
يرى فهو موجودٌ في الائمة
بعده فذلك هو
الزنديق وقد
اتفق جماهير المتاخرين
من الحنفية والشافعية
على قتل من يجري
ذلك المجرى

مسوی شرح موطا امام مالک رحمہ اللہ
جلد دوم طبع دہلی ۱۲۹۳ھ

اور اسی طرح وہ لوگ بھی زندیق ہیں۔ جو
کہتے ہیں کہ شیخین حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ
اہل جنت (یعنی مومنین صادقین) میں سے
نہیں ہیں (بلکہ معاذ اللہ منافق اور جہنمی
ہیں) جبکہ واقعہ یہ ہے کہ وہ حدیثیں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ ثابت
ہیں جن میں ان دونوں کے جنتی ہونے
کی بشارت (اور مومن صادق ہونے کی
شہادت) دی گئی ہے۔۔۔۔۔۔ یا
جو یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم خاتم النبوۃ اور خاتم النبیین ہیں
لیکن اس کا مطلب اور مقتضیٰ بس یہ ہے
کہ آپؐ کے بعد کسی کو نبی نہ کہا جائے گا
لیکن نبوت کی جو حقیقت ہے، یعنی کسی
انسان کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے مخلوق کی
ہدایت کے لئے مبعوث اور نامزد ہونا،
اور گناہوں سے اور رائے میں غلطی اور
اس پر قائم رہنے سے معصوم و محفوظ
اور اس کا مفترض الطاعت ہونا۔ تو
یہ سب ہمارے اماموں کو حاصل ہے
۔۔۔۔ تو ایسے عقائد اور خیالات رکھنے
والے زندیق ہیں۔ اور جمہور متاخرین حنفیہ و
شافعیہ کا اس پر اتفاق ہے کہ (اگر
اسلامی حکومت ہو تو اسلامی قانون میں
مرتدین کی طرح) یہ لوگ سزائے موت کے مستحق ہیں

ماضی قریب کے برصغیر ہی کے اکابر علمائے کے فتوے :

چودھویں صدی ہجری کے اکابر علمائے اہلسنت میں حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کو اثنا عشری مذہب سے واقفیت کے بارے میں امتیاز اور تخصص کا مقام حاصل تھا، اس مذہب کے وسیع و عمیق مطالعہ کے بعد وہ یقین کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس کے بعض عقائد اسلام کے بنیادی عقائد سے متصادم ہیں، اس لئے اثنا عشری فرقہ حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنابلہ اور اہل حدیث کی طرح اسلامی فرقہ نہیں ہے بلکہ اپنے تعلقی موجب کفر عقائد کی وجہ سے وہ قادیانیوں کی طرح دائرہ اسلام سے خارج ہے ——— پھر انھوں نے اپنا دینی فریضہ سمجھا کہ امت کے عوام و خواص کو (جنھوں نے شیعہ مذہب کا مطالعہ نہیں کیا ہے) اس حقیقت سے واقف اور باخبر کرنے کی ممکن کوشش کی جائے توفیق الٰہی ان کی رفیق ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اس موضوع پر ان سے وہ کام کرالیا جو انشاء اللہ ہمیشہ امت کی رہنمائی کرتا رہے گا ——— اس سلسلہ میں انھوں نے اب سے قریباً ساٹھ سال پہلے ایک فتویٰ بھی لکھا جو اس دور کے دیگر اکابر علماء و اصحاب فتویٰ کی تصدیقات کے ساتھ

"شیعہ اثنا عشریہ کے کفر و ارتداد سے متعلق اکابر علماء کا متفقہ فتویٰ"

کے عنوان سے شائع ہوا تھا ——— اس فتوے پر دارالعلوم دیوبند کے اس دور کے مفتی مولانا ریاض الدین صاحب اور صدر المدرسین و شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی، حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی اور تمام ہی اساتذۂ دارالعلوم کی تصدیقات ہیں ——— ان کے علاوہ مدرسہ عالیہ اسلامیہ امروہہ کے صدر المدرسین حضرت مولانا حافظ عبدالرحمٰن صاحب امروہوی اور امروہہ کے دیگر حضرات علماء کرام کی بھی تصدیقات ہیں۔ نیز حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کی بھی تصدیق ہے ——— (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

اس فتوے کے بارے میں یہ بات بھی خاص طور سے قابل ذکر ہے کہ یہ فتویٰ جب طبع ہو کر شائع ہوا تو مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی علیہ الرحمہ نے اس فتوے کے بارے میں اپنے کچھ اشکالات لکھ کر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بھیجے، حضرت نے پوری تفصیل سے تمام اشکالات کا جواب تحریر فرمایا اور فتوے کے ہر جزو کی تصویب و تصدیق فرمائی۔ یہ سوال و جواب ایک مختصر رسالہ ہو گیا تھا۔ پہلے یہ اسی زمانہ میں خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون سے شائع ہونے والے ماہنامہ "النور" میں شائع ہوا تھا اس کے بعد امداد الفتاویٰ میں بھی محفوظ ہو گیا ہے۔

(ملاحظہ ہو امداد الفتاویٰ جلد چہارم ص ۸۴ تا ۸۰ طبع دیوبند)

[انشاء اللہ حضرت مولانا لکھنویؒ کا وہ اصل فتویٰ اور اس سے متعلق مولانا دریابادیؒ کے اشکالات اور حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے جوابات اس مجموعہ فتاویٰ کے آخر میں بہ طور ضمیمہ شامل کر دیئے جائیں گے]

دور حاضر کے حضرات علمائے شریعت و اصحاب فتویٰ کی خدمت میں گزارش

آپ حضرات نے شیعہ اثنا عشریہ کے "ائمہ معصومین" کی وہ روایات، ان کی بنیادی اور مسلمہ کتابوں کی وہ عبارات اور ان کے ان اکابر و اعاظم متقدمین و متاخرین علماء و مجتہدین کے جو شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ وہ بیانات ملاحظہ فرمائے جن کے مطالعہ کے بعد اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ

(۱) حضرات شیخین صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کے بارے میں ان کا عقیدہ ہے کہ وہ (معاذ اللہ) اگلی امتوں کے اور اس امت کے خبیث ترین کافروں (فرعون نمرود اور ابوجہل و ابولہب) سے حتیٰ کہ شیطان ملعون و مردود سے بھی بدتر درجہ کے کافر تھے۔

(۲) اور یہ کہ موجودہ قرآن ان کے نزدیک محرف ہے اس میں ہر طرح کی تحریف ہوئی ہے، وہ بعینہٖ وہ کتاب اللہ نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی گئی تھی

(۳) اور یہ کہ منصب امامت، نبوت سے بالاتر منصب ہے۔ اور اسی وجہ سے منصب امامت کے حامل ائمہ کا مقام وہ ہے جس تک کسی نبی یا رسول کی بھی رسائی نہیں۔ نیز یہ کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کی حقیقت ختم نہیں ہوئی بلکہ وہ ترقی کے ساتھ امامت کے عنوان سے جاری ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے کا مطلب اور حاصل صرف یہ ہے کہ آپ کے بعد آپ کے احترام و تعظیم کو ملحوظ رکھتے ہوئے کسی اور کے لئے نبی و رسول کا لفظ استعمال نہیں کیا جائے گا

پھر آپ نے شیعہ اثنا عشریہ کے ان عقائد کی بنا پر امت کے متقدمین و متاخرین حضرات علماء و فقہا کے فیصلے اور فتوے بھی ملاحظہ فرمائے۔

اب آپ حضرات سے درخواست ہے کہ ان سب چیزوں کے سامنے آجانے کے بعد آپ کے نزدیک شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں جو شرعی حکم ہو عام امت مسلمہ کی واقفیت اور رہنمائی کے لئے وہ تحریر فرمایا جائے واجرکم علی اللہ

بلاشبہ اپنے کو مسلمان کہنے والے کسی کلمہ گو شخص یا فرقہ کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دینے کا فیصلہ بڑا سنگین اور خطرناک کام ہے اور اس بارے میں آخری حد تک احتیاط کرنا علماء کرام کا فرض ہے۔ لیکن اسی طرح جس شخص یا فرقہ کے ایسے عقائد یقین کے ساتھ سامنے آجائیں جو موجب کفر ہوں تو عام مسلمانوں کے دین کی حفاظت کے لئے اس کے بارے میں کفر و ارتداد کا فیصلہ اور اعلان کرنا بھی علمائے دین کا فرض ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کے نازک ترین وقت میں منکرین زکوٰۃ اور مسیلمہ وغیرہ مدعیان نبوت اور ان کے متبعین کے بارے میں صدیق اکبرؓ نے جو فیصلہ فرمایا اور جو طرز عمل اختیار کیا وہ آپ کے لئے تاقیامت رہنما ہے۔

قادیانی نہ صرف یہ کہ اپنے کو مسلمان کہتے ہیں اور کلمہ گو ہیں، بلکہ انھوں نے اپنے خاص مقاصد کے لئے اپنے نقطۂ نظر کے مطابق ایک صدی سے بھی زیادہ مدت سے اپنے طریقہ پر اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا جو کام خاص کر یورپ اور افریقی ممالک میں کیا۔ اس سے باخبر حضرات واقف ہیں۔ اور خود ہندوستان میں قریباً نصف صدی تک اپنے کو مسلمان اور اسلام کا وکیل ثابت کرنے کے لئے عیسائیوں اور آریہ سماجیوں کا انھوں نے جس طرح مقابلہ کیا، تحریری اور تقریری مناظرے مباحثے کئے، وہ بہت

پرانی بات نہیں ہے، پھر ان کا کلمہ، ان کی اذان اور نماز وہی ہے جو عام امت مسلمہ کی ہے زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں ان کے فقہی مسائل قریب قریب وہی ہیں جو عام مسلمانوں کے ہیں، لیکن جب یہ بات یقین کے ساتھ سامنے آگئی کہ وہ فی الحقیقت عقیدہ ختم نبوت کے منکر ہیں اور مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی مانتے ہیں اگرچہ زبان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین کہتے ہیں۔ اور اسی طرح کے ان کے دوسرے موجب کفر عقیدے غیر مشکوک طور پر سامنے آئے تو علمائے کرام نے ان کے بارہ میں کفر و ارتداد کا فیصلہ اور اس کا اعلان کرنا اپنا فرض سمجھا اور اگر وہ یہ فرض ادا نہ کرتے تو خدا کے مجرم ہوتے۔

لیکن اثنا عشریہ کا حال یہ ہے کہ مذکورہ بالا موجب کفر عقائد کے علاوہ ان کا کلمہ الگ ہے ان کا وضو الگ ہے ان کی اذان اور نماز الگ ہے۔ زکوٰۃ کے مسائل بھی الگ ہیں نکاح و طلاق وغیرہ کے مسائل بھی الگ ہیں حتیٰ کہ موت کے بعد کفن دفن اور وراثت کے مسائل بھی الگ ہیں۔ اگر اس کو تفصیل سے لکھا جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے۔

بہر حال اپنے اس دور کے حضرات علمائے کرام کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپنی علمی و دینی ذمہ داری اور عند اللہ مسئولیت کو پیش نظر رکھ کر اثنا عشریہ کے کفر و اسلام کے بارے میں فیصلہ فرمائیں۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل



ہندوستان کے

حضرات اکابر علماء واصحاب فتوی

اور

ممتاز دینی مدارس کے

فتاوی وتصدیقات

اسلام کے ساتھ شیعوں کے رویہ کی تاریخ

روافض ہمیشہ) یہود، نصاریٰ، تاتاری مشرکین وغیرہ دشمنان اسلام کا ساتھ دیتے ہیں اور اللہ کے ان مخلص بندوں سے بغض و عداوت رکھتے ہیں جو اعلیٰ درجہ کے دیندار اور متقیوں کے سردار تھے اور دین کی تبلیغ و نصرت اور اسے قائم کرنے والے تھے۔ تاتاری کفار کے اسلامی ملکوں میں راہ پانے میں سب سے زیادہ دخل ان (روافض) ہی کو تھا۔ ابن علقمی اور طوسی وغیرہ کی دشمن نوازی اور مسلمانوں کے خلاف ان کی سازشیں اب ہر خاص و عام کو معلوم ہو چکی ہیں۔

شام میں جو روافض تھے انھوں نے بھی کھلم کھلا کافروں کا ساتھ دیا تھا، اور اس وقت عیسائیوں کی انھوں نے پوری مدد کی تھی، یہاں تک کہ مسلمانوں کے بچوں اور ان کی مملوکات کو ان کے ہاتھ غلاموں کی طرح فروخت کر دیا تھا۔ بلکہ ان کے کچھ لوگوں نے تو صلیبی جھنڈا بھی بلند کیا تھا، اور گذشتہ دور میں عیسائیوں کے بیت المقدس پر قبضہ میں بھی ان کا بڑا حصہ تھا۔

یہ اور اس طرح کے دوسرے معاملات ہی کی وجہ سے مسلمانوں سے انکی علیحدگی اور دین اسلام سے انکی دوری اور کافروں اور منافقین کے زمرہ میں ان کی شمولیت لازم ہے۔ جو شخص بھی ان کے حالات کا مشاہدہ کر چکا ہے وہ انھیں مسلمانوں سے بالکل الگ سمجھتا ہے .... انکی تمام تر کوشش یہی رہتی ہے کہ اسلام کو منہدم کر کے اسکی بنیادوں کو کھوکھلا اور اسکی وحدت کو پارہ پارہ کیا جا سکے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ اسلام کے ساتھ انکے رویہ اور معاملہ کی تاریخ بالکل سیاہ ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ۔ منہاج السنۃ ص ۱۱۰-۱۱۱ ج ۴

جواب از محدث جلیل علامۃ العصر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب

اثنا عشری شیعہ بلاشک وشبہ کافر مرتد ہیں، کیونکہ وہ تحریف قرآن کے برملا قائل اور معتقد ہیں ۔ اور اس کا خود شیعوں کو اعتراف ہے، ان دونوں باتوں کا ناقابل تردید ثبوت خود مستفتی نے پیش کر دیا ہے، مستفتی کے بیان کی تصدیق، اور ان کے کلام کی تصویب اور مزید تقویت وتائید کے لئے شیعوں کی اصح الکتب "الجامع الکافی" سے میں بھی چند روایتیں پیش کرتا ہوں ۔

۱- عن ابی جعفر علیہ السلام قال. نزل جبرئیل علیہ السلام بھذہ الآیۃ علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بئسما اشتروا بہ انفسھم ان یکفروا بما انزل اللہ فی علیؑ بغیاً

امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ جبرئیل (ع) محمد (ص) پر یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے "بئسما اشتروا ..... فی علیؑ بغیاً

۲- عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال نزل جبرئیل علیہ السلام علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھذہ الآیۃ ھٰکذا: یا ایھا الذین اوتوا الکتاب آمنوا بما نزلنا فی علیؑ نوراً مبینا ۔ (اصول کافی ص ۴۶۲)

امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ جبرئیل (ع) محمد (ص) پر یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے

"یا ایھا الذین اوتوا الکتاب آمنوا بما نزلنا فی علیؑ نوراً مبیناً"

امام باقرؑ اور امام جعفر صادقؑ کی ان دونوں روایتوں کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کو تبدیل اور شائع کرنے والے خلفائے ثلاثہ نے ان دونوں آیتوں میں سے فی علی نکال دیا اور یہ تحریف کر دی۔

۳۔ باقر مجلسی "حیات القلوب" میں لکھتا ہے کہ جعفر صادق علیہ السلام اس آیت کو اس طرح پڑھتے تھے۔

ان اللہ اصطفیٰ آدم ونوحا وآل ابراھیم وآل عمران وآل محمد علی العالمین

اور کہتے تھے کہ

پس آل محمد را از قرآن انداختند وگفت چنیں نازل شدہ است۔

(یعنی) ابوبکر و عمر اور ان کے ہمنواؤں نے قرآن سے لفظ آل محمد نکال ڈالا حالانکہ وہ آیت لفظ آل محمد کے ساتھ نازل ہوئی تھی

اور امام موسیٰ کاظمؑ سے بھی نقل کرتا ہے کہ انھوں نے فرمایا یہ آیت اس طرح نازل ہوئی تھی

وآل ابراھیم وآل عمران وآل محمد علی العالمین ——— (حیات القلوب ص ۶۲)

۴۔ قرأ رجل عند ابی عبداللہ علیہ السلام قل اعملوا فسیری اللہ عملکم ورسولہ والمؤمنون فقال: لیس ھکذا ھی، انما ھی والمامونون، فنحن المامونون

ایک شخص نے امام جعفر صادقؑ کے سامنے یہ آیت پڑھی "قل اعملوا فسیری اللہ عملکم ورسولہ والمؤمنون" (موجودہ قرآن میں یہ آیت اسی طرح ہے) تو امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ یہ آیت اس طرح نہیں ہے۔ صحیح اس طرح ہے "فسیری اللہ عملکم ورسولہ والمامونون" اور مامونون سے مراد ہم ائمہؑ ہیں

۵۔ عن ابی جعفر علیہ السلام قال: نزل جبرئیل علیہ السلام بھذہ الآیۃ ھکذا فابی اکثر الناس بولایۃ علی علیہ السلام الا کفورا

امام باقرؑ سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ جبرئیلؑ یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے فابی اکثر الناس بولایۃ علی علیہ السلام الا کفورا۔" (مطلب

یہ ہے کہ خلفائے ثلاثہ اور ان کے ساتھیوں
نے اس آیت میں سے "بولایۃ علی علیہ السلام" کے الفاظ نکالدیئے اور قرآن میں تحریف کردی)

۶ ۔ قال، ونزل جبرئیل علیہ السلام بھذہ الایۃ ھکذا: وقل الحق من ربکم فی ولایۃ علی علیہ السلام فمن شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر انا اعتدنا للظالمین بآل محمد نارا ۱۰۸

اور یہ بھی فرمایا کہ جبرئیل یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے "وقل الحق من ربکم فی ولایۃ علی علیہ السلام .... انا اعتدنا للظالمین بآل محمد نارا" (مطلب یہ ہے کہ اس آیت میں سے فی ولایۃ علی علیہ السلام اور آخر سے بآل محمد کے الفاظ نکال دیئے اور اس آیت میں دو تحریفیں کی گئیں۔

۷ ۔ عن ابی عبداللہ علیہ السلام فی قولہ تعالیٰ: سأل سائل بعذاب واقع للکافرین بولایۃ علی لیس لہ دافع، ثم قال، ھکذا واللہ نزل بھا جبرئیل علیہ السلام علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(صافی کتاب الحجۃ، جزو سوم حصہ ۲ ص ۱۰۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد "سأل سائل بعذاب واقع للکافرین لیس لہ دافع" کے بارے میں امام جعفر صادق نے ارشاد فرمایا کہ خدا کی قسم جبرئیل یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے کہ "للکافرین" کے آگے بولایۃ علی کے الفاظ تھے (مطلب یہ ہوا کہ ظالموں نے یہ الفاظ قرآن میں سے نکال دیئے اور تحریف کردی)۔

۸ ۔ عن ابی جعفر علیہ السلام قال: نزل جبرئیل علیہ السلام بھذہ الآیۃ علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ھکذا بدل الذین ظلموا آل محمد حقھم قولا غیر الذی قیل لھم فانزلنا علی الذین ظلموا آل محمد حقھم رجزاً

امام باقرؑ سے روایت ہے کہ جبرئیلؑ محمد (ص) پر یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے کہ "بدل الذین ظلموا آل محمد حقھم قولاً غیر الذی قیل لھم فانزلنا علی الذین ظلموا آل محمد حقھم رجزاً من السماء بما کانوا یفسقون"

من السماء بما كانوا يفسقون ٥
(صافی کتاب الحجہ جزء سوم حصہ ۲ ص ۱۰۶)

(مطلب یہ کہ اس آیت میں دو جگہ "آل محمد حقھم" کے الفاظ تھے۔ وہ دونوں جگہ سے نکال دیئے گئے)

۹- عن ابی جعفر قال: نزل جبرئیل بھذہ الآیۃ ھکذا: "ان الذین ظلموا آل محمد حقھم لم یکن اللہ لیغفر لھم الایۃ" ص ۱۰۶

امام باقرؑ سے روایت ہے کہ جبرئیل یہ آیت اس طرح لے کر نازل ہوئے تھے "ان الذین ظلموا آل محمد حقھم لم یکن اللہ لیغفر لھم الایہ (مطلب یہ کہ اس آیت میں سے بھی آل محمد حقھم کے الفاظ آل محمد کے دشمن ظالموں نے نکال دیئے

۱۰- عن ابی جعفر علیہ السلام قال ھکذا نزلت ھذہ الآیۃ "ولو انھم فعلوا ما یوعظون بہ فی علی لکان خیراً لھم" (ص ۱۰۶)

امام باقرؑ ہی سے یہ بھی روایت ہے کہ یہ آیت اس طرح نازل ہوئی تھی "ولو انھم فعلوا ما یوعظون بہ فی علی لکان خیراً لھم" (مطلب یہ کہ اس آیت میں سے بھی فی علیؑ نکال دیا گیا اور تحریف کر دی گئی۔

کافی میں ایک باب کا عنوان ہے "باب انہ لم یجمع القرآن کلہ الا الائمۃ" اس کی پہلی حدیث یہ ہے۔ راوی کہتا ہے۔

سمعت ابا جعفر علیہ السلام یقول ما ادعی احد من الناس انہ جمع القرآن کلہ کما انزل الا کذاب، وما جمعہ وحفظہ الا علی بن ابی طالب والائمۃ من بعدہ علیھم السلام۔
(صافی کتاب الحجہ ص ۱۵۸)

میں نے امام باقرؑ سے سنا آپ فرماتے تھے کہ جو دعویٰ کرے کہ اس نے پورا قرآن جس طرح کہ وہ نازل ہوا ہے جمع کر لیا ہے (یعنی وہ اس کے پاس ہے) وہ اعلیٰ درجہ کا جھوٹا ہے، پورا قرآن تو صرف حضرت علیؑ اور ان کے بعد کے اماموں نے جمع کیا ہے (یعنی

پورا قرآن صرف ان ہی کے پاس رہا ہے اور اب آخری امام امام غائب کے پاس ہے)
ملا خلیل قزوینی اس کی شرح میں لکھتا ہے۔

روایات خاصہ و عامہ در اسقاط بعض قرآن بسیار است

قرآن کے بعض حصوں کو حذف کر دینے کی روایتیں خاص شیعوں کے ہاں اور دیگر عوام کے ہاں بھی بہت بڑی تعداد میں ہیں۔

شیعوں کے قائل تحریف ہونے کی یہ شہادتیں مشتے نمونہ از خروارے ہیں، اور تحریف قرآن کا عقیدہ رکھنے کے بعد کوئی شخص مسلمان نہیں رہ سکتا، وہ بلاشبہ کافر و مرتد ہے، اس لئے کہ یہ ارشاد خداوندی (انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون) کی تکذیب ہے

نیز قرآن کو محرف ماننے کے علاوہ اس کو ناقابل استناد و احتجاج قرار دینا شیعہ اثنا عشریہ کے نزدیک ان کے ائمہ کی تعلیم ہے ـــــ شیعوں کی مشہور کتاب "رجال کشی" میں امام جعفر صادق کی یہ حدیث مذکور ہے

فنظرت فی القرآن فاذا هو یخاصم به المرجئی والقدری والزندیق الذی لا یؤمن به حتی یغلب الرجال بخصومته فعرفت ان القرآن لا یکون حجة الا بقیم (ص ۲۶۴)

اس قرآن سے تو مرجئی اور قدری اور زندیق جو اس پر ایمان نہیں رکھتا وہ بھی اس سے دلیل پکڑتا ہے اور مناظرہ میں لوگوں پر غلبہ حاصل کرتا ہے اس سے میں نے جان لیا کہ یہ قرآن بغیر کسی قیم (یعنی امام معصوم) کے قابل استناد و احتجاج نہیں ہے۔

اس کا حاصل یہ ہوا کہ اللہ کی نازل فرمائی ہوئی کتاب پاک قرآن حکیم جس کو اللہ تعالیٰ نے جا بجا مبین فرمایا ہے (یعنی صاف صاف بیان فرمانے والی) اور فرمایا انه لقول فصل (یعنی یہ قرآن قول فیصل ہے) نیز اس کی شان میں فرمایا لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه تنزیل من حکیم حمید (یعنی یہ قرآن اللہ حکیم و حمید کا نازل فرمایا ہوا ہے سراسر حق ہے اس میں باطل کسی طرف سے بھی داخل

نہیں ہوسکتا) اس کے بارے میں علاوہ تحریف کے اثنا عشریہ کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ وہ (معاذ اللہ) ایسی مہمل کتاب ہے کہ اس سے حق و باطل کا کوئی فیصلہ نہیں ہوسکتا جناب امام کی تشریح و تفسیر کی بنیاد پر ہی فیصلہ ہوسکے گا۔

قرآن کی اس سے بڑی اہانت اور کیا ہوسکتی ہے۔

ہم یہاں یہ وضاحت بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ قرآن مجید کی تحریف وغیرہ سے متعلق جو روایتیں یہاں نقل کی گئی ہیں ہمارے نزدیک وہ جناب امام باقر اور جعفر صادق وغیرہ بزرگوں پر شیعہ مذہب گڑھنے والوں اور ان کے مصنفین کا افترا ہے ــــ ان بزرگوں کا دامن اس طرح کی موجب کفر باتوں سے بالکل پاک ہے۔ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ہ ــــ

(۲)

اثنا عشری شیعوں کے خبیث اور کفریہ عقائد میں سے ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد چار شخصوں کے سوا سارے صحابہ تمام مہاجرین و انصار مرتد ہو گئے تھے، یعنی کفر کی طرف پلٹ گئے تھے، اور کفار کی بدترین قسم میں شامل ہو گئے تھے، اور اس ارتداد میں سب سے زیادہ اور بھرپور حصہ حضرت ابوبکر و عمرؓ نے لیا تھا، اور اسی کفر و ارتداد کی حالت میں ان کی وفات ہوئی توبہ کی توفیق نصیب نہ ہوئی۔

شیعوں کی مستند کتاب "رجال کشی" کے صفحہ ۴ پر ہے۔

عن ابی جعفر علیہ السلام قال کان الناس اھل الردۃ بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا ثلاثۃ فقلت ومن الثلاثۃ؟ فقال المقداد بن الاسود، وابوذر الغفاری وسلمان الفارسی

امام باقر سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سب لوگ مرتد ہو گئے، سوائے تین کے (راوی کہتا ہے) میں نے پوچھا کہ وہ تین کون تھے؟ تو جناب امام نے فرمایا کہ مقداد بن الاسود اور

ابوذر غفاری و سلمان فارسی ۔

نیز اسی کے صفحہ ۵ پر ہے کہ حمران نے ابوجعفر علیہ السلام سے کہا، اُف ہماری تعداد کتنی کم ہے ! ابوجعفر نے فرمایا کہ میں تم کو اس سے بھی زیادہ تعجب خیز بات بتاؤں ؟ حمران نے کہا ضرور بتائیے، آپ نے فرمایا ۔

المہاجرون والانصار ذھبوا الا.... یعنی مہاجرین و انصار سب چلے گئے

.... واشار بیدہ ثلاثۃ ۔ (ص۵) (یعنی مرتد ہو گئے) صرف تین بچے

اور صفحہ ۶ پر ایک روایت ہے جس کا آخری حصہ یہ ہے ۔

وما علق الا ھؤلاء الثلاثۃ، قلت: فاکان فیہ عمار؟ فقال: لا، قلت:

فعمار من اھل الردۃ ؟ فقال: ان عمار اً قد قاتل مع علی علیہ السلام بعدہ

پوری روایت کا مطلب یہ ہے کہ ابوجعفر (یعنی امام باقر) علیہ السلام نے فرمایا کہ مہاجرین و انصار سب نے حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ ہی امیر المومنین ہیں اور بخدا آپ ہی سب سے زیادہ حقدار ہیں اور آپ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانشینی کے سزاوار ہیں ۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو کل صبح سر منڈا کر آؤ پس صرف سلمان اور مقداد اور ابوذر نے سر منڈایا دوسرے کسی نے بھی نہیں منڈایا اور چلے گئے، دوسرے دن آکر انھوں نے پھر یہی بات کہی، اور حضرت علی نے اپنا وہی جواب دہرایا پس اس دن بھی ان تین کے سوا اور کسی نے سر نہیں منڈایا ۔

راوی کہتا ہے میں نے پوچھا کہ کیا ان میں عمار نہیں تھے ؟ کہا، نہیں، میں نے کہا تو کیا عمار بھی مرتدین میں تھے ؟ تو ابوجعفر نے کہا کہ عمار نے بعد میں حضرت علی علیہ السلام کی معیت میں جہاد کیا تھا ۔

اور صفحہ (۸) میں انھیں ابوجعفر علیہ السلام کے یہ الفاظ مذکور ہیں

ارتد الناس الا ثلاثۃ نفر: سلمان و ابوذر و المقداد ۔ یعنی سارے لوگ تین کو چھوڑ کر مرتد ہو گئے ایک سلمان، دوسرے ابوذر تیسرے مقداد

ملا مجلسی "کشی" کے حوالے سے لکھتا ہے ۔

وایضاً بسند حسن از حضرت امام محمد باقر علیہ السلام روایت کردہ است کہ صحابہ بعد از حضرت رسول مرتد شدند، مگر سہ نفر سلمان، وابوذر، ومقداد، راوی گفت کہ عمار چہ شد حضرت فرمود کہ اندک میلے کرد و بزودی برگشت ۔ حیات القلوب ص ۸۳۷/۲

نیز مجلسی "حیات القلوب" ہی میں لکھتا ہے :

وابن ادریس بسند معتبر از مفضل روایت کردہ ست کہ گفت عرض کردم بر حضرت صادق جماعتے را کہ بعد از رسول مرتد شدند پس ہر کہ را نام می بردم می فرمود کہ دور شو از من تا آنکہ حذیفہ وابن مسعود را گفتم و ہر یک را چنیں گفت پس فرمود کہ اگر آنہا را می خواہی کہ ہیچ شک در ایشاں داخل نشدہ است پس بر تو باد بابوذر وسلمان ومقداد ۔

وعیاشی بسند معتبر از حضرت امام محمد باقر علیہ السلام روایت کردہ است کہ چوں حضرت رسول از دنیا رحلت نمود مردم ہمہ مرتد شدند بغیر چہار نفر علی بن ابی طالب، ومقداد، وسلمان، و ابوذر راوی پرسید کہ عمار چہ شد، حضرت فرمود کہ اگر کسے را می خواہی کہ ہیچ شک در او داخل نشدہ باشد ایں سہ نفر اند ص ۲۶۷ (مجلسی کی نقل کردہ ان روایات کا مطلب یہی ہے کہ حضورؐ کی وفات کے بعد تمام صحابہ مرتد ہو گئے سوائے چار کے) اصول کافی میں امام جعفر کا ارشاد ہے

کرہ الیکم الکفر والفسوق والعصیان الاول والثانی والثالث

یعنی اس آیت میں کفر، فسوق اور عصیان سے مراد اول، ثانی اور ثالث ہیں ۔

صافی شرح اصول کافی (کتاب الحجہ جزء ۲ حصہ ۲ ص ۱۱۰)

ملا خلیل قزوینی لکھتا ہے ۔

مراد ابوبکر وعمر وعثمان است

یعنی کفر سے مراد ابوبکر، فسوق سے مراد عمر اور عصیان سے مراد عثمان ہیں ۔

مجلسی، کلینی اور عیاشی سے نقل کرتا ہے کہ امام محمد باقرؑ سے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم کی تفسیر پوچھی گئی تو انھوں نے اور پہلے سے یوں تفسیر بیان کرنا شروع کی کہ الم تر الی الذین اوتوا نصیبا من الکتاب یومنون بالجبت والطاغوت میں جبت اور طاغوت سے ابوبکر وعمر مراد ہیں، مجلسی کے الفاظ یہ ہیں :۔

حضرت فرمود کہ مراد بہ جبت وطاغوت دوبت منافقانند ابوبکر وعمر
ویقولون للذین کفروا ھٰؤلاء اھدی من الذین امنوا سبیلا، حضرت فرمود کہ
مراد خلفا رجور وامامان گمراہ کہ مردم را بسوئے آتش جہنم می خوانند، ایشاں می گفتند
کہ اینہا ہدایت یافتہ ترانداز آل محمد، الخ۔ (ص ۹۵)

ان سب عبارتوں اور روایتوں کا حاصل اور خلاصہ یہ ہے کہ شیعوں کے عقیدہ میں (چار
پانچ کے سوا) تمام صحابہ، سارے مہاجرین وانصار مرتد وکافر ہو گئے تھے۔ خاص کر ابوبکر
وعمر وعثمان کفر، فسوق، عصیان کے مصداق تھے، اور نیز ابوبکر وعمر جبت وطاغوت
تھے۔ استغفر اللہ ثم استغفر اللہ !!

شیعوں نے اپنا یہ عقیدہ ظاہر کر کے قرآن کریم کی بکثرت آیات کو جھٹلایا ہے۔ مثلاً
محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم تراھم رکعا سجدا
یبتغون فضلاً من اللہ ورضوانا (آخر سورہ تک) یہ عقیدہ اس آیت کے ایک ایک لفظ کی
تکذیب کرتا ہے۔

اور مثلاً آیت ورایت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا، کہ اس کی بھی تکذیب
اس سے ہوتی ہے اور مثلاً اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا کی تکذیب بھی ہوتی ہے
نیز اس عقیدہ سے اسلام کی تاریخ مسخ ہوتی ہے، اسکی رو سے اسلام کے ہیرو چند کافر
ومرتد، باطل پرست، غاصب حقوق، ظالم اور ظالم بھی اہل بیت رسالت کے حق میں قرار
پاتے ہیں جو اسلام کے سخت ترین توہین اور بدترین درجہ کی اسلام دشمنی ہے

اس عقیدہ کی رو سے یہ بھی واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ (معاذ اللہ) رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ناکام رہی۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انتہائی درجہ کی اہانت ہے

نیز اس عقیدہ کی رو سے باور کرایا جاتا ہے کہ قرآن پاک اور احادیث نبویہ اور ساری
شریعت کافر ومرتد، باطل پرست اور منافقوں کے ہاتھوں سے ملی، جو کفر وفسوق وعصیان
کے مصداق تھے۔ پھر ایسے قرآن ایسی شریعت پر اعتماد کیسے کیا جا سکتا ہے؟

ان وجوہ اور ان کے علاوہ اور وجوہ سے ائمہ اسلام مثلاً قاضی عیاض اور ملا علی

قاری نے واضح طور پر یہ فتویٰ صادر فرمایا

نقطع بتکفیر کل قائل قال قولاً یتوصل بہ الی تضلیل الامۃ و تکفیر جمیع الصحابۃ۔
(کتاب الشفاء)

ہم قطعی طور پر ایسے شخص کی تکفیر کرتے اور اس کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیتے ہیں جو ایسی بات کہے جس کے نتیجہ میں ساری امت گمراہ قرار پاتی ہو اور تمام صحابہ کی تکفیر ہوتی ہو۔

انھم یعتقدون کفر اکثر الصحابۃ فضلا عن سائر اھل السنۃ والجماعۃ فھم کفرۃ بالاجماع بلانزاع - (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ)

یہ شیعہ روافض اکثر صحابہ کے کافر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں چہ جائیکہ اہل السنۃ و الجماعۃ پس یہ لوگ بالاجماع کافر ہیں، اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے

(۳)

اثنا عشری شیعوں کے وجوہ کفر میں سے ایک وجہ انکار ختم نبوت بھی ہے۔ اہل اسلام کے نزدیک انبیاء علیہم السلام کے سوا نبیوں رسولوں کی طرح کوئی معصوم اور مفترض الطاعۃ (جس کی اطاعت فرض ہو) نہیں ہے لیکن شیعوں کے عقیدہ میں امام بھی معصوم اور مفترض الطاعۃ ہوتا ہے، اس پر وحی بالغی آتی ہے، اس کو حلال وحرام کرنے کا اختیار ہوتا ہے، وہ تمام کمالات و شرائط اور صفات میں انبیاء کا ہم پلہ ہوتا ہے، اس میں اور پیغمبر میں کوئی فرق نہیں ہوتا، بلکہ امامت کا مرتبہ پیغمبری سے بھی بالاتر ہے۔

مجلسی "حیات القلوب" میں رقم پرداز ہے

حضرت صادق علیہ السلام فرمود کہ گواہی می دہم کہ علی علیہ السلام امامے بود کہ خدا اطاعتش واجب گردانیدہ وحسن ابن علی امامے بود کہ خدا اطاعتش را واجب کردہ الخ

حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ علی علیہ السلام امام تھے کہ خدا نے ان کی اطاعت واجب کی تھی اور حسن بن علی امام تھے کہ خدا نے انکی اطاعت واجب کی تھی۔ الخ

(ص۲۶۴ اور کافی مع شرح صافی کتاب الحجہ جزء سوم ص۵۷)

اس کے علاوہ سیکڑوں سے زیادہ تصریحات ائمہ اس بارے میں موجود ہیں، از انجملہ "رجال کشی" میں ہے کہ منصور ابن حازم نے امام جعفر سے کہا :

اشهد ان عليا كان قيم القرآن و كانت طاعته مفترضة وكان حجة على الناس بعد رسول الله (ص۲۶۴)

میں شہادت دیتا ہوں کہ علی قرآن کے قیم تھے اور انکی اطاعت فرض کی گئی تھی، اور وہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں پر اللہ کی حجت تھے۔

اور صفحہ (۲۶۵) میں ہے کہ خالد یکلی نے امام جعفر سے اپنا دین و مذہب بیان کرنے کے سلسلہ میں کہا :

واشهد ان عليا كان له من الطاعة المفروضة على العباد مثل ما كان لمحمد صلى الله عليه وآله) على الناس فقال كذلك كان على ۔

اور میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ نے بندوں پر علی کی اطاعت اسی طرح فرض کی تھی جسطرح محمد (ص) کی اطاعت لوگوں پر فرض تھی (تو امام جعفر نے) فرمایا کہ ہاں علیؑ ایسے ہی تھے۔

اور صفحہ (۲۶۶) میں ہے کہ حسن بن علی عطار نے امام جعفر کے سامنے اپنا دین یہ بیان کیا کہ

وان عليا امامي فرض الله طاعته، من عرفه كان مومنا، ومن جهله كان ضالا ومن رد عليه كان كافراً ۔

علی میرے امام ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی اطاعت فرض کی ہے، جس نے ان کو اور ان کے اس مرتبہ کو پہچانا وہ مومن ہے اور جس نے نہیں پہچانا وہ گمراہ ہے اور جس نے ان کی امامت کو نہ مانا اور رد و انکار کیا وہ کافر ہے۔

اور کافی میں ہے :

عن ابي عبد الله عليه السلام قال، ما جاء به علي عليه السلام اخذ به وما نهى عنه انتهى عنه، جرى له من الفضل مثل ما جرى لمحمد صلى الله عليه وآله ۔

امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا علی (ع) جو حکم لائے میں اس پر عمل کرتا ہوں، اور جس چیز یا جس کام سے انھوں نے منع فرمایا اس سے باز رہتا ہوں ان کو فضیلت کا وہی درجہ اور مقام حاصل ہے جو

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو حاصل تھا

علامہ مجلسی حیات القلوب" میں لکھتا ہے

وحق این است کہ در کمالات وشرائط وصفات فرقے میان پیغمبر وامام نیست (ص۲ طبع لکھنؤ)

اور حق یہ ہے کہ کمالات اور شرائط اور صفات میں پیغمبر اور امام کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوتا

اور اسی صفحہ پر لکھتا ہے:

از بعضے اخبار معتبرہ کہ انشاء اللہ بعد ازیں مذکور خواہد شد معلوم می شود کہ مرتبۂ امامت بالاتر از مرتبۂ پیغمبری است، چنانچہ حق تعالیٰ بعد از نبوت بحضرت ابراہیم خطاب فرمود کہ انی جاعلك للناس اماما (ص۳)

اور بعض معتبر حدیثوں سے جو انشاء اللہ بعد میں ذکر کی جائیں گی معلوم ہوتا ہے کہ امامت کا درجہ پیغمبری (نبوت ورسالت) کے درجہ سے بالاتر ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کو نبوت عطا فرمانے کے بعد فرمایا تھا کہ میں تم کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔

اور آخر میں صاف صاف لکھتا ہے، کہ

وازبرائے تعظیم حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآنکہ او بخاتم انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باشد منع اطلاق اسم نبی وآنچہ مرادف این است در آں آنحضرت کردہ اند (ص۴)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی تعظیم کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ آپؐ کو خاتم انبیاء قرار دیا گیا ہے جناب امامؑ پر نبی اور اس کے ہم معنی کسی لفظ کے اطلاق کو منع کیا گیا ہے

ان عبارتوں کے مطالعہ کے بعد اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ اثنا عشری شیعہ "ختم نبوت" اور "خاتم النبیین" کے الفاظ کے تو قائل ہیں لیکن اس کی حقیقت کے قطعی منکر ہیں ــــ اسی بنا پر حضرت شاہ ولی اللہؒ نے مؤطا امام مالک کی عربی شرح مسوّیٰ میں ان کو دائرہ اسلام سے خارج اور زندیق قرار دیا ہے۔ مسوّیٰ کی عبارت استفتا میں نقل کی جا چکی ہے

اب میں چاہتا ہوں کہ میں نے شیعوں کے کفر وارتداد کی جو وجہیں شمار کرائی ہیں، ان سے متعلق علماء اسلام کی چند تصریحات اور ان کی بنا پر روافض کے حق میں ان کے فتاویٰ تکفیر بھی نقل کر دوں

شرح شفا ملا علی قاری میں ہے

وکذلک نقطع بتکفیر غلاۃ الرافضۃ فی قولھم ان الائمۃ المعصومین افضل من الانبیاء والمرسلین، وھذا کفر صریح (شرح شفا ص ۵۲۶ ج ۲)

اور ہم اسی طرح غالی روافض کے اس عقیدہ کی وجہ سے کہ ان کے ائمہ معصومین انبیاء و مرسلین سے افضل ہیں ان کی قطعی تکفیر کرتے ہیں اور یہ صریح کفر ہے۔

وکذلک من انکر القرآن او حرفا منہ او غیر شیئا منہ او زاد فیہ (شرح شفا ص ۵۲۵ ج ۲)

اور اسی طرح وہ شخص بھی کافر ہے جو قرآن کا انکار کرے، یا اس کے کسی ایک حرف ہی کا انکار کرے یا اس کے کسی لفظ میں تغیر و تبدیل کرے یا اس میں کسی کلمہ کا اضافہ کرے۔

وکذلک نقطع بتکفیر کل قائل قال قولاً یتوصل بہ الی تضلیل الامۃ وتکفیر جمیع الصحابۃ۔

اور اسی طرح ہم ہر اس شخص کی قطعی تکفیر کرتے ہیں جو ایسی بات کہے جس کے نتیجہ میں ساری امت گمراہ اور تمام صحابہ کافر قرار پائیں۔

وکذلک بتکفیر بعض الصحابۃ عند اھل السنۃ والجماعۃ (ص ۵۲۱ ج ۲)

اور اسی طرح اہل السنۃ والجماعۃ ایسے شخص کی تکفیر پر بھی متفق ہیں جو بعض صحابہ کی تکفیر کرے (یعنی جن کے صحابی رسول ہونے میں کسی شک شبہ کی گنجائش نہیں)

ملا علی قاری آگے لکھتے ہیں:

واما من کفر جمیعھم فلا ینبغی ان یشک فی کفرہ لمخالفۃ نص القرآن من قولہ سبحانہ وتعالیٰ (والسابقون الاولون من المھاجرین والانصار) وقولہ تعالیٰ: (لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ)

اور جو بدبخت تمام صحابہ کی تکفیر کرے تو اس کے کفر میں شک شبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ وہ قرآن کے ان صریح نصوص کی مخالفت کرتا ہے ــــ (والسابقون الاولون من المھاجرین والانصار) ــــ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لقد رضی اللہ عن

وبیانہ ان ھذہ الآیات تنفی فلا یبطلہ قول معوہ لا اصل لہ من جھۃ النقل ولا من طریق العقل ۔

المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ
یہ آیتیں قطعی ہیں اور ان کا مفہوم واضح ہے تو کسی فریبی اور دھوکہ کار کا کوئی ایسا قول جس کی کوئی عقلی یا نقلی سند و بنیاد نہ ہو وہ اس کو غلط قرار نہیں دے سکتا ۔

اور شرح فقہ اکبر میں صفحہ ۱۹۸ پر ہے

ولو انکر خلافۃ الشیخین یکفر اقول وجھہ انہ ثبتت بالاجماع من غیر النزاع ۔

اور اگر کوئی شخص شیخین کی خلافت کا انکار کرے (اور ان کو خلیفہ برحق نہ مانے) تو وہ کافر قرار دیا جائے گا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان دونوں بزرگوں کی خلافت پر تمام صحابہ کا اجماع ہو گیا کوئی اختلاف نہیں ہوا ۔

المختصر وجوہ مفصلہ بالا کی بنا پر اثنا عشری شیعہ علمائے اسلام کے نزدیک کافر و مرتد ہیں ۔ واللہ اعلم

کتبہ حبیب الرحمن الاعظمی
۷ صفر المظفر ۱۴۰۰ھ

تصدیق وتوثیق حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری مدظلہ (راندیر)

وحضرات مفتیان عظام واساتذہ کرام جامعہ حسینیہ (ودارالعلوم اشرفیہ (راندیر)

الجواب حق . فماذا بعد الحق الا الضلال ۔ احقر سید عبدالرحیم لاجپوری غفرلہ

(مہر)

۱۱ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ

الجواب صحیح : محمد رضا احمیری (شیخ الحدیث دارالعلوم اشرفیہ)

اصاب المجیب ۔ عبدالغنی کاوی عفی عنہٗ (مفتی دارالعلوم اشرفیہ) [کاوی وطن ہے]

الجواب صحیح وخلافہ قبیح ـــ ناچیز اسماعیل غفرلہ خادم افتاء جامعہ حسینیہ راندیر

الجواب صحیح واللہ اعلم ـــ العبد ظہیر الدین الفیض آبادی عفی عنہٗ خادم الجامعۃ الحسینیہ

الجواب صحیح محمد ابراہیم اندوری غفرلہ خادم جامعہ حسینیہ

الجواب صحیح العبد عارف حسن عثمانی خادم مدرسہ اشرفیہ

الجواب صحیح ناچیز اسماعیل احمد غفرلہ خادم جامعہ حسینیہ

الجواب صحیح سید غلام رسول بورسدی استاذ حدیث جامعہ حسینیہ

الجواب صحیح سید عبدالحق قادری (ایڈیٹر ماہنامہ "حیات سورت")

المجیب مصیب محمد آچھودی خادم دارالعلوم اشرفیہ [آچھودی وطنی نسبت ہے]

الجواب صحیح احقر علی احمد پٹیل خانپوری خادم جامعہ حسینیہ

الجواب صحیح والمجیب مصیب یعقوب عفا اللہ عنہٗ ۔ خادم التدریس دارالعلوم اشرفیہ

الجواب صحیح محمد سہراب القاسمی خادم التدریس جامعہ حسینیہ

تصدیق وتوثیق حضرت مولانا سید اسعد مدنی صاحب دامت برکاتہم علمائے متد

[illegible] جواب [illegible] پڑھا ۔ احقر حرف بحرف اس سے [illegible] اتفاق [illegible] ہے ۔ مگر اس جہاد میں شرکت کو سعادت سمجھ کر دستخط کر دیئے ہیں ۔ اسعد مدنی

تصدیق وتوثیق حضرات اصحاب فتویٰ واساتذہ کرام

مدرسہ اسلامیہ عربیہ، جامع مسجد امروہہ،

الجواب صحیح — عزت اللہ غفرلہ، مفتی ومدرس جامعہ اسلامیہ عربیہ (جامع مسجد امروہہ)
" — احقر طاہر حسین غفرلہ شیخ الحدیث " " "
" — بشیر احمد غفرلہ، فیض آبادی صدر المدرسین " " "
" — محمد فخر الدین قاسمی، استاذ حدیث " " "
" — محمد اکمل عفی عنہ " " " "
" — محمد اسماعیل غفرلہ مدرس " " "
" — منظور احمد عفا اللہ عنہ استاذ " " "
" — حامد حسن غفرلہ " " " "
" — احقر فضل الرحمٰن غفرلہ ناظم " " " مہر مدرسہ

تصدیق وتوثیق حضرات اساتذہ کرام مدرسہ دینیہ غازی پور

الجواب صحیح — مشتاق احمد غفرلہ صدر مدرس مدرسہ دینیہ غازی پور
محمد صفی الرحمٰن القاسمی ناظم تعلیمات مدرسہ دینیہ غازی پور
مختار احمد القاسمی مدرس " "
عبد الشکور عفی عنہ " " "

تصدیق وتوثیق حضرت مولانا محمد عبد الوحید صاحب فتحپوری

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی کا جواب نہایت مفصل ومدلل۔ تمام جوابات مکمل اور شافی ہیں، احقر ان سب کی تصدیق کرتا ہے۔

احقر محمد عبد الوحید فتحپوری صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ فتحپور

تصدیق وتوثیق مولانا عبدالحمید اعظمی نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع اعظمگڈھ

"استفتاء اور اس کے جواب سے میں سو فیصد متفق ہوں، جناب نے اور استاذ مکرم محدث جلیل حضرت العلام ابوالمآثر مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی مدظلہ العالی نے جو جواب لکھا ہے وہ مدلل ہے، مستند ہے اور بہت واضح ہے عبدالحمید الاعظمی غفرلہ

تصدیق وتوثیق جناب مولانا محمد اسماعیل کنکی، (اڑیسہ)

"احقر نے آپ کے روانہ فرمودہ کتابچہ بعنوان "ایک اہم استفتاء" کا بالاستیعاب مطالعہ کیا، احقر اس کے جواب سے حرفاً حرفاً متفق ہے۔ جواب بالکل صحیح بلکہ اصح مافی الباب ہے۔ احقر محمد اسماعیل عفی عنہ

تصدیق وتوثیق حضرات اصحاب فتویٰ واساتذہ کرام

مدرسہ عربیہ، فیضان العلوم، دتلوپور، سرائے خاص، گونڈہ

حضرت والا کے استفتاء اور محدث جلیل حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہ کے جواب کو حرف بحرف پڑھا، ہم اس کی پوری تصدیق اور تائید کرتے ہیں،

ریاض احمد قاسمی مفتی مدرسہ عربیہ فیضان العلوم دتلوپور، گونڈہ
محمد علی صدر مدرس " " " " "
عبدالحمید عفا اللہ عنہ مہتمم " " " " "
محمد رفیق قاسمی مدرس " " " " "

تصدیق وتوثیق مدرسہ انصار العلوم، نوگاواں سادات، مرادآباد

الجواب صحیح عبدالرحمٰن مفتی مدرسہ انصار العلوم

فتویٰ محدث کبیر حضرت مولانا عبید اللہ رحمانی مبارکپوری مدظلہ

رئیس جامعہ سلفیہ، بنارس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استفتاء میں شیعہ اثنا عشریہ کی بنیادی مستند و معتبر کتابوں سے قرآن کریم، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، اثنا عشری شیعوں کے بارہ اماموں اور تقیہ کے بارے میں اثنا عشری شیعہ کے جو عقائد نقل کئے گئے ہیں، یہ عقیدے رکھنے والے بلا شبہ منافق و کافر ہیں۔ تمام علماء اہلسنت و الجماعت کا اس پر اتفاق ہے۔ حضرت مرتب استفتاء نے اس سلسلہ میں جو تفصیل تحریر فرمائی ہے کافی و شافی ہے، جواب میں مزید کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ موجودہ شیعہ بھی یہی عقیدے رکھتے ہیں، جو ان کی بنیادی مستند کتابوں سے استفتاء میں نقل کئے گئے ہیں۔ تو وہ بھی شرعاً مسلمان نہیں ہیں۔ فقط

املاہ عبید اللہ الرحمانی المبارکفوری

۷/۱۲/۱۴۰۷ھ

مہر

فتویٰ حضرت مولانا مفتی خلیل احمد قادری بدایونی دامت فیوضہم

بسمہ سبحانہ جل مجدہ

الجواب ـــــ تمام علماء اسلام، متکلمین اور فقہاء کرام کا اس پر اتفاق اور اجماع ہے کہ مسائل ضروریات دین میں سے کسی ایک کا انکار قطعی کفر ہے۔ اس کا منکر قطعی کافر ہے ـــــ فرقہ روافض اثنا عشریہ کھلم کھلا ضروریات دین کا منکر ہے۔ مثلاً قرآن کریم میں نقصان و کمی کا ماننا یا اس کا محتمل ہونا ہی ماننا۔ یا اپنے بارہ اماموں کو انبیاء علیہم السلام سے افضل ماننا، خلافت حقہ شیخین رضی اللہ عنہما کو خلافت غصوبہ ناحق

ماننا، بعد وفات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کو سوائے چار کے اسلام کو ترک کرکے کفر اختیار کرنا ماننا، (نعوذ باللہ منہ) جن کا تفصیلی بیان مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدظلہ نے استفتا اور اپنی کتاب "ایرانی انقلاب" میں پوری وضاحت سے فرمایا ہے اس واضح بیان کے بعد کوئی مسلمان اس گروہ کے کفر میں شک نہیں کرسکتا۔

الغرض امت مرحومہ کے علماء کرام کا ان روافض لئام کے کفر پر اتفاق ہے، علماء دین نے اب سے بہت پہلے اس فرقہ کے کفریات کو بیان کرکے اس کو کافر و مرتد قرار دیا ہے، مولانا عبدالباری فرنگی محلیؒ نے سراجی کے حاشیہ میں موانع ارث کے مسئلہ میں اختلاف دینین کی تشریح کرتے ہوئے ایک بہت اہم اصولی بات لکھی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ "جو اہل اہواء دعوائے اسلام کے باوجود کبھی ضروریات دین میں سے کسی بات کے منکر ہوں، خواہ ان کا انکار کسی رکیک تاویل ہی کی بنیاد پر ہو ان کے کفر میں اور ترکہ کے مستحق نہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ جیسا کہ غالی روافض کا معاملہ ہے۔ جو قطعیات دین کی تکذیب اور ادعاء تحریف قرآن وغیرہ کی وجہ سے خدا اور رسول کی تکذیب کرتے ہیں" (سراجی ص۹)

اور فاضل بریلوی جناب مولانا احمد رضا خانصاحب مرحوم نے اب سے قریباً نوے ۹۰ سال پہلے ایک سوال کے جواب میں نہایت مفصل و مدلل فتویٰ تحریر فرمایا تھا جو ۱۳۲۰ھ میں "ردّ الرفضہ" کے تاریخی نام سے شائع ہوا تھا، اس میں مستفتی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے شروع میں تحریر فرمایا ہے۔

"تحقیق مقام و تفصیل مرام یہ ہے کہ رافضی تبرائی جو حضرات شیخین صدیق اکبر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما، خواہ ان میں سے ایک کی شان پاک میں گستاخی کرے، اگرچہ صرف اسی قدر کہ انہیں امام خلیفہ برحق نہ مانے، کتب معتمدہ فقہ حنفی کی تصریحات اور عامہ ائمہ ترجیح و فتویٰ کی تصحیحات پر مطلقاً کافر ہے۔"

پھر مولانا مرحوم نے فقہ حنفی کی قریباً چالیس کتب معتمدہ و معتبرہ سے اس کا ثبوت پیش کرنے کے بعد صفحہ ۱۷ پر تحریر فرمایا

"یہ حکم فقہی تبرائی رافضیوں کا ہے، اگرچہ تبرا انکار خلافت شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سوا ضروریات دین کا انکار کرتے ہوں، والاحوط فیہ قول المتکلمین انہم ضلال من کلاب النار وکفار وبہ نأخذ اور روافض زمانہ تو ہرگز صرف تبرائی نہیں، علی العموم منکر ان ضروریات دین اور باجماع مسلمین یقیناً قطعاً کفار مرتدین ہیں، یہاں تک کہ علماء کرام نے تصریح فرمائی کہ جو انھیں کافر نہ جانیں خود کافر ہے ۔ بہت سے عقائد کفریہ کے علاوہ دو کفر صریح ہیں، ان کے عالم جاہل مرد عورت چھوٹے بڑے سب بالاتفاق گرفتار ہیں ۔

کفر اول ۔ قرآن عظیم کو ناقص بتاتے ہیں، کوئی کہتا ہے اس میں سے کچھ سورتیں امیر المومنین عثمان ذوالنورین یا دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم یا المہنت نے گھٹا دیں، کوئی کہتا ہے کہ کچھ لفظ بدل دیئے، کوئی کہتا ہے یہ نقص و تبدیل اگرچہ یقیناً ثابت نہیں محتمل ضرور ہے ۔ اور جو شخص قرآن مجید میں زیادت نقص یا تبدیل، کسی طرح کے تصرف بشری کا دخل مانے یا اسے محتمل جانے بالاجماع کافر و مرتد ہے کہ صراحۃً قرآن عظیم کی تکذیب کر رہا ہے، اللہ عزوجل سورۂ حجر میں فرماتا ہے .. انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحفظون"

پھر صفحہ ۲۱ پر تحریر فرمایا

"کفر دوم انکار منتفس سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم و دیگر ائمہ طاہرین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو حضرات عالیات انبیاء سابقین علیہم الصلوٰت والتحیات سے افضل بتاتا ہے اور جو کسی غیر نبی کو نبی سے افضل کہے بہ اجماع مسلمین کافر بے دین ہے"

الحاصل قرآن عظیم میں زیادتی یا کمی یا تحریف و تبدیل کو ماننا دین اسلام کو باطل قرار دیتا ہے، روافض کا نعوذ باللہ یہ عقیدہ کہ قرآن مجید میں کمی یا تغیر یا تحریف واقع ہوئی ہے یا اس کا محتمل ماننا یقیناً قطعاً کفر اور اسلام کی دشمنی ہے، امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ نے تفسیر کبیر میں فرمایا ادعاء الروافض ان القرآن دخلہ

محبت اہل بیت تو سرمایہ اہلسنت ہے، مخالفین اس حقیقت سے غافل اور ان کی اعتدالی محبت سے ناواقف ہیں، (مخالفین نے) جانب افراط کو اختیار کر لیا اور افراط کے علاوہ کو تفریط جان بیٹھے، اور اس پر خارجیت کا حکم لگا دیا... ..... یہ نہ سوچا کہ افراط و تفریط کے درمیان ایک اور حد بھی ہے وسط (جس کو حد اعتدال کہتے ہیں) جو مرکز حق اور جائے صدق ہے اور جو اہلسنت کو نصیب ہے..... یہ کس قسم کی محبت ہے کہ اس کا حاصل ہونا جانشینان پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کرام سے بیزاری اور ان پر لعن و طعن کرنے پر ہی موقوف ہے۔؟ از مکتوب حضرت مجدد الف ثانیؒ بنام خواجہ

[1] یہ ایک ایرانی شیعہ عالم تھے، اکبر کے زمانہ میں ہندوستان آئے تھے بعد کو غالباً حضرت مجدد صاحبؒ کی برکت سے اصلاح عقائد کر لی تھی، ملاحظہ ہو تجلیات ربانی ص۱۰۰ از مولانا نسیم احمد فریدی، مطبوعہ کتب خانہ الفرقان لکھنؤ۔ دوسرا اقتباس بھی اسی کتاب کے ص۲۶ سے لیا گیا ہے۔

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی

الجواب باسمہ تعالیٰ

فاضل مستفتی نے شیعہ اثنا عشریہ کے جن حوالہ جات کا ذکر کیا ہے وہ ہم نے شیعہ کتابوں میں خود پڑھے ہیں۔ بلکہ ان سے بڑھ کر شیعوں کی کتابوں میں ایسی عبارات صاف صاف موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ

الف: وہ تمام جماعت صحابہ کو مرتد اور منافق سمجھتے ہیں یا ان مرتدین کے حلقہ بگوش۔

ب: وہ قرآن کریم کو (جو امت کے ہاتھوں میں موجود ہے) بعینہ اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ نہیں سمجھتے بلکہ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ اصل قرآن جو خدا کی طرف سے نازل ہوا تھا وہ امام غائب کے پاس غار میں موجود ہے اور موجودہ قرآن (نعوذ باللہ) محرف ومبدل ہے اس کا بہت سا حصہ (نعوذ باللہ) حذف کر دیا گیا ہے بہت سی باتیں اپنی طرف سے ملادی گئی ہیں۔ قرآن شریف ضروریات دین میں سب سے اعلیٰ وارفع چیز ہے اور شیعہ بلا اختلاف ان کے متقدمین اور متاخرین سب کے سب تحریف قرآن کے قائل ہیں اور ان کی کتابوں میں زائد از دو ہزار روایات تحریف قرآن کی موجود ہیں جن میں پانچ قسم کی تحریف بیان کی گئی ہے ۱ کمی ۲ بیشی ۳ تبدل الفاظ ۴ تبدل حروف ۵ تبدل ترتیب سورتوں، آیتوں اور کلمات میں بھی۔

"اصول کافی" اور اس کا تتمہ الروضہ، ملا باقر مجلسی کی کتابوں "جلاء العیون" "حق الیقین" "حیات القلوب" "زاد المعاد" نیز حسین بن محمد تقی النوری الطبرسی کی کتاب "فصل الخطاب فی اثبات تحریف کتاب رب الارباب" (جو ۸۹۲ صفحات پر مشتمل ہے) میں قرآن کریم کا محرف ہونا ثابت کیا گیا ہے

مولف مذکور طبرسی نے بزعم خود بے شمار روایات سے قرآن کریم کی تحریف ثابت کی ہے

ج۔ قادیانیوں کی طرح وہ لفظی طور پر ختم نبوت کے قائل ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین مانتے ہیں، لیکن انھوں نے نبوت محمدیہ کے مقابلہ میں ایک

متوازی نظام عقیدہ امامت کے نام سے تصنیف کرلیا ہے۔ ان کے نزدیک امامت کا ٹھیک وہی تصور ہے جو اسلام میں نبوت کا تصور ہے چنانچہ امام نبی کی طرح منصوص من اللہ ہوتا ہے، معصوم ہوتا ہے، مفترض الطاعۃ ہوتا ہے۔ ان کو تحلیل و تحریم کے اختیار ہوتے ہیں۔ اور یہ کہ بارہ امام تمام انبیاء کرام سے افضل ہیں۔

(اصول کافی۔ تفسیر مقدمہ مراۃ الانوار)

ان عقائد کے ہوتے ہوئے اس فرقہ کے کافر اور خارج از اسلام ہونے میں کوئی شک نہیں رہ جاتا صرف انہی تین عقائد کی تخصیص نہیں بلکہ بغور نظر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ شیعیت اسلام کے مقابلہ میں بالکل ایک الگ اور متوازی مذہب ہے جس میں کلمہ طیبہ سے لے کر میت کی تجہیز و تکفین تک تمام اصول و فروع اسلام سے الگ ہیں۔ اس لئے شیعہ اثنا عشریہ بلاشک و شبہ کافر ہیں علماء امت نے اثنا عشریہ شیعوں کو ہر زمانہ میں کافر قرار دیا البتہ

(۱) اس فتویٰ کی اشاعت نہیں ہوئی

(۲) تقیہ اور کتمان کے دبیز پردوں میں شیعہ مذہب چھپا رہا۔

(۳) خمینی صاحب کے آنے کے بعد شیعہ اثنا عشریہ نے بین الاقوامی طور پر وجوہ ثلاثہ سابقہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے مذہب کی خوب اشاعت کی، خمینی صاحب خود کو امام غائب کا نمائندہ سمجھتے ہیں اور اپنا حق سمجھتے ہیں کہ مذہب شیعہ کی اصلی طور پر بلا کتمان اشاعت ہو اس لئے اب صورتحال مختلف ہوگئی۔

فاضل مستفتی نے بڑی محنت سے استفتاء مرتب کیا ہے اور اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ تقریباً ہر دور میں شیعہ اثنا عشری کو کافر قرار دیا گیا ہے اس استفتاء کی تحریر کردہ عبارتوں کے بعد جواب استفتاء کے لئے مزید عبارت کی ضرورت نہیں البتہ بعض عبارات طرداً للباب بیان کی جاتی ہیں۔

(۱) سورۃ الفتح پ ۲۶ کے آخری رکوع میں جہاں سورت ختم ہوتی ہیں وہاں ارشاد خداوندی ہے لیغیظ بہم الکفار اس آیت کے ذیل میں "روح المعانی" میں علامہ

آلوسیؒ لکھتے ہیں ۔

وفی المواہب ان الامام مالکا قد استنبط من ھذہ الآیۃ تکفیر الروافض الذین یبغضون الصحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم فانھم ایغیظونھم ومن غاظہ الصحابہ فھو کافر ورافقہ کثیر من العلماء انتھی

وفی البحر ذکر عند مالک رجل ینتقص الصحابۃ نقرأ مالک ھذہ الآیۃ فقال من اصبح من الناس وفی قلبہ غیظ من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقد اصابتہ ھذہ الآیۃ وبعضھم تکفیر الرافضۃ بخصوصھم، وفی کلام عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، الاشیر الیہ ایضاً۔ فقد اخرج الحاکم وصححہ عنھا فی قولہ تعالیٰ لیغیظ بھم الکفار) قالت اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم امروا بالاستغفار لھم فسبوھم :

روح المعانی پارہ ۲۶ ص ۱۲۸

(۲) قرآن کریم کی آیت کے بعد احادیث مبارکہ میں صحابہ کرامؓ کے مقام رفیع کی نشاندہی فرمائی گئی ہے شارحین حدیث نے ان پر جو کچھ لکھا ہے اس کو دیکھ لیا جائے ۔

عن ابی سعید الخدری قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاتسبوا اصحابی ولوان احدکم انفق مثل احد ذھبا ما بلغ مد احدھم ولا نصیفہ متفق علیہ ـــــ (مشکوٰۃ ص ۵۵۳)

وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الذین یسبون اصحابی فقولوا لعنۃ اللہ علی شرکم ۔ رواہ الترمذی (مشکوٰۃ ص ۵۵۴)

وجمیع ذلک یقتضی القطع بتعدیلھم (بتعدیل الصحابہ) ولایحتاج احد منھم مع تعدیل اللہ لہ الی تعدیل احد من الخلق علی انہ لو لم یرد من اللہ ورسولہ فیھم شئی مما ذکرنا لاوجبت الحال التی کانوا علیھا من الھجرۃ والجھاد ونصرۃ الاسلام وبذل المھج والاموال وقتل الآباء والابناء والمناصحۃ فی الدین وقوۃ الایمان والیقین القطع علی تعدیلھم والاعتقاد

لنزاهتهم وانهم كانوا افضل من جميع المخالفين بعدهم والمعدلين الذين يجيئون من بعدهم هذا مذهب كافة العلماء ومن يعتمد قوله .

ثم روى بسنده الى ابى زرعة الرازى قال اذا رأيت الرجل ينتقص احدا من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فاعلم انه زنديق وذلك ان الرسول حق والقرآن حق وما جاء به حق وانما ادى الينا ذلك كله الصحابه وهؤلاء يريدون ان يجرحوا شهودنا ليبطلوا الكتاب والسنه والجرح بهم اولى وهم زنادقة انتهى (الاصابة فى تميز الصحابه ص۱۰ ج۱)

قرآن وحدیث کے بعد اجماع امت کو دیکھا جائے تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر سب سے پہلے اجماع ہوا یہ اجماع سب سے قوی ہے کیونکہ اس میں صحابہ کرام، اہل بیت، اہل مدینہ سب ہی شامل ہیں روافض اس اجماع کو تسلیم نہیں کرتے اور منکر اجماع کافر ہے ۔

وقال ابن دقيق العيد قد يؤخذ من قوله " المفارق للجماعة " ان المراد المخالف لاهل الاجماع فيكون متمسكا لمن يقول مخالف الاجماع كافر وقد نسب ذلك الى بعض الناس وليس ذلك بالبين ، فان المسائل الاجماعيه تارة يصحبها التواتر بالنقل عن صاحب الشرع كوجوب الصلوٰة مثلاً وتارة لا يصحبها التواتر - فالاول يكفر جاحده لمخالفة التواتر لا لمخالفة الاجماع والثانى لا يكفر (اكفار الملحدين ص۳۱)

موجودہ اجماع کے ساتھ تواتر بھی شامل ہے اس لئے اس کا انکار یقیناً کفر

والحاصل ان من كان من اهل قبلتنا ولم يزل حتى ..... ولا خلاف منكر خلافة ابى بكر او عمر او عثمان لانه كافر (اكفار الملحدين للشيخ انور ص۵۱)

فتاویٰ ھندیہ (فتاویٰ عالمگیریہ) جو بعہد اورنگ زیب عالمگیر مرتب ہوا جس کی ترتیب وتدوین میں ھندوستان کے اکابر علماء شریک ہوئے جن کے تراجم "نزھۃ الخواطر" میں دیکھے جا سکتے ہیں ۔

اسی فتاویٰ کے صـ۲۶۴ پر ہے

الروافض اذا کان یسب الشیخین ویلعنھما والعیاذ باللہ فھو کافر.....

.... من انکر امامۃ ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ فھو کافر وعلی قول بعضھم ھو مبتدع ولیس بکافر والصحیح انہ کافر وکذلک من انکر خلافۃ عمر رضی اللہ عنہ فی اصح الاقوال کذا فی الظھیریہ ویجب اکفار ھم باکفار عثمان وعلی وطلحہ وزبیر وعائشۃ رضی اللہ عنھم

ویجب اکفار الروافض فی قولھم برجعۃ الاموات الی الدنیا وبتناسخ الارواح وبانتقال روح الالہ الی الائمۃ وبقولھم ان جبرئیل علیہ السلام غلط فی الوحی الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم دون علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ وھؤلاء القوم خارجون عن ملۃ الاسلام واحکامھم احکام المرتدین کذا فی الظھیریہ

"فتاویٰ بزازیہ" جو فتاویٰ عالمگیری کے حاشیہ پر چھپی ہوئی ہے اور جس کے مصنف حافظ محمد بن محمد بن شہاب المعروف بابن بزازم ۸۲۷ ہیں اور جو ائمہ فقہ کی تصریح کے مطابق فقہ حنفی کی نہایت اہم معتمد کتابوں میں ہے اس کے صـ۳۱۸ ج۶ میں کہا گیا ہے

ومن انکر خلافۃ ابی بکر رضی اللہ عنہ فھو کافر فی الصحیح ومنکر خلافۃ عمر رضی اللہ عنہ فھو کافر فی الاصح ویجب اکفار الخوارج فی اکفارھم جمیع الامۃ سواھم ویجب اکفار ھم باکفار عثمان وعلی وطلحہ وزبیر وعائشۃ رضی اللہ عنھم -

پھر صـ۳۱۹ ج۶ پر یہ عبارت ہے الرافضی ان کان یسب الشیخین ویلعنھما فھو کافر

البحر الرائق شرح کنز الدقائق للعلامہ زین الدین الشھیر بابن نجیم ؒ صـ۱۳۱ ج۵ میں ہے

ویقذفہ عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا من نسائہ صلی اللہ علیہ وسلم فقط وبانکارہ صحبۃ ابی بکر رضی اللہ عنہ بخلاف غیرہ وبانکارہ امامۃ ابی بکر رضی اللہ عنہ علی الاصح کانکارہ خلافۃ عمر رضی اللہ عنہ علی الاصح۔

خلاصۃ الفتاویٰ للشیخ الاجل الامام الاکمل الفقیہ الامجد طاہر بن عبدالرشید البخاری میں ہے وما یتصل بھذا الرافضی کان یسب الشیخین ویلعنھما فھو کافر ص ۳۸۱ ج ۴

صاحب درمختار فرماتے ہیں

او الکافر بسب الشیخین او بسب احدھما فی البحر عن الجوھرۃ معزیا للشہید من سب الشیخین او طعن فیھما کفر ولا تقبل توبتہ وبہ اخذ الدبوسی و ابواللیث وھو مختار للفتوی ۔ انتھی

صاحب درمختار کی اس عبارت پر علامہ ابن عابدین شامی نے طویل کلام کیا ہے لیکن آخر میں واضح طور پر یہ تحریر فرمایا ہے ۔

نعم لاشک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا او انکر صحبۃ الصدیق او الالوھیۃ فی علی او ان جبریل غلط فی الوحی او نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن ردالمحتار ص ۲۳۶ ج ۴

فتاویٰ عزیزیہ میں شاہ عبدالعزیز فرماتے ہیں ۔

بلاشبہ فرقہ امامیہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت سے منکر ہیں اور کتب فقہ میں مذکور ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا جس نے انکار کیا وہ اجماع امت کا منکر ہوا وہ کافر ہوگیا ملاحظہ ہو ترجمہ فتاویٰ عزیزیہ ص ۳۰

لہذا شیعہ اثنا عشری رافضی کافر ہیں مسلمانوں سے ان کا نکاح، شادی بیاہ جائز نہیں حرام ہے۔ مسلمانوں کے لئے ان کے جنازے میں شرکت جائز نہیں ان کا ذبیحہ حلال نہیں ان کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں، غرض ان کے ساتھ

غیر مسلموں جیسا سلوک اور معاملہ کیا جائے

واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم ۸ صفر ۱۴۰۰ھ

مفتی ولی حسن رئیس دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

الجواب صواب احمد الرحمٰن عفی عنہ مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ " " کراچی

حبیب اللہ نائب مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ وصدر مجلس دعوت وتحقیق اسلامی کراچی

الجواب صحیح رضاء الحق عفا اللہ عنہ الجواب صحیح محمد ولی

الجواب صحیح محمد عبدالسلام عفا اللہ عنہ

محمد بدیع الزماں مدرس جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

سید مصباح اللہ شاہ عفا اللہ عنہ مدرس جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

محمد ادریس غفرلہ استاذ حدیث جامعہ اسلامیہ " "

محمد قاسم مدرس جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان

محمد انور بدخشانی مدرس جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن " "

عبدالرزاق لدھیانوی " " " "

تصدیقات علمائے پاکستان

[پاکستان کے کئی ممتاز علماء کرام نے حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی رئیس دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ، ومفتی اعظم پاکستان کے اسی فتوے پر اپنے تصدیقی دستخط ثبت فرمائے ہیں۔ ان حضرات کے دستخط ذیل میں نقل کئے جارہے ہیں]

محمد عبدالستار تونسوی عفی عنہ صدر تنظیم اہلسنت پاکستان

محمد یوسف لدھیانوی عفا اللہ عنہ مدیر ماہنامہ "بینات" جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

سلیم اللہ خاں مہتمم وصدر المدرسین وشیخ الحدیث جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی
نظام الدین شامزئی خادم دارالافتاء جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی
محمد عاقل جامعہ فاروقیہ فیصل کالونی کراچی
محمد اکمل غفرلہ مفتی دارالافتاء جیکب لائن کراچی ۶ ۲/۱۴۰۰ھ
غلام احمد مفتی جامعہ حمادیہ شاہ فیصل کالونی ۲ کراچی
فدا الرحمٰن مہتمم جامعہ انوار القرآن نارتھ کراچی
سیف الرحمٰن عفی عنہ، نائب مہتمم جامع العلوم ضلع بہاولپور
محسن الدین احمد عفا اللہ عنہ، موسس مدرسہ شریعیہ عالیہ . بہاولپور
(مقیم) حال ۱۳۷ بنگال روڈ ڈھاکہ . بنگلہ دیش
عبدالقیوم محمد عبدالرزاق
محمد نعیم مہتمم جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶

فتویٰ حضرت مولانا عبدالرشید نعمانی صاحب دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین

اہل قبلہ کی تکفیر میں علماء حق غایت درجہ کی احتیاط سے کام لیتے ہیں لیکن اس پر سب کا اتفاق ہے کہ اہل قبلہ میں سے جو فرقہ بھی ضروریات دین کا منکر ہو وہ قطعی کافر ہے خواہ وہ اپنے ایمان واسلام کا کتنے ہی زور شور سے دعویٰ کرتا ہے۔ فرقہ امامیہ اثنا عشریہ کے عقائد کے بارے میں فاضل علام حضرت مستفتی مولانا محمد منظور نعمانی اطال اللہ بقاءہ ودام فیوضہ نے جس تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے اور ان کی مستند کتابوں کے جس کثرت سے حوالے پیش کئے ہیں ان کے مطالعہ کے بعد خواص تو کیا عوام کو بھی اس فرقہ ضالہ کے خارج از اسلام ہونے میں شک نہیں ہو سکتا ہے بھلا جو فرقہ ختم نبوت کا قائل نہ ہو اپنے ائمہ کو نبی کا درجہ دے انھیں معصوم سمجھے

ان کی اطاعت کو تمام انسانوں پر فرض قرار دے ۔ اور ان کے بارے میں یہ عقیدہ رکھے کہ ان پر وحی باطنی ہوتی ہے اور وہ انبیاء اولوالعزم سے بھی افضل ہیں ۔ قرآن کریم محرف و مبدل ہے، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جو بہ نص قرآن خیر امت ہیں اور جن کی جاں فشانی و جاں فروشی سے اسلام برپا ہوا اور دین اب تک باقی رہا ان ہی کو مرتد اور کافر کہے اور ان پر سب و شتم اور تبرا کو نہ صرف حلال بلکہ کار ثواب سمجھے ۔ ایسا فرقہ لاکھ اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے اس کو اسلام و ایمان اور قرآن و نبی علیہ الصلوٰۃ و السلام سے کیا تعلق ؟ بقول شاعر

دشنام بمذہبے کہ طاعت باشد مذہب معلوم و اہل مذہب معلوم

یاد رہے کہ تقیہ کے دبیز پردے اور اس فرقہ کی کتابوں کی اشاعت نہ ہونے کے باعث عام طور پر ہمارے علماء گذشتہ دور میں ان کے معتقدات سے بے خبر رہے لیکن اب جبکہ ان کی مستند کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں ان کا کفر واضح ہو چکا ہے ۔ پہلے بھی جبکہ اس فرقہ کی تصانیف علماء حق کی دسترس سے باہر تھیں جن اکابر علماء نے ان کے افکار و نظریات پر کام کیا ہے ان کے کفر و زندقہ کی تصریح کی ہے ۔ چنانچہ فاضل مستفتی دامت برکاتہم نے استفتاء میں ان حضرات علماء کی تصریحات اس سلسلے میں نقل فرما دی ہیں جزاہ اللہ خیر الجزاء ۔

ہندوستان کے اکابر علماء میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اپنی متعدد تصانیف میں فرقہ امامیہ اثنا عشریہ کے کفر و زندقہ سے پردہ اٹھایا ہے ۔ چنانچہ وہ اپنے "وصیت نامہ" میں فرماتے ہیں ۔

"ایں فقیر از روح پر فتوح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوال کرد کہ حضرت چہ می فرمایند در باب شیعہ کہ مدعی محبت اہل بیت اند، و صحابہ را بد می گویند، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنوعے از کلام روحانی القا فرمودند کہ مذہب ایشاں باطل است و بطلان مذہب ایشاں از لفظ "امام" معلوم می شود ۔ چوں ازاں حالت افاقت دست داد، در لفظ امام تامل کردم معلوم شد کہ "امام" باصطلاح ایشاں

معصوم، مفترض الطاعۃ، منصوب للخلق است، و دعوی باطنی در حق امام تجویز می نماید پس در حقیقت ختم نبوت را منکر اند گو بزبان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را "خاتم الانبیاء" می گفتہ باشند" (ص ۶، طبع مطبع مسیحی باہتمام محمد مسیح الزماں کانپور ۱۳۰۲ھ)

اور اپنی دوسری گراں قدر تصنیف "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" میں ارقام فرماتے ہیں

"و اجمالا کہ حب ایشاں از حد اعتدال بیروں رفت بسیار اند۔ الآن سہ قوم بروئے کار اند" اسماعیلیہ کہ زندیق صرف اند" امامیہ" کہ بہ حقیقت منکر ختم نبوت اند، و زیدیہ" کہ فتنہ مقاتلات بین المسلمین را ایشاں منشائی شدہ اند، باز ایں فرق منشعب شدہ اند بفرقہائے بسیار کہ تعداد ایشاں عسر دارد، و حضرت مرتضیٰ بری است از لوث ایشاں و ایں معنی از خطب او ظاہر است، واللہ اعلم" (ص ۱۴۸، ۱۴۹ طبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۰ھ)

و راسی کتاب میں دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

"و از ذریت حضرت مرتضیٰ سہ فرقہ ضالہ بر آمدند کہ ہیچ تقصیر نکردند در بر ہم زدن دین محمدی اگر حفظ او تعالیٰ شامل حال ایں ملت نبودے۔

ازاں جملہ "شیعہ امامیہ" کہ نزدیک ایشاں قرآن بنقل ثقات ثابت نیست زیرا کہ نقل صحابہ و قرار سبعہ پیش ایشاں حجت نیست و روایت از ائمہ ایشاں منقطع، و ہم چنیں احادیث مرفوعہ روایت ندارند، و استفاضہ بر احادیث پیش ایشاں متصور نیست، و در ختم نبوت زندقہ پیش گرفتہ اند۔

"زیدیہ" اکثر عقائد اسلامیہ را کہ باحادیث ثابت شدہ منکرند، و سبب جنگہا و جدلہا شدند ــــ

و اسماعیلیہ "خود اخبث انداز ہمہ، بحقیقت مذہب ایشاں سست کردن اسلام است، و بدعات بیشمار در عقیدہ و عمل اہل اسلام ازیں سہ فریق پیدا شدہ کہ تفصیل آں طولے تمام می طلبد، اگرچہ حضرت مرتضیٰ از لوث ایشاں بری است و وبال ایشاں راجع نیست مگر بریشاں (ص ۲۰۹ و ۲۱۰)

اور اپنی بے نظیر کتاب "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء" میں رقمطراز ہیں ۔

" وآں جاہلاں کہ می گویند خلافت را از مستحق آں غصب کردہ شد و بغیر مستحق رسید مکذب خدا و مکذب رسول او یند (ج ۱ ص ۲۲ طبع صدیقی بریلی ۱۲۸۶ھ)

اور اسی کتاب میں آگے چل کر حفاظت قرآن کریم پر بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں ۔

"چوں تمام عالم بر مصاحف عثمانیہ جمع شدند یقین کردیم کہ محفوظ ہمانست وغیر او مراد الحفظ نبود، و اگر مراد الحفظ می بود محوئی شد، و ایں را ہیچ عاقلے حفظ نشمارد کہ کہ نزدیک امام موہوم الوجود مختفی الحال ادعا کنند کہ نہادہ شدہ است سبحانک ھذا بہتان عظیم یا در روایتے غریبے در کتابے نادرے بطریق تعجب آوردہ باشد کہ فلاں چنیں گفت و فلاں چنیں نوشت، در وقت اشکال یک جانب اصابت بود و یک جانب خطأ المعذور، چوں پردہ از روے کار برداشتند و حق مثل تلق تصبح پدیدار گشت مجال خلاف نماند، ہر کہ الآن یمیناً و شمالاً افتد زندیق است و او را می باید بقتل رسانید (ج ۔ ۱ ص ۲۵)

غرض یہی وہ عقائد باطلہ ہیں جن کی بنا پر حضرت ممدوح کے خلف ارشد مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے اپنے "فتاوی" میں صاف تصریح کی ہے کہ

" در مذہب حنفی موافق روایات مفتی بہ حکم فرقہ شیعہ (امامیہ) حکم مرتدان است چنانچہ در فتاوی عالمگیری مرقوم است" (فتاوی عزیزی ج۔ ۱ ص ۱۲ طبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۱ھ)

یہ بھی واضح رہے کہ مذہب امامیہ اثنا عشریہ کا سارا تصنیفی سرمایہ گیارہویں امام حسن عسکری رحمہ اللہ المتوفی ۲۶۱ھ کے بعد کا ساختہ پرداختہ ہے ۔ جس کو دشمنان دین نے اپنی طرف سے گڑھ کر ان حضرات ائمہ کے سر منڈھ دیا ہے ۔ بارہویں امام کا وجود تو محض فرضی اور موہوم ہے ۔ وہ ابھی عالم وجود میں ہی نہیں آئے ۔ ان کا وجود تو محض امامیہ اثنا عشریہ کا ذہنی اختراع ہے ۔ بقیہ تمام گیارہ ائمہ مذہب اہل سنت سے وابستہ تھے ۔ ان کے زمانے میں اگر یہ خرافات قلمبند ہو کر ان کے علم میں آتیں تو سب سے پہلے ان غلط عقائد پر نکیر کرنے والے اور ان گمراہوں کی تکفیر کرنے والے یہی حضرات

ہوتے۔ جس طرح کہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے سبائیوں کو نذر آتش کیا تھا اور جامع کوفہ کے منبر پر اعلان فرمایا تھا کہ جو شخص بھی مجھ کو حضرات ابوبکر و عمر پر فضیلت دیگا۔ اس کو مفتری کی حد اسّی کوڑے لگائے جائیں گے۔ واللہ اعلم وعلمہٗ اتم

کتبہٗ الفقیر الی رحمۃ اللہ تعالیٰ محمد عبدالرشید النعمانی غفر اللہ ذنوبہٗ

۲۲ ربیع الاول ۱۴۰۷ھ

دارالافتار والارشاد، کراچی

الجواب باسم ملہم الصواب

شیعہ بلاشبہ کافر ہیں، ان کے کفر میں ذرا سے تامل کی بھی کوئی گنجائش نہیں، ان کی کتابیں کفریات سے لبریز ہیں، جن میں سب سے بڑی وجہ تکفیر عقیدۂ تحریف قرآن ہے، جو ان کے ہاں متواترات و مسلمات میں سے ہے، اس مذہب کا جاہل سے جاہل ہر ہر فرد ہر مرد و عورت بلکہ ہر بچہ یہی عقیدہ رکھتا ہے، ان کے گھروں میں جو بچہ بھی جیسے ہی ہوش سنبھالتا ہے اس کے دل و دماغ میں مذہب کا یہ بنیادی عقیدہ زیادہ سے زیادہ راسخ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے، ان کا چھوٹا بڑا ہر فرد اسے جزو ایمان بلکہ مدار ایمان سمجھتا ہے، میں یہ بات کئی شہادتوں کے بعد پورے یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں۔

اگر کوئی شیعہ عقیدۂ تحریف قرآن سے انکار کرتا ہے تو وہ بطور تقیہ ایسا کرتا ہے اس کی کئی مثالیں خود انھیں کی کتابوں میں موجود ہیں، جب ان پر ان کی کتابیں پیش کی جاتی ہیں تو جواب دیتے ہیں کہ ہم میں سے ہر شخص مجتہد ہے، اس لئے جس مصنف نے تحریف قرآن کا قول کیا ہے وہ اس کا اپنا اجتہاد ہے جو ہم پر حجت نہیں، ایسی صورت میں ان کے تقیہ کا پول کھولنے کے دو طریقے ہیں:

۱۔ عقیدہ تحریف قرآن "اصول کافی" میں بھی موجود ہے اور اس کتاب کے بارے میں شیعہ کا یہ عقیدہ ہے کہ امام مہدی نے اس کی تصدیق کی ہے۔ یہ لوگ

امام مہدی کی تصدیق اس کتاب کے ٹائٹل کی پیشانی پر چھاپتے ہیں، اور ان کے عقیدہ کے مطابق امام غلطی سے معصوم اور عالم الغیب ہوتا ہے، اس لئے "اصول کافی" کے فیصلہ سے انکار کرنا امام کی عصمت اور اس کے علم غیب سے انکار کرنا ہے۔

۲۔ ان کے جن مصنفین اور مجتہدین نے تحریف قرآن کا قول کیا ہے یہ ان سب کو کافر کہیں اور ایسی تمام کتابیں جلا ڈالیں، اپنے اس قول وعمل کا اخباروں میں اشتہار دیں میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ دنیا میں کوئی شیعہ بھی اس پر آمادہ نہیں ہوسکتا، جو چاہے اس کا تجربہ کر کے دیکھ لے، کیا اس کے بعد کسی کو اس حقیقت میں کسی قسم کے تامل کی کوئی گنجائش نظر آسکتی ہے کہ بلا استثناء شیعہ کا ہر فرد کافر ہے۔

شیعہ کا کفر دوسرے کفار سے بھی زیادہ خطرناک ہے، اس لئے کہ یہ بطور تقیہ مسلمانوں میں گھس کر ان کی دنیا و آخرت دونوں برباد کرنے کی تگ ودو میں ہر وقت مصروف کار رہتے ہیں، اور اس میں کامیاب بھی ہو رہے ہیں، اللہ تعالیٰ سب اہل اسلام کو ان کا دجل و فریب سمجھنے کی فہم عطا فرمائیں، اور ان کے شر سے حفاظت فرمائیں ان کے مذہب کی تفصیل میری کتاب "حقیقت شیعہ" میں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

رشید احمد رئیس دارالافتاء والارشاد۔ ناظم آباد۔ کراچی

۱۱ر صفر ۱۴۰۰ھ

الجواب صحیح عبدالرحیم نائب مفتی دارالافتاء والارشاد ۱۶ر صفر ۱۴۰۰ھ

فتویٰ مولانا حافظ صلاح الدین یوسف صاحب

مدیر ہفت روزہ الاعتصام لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

استفتاء میں شیعہ اثنا عشریہ کے جو عقائد تفصیل سے خود ان کی مستند کتابوں سے نقل کئے گئے ہیں جن کی رو سے شیعوں کے نزدیک

- قرآن کریم محرف ہے اور اس میں ہر قسم کی تبدیلی کی گئی ہے۔

٥ صحابہ کرام (نعوذ باللہ) منافق اور مرتد ہیں بالخصوص حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ شیطان سے بھی زیادہ خبیث اور سب کافروں سے بڑھ کر کافر ہیں اور جہنم میں سب سے زیادہ عذاب بھی انہی کو مل رہا ہے اور ملے گا۔

٥ ان کے بارہ امام نبیوں کی طرح نہ صرف معصوم ہیں بلکہ انبیائے سابقین سے افضل ہیں۔ نیز "امامت" نبوت سے افضل ہے۔ علاوہ ازیں ائمہ کو کائنات میں تکوینی تصرف کرنے کے اختیارات حاصل ہیں اور وہ عالم ماکان و مایکون ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

ان مذکورہ عقائد میں سے ہر ایک عقیدہ کفریہ ہے۔ کوئی ایک عقیدہ بھی ان کی تکفیر کے لئے کافی ہے چہ جائیکہ ان کے عقائد مجموعۃً کفریات ہوں۔ بنابریں مذکورہ عقائد کے حامل شیعہ حضرات کو قطعاً مسلمان نہیں سمجھا جا سکتا۔ اگر وہ مسلمان ہیں تو اس کا مطلب صحابہ کرامؓ سمیت تمام اہلسنت کی تکفیر ہوگا۔ شیعہ تو صحابہ کرامؓ اور اہل سنت کے بارے میں یہی رائے رکھتے ہیں کہ وہ مسلمان نہیں ہیں۔ لیکن کیا اہل سنت کے عوام و خواص کو شیعوں کی اس رائے سے اتفاق ہے؟ اگر نہیں ہے اور یقیناً نہیں ہے تو پھر ایسے کفریہ عقائد کے حامل شیعوں کو مسلمان سمجھنا بھی کسی لحاظ سے صحیح نہیں۔ اہل سنت اس نکتے کو جتنی جلد سمجھ لیں ان کے حق میں بہتر ہوگا۔

وما علینا الا البلاغ

حافظ صلاح الدین یوسف

ہفت روزہ الاعتصام لاہور ۷ رجون ۱۹۸۷ء

جامعہ برکاتیہ سیالکوٹ

شیعہ اثنا عشریہ رافضیہ کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ کیونکہ یہ غالی فرقہ ان مسائل کا انکار کرتا ہے، جو قطعی الثبوت، قطعی الدلالت اور ضروریات دین میں سے ہیں جس کی مختصر سی تشریح یوں ہے کہ:۔

دین کے مسائل دو قسم کے ہوتے ہیں:۔

۱۔ وہ مسائل جن پر امت کا اتفاق ہے

۲۔ وہ مسائل جن میں اختلاف ہے

پہلی قسم کے مسائل میں بعض ایسے مسائل بھی ہوتے ہیں جو قطعی الثبوت بھی ہوتے ہیں اور قطعی الدلالت بھی قطعی الثبوت ہونے کا مطلب تو یہ ہے۔ کہ ان کا ثبوت قرآن مجید یا ایسی احادیث سے ہو جن کے روایت کرنے والے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے لے کر آج تک ہر زمانہ اور ہر قرن میں مختلف طبقات اور مختلف شہروں کے لوگ اس کثرت سے رہے ہوں کہ ان سب کا جھوٹی بات پر اتفاق کر لینا محال سمجھا جائے (اسی کو اصطلاح میں تواتر اور ایسی احادیث کو احادیث متواترہ کہتے ہیں۔)

اور قطعی الدلالہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جو عبارت قرآن مجید میں اس حکم کے متعلق واقع ہوئی ہے۔ یا حدیث متواتر سے ثابت ہوئی ہے۔ وہ اپنے مفہوم مراد کو صاف صاف ظاہر کرتی ہو اس میں کسی قسم کی الجھن یا ابہام نہ ہو کہ جس میں کسی کی تاویل چل سکے۔

پھر اس قسم کے مسائل قطعیہ اگر مسلمانوں کے ہر طبقہ خاص و عام میں اس طرح مشہور و معروف ہو جائیں کہ ان کا حاصل کرنا کسی خاص اہتمام اور تعلیم و تعلم پر موقوف نہ رہے۔ بلکہ عام طور پر مسلمانوں کو وراثۃً وہ باتیں معلوم ہو جاتی ہوں۔ جیسے قرآن مجید اللہ کا کلام ہے۔ نمازوں کی تعداد، تعداد رکعات، روزہ، حج، زکوٰۃ کا فرض ہونا، چوری، شراب نوشی کا گناہ، اذان، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم الانبیاء ہونا، حدیث دین کا حصہ ہے وغیرہ۔ تو ایسے مسائل قطعیہ کو ضروریات دین کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔

اور جو مسائل اس درجہ مشہور نہ ہوں کہ ان سے ہر عام و خاص واقف ہو۔ جیسے رضاعی رشتوں کی حرمت اور بعض اور حرام چیزیں جن کی قرآن میں تصریح ہے۔ اور امت کا ان پر اتفاق ہے مگر ہر شخص کا ان سے واقف ہونا ضروری نہیں ہے۔ ایسے مسائل صرف قطعیات کہلاتے ہیں ضروریات نہیں۔

ضروریات دین کا انکار باجماع امت کفر ہے۔ ناواقفیت و جہالت کو اس میں عذر نہ قرار دیا جائے گا اور نہ کسی قسم کی تاویل سنی جائے گی۔

البتہ قطعیات محضہ جو شہرت میں اس درجہ کو نہیں پہنچے ان کا انکار اگر بے خبری کی بنا پر کیا جائے تو کفر کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔ بلکہ اسے سمجھایا جائے گا کہ اس کا انکار کفر ہے اگر پھر بھی وہ انکار پر قائم رہے تو کفر کا حکم اس پر صادر کیا جائے گا۔

شیعہ اثنا عشریہ رافضیہ چونکہ موجودہ قرآن کا انکار کرتے ہیں۔ جو ضروریات دین میں سے ہے۔ اور خلافت راشدہ کا بھی انکار کرتے ہیں جس پر امت کا اجماع ہے۔ اور اسی طرح صحابہ کرام کا انبیاء کے بعد تمام انسانوں سے افضل و اعلیٰ اور عدل و ثقہ ہونا اور اللہ تعالیٰ کا ان سے راضی ہونا۔ اور ان کے لئے جنت کی خوشخبری کا بھی انکار کرتے ہیں جو قرآن و حدیث کی نصوص سے ثابت ہونے کی بنا پر قطعیات اسلام میں سے ہے

نیز صحابہ کرام کے متعلق تو یہ بدترین عقیدہ رکھتے ہیں کہ معاذ اللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سوائے تین حضرات (مقداد بن اسود، سلمان فارسی، عمار بن یاسر) کے باقی تمام کے تمام صحابہ دین چھوڑ کر اللہ اور رسول کے بے وفا ہو گئے تھے۔ لہٰذا یہ فرقہ مذکورہ کفریہ عقائد کی بنا پر کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

محمد علی جانباز خادم جامعہ ابراہیمیہ
سیالکوٹ۔ (مہر جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ)

ایک ضروری بات

بعض حضرات علماء کرام اور مراکز افتاء کے فتاویٰ اس وقت حاصل کئے جا سکے جبکہ نمبر کے بیشتر حصہ کی کتابت ہو چکی تھی۔ اس لئے فتاویٰ اور تصدیقات کی ترتیب میں کسی خاص نظام کی رعایت نہیں کی جا سکی ہے ——— مدیر



[قارئین کو یاد ہوگا، استفتاء میں جہاں یہ ذکر کیا گیا تھا کہ تقریباً ۶۰ سال پہلے جب حضرت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے شیعہ اثنا عشریہ کے خارج از اسلام ہونے کے بارے میں ایک فتویٰ مرتب کرکے اسے حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ حضرت مولانا قاضی عبدالرحمٰن امروہی، حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن چاندپوری، حضرت مولانا مفتی مہدی حسن شاہجہانپوری، حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحبؒ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاویؒ، حضرت مولانا اصغر حسین صاحبؒ، حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ، حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ وغیرہم اس دور کے اکابر علماء و اصحاب فتویٰ کی تصدیقات کے ساتھ شائع کیا تھا، تو جناب مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم نے حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی خدمت میں اس بارے میں اپنے اشکالات و شبہات تحریراً عرض کئے تھے حضرت تھانویؒ نے اپنے معمول کے مطابق مولانا دریابادی کے خط کے ہر جز کا الگ الگ جواب تحریر فرمایا تھا۔ پھر مولانا دریابادی کا پورا خط اور حضرت تھانویؒ کا جواب خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون سے شائع ہونے والے ماہنامہ "النور" میں شائع بھی ہوگیا تھا اس موقع پر اس عاجز نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ پورا فتویٰ مولانا دریابادی کے اشکالات اور حضرت تھانوی کے جوابات کے ساتھ ایک ضمیمہ کی شکل میں شائع کر دیا جائیگا، چنانچہ ذیل میں پہلے حضرت مولانا عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ کا وہ فتویٰ ملاحظہ فرمایا جائے ـــــ نعمانی]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ شیعہ اثنا عشری مسلمان ہیں یا خارج از اسلام اور ان کے ساتھ مناکحت جائز اور ان کا ذبیحہ حلال ہے نہیں ان کے جنازہ کی نماز پڑھنا یا ان کو اپنے جنازہ میں شریک کرنا درست ہے یا نہیں نیز اگر وہ کسی مسجد کی تعمیر کے لئے چندہ دینا چاہیں تو لیا جائے یا نہیں ؟

الجواب و باللہ التوفیق للصواب

شیعہ اثنا عشری قطعاً خارج از اسلام ہیں۔ ہمارے علمائے سابقین کو چونکہ ان کے مذہب کی حقیقت کما ینبغی معلوم نہ تھی بوجہ اس کے کہ یہ لوگ اپنے مذہب کو چھپاتے ہیں اور کتابیں بھی ان کی نایاب تھیں لہذا بعض محققین نے بنا بر احتیاط انکی تکفیر نہیں کی تھی مگر آج انکی کتابیں نایاب نہیں رہیں اور ان کے مذہب کی حقیقت منکشف ہوگئی اس لئے تمام محققین انکی تکفیر پر متفق ہو گئے ہیں ضروریات دین کا انکار قطعاً کفر ہے اور قرآن شریف ضروریات دین میں سب سے اعلیٰ وارفع چیز ہے اور شیعہ بلا اختلاف کیا ان کے متقدمین اور کیا متاخرین سب کے سب تحریف قرآن کے قائل ہیں انکی معتبر کتابوں میں زائد از دو ہزار روایات تحریف قرآن کی موجود ہیں جن میں پانچ قسم کی تحریف قرآن شریف میں بیان کی گئی ہے۔ کمی۔ بیشی۔ تبدل الفاظ۔ تبدل حروف۔ خرابی ترتیب۔ خرابی ترتیب سورتوں میں بھی اور آیتوں میں بھی کلمات میں بھی۔ ان پانچ قسم کی تحریف کی روایات کے ساتھ ان کے علماء کا اقرار رہا ہے کہ یہ روایات متواتر ہیں۔ تحریف قرآن پر صریح الدلالۃ ہیں اور انھیں کے مطابق اعتقاد ہے۔ علمائے شیعہ میں گنتی کے چار آدمی تحریف قرآن کے منکر ہیں شیخ صدوق ابن بابویہ قمی، شریف مرتضیٰ ابو جعفر طوسی ابو علی طبرسی مصنف تفسیر مجمع البیان تو ان چار اشخاص کے اقوال چونکہ محض بے دلیل اور روایات متواترہ کے خلاف ہیں اس لئے خود علمائے شیعہ نے ان کو رد کر دیا ہے پوری تحقیق اس بحث کی میری کتاب تنبیہ الحائرین میں ہے من شاء فلیطالعہ

علامہ بحر العلوم فرنگی محلی پہلے شیعوں کے مسلمان ہونے کا فتویٰ دیتے تھے مگر تفسیر مجمع البیان کے دیکھنے سے ان کو معلوم ہوا کہ شیعہ تحریف قرآن کے قائل ہیں۔ لہٰذا انھوں نے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت میں شیعوں کے کفر کا فتویٰ دیا اور لکھا کہ قرآن شریف کی تحریف کا جو قائل ہو وہ قطعاً کافر ہے۔ المختصر شیعوں کا کفر بربنائے عقیدہ تحریف قرآن محل تردد نہیں ہے علاوہ اس کے دوسرے وجوہ کفر بھی ہیں مثل عقیدہ بداقذف ام المومنین وغیرہ کے مگر ان میں کچھ تاویل کی گنجائش ہے لہٰذا شیعوں کے ساتھ مناکحت قطعاً ناجائز اور ان کا ذبیحہ حرام ان کا چندہ مسجد میں لینا ناروا ہے ان کا جنازہ پڑھنا یا ان کو جنازہ میں شریک کرنا جائز نہیں ہے۔ ان کی مذہبی تعلیم ان کی کتابوں میں یہ ہے کہ سنیوں کے جنازہ میں شریک ہو کر یہ دعا کرنا چاہیئے کہ یا اللہ اس کی قبر کو آگ سے بھر دے اور اس پر عذاب نازل کر فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر العباد ناچیز محمد عبدالشکور عافاہ مولاہ

فتویٰ کے بعد اب قارئین کرام مولانا دریابادی کے اشکالات اور حضرت حکیم الامتؒ کے جوابات ملاحظہ فرمائیں ــــ واقعہ یہ ہے کہ عام طور پر اس بارے میں لوگوں کو جو شبہات ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے مولانا دریابادی سے ان کی ترجمانی کروادی تھی، اور حضرت حکیم الامتؒ سے ان کے تشفی بخش جوابات بھی دلوادیئے تھے، ان ربی لطیف لما یشاء ــــ السوال اور تتمۃ السوال کے زیر عنوان مولانا دریابادی کے خط کی عبارت ہے اور الجواب اور تتمۃ الجواب کے زیر عنوان حضرت حکیم الامت کا جواب ہے ــ

السوال ۔ ایک فتوے کی نقل مرسل خدمت ہے۔ اسپر علاوہ دوسرے مستند علمائے کے حضرت مولانا[1]

---

[1] اس سے مراد حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ ہیں، مولانا دریابادی بیعت تو حضرت مولانا مدنیؒ سے ہوئے تھے، لیکن ان ہی کی ہدایت اور مشورے کے مطابق مسترشدانہ اصلاحی تعلق حضرت حکیم الامتؒ سے قائم کیا تھا اس کی دلچسپ تفصیل مولانا دریابادی کی تصنیف حکیم الامت میں دیکھی جاسکتی ہے۔ جو قابل مطالعہ ہے

تک کے دستخط ثبت ہیں۔ لیکن میں عرض کروں کہ مجھے شرح صدر اب بھی نہیں، شیعوں کو میں
فاسق، فاسد العقیدہ وغیرہ اور جو کچھ کہہ لیا جائے اس کا میں بھی پوری طرح قائل ہوں۔ لیکن
کافر اور خارج از اسلام کہنے سے جی لرز اٹھتا ہے۔

الجواب۔ یہ علامت ہے آپ کی قوت ایمانیہ کی۔ مگر جنھوں نے یہ فتویٰ دیا ہے اس کا
بھی وہی قوت ایمان ہے کہ جس کو ایمانیات کا منکر دیکھا بے ایمان کہہ دیا۔

تتمۃ السوال۔ اگر ہر گمراہ فرقہ یوں ہی خارج از اسلام ہوتا رہا تو مسلمان رہ ہی کتنے جائیں

تتمۃ الجواب۔ اس کا کون ذمہ دار ہے خدا نہ کردہ اگر کسی مقام میں کثرت سے لوگ مر
ہو جائیں اور تھوڑے ہی مسلمان رہ جائیں تو کیا اس مصلحت سے انکو بھی کافر نہ کہا جاویگا۔

تتمۃ السوال۔ شیعوں سے مناکحت اگر تجربہ سے مضر ثابت ہوئی ہے تو بس تہدیداً اس کا روک
دینا کافی ہے۔

تتمۃ الجواب۔ اس تہدید کا عنوان بجز اس کے کوئی اور ہے ہی نہیں غور فرمایا جائے۔

تتمۃ السوال۔ میرا دل تو قادیانوں کی طرف سے ہمیشہ تاویل ہی تلاش کرتا رہتا ہے۔

تتمۃ الجواب۔ یہ غایت شفقت ہے لیکن اس شفقت کا انجام سیدھے سادے مسلمانوں
کے حق میں عدم شفقت ہے کہ وہ اچھی طرح ان کا شکار ہوا کریں گے۔

تتمۃ السوال۔ جو بنا تکفیر قرار دی گئی ہے یعنی عقیدۂ تحریف قرآن مجھے اس میں تامل ہے
اگر یہ عقیدہ ان کے مذہب کا جزو ہوتا۔ تو حضرت شاہ عبدالعزیز وغیرہ سے مخفی نہ رہتا۔[1]

---

[1] جب حضرت تھانویؒ کا یہ جواب النور سے نقل ہو کر انجم لکھنؤ میں شائع ہوا تھا تو اس موقع پر حضرت مولانا عبدالشکور صاحب نے یہ
حاشیہ لکھا تھا شاہ صاحب کی مشہور کتاب تحفۂ اثنا عشریہ مطبوعہ نولکشور پریس کے صفحہ ۲۰۱، ۲۰۲ کی عبارت ذیل
غالباً عبدالماجد صاحب کی نظر سے نہیں گذری۔

اما کتاب اللہ پس نزد شیعہ از درجہ اعتبار ساقط شدہ و مثل توریت و انجیل قابل تمسک نماندہ زیرا کہ تحریف بسیار در وے راہ یافتہ و احکام بسیار از و منسوخ شدہ و آیات و سور بسیار کہ ناسخ احکام و مخصص عمومات

اب سنو کہ کتاب اللہ تو شیعہ کے نزدیک درجہ اعتبار سے ساقط ہوئی اور توریت و انجیل کی طرح قابل تمسک کے نہ رہی اس واسطے کہ اس میں تحریف بہت ہو گئی اور بہت احکام منسوخ ہوئے، بہت آیتیں اور سورتیں

باقی حاشیہ آئندہ صفحہ پر

بقیہ حاشیہ

یوند، بدزدی رفتہ و انچہ باقیست بعضے الفاظ او
مبدل و بعضے زائد و بعضے ناقص روی الکلینی
عن ھشام بن سالم عن ابی عبد اللہ ان
القرآن الذی جاء بہ جبرئیل الی محمد
صلی اللہ علیہ وسلم سبعۃ عشر الف
آیۃ و روی عن محمد بن نصر عنہ انہ
قال کان فی لم یکن اسم سبعین رجلا
من قریش باسمائھم واسماء اٰبائھم
و نزد ایشاں ثابت و مقرر و مشہور است کہ بعضے سور
انہا ساقط شد مثل سورۃ الولایۃ۔

کہ ناسخ احکام اور مخصص عام باتوں کی تھی چوری گئیں
اب جو کچھ باقی ہے بعض الفاظ اس کے مبدل بعض زائد
بعض ناقص ہیں۔ روایت کی کلینی نے ہشام ابن سالم
اور اس نے ابی عبداللہ سے کہ ہر آئینہ وہ قرآن جو
جبرئیل پاس محمد صلعم کے لائے، سترہ ہزار آیتیں تھیں
اور روایت کی محمد بن نصر نے اس سے یہ کہا اس نے سورہ
لم یکن میں ستر آدمیوں کے نام قریش سے تھے کہ ان کے
نام بھی تھے اور ان کے آبا کے نام بھی... اور یہ بھی
انکے نزدیک ثابت اور مقرر ہے اور مشہور کہ بعض سورتیں
بالکل ساقط کر ڈالی ہیں مثل سورۃ الولایۃ (ہدیہ مجیدیہ)

اس کے ماسوا تتمۃ الباب چہارم میں جو تقریباً بیس صفحے "دلائل شیعہ" پر ہیں ان میں متعدد جگہ شیعوں کے
عقیدۂ تحریف قرآن کا ذکر ہے۔

شاہ صاحب کے بعد مولانا حیدر علی فیض آبادی نے اپنی کتاب منتہی الکلام مطبوعہ ۱۲۸۲ھ میں اور
مولانا خلیل احمد امیٹھوی نے اپنی کتاب ہدایات الرشید مطبوعہ ۱۳۰۶ھ میں شیعوں کے قائل تحریف قرآن
ہونے کو واضح کیا ہے، ہدایات الرشید میں ص ۶۱۳ سے ص ۶۵۰ تک یہی بحث ہے اور ص ۶۲۹ پر لکھنؤ
کے دور آخر کے نامور مجتہد مولوی دلدار علی کی کتاب عباد الاسلام کی یہ عبارت درج کی ہے۔

بعد اللتیا والتی مقتضی تلک الاخبار ان
التحریف فی الجملۃ فی ھذا القرآن الذی
فی ایدینا بحسب زیادۃ بعض الحروف
ونقصانہ بل بحسب بعض الالفاظ وبحسب
الترتیب فی بعض المواضع قد وقع بحیث
لا یشک فیہ مع تسلیم تلک الاخبار

چناں وچنیں کے بعد مقتضی ان احادیث کا یہ ہے
کہ اس قرآن میں جو ہمارے ہاتھوں میں ہے باعتبار
زیادتی اور کمی بعض حروف کے بلکہ باعتبار بعض الفاظ
کے اور بعض مواقع میں باعتبار ترتیب کے بالتحقیق
تحریف اس طرح واقع ہوئی ہے جس میں بعد تسلیم ان
روایات کے کچھ شک نہیں کیا جا سکتا۔

تتمۃ الجواب :۔ جب ان کی مسلم کتابوں سے جزئیت ثابت ہے پھر حضرت شاہ صاحب
اگر سکوت ثابت ہو جس کی مجھ کو تحقیق نہیں تو ان کے سکوت میں کچھ تاویل ہوگی نہ کہ جزئیت
تتمۃ السوال : بہت زائد خلش مجھے اس امر سے ہو رہی ہے کہ اب تک ہم آریوں اور غیر
کے سامنے کلام مجید کے غیر محرف ہونے کو بطور ایک بالکل مسلم اور غیر مختلف فیہ عقیدہ
پیش کرتے رہے ہیں۔ اب لوگوں کے ہاتھ میں ایک نیا حربہ آجائے گا، کہ دیکھو خود تمھیں
ہی کلمہ پڑھنے والے اور تمھارے قبلہ کو ماننے والے لاکھوں کروڑوں افراد قرآن کو نا
اور محرف مان رہے ہیں
تتمۃ الجواب ۔ اس سے تو اور زیادہ ضرورت ثابت ہوگئی ان کی تکفیر کی، پھر ہمارے پا
صاف جواب ہوگا کہ وہ مسلمان ہی نہیں [1]
تتمۃ السوال : حضرت حاجی صاحبؒ کا جو مکتوب سر سید احمد کے نام تھا مجھے اس قدر
آیا تھا کہ میں نے اہتمام کے ساتھ اسے "سچ" میں شائع کیا تھا۔ پس میری فہم ناقص میں
کو معیار بنا لینا چاہیئے اور اسی کے مطابق معاملہ تمام گمراہ فرقوں سے رکھنا چاہیئے ... یعنی
مداہنت نہ آنی مخالفت کہ ان میں اور آریوں، عیسائیوں وغیرہ میں کوئی فرق ہی نہ رکھا جا
تتمۃ الجواب :۔ لیکن اگر وہ خود ہی اپنے کو کافر بنائیں (بالنون) تو کیا ہم اس وقت
ان کو کافر نہ بتائیں (بالتاء) دنیا میں اپنے کو آجتک کسی نے کافر نہیں کہا بلکہ کوئی عیسا
کہتا ہے کوئی یہودی۔ مگر چونکہ ان فرقوں کے عقائد کفریہ (دلائل سے ثابت ہیں اس
ان کو کافر ہی کہا جاوے گا، تو مدار اس حکم کا عقائد کفریہ پر ٹھہرا۔ تو اگر ایک شخص
کو فرقہ شیعہ سے کہتا ہے اور کوئی عقیدہ کفریہ اس مذہب کے اجزاء یا لوازم سے ہے
تو اپنے کو اس فرقہ میں تبلانا بدلالت التزامی اس عقیدہ کو اپنا عقیدہ تبلانا ہے۔
عدم تکفیر کی کیا وجہ۔ اور اگر ان کے یہاں یہ عقیدہ مختلف فیہ ہوتا تب بھی کسی کی تکفیر
تردد ہوتا۔ لیکن یہ بھی نہیں اور جو اختلاف ہے وہ غیر معتد بہ ہے جبکو خود انکے جمہور رد کرتے ہیں

---

[1] ناظرین کرام نے استفتاء میں ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ اب سے قریباً ایک ہزار سال پہلے عیسائیوں کی طرف سے یہی اعتراض کیا گیا
تھا اس وقت علامہ ابن حزم اندلسی نے اپنی کتاب "الفصل" میں اس کا یہی جواب دیا تھا کہ شیعہ مسلمان ہی نہیں ہیں، ا
ان کے عقیدہ تحریف قرآن سے کوئی اثر ہمارے عقیدہ محفوظیت قرآن پر نہیں پڑتا۔

اس حالت میں اصل تو کفر ہوگا، البتہ کوئی صراحتہً کہے کہ میرا یہ عقیدہ نہیں ہے یا کوئی فرقہ اپنا لقب جدا رکھ لے۔ مثلاً جو علماء ان کے تحریف کے نافی ہیں انکی طرف اپنے کو منسوب کیا کریں، مثلاً اپنے کو صدوقی یا قمی یا مرتضوی یا طبرسی کہا کریں، مطلق شیعی نہ کہیں تو خاص اس شخص کو یا اس فرقہ کو اس عموم سے مستثنےٰ کہدیں گے۔ لیکن ایسے استثناؤں سے قانونی حکم نہیں بدلتا ہے، حرمت نکاح اور حرمت ذبیحہ احکام قانونی ہیں۔ اس پر بھی جاری ہونگے جب تک وہ فرقہ متمیز و مشہور نہ ہو جائے۔ خصوص جب تقیہ کا بھی شبہ ہو تو خواہ سوء ظن نہ کریں مگر احتیاطاً عمل تو سوء ظن ہی ایسا ہوگا، البتہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کا معاملہ وہ اس کے عقیدہ کے مطابق ہوگا۔ اگر کوئی ہندو توحید کا بھی قائل ہو اور رسالت کا بھی، لیکن اپنے کو ہندو ہی کہتا ہو، گو کچھ تاویل ہی کرتا ہو، تو اس کے ساتھ آخر کیا معاملہ ہوگا۔ یہی حالت یہاں کی ہے۔ ضلع فتحپور میں ہندوؤں کی ایک جماعت ہے جو قرآن اور حدیث پڑھتے ہیں اور نماز روزہ کرتے ہیں، مگر اپنے کو ہندو کہتے ہیں لباس اور نام سب ہندوؤں جیسا رکھتے ہیں اگر وہ اپنے کو ہندو کہیں اور اپنا مشرب ظاہر نہ کریں تو کیا سامع کے ذمہ تفصیل واجب ہوگی کہ اگر ایسے عقیدہ کا ہے تو مسلمان۔

تتمۃ السوال:۔ آپ کو ہر معاملہ میں اپنا کچا چٹھا لکھ کر بھیجتا ہوں، خدا کرے اس باب میں بھی آپ کا جواب باصواب میرے حق میں ذریعہ تشفی ہو۔

تتمۃ الجواب:۔ تشفی کا ذمہ تو مشکل ہے خصوصی اسی خشیت کا غلبہ خود مجھ پر ہے، مگر حضرت جنید نے لرزتے ہوئے ہاتھ سے حسین ابن منصور کے خلاف فتویٰ لکھا تھا۔ محض حفاظت شرع کے لئے، ہم لوگ بھی انھیں کے متبع ہیں اور راز اس کا وہی ہے کہ اس رعایت میں سادہ لوح مسلمانوں کی ہلاکت ہے۔ مولوی محمد شفیع صاحب نے اصول تکفیر میں ایک مختصر اور جامع اور مانع اور نافع رسالہ لکھا ہے۔ بعض اجزاء میں میں بھی الجھا تھا۔ مگر ان کی تقریر و تحریر سے قریب قریب مسئلہ صاف ہو گیا۔ وہ عنقریب چھپ جاوے گا میں نے اس کا نام رکھا ہے "وصول الافکار الی اصول الاکفار"۔

(ماخوذ از: امداد الفتاویٰ جلد چہارم صـ۵۸۴ تا صـ۵۸۷ طبع دیوبند)

اثنا عشری شیعہ کیوں کافر ہیں؟

از حضرت مولانا قاضی مظہر حسین چکوال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فخر اہل سنت مخدوم العلماء حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی زید فیضہم کی تصنیف لطیف "ایرانی انقلاب۔ امام خمینی اور شیعیت" ایک ایسا علمی اور اسلامی شاہکار ہے جس نے دور حاضر کی منظم اور مسلح شیعیت یعنی خمینیت کو بے نقاب کر کے ان لوگوں کو راہ حق دکھا دیا ہے جو مذہب شیعہ کی حقیقت سے ناواقف تھے اور وہ شیعیت کو اسلام ہی کی ایک شاخ سمجھتے تھے۔ حضرت مولانا موصوف نے اس تصنیف کے بعد شیعہ مذہب کی مستند اور بنیادی کتب سے ان کے اصولی عقائد یعنی امامت۔ تحریف قرآن اور تفسیق و تکفیر صحابہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین) پیش کر کے ایک جامع استفتاء مرتب فرمایا اور اسے جواب کیلئے دین حق کے امین و محافظ حضرات علمائے شریعت کی خدمت میں ارسال کر دیا جس پر پاک و ہند کے اکابر علمائے اہل السنت والجماعت نے بلا خوف لومۃ لائم اپنا شرعی فریضہ ادا کرتے ہوئے شیعہ اثنا عشریہ کو ان کے کفریہ عقائد کی بنا پر کافر قرار دیدیا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔ محسن اہل سنت حضرت مولانا نعمانی دام فیضہم کا اس پیرانہ سالی میں یہ ایک عظیم الشان مجاہدانہ کارنامہ ہے

جس کی حق تعالیٰ نے ان کو خصوصی توفیق عطا فرمائی ہے ع۔ ہر کسے را بہر کارے ساختند
بندہ اس فتویٰ سے پوری طرح متفق ہے۔ اور بحیثیت فتویٰ اس پر مزید لکھنے کی کوئی
ضرورت نہیں سمجھتا۔ البتہ یہ ثابت کرنے کے لئے کہ پاکستان کے شیعہ علماء و مجتہدین
بھی اپنے اسلاف کے مذکورہ کفریہ عقائد کے قائل ہیں۔ اور تصنیفی تنظیمی ہر پہلو سے
ان کی تبلیغ و ترویج کر رہے ہیں کچھ مزید وضاحت مفید سمجھتا ہوں۔ چنانچہ ان کے بعض
مشہور مصنفین کی تصانیف کے اقتباسات بطور نمونہ حسب ذیل ہیں۔

صحابہ کرامؓ اور ڈھکو

پاکستان کے شیعہ مجتہدین میں سے ایک مولوی محمد حسین ڈھکو فاضل نجف اشرف (مقیم سرگودہا) ہیں جنہوں نے اپنی کتاب اثبات الامامت میں اپنے اساتذہ کی ان تحریرات کا عکس بھی شائع کر دیا ہے جنہوں نے ان کو اجتہاد کی سندیں دی ہیں۔ مجتہد مذکور بھی اپنے عقیدۂ امامت کی بنا پر صحابہ کرام اور خصوصاً پہلے تین خلفائے راشدین امام الخلفا حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے انتہائی بغض رکھتے ہیں۔ اور ان کو صریحاً غیر مومن اور منافق قرار دیتے ہیں چنانچہ حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بھی اپنے استفتاء میں ان کی کتاب تجلیات صداقت سے دو عبارتیں نقل کر دی ہیں اس سلسلے میں مولوی محمد حسین شیعہ مجتہد نے یہ بھی زہر افشانی کی ہے کہ۔ جناب امیر یعنی حضرت علی المرتضیٰ خلافت ثلثہ کو غاصبانہ و جابرانہ اور خلفائے ثلثہ کو گناہگار کذاب۔ غدار۔ خیانت کار اور ظالم و غاصب اور اپنے آپ کو سب سے زیادہ خلافت نبوت کا حقدار سمجھتے تھے (تجلیات صداقت صفحہ ۲۰۶ ناشر انجمن حیدری نصرت روڈ چکوال (۲) اصحاب ثلثہ اور ان کے تابعین ہرگز اس میں شامل نہیں ہیں

کیونکہ یہ نہ مومن ہیں نہ مخلص مہاجر (ایضاً ص ۴۹ ۳۰۲) ثلثہ کی فتوحات نے اسلام کو بدنام کیا (ص ۶۵) (۴) المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کے متعلق لکھا ہے کہ عائشہ صاحبہ نے خچر پر سوار ہو کر امام حسن کے جنازہ کو روکا اور حجرہ میں اس سے مانع ہوئیں۔ اس پر شیعان علیؓ نے شور مچایا کہ تو کبھی اونٹ پر سوار ہوتی ہے اور کبھی خچر پر اگر زندہ رہی تو اب ہاتھی پر سوار ہوگی۔ (ص ۴۷۸) یہ ملحوظ رہے کہ مصنف مذکور نے کتاب تجلیات صداقت میرے والد ماجد حضرت مولانا ابوالفضل محمد کرم الدین صاحب دبیر رحمہ اللہ تعالیٰ کی ردِ رفض و بدعت میں مقبول عام کتاب آفتاب ہدایت کے جواب میں ۱۹۷۳ء میں لکھی ہے۔ جو اس طرح کے ہذیانات و مکذوبات سے مملو ہے۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

مولوی حسین بخش جاڑا

پاکستان کے ایک اور شیعہ مجتہد مولوی حسین بخش جاڑا ہیں (مقیم دریا خاں (میانوالی) حال لاہور) مجتہد مذکور بھی فاضل نجف اشرف (عراق) ہیں۔ انہوں نے بھی اپنی تفسیر انوار النجف جلد اول میں اپنے اساتذہ کا سلسلہ مسنادہ درج کیا ہے:۔

مصنف مذکور نے چند سال ہوئے ایک فرضی مناظرہ بغداد شائع کیا ہے جس میں خلفائے ثلثہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں لکھا ہے:۔ یہ لوگ (ثلثہ) دل و جان سے مومن نہیں تھے البتہ ظاہر آزبانی طور پر وہ اسلام کا اظہار کرتے تھے" (ص ۵۷)۔

(۲) اسلام کے جرنیل اعظم حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے بارے میں لکھا ہے:۔ انہوں نے مالک بن نویرہ کی بیوی کو قتل کر کے اسی رات اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا اور اس ظالم خالد نے مالک اور اس کی قوم کے دو سرداروں کے سر چولہے کی اینٹوں کی جگہ رکھ کر اوپر دیگ چڑھا دی۔ اور اس زنا کا ولیمہ تیار کیا۔ اور

خود بھی کھایا، اور فوج کو بھی کھلایا۔ (ص ۹۹)

(۲) خالد سیف اللہ نہیں سیف الشیطان تھا (ص ۱۰۰)

مولوی غلام حسین نجفی

ایک اور شیعہ مصنف مولوی غلام حسین نجفی، (فاضل نجف اشرف) مقیم لاہور نے اپنی کتاب سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم میں بعنوان:۔ جناب عمر کے متعلق قرطاس ابیض" نمبر وار ایک سو الزامات حضرت فاروق اعظم پر لگائے ہیں چنانچہ لکھا ہے کہ جناب عمر کا موجودہ قرآن پر ایمان نہ تھا ——— جناب عمر کو لقب فاروق یہودیوں نے عطا کیا تھا ——— جناب عمر نبی کی بیویوں پر آوازے کستا تھا۔ جب وہ رات کے وقت رفع حاجت کیلئے مدینے سے باہر جاتی تھیں ——— جناب عمر شراب حرام ہونے کے بعد بھی شراب پیتے رہے ——— جناب عمر جہنم کا تالا ہے۔ اور بہتر تو یہ تھا کہ جہنم کا گیٹ ہوتا۔ العیاذ باللہ۔

(۲) یہی غلام حسین نجفی اپنی ایک دوسری تصنیف قول مقبول فی اثبات وحدت بیت رسول (ص ۳۳۲) میں قرآن کے تیسرے موعودہ خلیفہ راشد و امادر رسول حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے بارے میں یوں ہرزہ سرائی کرتا ہے ——— جناب عثمان نے پہلی بیوی رقیہ کو قتل نہیں کیا تھا بلکہ دوسری بیوی ام کلثوم کو اذیت جماع سے مار ڈالا تھا اور پھر خلیفہ ولید کی طرح اس کے مردہ سے ہم بستری کرتا رہا۔ اور پوری دنیا میں یہ پہلا خلیفہ ہے جس نے شرم و حیا کا بارڈر توڑ کر اپنی بیوی کے مردہ سے ہم بستری کی ہے اور نبی کریم کو اذیت دینے والا رحمت خداوندی کا حقدار نہیں ہے پس شیعوں کے امام نے اس لئے فرمایا ہے کہ جس نے نبی کریم کو اذیت دی۔ اے خدا تو اس پر لعنت بھیج۔"

مرزا حسن الحائری الاحقاقی

ایک شیعہ آیت اللہ مرزا حسن الحائری، احقاقی عراق سے فرار ہو کر کویت میں پناہ گزین ہیں ان کی ایک عربی کتاب کا ترجمہ بنام مصباح العقائد پاکستان میں مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد نے شائع کیا ہے اس میں بھی خلفائے راشدین کے بارے میں زہر افشانی کی گئی ہے۔ اور حضرت خالد بن ولید پر اس مذکورہ بہتان تراشی کو دہراتے ہوئے (جو ایران کے خمینی سے لیکر پاکستان کے شیعہ مصنفین تک سب کا شیوہ ہے کہ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ کے متعلق بھی لکھا ہے کہ ـــــ خلیفہ ثانی کی خلافت میں مغیرہ بن شعبہ نے زنا کیا اور زنا کار کے بجائے اس کے چشم دید گواہوں کو کوڑے لگائے گئے۔ حضرت علیؓ کے اعتراض کا بھی کوئی اثر نہ ہوا۔ یہ خلافتِ عمرؓ کا زمانہ ہی تھا کہ معاویہؓ جیسا طالب دنیا امیر شام بن گیا الخ (ص ۱۶۹)

بطور نمونہ ہم نے مذکورہ عبارتیں شیعہ مصنفین کی ان کتابوں سے نقل کر دی ہیں جو جنرل ضیاء الحق صاحب کے دور اقتدار میں شائع ہوئی ہیں۔

قارئین کرام اندازہ کر سکتے ہیں کہ شیعہ مصنفین کفر و نفاق کے زہر آلود تیر ان اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر برسا رہے ہیں جو مہاجرین اولین میں سے ہیں جن کو حق تعالیٰ نے رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ واعد لھم جنت تجری تحتھا الانھار (پارہ ۱۱ ع ۲) قرآن کی قطعی سند عطا فرمائی ہے اور یہ شیعہ علماء ان ازواج مطہرات کی عظمت مجروح کر رہے ہیں جن کو رب العالمین نے امہات المومنین (اہل ایمان کی مائیں) فرما کر امت مسلمہ کے ایمان کے لئے معیار حق قرار دیا ہے شیعیت کی اس ناپاک اور جارحانہ کارروائی کے بعد کیا کوئی اہل عقل و انصاف شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ اکابر علمائے اہل سنت نے شیعہ امامیہ کی تکفیر کا فتویٰ دیکر کوئی ناجائز اقدام کیا ہے ہرگز نہیں

تحریف قرآن اور پاکستانی شیعہ

پاکستان کے شیعہ علماء و مجتہدین بھی اپنے اسلاف کی طرح تحریف قرآن کے قائل ہیں چنانچہ مولوی محمد حسین مجتہد مذکور نے بعنوان :- ایک مشہور اعتراض" لکھا ہے کہ :- کہا جاتا ہے کہ اگر مسئلہ امامت اس قدر اہم تھا کہ جتنا شیعہ حضرات خیال کرتے ہیں تو خداوند عالم نے ائمہ کے اسمائے گرامی صریحاً قرآن میں کیوں نہ ذکر کر دیئے تاکہ مسلمانوں کا اس مسئلے میں اختلاف ختم ہو جاتا اور سب مسلمان ایک مسلک میں منسلک ہو جاتے الخ

اس کا الزامی جواب دینے کے بعد مصنف مذکور لکھتے ہیں :- اس کا حلی اور تحقیقی جواب یہ ہے کہ فریقین کی بعض روایات کے مطابق ائمہ اطہار علیہم السلام کے اسمائے گرامی قرآن مجید میں موجود تھے مگر جمع قرآن کے وقت انہیں نظر انداز کر دیا گیا چنانچہ ہماری تفسیر صافی ص ۹ مقدمہ ششم طبع ایران بحوالہ تفسیر عیاشی حضرت امام جعفر صادق سے مروی ہے فرمایا۔ لو قرئ القرآن کما انزل لالفیتمونا فیہ مسمین اگر قرآن کو اس طرح پڑھا جاتا جس طرح وہ نازل ہوا تھا تو تم اس میں ہمیں نام بنام پاتے" (اثبات الامامت طبع دوم ص ۳۱۲۔)

(۲) یہی شیعہ مجتہد لکھتے ہیں :- ہاں یہ درست ہے کہ ہمارے بعض علمائے کرام تحریف کے قائل ہیں"۔ اس کے بعد مجتہد مذکور نے قائلین تحریف کی طرف سے پانچ دلیلیں پیش کی ہیں چنانچہ لکھا ہے کہ۔ اس سلسلہ میں ان کی پہلی اور محکم دلیل وہ روایات ہیں جو اس مسئلہ کے متعلق کتب فریقین میں موجود ہیں جو اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ جمع قرآن کے وقت اس میں فی الجملہ اس میں ضرور کچھ کمی واقع ہوئی۔ یہ روایات اس قدر کثیر التعداد ہیں کہ ان سب کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ علامہ مجلسی (یعنی باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ) نے مراۃ العقول میں ان کے تواتر کا ادعا فرمایا ہے۔

اور اس قدر صریح الدلالت ہیں کہ ان میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں" (احسن الفوائد فی شرح العقائد جلد دوم صفحہ ۴۹۱)

اور اسی سلسلے میں مصنف مذکور نے لکھا ہے کہ:۔ یہاں ان دلائل کی صحت و سقم سے بحث کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ ان کے یہاں ذکر کرنے سے مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ جو حضرات اس نظریہ کے قائل ہیں وہ بھی کچھ دلائل رکھتے ہیں اور ان کا یہ نظریہ بھی محض بے دلیل نہیں ہے اور یہ کہ ان کے اس نظریہ سے کسی اسلامی مسلمہ عقیدے کی مخالفت لازم نہیں آتی کما لا یخفی (ایضاً صفحہ ۴۹۳)

علاوہ ازیں مصنف مذکور آیت اِنَّا نحن نَزَّلنَا الذِّکرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُونَ پ ۱۴ سورۃ الحجر کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں "اگر قرآن کا ایک فرد اس تحریف سے محفوظ ہے تو وعدہ خداوندی پورا ہے۔ اور قائل تحریف کہہ سکتا ہے کہ حضرت امیر المومنین کا جمع کردہ قرآن اس وعدہ الٰہیہ کی عملی تصویر ہے جو موجود ہے اور ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے (ایضاً صفحہ ۴۹۴)

منقولہ عبارات کے بعد کوئی کہہ سکتا ہے کہ مولوی محمد حسین ڈھکو مجتہد تحریف قرآن کا قائل نہیں ہے۔ عبرت۔ عبرت۔ عبرت۔

مولوی حسین بخش جاڑا

اس شیعہ مصنف کے شائع کردہ مناظرہ بغداد کی بعض عبارتیں پہلے نقل کی جا چکی ہیں۔ ان کی تفسیر انوار النجف ۱۴ جلدوں میں پاکستان میں شائع ہو چکی ہے۔ وہ بھی اصول کافی کی روایات کے پیش نظر لکھتے ہیں:۔

ایک اور روایت میں آپ (یعنی امام محمد باقر) نے فرمایا کہ جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ میں پورے قرآن کا جامع ہوں جس طرح کہ وہ اترا تھا تو وہ جھوٹا ہے بلکہ جس طرح اترا

تھا اسی طرح پورے طور پر اس کو جمع اور حفظ سوائے علی ابن ابی طالب کے اور کوئی کر ہی نہیں کر سکا اور پھر وہ ائمہ کے پاس ہے جو ان کے اوصیاء ہیں (انوار النجف جلد اول صہ ۷۲) لیکن ہمارا سوال ہنوز یہی ہے کہ حضرت علیؑ نے اصلی قرآن کو کیوں غائب کیا، لیکن اس کے باوجود جاڑا صاحب اپنی تفسیر میں یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اسی قرآن کے قائل اور اس کو محفوظ مانتے ہیں جو امت میں رائج ہے۔

حضرت علی قرآن سے افضل ہیں

یہی جاڑا مجتہد لکھتے ہیں۔ جناب رسالتمآب نے فرمایا میں تم میں دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جاتا ہوں (ایک) اللہ کی کتاب اور (دوسرے) علی بن ابی طالب۔ اور علی تمہارے لئے کتاب اللہ سے افضل ہے کیونکہ یہ تمہارے لئے کتاب اللہ کی ترجمانی کرے گا۔ (علی ناطق ہے اور قرآن صامت ہے اور ناطق صامت سے افضل ہوا کرتا ہے) (ایضاً انوار النجف جلد اول صہ ۶۵)

مرزا احمد علی اور تحریف قرآن

شیعوں کے ایک مناظر مرزا احمد علی امرتسری ثم لاہوری نے (جو پاکستان میں ہی آنجہانی ہوئے ہیں اپنی کتاب الانصاف فی الاستخلاف میں لکھا تھا کہ :۔ حضرت عثمان کا قرآن کی نقلوں کو پھیلانا مسلم۔ لیکن یہی ترتیب قرآن ان کی غفلت از اسلام کو طشت از بام کرتی ہے اگر وہ حضرت علیؓ کے جمع شدہ قرآن کو رائج کرتے تو ان پر کوئی الزام عائد نہ ہوتا۔ ہم نمونہ کے طور پر اس ترتیب کی چند غلطیوں کو ظاہر کرتے ہیں الخ۔

اسی سلسلہ میں مرزا احمد علی رقمطراز ہیں :۔ اگر متروک محاوروں کو بھی معجزہ کہا جائے تو بس خیر پھر تو میں بھی ایک ایسی کتاب لکھ سکتا ہوں جو پرانے محاورات

کو شامل ہو۔ اور وہ معجزہ ہو گا۔ پس حضور یہی آپ کے حضرت عثمان کی کارروائی ہے۔
انا نحن نزلنا الذکر میں ذکر سے رسول اللہ مراد ہے۔ مرزا احمد علی آنجہانی کی اس کتاب
پر لاہور کے ایک مشہور شیعہ مجتہد علی الحائری نے تقریظ لکھی ہے۔ اس کتاب کی تحریف
قرآن کے بارے میں مذکورہ عبارت آفتاب ہدایت میں بھی منقول ہے۔

عقیدۂ تحریف قرآن اور ماہنامہ خیر العمل لاہور

ایک شیعہ ماہنامہ خیر العمل لاہور سے شائع ہوتا ہے جس کا ہیڈ آفس ۶۶ قاسم روڈ سمن آباد لاہور میں ہے اس رسالہ کے ٹائیٹل پر لکھا ہے۔ زیر سرپرستی قائم آل محمد علیہ السلام۔ نگران اعزازی۔ علامہ مرزا یوسف حسین صاحب (جو چند دن ہوئے آنجہانی ہو چکے ہیں) اس ماہنامہ کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر عسکری بن احمد ایم بی بی ایس ہیں جو مرزا احمد علی مذکور کے خلف ہیں اسی سال کے خیر العمل ماہ نومبر ۱۹۸۷ء میں ڈاکٹر موصوف نے بعنوان :۔ فَتَدَبَّرُوْا یَا اُولِی الْاَلْبَابِ ایک مفصل اداریہ لکھا ہے جس میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ موجودہ قرآن محرف ہے۔ العیاذ باللہ بطور نمونہ اس مضمون کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں :۔

(۱) بہر حال کتاب بندی کے مراحل عہد ثلثہ (یعنی خلفائے ثلثہ رضؓ) میں ہوئے اور جامعین قرآن نے وہ قرآن جمع کیا جو آج کل ہمارے ہاتھوں میں ہے اور اس کو سرکاری طور پر رائج کیا لہذا اسے مصحف عثمان کہنا چاہیئے۔ پاکستان بننے سے پہلے لاہور میں قرآن کی جتنی کتابت ہوتی تھی وہ کلاب سنگھ کے پرنٹنگ پریس میں ہوتی تھی۔ اگرچہ حضرت علیؓ کے مرتب کئے ہوئے قرآن کو سرکاری طور پر مسترد کر دیا گیا تھا مگر انہوں نے اپنی ظاہری خلافت کے دور میں بھی اسے رائج کرنے کی کوشش نہ فرمائی مگر انہوں نے یہ ضرور کیا کہ مفسرین قرآن کی ایک جماعت بنائی جس نے قرآن مجید

کے معانی و مطالب کو ماثورہ روایات اور احادیث سے محفوظ کر لیا سا وہ بتلائے
چلے گئے کہ اس جمع شدہ قرآن میں ترکیب و ترتیب اور آیات کی تقدیم و تاخیر میں کیا کیا
خرابی ہوئی ہے الخ

(۲) یہ الٹ پلٹ اتفاقاً ہوئی یا غفلتاً۔ عمداً یا التزاماً مگر اس سے کلام اللہ میں
مبعوث خلط ملط ہو کر رہ گئے۔ اللہ نے اس کا انکشاف اپنے کلام میں کر رکھا
ہے۔ سورۃ الفتح پ ۲۶۔ آیت ۱۵ میں اللہ تعالیٰ نے اطلاع دی ہے۔
یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّبَدِّلُوْا کَلٰمَ اللّٰہِ ۔۔ یہ لوگ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ کے
کلام کو بدل ڈالیں۔

(۳) قرآن مجید کے چیلنج فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ وغیرہ آیات کے متعلق لکھتے ہیں
:۔ آج بھی اللہ کا یہ چیلنج قرآن و اللہ و رسول اللہ کی تکذیب کرنے والوں کے لئے
قائم ہے۔ مگر جامعین قرآن کی غلط ترتیب سے یہ غیر منطقی بلکہ قدرے مضحکہ خیز بن
گیا ہے ۔۔۔ الٹا غیر منطقی ہونے کا الزام اللہ تعالیٰ پر دھرنے کی بجائے یہی
بہتر ہے کہ جامعین و مرتبین قرآن پر اسے دھرا جائے جنہوں نے ادھر کی آیت
کو ادھر جوڑ دیا۔ اور ادھر والی کو ادھر۔ تاریخ یہ بتلانے سے قاصر ہے کہ کتنے
مکذبین کی اصلاح میں یہ الٹ ترتیب مانع ہوئی اور اللہ پر کیا کیا الزام انہوں نے دھرے

(۴) سورہ بقرہ کی آیت ۱۸۴۔ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَہٗ فِدْیَۃٌ طَعَامُ
مِسْکِیْنٍ ط ۔۔۔ ایسا حکم اللہ اور رسول کا نہیں ہو سکتا۔ کاتبین وحی اور جامعین وحی
کی بھول چوک یا عمداً یہاں سے لفظ لَا چھوٹ گیا ہے۔ سب مفسرین کا اتفاق ہے کہ اس
آیت میں یُطِیْقُوْنَہٗ دراصل لَا یُطِیْقُوْنَہٗ ہے۔ یعنی جو روزہ رکھنے کی طاقت نہ
رکھتے ہوں وہ فدیہ روزہ دیں۔

(۵) اسی طرح سورۃ الانفال میں پ ۹ - آیت ۲۷ میں حکم اللہ تعالیٰ ہے۔
یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِکُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔
اس آیت کریمہ میں بھی کاتبین وجامعین فَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِکُمْ سے لَا کو بھول گئے یا عمداً چھوڑ گئے ——— اس حذف لَا نے کتنے کتنوں کو گمراہ کیا ہوگا اور کتنے گمراہ فرقے بنے ہونگے بیچ ان مسائل قرآنیہ کے۔

(۶) سورۃ الحجر پ ۱۴ - آیت ۴۱ میں قول باری تعالیٰ ہے۔ قَالَ ھٰذَا صِرَاطٌ عَلَیَّ مُسْتَقِیْمٌ۔ اللہ نے کہا ہے کہ میرے اوپر ہے جو ایک راستہ وہ سیدھا ہے ——— یہ آیت دراصل یوں ہے۔ ھٰذَا صِرَاطٌ عَلِیٌّ مُسْتَقِیْمٌ۔ یہ علیؑ کی راہ (ہی) سیدھی ہے

(۷) سورۃ الصّٰفّٰت میں قول باری تعالیٰ ہے سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ہے اس پر بھی علماء مفسرین غلطاں ہیں کہ اِلْیَاسِیْن کیا ہے۔ عبداللہ بن عباسؓ کی تفسیری روایت اور کتب احادیث وتفاسیر میں ہے۔ کہ اِلْیَاسِیْن دراصل آلِ یٰسٓ ہے۔ اور یٰسٓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک ہے۔

(۸) قرآن بین الدفتین کو جمع کرنے والوں اور اس پر اعراب واوقاف لگانے والوں کا مطمح نظر بڑی آسانی سے سمجھ میں آجاتا ہے جب یہ سمجھ لیں کہ سقیفائی خلافتوں کی مدمقابل وہی شخصیت تھی جسے آنحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعد خلافت پر نصب ومقرر کیا تھا یعنی علی بن ابی طالب علیہ السلام لہٰذا ان کے متعلق آیات پر ہی سقیفائی رندہ پھیرا گیا۔ اور ایک مؤطا قرآن تیار کیا گیا جس میں فضائل علی کی صفائی کی گئی ہو۔

۹۔ تنزیل قرآن میں بنو امیہ اور دوسرے قریش کے شر منافقین کے بدنام نازل ہوئے تھے جو مصحف عثمانی سے مفقود ہیں۔ قرآن میں اگر ایک دشمن رسول یعنی

ابولہب، کا نام آگیا ہے تو اللہ تعالیٰ کو کوئی ضرورت نہ تھی کہ رسول اللہ کے جو جانی دشمن تھے ان کے اسمائے نامبارکہ کو بتلانے سے پرہیز کرتا۔ ابولہب ہاشمی نے اگرچہ زبانی کلامی دشمنی کی تھی اس کا نام ہی نہیں بلکہ مکمل سورۃ اللھب نازل ہوگیا۔ اس کی بیوی حمالۃ الحطب (ابوسفیان کی بہن ام جمیل) کا ذکر نام کے بغیر آگیا۔ مگر ایسے موذیان رسول کے بدناموں کا قرآن میں ذکر نہیں ہے جنہوں نے رسول اللہ کی ہتک حرمت کی اور آپ کو لہولہان کر دیا اور آپ کو مضروبات شدید پہنچائیں اور آپ کے اعضاء کو توڑ دیا۔ یعنی دندان مبارک کو شہید کر دیا۔ سنت اللہ اور اسلوب قرآن کا تقاضا تو یہ ہے کہ ان کے ناموں پر بھی مکمل مکمل سورے نازل ہوتے ـــــ اولوالالباب کے لئے قطعاً مشکل نہیں کہ وہ عقل دوڑا کر سمجھ لیں کہ اہل حسبنا اور سقیفائی خلیفے چونکہ خود قریشی تھے اور جامع القرآن خود اموی تھا۔ اس لئے احترام خلافت کو برقرار رکھنے کے لئے قرآن کمیٹی کے نوخیزوں نے قریشی اور اموی موذیان رسول کے بدناموں کو خارج دفتر کر دیا۔ مگر مفسرین نے اس کا بھانڈا پھوڑ دیا۔

تبصرہ ڈاکٹر عسکری کے اس مضمون کو پڑھنے کے بعد کیا کوئی صاحب عقل و شعور یہ کہہ سکتا ہے کہ اس رافضی کا موجودہ قرآن پر ایمان ہے: کیا کوئی عیسائی اور یہودی وغیرہ دشمن اسلام قرآن کو ناقابل اعتماد ثابت کرنے کے لئے اس سے زیادہ یاوہ گوئی کر سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ غیر مسلم مستشرقین اگرچہ قرآن کو کلام اللہ نہیں مانتے لیکن وہ اس امر کے معترف ہیں کہ موجودہ قرآن وہی ہے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا تھا۔ اور اس کی تبلیغ و اشاعت آج تک ساری ملت اسلامیہ کر رہی ہے۔ بہرحال ڈاکٹر عسکری ہو یا کوئی اور۔ قرآن میں تغیر و تبدیلی۔ کمی و بیشی کے متعلق جس

کا یہ عقیدہ مبنی بر یقینا کفر ہے۔ اور سب سے زیادہ تعجب اور دکھ کی بات یہ ہے کہ خیر العمل کا یہ مضمون تازہ ہے اور اس دورِ حکومت میں شائع ہوا ہے جس کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ پاکستان میں قرآن و سنت پر مبنی نظام حکومت قائم کریں گے لاحول ولا قوۃ الا باللہ

طالب حسین کرپالوی اور تحریف قرآن

انہی دنوں مسئلہ تحریف قرآن کے نام سے ۶۱۱ صفحات کی ایک ضخیم کتاب طبع دوم ملی ہے جس کے مؤلف مولوی طالب حسین کرپالوی ہیں۔ اس کتاب کی تقریب نمائی بتاریخ ۴ اپریل ۱۹۸۴ء بخواجہ محمد کمیل صاحب کی قیام گاہ گل مسرت فیڈرل بی ایریا کراچی میں ہوئی جس کی صدارت علامہ رضی جعفر صاحب نے کی ہے اس اجلاس میں مولوی مرزا یوسف حسین آنجہانی بھی تھے۔ اور ان کی اس پر تقریظ بھی درج ہے اس کتاب پر شیعی علامہ طالب جوہری صاحب ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کی بھی تقریظ ہے۔ اور اس کتاب کو جن شیعہ علماء نے اپنے موضوع پر بہترین کتاب قرار دیا ہے ان میں مولوی صفدر حسین صاحب نجفی پرنسپل جامعۃ المنتظر لاہور اور مولوی عارف حسین صاحب پرنسپل دار العلوم جعفریہ پارہ چنار کا بھی نام ہے۔ یہ غالباً وہی عارف حسین ہیں جو تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے قائد ہیں۔ اور اس کتاب پر مرزا محمد عالم صاحب مجتہد لکھنؤ کی بھی تقریظ ہے۔ اس کتاب میں مؤلف نے دعویٰ کیا ہے کہ شیعہ تحریف قرآن کے قائل نہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں

:۔ علمائے شیعہ نے بار بار وضاحت فرمائی ہے کہ موجودہ قرآن کم ہے نہ زائد اور اپنے اثبات دعویٰ کے لئے عقلی و نقلی دلائل بھی تحریر فرمائے ہیں۔ الخ (ص ۱۳۲)

اصول کافی وغیرہ میں جو روایات تحریف کی صریح ہیں ان کا جواب یہ دیا ہے

:۔ معترضین نے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ شیعہ کے نزدیک قرآن میں اسمائے اہل بیت تھے

کتاب نہیں ہیں۔ ہمارے نزدیک یہ اسماء متن قرآن میں نہیں تھے بلکہ تفسیر میں تھے
اور یہ تفسیر اللہ کی طرف سے نازل ہوئی تھی۔ اصحاب کرام پڑھا کرتے تھے (ص۴۲۷)

لیکن یہ تاویل ان کی باطل ہے کیونکہ روایت یوں ہے: عَن ابی عبد اللہ علیہ السلام فی قولہ تعالیٰ
وَلَقَدْ عَهِدْنَا اِلٰی آدَمَ مِنْ قَبْلُ کلمات فی محمد وعلی وفاطمۃ والحسن والحسین والائمۃ علیہم
السلام مِنْ ذُرِّیَّتِهِمْ فَنَسِیَ۔ هٰکَذَا وَاللّٰهِ نَزَلَتْ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے آیت لَقَدْ عَهِدْنَا کے متعلق فرمایا کہ وہ کلمات تھے
محمد و علی و فاطمہ و حسن و حسین اور ان ائمہ کے متعلق جو ان کی ذریت سے ہونے والے
آدم ان کو بھول گئے۔ واللہ محمد پر یوں ہی نزول آیت ہوا۔ (شافی ترجمہ اصول کافی
کتاب الحجت جلد اول ص۵۱۳) یہاں مترجم نے ترجمہ میں خیانت کی ہے۔ اور یہ مطلب
لیا ہے کہ امام جعفر صادق نے آیت میں کلمات سے مراد محمد و علی... لئے تھے۔

حالانکہ اصل روایت سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ یہ اسماء اس آیت کا جزو ہیں
جو وحی متلو ہے۔ جس پر هٰکَذَا وَاللّٰهِ نَزَلَتْ کے الفاظ واضح دلالت کرتے ہیں
روایت میں یہ نہیں ہے کہ یہ تفسیری الفاظ ہیں جو بطور وحی غیر متلو نازل ہوئے ہیں

(۲) زیر بحث کتاب کے مؤلف مولوی طالب حسین کرپالوی لکھتے ہیں کہ حضرت
علی کا قرآن آیات اور سورتوں کے لحاظ سے موجودہ قرآن کے مطابق تھا۔ اس
میں فرق یہ تھا کہ وہ تنزیل کے مطابق تھا۔ اس میں متن قرآن کے ساتھ ساتھ تفسیری
نوٹ بھی تھے! الخ (ص۱۹۳ پھر ص۳۶ پر بھی لکھتے ہیں:۔

حضرت علیؓ کا قرآن متن کے لحاظ سے موجودہ قرآن سے کم و زائد نہیں تھا۔"
نیز لکھتے ہیں:۔ حضرت علیؓ نے جو قرآن مرتب فرمایا تھا اس میں تفسیری حواشی تھے
جو کہ موجودہ قرآن میں نہیں۔" (ص۱۹۸) لکھتے ہیں

:۔ حضرت علیؓ کا مرتبہ قرآن تنزیل باری نازل کے مطابق و موافق تھا اور عثمان

کا مرتبہ قرآن جو اس وقت رائج ہے ترتیب نزولی کے خلاف ہے۔" (ص ۲۱۶)

یہ تو صحیح ہے کہ اہل السنت والجماعت کے نزدیک بھی قرآن جس ترتیب سے نازل ہوا تھا اس ترتیب سے موجودہ قرآن جمع نہیں ہوا لیکن اہل السنت والجماعت کے نزدیک موجودہ قرآن کی ترتیب از خود جامعین قرآن نے نہیں دی بلکہ جمع و ترتیب قرآن اسی ترتیب سے ہے جو ترتیب خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی۔ اور اسی ترتیب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان مبارک میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کو سناتے تھے اور اسی ترتیب سے صحابہ کرام قرآن مجید حفظ کرتے تھے اور یہی سلسلہ حفاظ امت کا آج تک قائم ہے۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی رضا قرآن کی ترتیب نزولی کے مطابق جمع کرنے کی تھی تو امت کو اس کی توفیق کیوں نہیں دی۔ حالانکہ آیت اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ اور آیت اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ کا تقاضا ہے کہ ہر پہلو سے من جانب اللہ قرآن کی حفاظت کی جائے جو اس کی رضا کے مطابق ہو۔ اگر یہ کہا جائے کہ حضرت علی المرتضیٰ نے ترتیب نزولی کے مطابق قرآن جمع کیا تھا تو سوال یہ ہے کہ اگر یہ ترتیب صحیح تھی اور رضائے خداوندی کے مطابق تھی اور امت کے لئے یہ نافع تھی تو پھر حضرت علی المرتضیٰ نے اپنے جمع کردہ قرآن کو غائب کیوں کر دیا۔ کیا ساری امت کو ظہور مہدی تک اصل قرآن سے محروم رکھنا جرم عظیم نہیں ہے

کرپالوی صاحب کی منطق

کرپالوی صاحب اسی سلسلہ میں لکھتے ہیں: "اعتراض ۲۳ حضرت علیؓ نے اپنا مرتبہ قرآن شائع کیوں نہ کیا؟ جواب (۱) اگر حضرت علیؓ اپنا مرتبہ قرآن رائج کر دیتے تو اختلاف کثیر ہوتا۔ اور امت مسلمہ میں اہل کتاب کی طرح اس موضوع پر کئی گروہ ہو جاتے۔

(۲) حضرت عثمانؓ کا مرتبہ قرآن قریہ قریہ بستی بستی پہنچ چکا تھا اور یہ علاقہ بھی

کافی وسیع تھا۔ اگر اس وقت حضرت علیؓ اپنا مرتبہ قرآن رائج کر دیتے تو کسی کے پاس حضرت علیؓ کا اور کسی کے پاس حضرت عثمانؓ کا قرآن ہوتا اور اس وقت امت مسلمہ سیاسی لحاظ سے دو پارٹیوں میں تقسیم ہو چکی تھی۔ بعض حضرت علیؓ کے حامی اور بعض معاویہ بن ابی سفیان کے۔ لہٰذا حضرت علیؓ سے عقیدت رکھنے والے حضرت علیؓ کے قرآن کو اور معاویہؓ سے محبت رکھنے والے حضرت عثمانؓ کے قرآن کو اختیار کرتے۔

(۳) حضرت علیؓ اگر اپنا قرآن رائج کرتے تو ضروری تھا کہ تمام عالم اسلام سے حضرت عثمانؓ کا مرتبہ قرآن حاصل کرتے اور پھر تمام علاقے میں اپنا قرآن رائج کرتے لیکن اس کے لئے کافی عرصہ درکار تھا اور پُرامن ماحول لازم تھا لیکن چند مہانوں کی تحریک پر مسلمانوں نے حضرت علی کو جنگوں میں ہی الجھائے رکھا۔ بھلا وہ اپنا قرآن کب اور کیسے رائج کرتے۔

(۴) حضرت علی کو اپنا مرتبہ قرآن شائع کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی کیونکہ اس کا متن وہی تھا جو حضرت عثمان کے مرتبہ قرآن کا تھا فرق یہ تھا کہ حضرت علی کا قرآن نزول کی ترتیب کے مطابق تھا اور حواشی میں تفسیری نوٹ تھے۔ متن کے لحاظ سے دونوں قرآنوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ لہٰذا اس کے رائج نہ کرنے سے کوئی گناہ نہیں لازم آتا۔

(۵) اگر حضرت علیؓ اپنے دورِ حکومت میں اپنا مرتبہ قرآن رائج کر دیتے تو ہر آنے والا حکمران اقتدار سنبھالتے ہی قرآن کو نئے طریقے پر مرتب کرتا اور اسے رائج کر دیتا تو اس طرح انجیل کی طرح قرآن کی بھی اصلیت ختم ہو جاتی۔

(۶) اگر حضرت علی اپنا مرتبہ قرآن رائج کرتے تو حزبِ اختلاف اسے سیاسی رنگ دیکر ہنگامے شروع کر دیتی۔ دیکھو حضرت عثمان سے ذاتی رنجش کی وجہ سے حضرت

علی نے عمداً اپنا قرآن رائج کر دیا ہے۔

(۸) حلال مشکلات نے روضہ کافی کے صـ۶۵ پر خود وضاحت فرمادی۔ کہ مجھ سے پہلے صاحبان اقتدار نے کچھ ایسے عوامل کئے ہیں جن سے مخالفت رسول واضح ہوتی ہے۔ اگر میں ان امور کو رسول اکرم کے زمانے کے مطابق ڈھال دوں تو میری فوج چھوڑ کر چلی جائے گی اور میں اکیلا رہ جاؤں گا۔ یا چند مخلص ساتھی رہ جائیں گے الخ (صـ۳۳۶ تا صـ۳۳۸)

تبصرہ رپالوی صاحب نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے اصلی قرآن رائج نہ کرنے کی جو توجیہات پیش کی ہیں ان کے پیش نظر تو حضرت علی کی کوئی دینی پوزیشن باقی نہیں رہتی اور اصلی قرآن غائب کرنے کے مجرم تنہا حضرت علی ہی قرار پاتے ہیں۔ العیاذ باللہ۔ قرآن میں ہی اللہ تعالیٰ کا یہ اعلان ہے:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَالْهُدٰی مِنْۢ بَعْدِ مَا بَیَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِی الْكِتٰبِ اُولٰٓئِكَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَیَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ (بیشک جو لوگ ان واضح ارشادات اور ہدایت کو جنہیں ہم نے اتارا چھپاتے ہیں بعد اس کے کہ ہم نے انہیں کتاب میں لوگوں کیلئے واضح کر کے بیان کر دیا۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ لعنت کرتا ہے اور سب لعنت کرنے والے بھی لعنت کرتے ہیں (ترجمہ مولوی امداد حسین کاظمی)

جب کتاب اللہ کے بعض ارشادات کو چھپانے والا ملعون ہے تو سارے اصلی قرآن کو غائب کرنے والے کا کیا حکم ہوگا۔ (شیعہ عقیدہ کی بنیاد پر حضرت علی المرتضیٰ کس زمرے میں شمار ہوتے ہیں جن کو کرپالوی صاحب انبیائے سابقین علیہم السلام سے بھی افضل مانتے ہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ تحفظ قرآن میں اس قسم کی غفلت اور غلط قرآن کو قبول کرنے اور احکام اسلام نافذ نہ کرنے کی بنا پر تو حضرت

علی کسی درجہ میں بھی خلیفہ رسول تسلیم نہیں کئے جا سکتے چہ جائیکہ ان کو خلیفہ بلا فصل قرار دیا جائے۔ العیاذ باللہ۔

ترتیب نزولی چھوڑنے کا نقصان

کرپالوی صاحب موصوف نے بزعم خود اپنے مختصر جائزہ میں قرآن مجید کی موجودہ ترتیب کی نمبر وار ۷ غلطیاں ثابت کی ہیں اور اس بات کا کہ :- کیا حضرت عثمان نے قرآن جمع کر کے احسان عظیم نہیں فرمایا۔ یہ جواب دیا ہے :- دوستو۔ احسان تو تب ہوتا جب پہلے کسی نے یہ کام نہ کیا ہوتا۔ حالانکہ کتب سے ثابت ہے (جیسا کہ ص ۱۸۸ پر تحریر ہو چکا ہے کہ حضرت علیؓ نے ان سے بہت پہلے ایسا قرآن جمع کر دیا تھا جس کے متعلق صحابہ کرام نے فرمایا کہ اس میں علم کثیر تھا۔ اگر انس و جن ایک مقام پر اکٹھے ہو کر بھی اسے جمع کریں تو ناممکن۔ ایسے قرآن کو قبول نہ کرنا بھی تو نقصان عظیم ہے۔ سچ پوچھو تو جسے جناب احسان عظیم فرما رہے ہیں یہ اس نقصان عظیم کے مقابلے میں کچھ مقام ہی نہیں رکھتا ص ۴۴۳)

اسی سلسلے میں یوں گوہر فشانی کرتے ہیں :-

حضرت علیؓ نے آیات کے ساتھ تفسیری نوٹ بھی تحریر فرمائے ہوئے تھے جس میں ذکر خیر کے مقام پر نیک لوگوں کے اور ذکر شر کے مقام پر مجرم، مرتد، منافق خارجی اور فاسقوں کے نام بالوضاحت موجود تھے لیکن جب اصحاب نے حضرت علیؓ کے مرتبہ قرآن کو دیکھا تو اس میں اپنی قوم کی مذمت دیکھی جو آیات میں شانا اور تفسیر میں بالوضاحت تھی کہ جس کی وجہ سے پہلے مہربانوں نے حضرت علیؓ کا قرآن قبول نہ کیا۔ پھر سوچا کہ اگر قرآن ان کے پاس رہ جائے تو پھر بھی وہ ریکارڈ رہیگا لہذا اسے حاصل کر کے ختم ہی کر دیں۔ لیکن صاحبان اقتدار کی یہ خباثت و سیاست

اور ذہانت مدلل کے تانگ کے سامنے کارگر نہ ہوئی حضرت عمر کی بھی یہی پالیسی رہی کہ صرف آیات جمع ہوں تفسیر نہ ہو اور اس کے لئے انہوں نے سرکاری حکم بھی نافذ فرمایا ــــ حضرت علی کا صرف یہی قصور تھا کہ آپ نے مجرموں کے چہروں سے نقاب کشائی فرما کر ان کے اصلی خدوخال پیش کر دیئے تھے جس سے قلیل تعداد کو نقصان پہنچتا لیکن قیامت تک کیلئے کئی ایک مسائل کا حل ہو جاتا۔ لیکن صاحبان اقتدار نے سیاست و فطانت سے کام لیتے ہوئے اپنی پارٹی کو بچا لیا لیکن قیامت تک مسلمانوں کو ایک قیمتی و گرانقدر خزانے سے محروم کر دیا۔ (ص $\frac{۳۵۸}{۳۶۰}$)

الجواب کرپاوی صاحب یہ تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت علی نے قرآن کے ساتھ اس کے تفسیری نوٹ بھی لکھے تھے۔ اور وہ تفسیری کلمات بھی من جانب اللہ بذریعہ وحی نازل ہوئے تھے۔ اور وہ قیامت تک کے مسلمانوں کیلئے ایک قیمتی اور گرانقدر خزانہ تھا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ قیمتی خزانہ۔ (جو کلمات وحی پر مشتمل تھا) کس نے ضائع کیا، اصحاب نے یا حضرت علی نے۔ ظاہر ہے کہ اس قیمتی خزانہ کو حضرت علی نے قیامت تک کیلئے غائب کیا۔ نہ کہ اصحاب نے۔ صحابہ کرام نے تو بقول کرپاوی حضرت علی کے مرتب کردہ قرآن کو قبول ہی نہ کیا کہ اس سے مجرموں کے چہروں کی نقاب کشائی ہوتی تھی۔ بالفرض اگر واقعات یہی ہیں تو اصلی مجرم حضرت علی ہیں (العیاذ باللہ) جنہوں نے اس قرآن کو غائب کر دیا جو ان کے پاس اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امانت تھی اور اپنی کمزوری کی بنا پر امت مسلمہ کو عظیم دینی نقصان پہنچایا۔

۲: کیا امت کو باہمی اختلاف اور تفرقہ سے بچانے کا یہی اسلامی طریق ہے کہ اصلی قرآن

سے ہی اس کو محروم کر دیا جائے۔ نہ صرف حضرت علی بلکہ امام مہدی تک ائمہ نے اصلی قرآن کو غائب کئے رکھا حالانکہ وہ اپنے دین کے لئے ہی مصائب میں مبتلا ہوئے بعض زندان میں ڈالے گئے اور بعض شہید ہوئے۔ خود حضرت علیؓ کو جنگ جمل اور صفین کے مراحل سے گذرنا پڑا فرمایئے اگر اصلی قرآن کو رائج فرماتے اور اس کے نتیجہ میں جام شہادت نوش کرنا پڑتا تو اس میں کیا خسارہ تھا۔ اور اگر اصلی قرآن کو غائب کیا تو حضرت علی اور دیگر ائمہ کو کیا دنیوی فائدہ پہنچا۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ اور دیگر ائمہ کی محبت کے پردے میں یہ قرآن دشمنی پر مبنی مذموم عزائم ہیں جن کا مختلف شکلوں میں ظہور ہوتا رہتا ہے۔

(۳) یہ بھی بتایا جائے کہ صحابہ کرام نے متن قرآن کی ترتیب میں کیوں تبدیلی کی تھی۔ اور اگر انہوں نے تبدیلی کی تھی تو حضرت علی نے متن قرآن کو اس کی اصلی اور صحیح ترتیب سے کیوں نہ رائج کیا۔ اور اس غلط ترتیب قرآن سے کیوں راضی ہو گئے جس کی خرابیاں آج ڈاکٹر عسکری اور کرپالوی جیسے محبان علی بھی گنوا رہے ہیں۔ یہ بھی تو فرمایئے۔ کہ حضرت علیؓ وغیرہ بارہ امام جو معصوم بھی ہیں اور انبیائے سابقین علیہم السلام سے افضل بھی ہیں آخر ان کو من جانب اللہ ایسی امامت کا منصب عطا کرنے کا مقصد کیا تھا۔ کیا یہ حضرات کتمان حق تقیہ۔ متعہ اور تبرا کی ہی امت کو تعلیم دینے کے لئے تشریف لائے تھے۔

عبرت۔ عبرت۔ عبرت

تحریف قرآن اور کرپالوی

کرپالوی صاحب بظاہر تو متن قرآن میں عدم تحریف کے قائل ہیں لیکن حقیقتاً وہ بھی شیعہ مذہب کے اصل عقیدہ کے مطابق تحریف ہی کے قائل ہیں اور مولوی محمد حسین ڈھکو مجتہد۔ مرزا احمد علی آنجہانی۔ ڈاکٹر عسکری بن امداد مولوی طالب حسین کرپالوی کا مقصد ایک ہی ہے۔ عسکری صاحب کے مضمون کے اقتباسات پہلے درج کئے جا چکے ہیں جن میں

انھوں نے موجودہ قرآن کی ترتیب کا مضحکہ اڑانے کے ساتھ ساتھ متن قرآن میں کمی وبیشی ہونے کا بھی اقرار کیا ہے اور کرپالوی صاحب نے ترتیب قرآن کی خرابیوں کی فہرست عسکری صاحب سے بھی طویل پیش کر کے اپنے دل کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔

(۲) عسکری اور کرپالوی دونوں یہ تسلیم کرتے ہیں کہ متن قرآن کی طرح اس کے تفسیری کلمات بھی بذریعہ وحی نازل ہوئے ہیں۔ عسکری صاحب کے نزدیک وہ متن قرآن کا جزء ہیں اور کرپالوی صاحب یہ تاویل کرتے ہیں کہ وہ تفسیری کلمات ہیں لیکن سب وہ بھی کلمات خداوندی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہی اپنے بندوں کو آیات کا مصداق بتانے کے لئے نازل فرمائے ہیں۔ تو ان کی تحریف بھی وحی خداوندی میں ہی تحریف ہے اور حسب ارشاد خداوندی اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ ہر قسم کی وحی کے کلمات کی حفاظت مِن جانب اللہ ہونی چاہیئے تھی۔ لیکن حضرت علی المرتضیٰ نے قادر مطلق کی حفاظت کا بند بھی توڑ دیا۔ اور قیامت تک کیلئے امت مرحومہ کو وحی کے اس عظیم الشان اہم حصہ سے محروم کر دیا۔ اور اصلی قرآن کی ترتیب میں بھی تبدیلی تحریف قرآن کی ہی ایک صورت ہے اور وہ بھی حفاظت خداوندی کے خلاف ہے۔ بہرحال بعض شیعہ علماء بالوضاحت اور بعض مثل کرپالوی کے تقیہ کے تہ بہ تہ پردوں میں تحریف قرآن کے قائل ہیں ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش من انداز قدت را می شناسم واللہ الہادی

شیعہ تراجم قرآن اور تحریف

میرے پاس مولوی مقبول احمد دہلوی کا ترجمہ مع ضمیمہ (مطبوعہ ۱۹۵۵ء دہلی۔ ترجمہ مولوی کاظمی فرمان علی (ناشر امامیہ کتب خانہ اندرون موچی دروازہ لاہور) (۳) اور ترجمہ مولوی امداد حسین جنوان القرآن المبین تفسیر المتقین (تالیف ۱۳۸۱ھ) ناشر شیعہ بک ایجنسی انصاف پریس لاہور

وجود ہیں ان تینوں شیعہ تراجم کے حواشی میں شیعہ ائمہ کی ایسی روایات منقول ہیں جن سے تحریف قرآن (کمی وبیشی) ثابت ہوتی ہے۔ اور ان تراجم کی تائید و تصدیق متعدد شیعہ علماء و مجتہدین نے کی ہے خصوصاً مولوی مقبول احمد کے ترجمہ پر تو لکھنؤ کے بڑے بڑے شیعہ مجتہدین کی تقاریظ درج ہیں۔ یہاں بطور نمونہ سورۃ آل عمران کی آیت یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ کا ترجمہ اور تفسیر پیش کی جاتی ہے۔

تحریف قرآن اور قیامت میں پانچ جھنڈے

مندرجہ آیت کا ترجمہ مولوی مقبول احمد نے یہ لکھا ہے جس دن کچھ چہرے نورانی ہوں گے اور کچھ منہ کالے) اس کے حاشیہ پر مولوی مقبول احمد لکھتے ہیں :۔ تفسیر قمی میں حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی تو جناب رسول خدا نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت میرے پاس پانچ جھنڈوں کے تحت میں ہو کر آئے گی۔ ان میں سے چار کے ماتحت تو بھوکے پیاسے جہنم میں بھیج دیئے جائینگے اور پانچویں کے سیر و سیراب جنت میں داخل کئے جائیں گے۔ (پوری حدیث ضمیمے میں ملاحظہ فرمایئے۔ اور ضمیمہ میں جو روایت منقول ہے درج ذیل ہے۔

ان پانچ جھنڈوں سے پہلا جھنڈا اس امت کے گوسالہ (ابوبکر) کا ہوگا اس میں آنحضرت فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں سے سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد ان دو گرانقدر چیزوں کے ساتھ جو میں تم میں چھوڑ آیا تھا کیا برتاؤ کیا۔ وہ جواب دیں گے کہ ثقل اکبر (یعنی کتاب خدا) میں تو ہم نے تحریف کی اور اسے پس پشت ڈال دیا۔ اور ثقل اصغر (یعنی اہل بیت رسول) ان سے ہم نے عداوت اور بغض رکھا اور ظلم کیا۔ آنحضرت فرماتے ہیں میں ان سے یہ کہوں گا کہ تمہارے کالے منہ ہوں تم جہنم میں بھوکے پیاسے چلے جاؤ۔ پھر دوسرا جھنڈا اس

امت کے فرعون (عمر) کا میرے پاس آئے گا۔ اور میں ان سے سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا وہ جواب دیں گے ثقل اکبر میں تو ہم نے تحریف کی اور اسے پھاڑ ڈالا اور اس کی مخالفت کی۔ اب رہا ثقل اصغر ان سے ہم نے دشمنی کی اور ان سے لڑے۔ تو میں ان سے کہوں گا کہ تمہارا بھی منہ کالا ہو۔ تم بھی جہنم میں پیاسے چلے جاؤ۔ اس کے بعد میرا جھنڈا امت کے سامری (عثمان) کا آئے گا۔ ان سے بھی میں یہی سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد میرے ثقلین کے ساتھ کیا معاملہ کیا وہ جواب دیں گے ثقل اکبر کی ہم نے نافرمانی کی۔ اور اسے چھوڑ دیا اور ثقل اصغر کی ہم نے نصرت چھوڑ دی اور ان کو ضائع کر دیا۔ تو میں ان سے کہوں گا کہ تمہارا بھی منہ کالا ہو۔ جہنم میں پیاسے چلے جاؤ۔ اس کے بعد چوتھا جھنڈا ذوالثدیہ کا جس کے ساتھ اول سے آخر تک کل خوارج ہوں گے آئے گا میں ان سے بھی سوال کروں گا کہ میرے ثقلین کے ساتھ تم نے کیا کیا وہ یہ کہیں گے کہ ثقل اکبر تو ہم نے پھاڑ ڈالا اور اس سے علیحدہ رہے اور ثقل اصغر کے ساتھ ہم لڑے اور ان کو قتل کیا۔ میں ان سے کہوں گا جاؤ جہنم میں پیاسے۔ پھر پانچواں جھنڈا امام المتقین سید الوصیین قائد الغر المحجلین وصی رسول رب العالمین کا میرے پاس وارد ہوگا۔ میں ان سے دریافت کروں گا کہ تم میرے بعد ثقلین کے ساتھ کس طرح پیش آئے۔ وہ جواب میں عرض کریں گے کہ ثقل اکبر کی ہم نے پیروی اور اطاعت کی اور ثقل اصغر سے ہم نے محبت و موالات کی اور ان کو یہاں تک مدد دی کہ ان کے بارے میں ہمارے خون تک بہا دیئے گئے پس ان سے میں کہوں گا سیر و سیراب ہو کر سفید رو بن کر جنت میں چلے جاؤ اس کے بعد آنحضرت نے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں۔ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ سے ثُمَّ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ تک

(ضمیمہ ترجمہ مولوی مقبول احمد ص۵۵ مطبوعہ مقبول پریس دہلی ۱۹۱۵ء)

اور یہی روایت پانچ جھنڈوں والی مولوی امداد حسین کاظمی نے تفسیر المتقین میں نقل کی ہے

روایات تفسیر قمی سے لی گئی ہے۔ جو شیعہ مذہب کی قدیم ترین تفسیروں میں سے ہے جس کے مؤلف شیخ ابوالحسن علی بن ابراہیم بن ہاشم القمی ہیں۔ (متوفی ۳۰۷ھ) اور شیخ قمی نے شیعوں کے گیارہویں معصوم امام حسن عسکری متوفی ۲۶۰ھ کا زمانہ پایا ہے۔ شیخ محمد یعقوب کلینی (مؤلف اصول و فروع کافی) متوفی ۳۲۹ھ نے الکافی میں اکثر روایات تفسیر قمی سے لی ہیں۔ شیخ قمی صراحتاً تحریف قرآن کے قائل ہیں اور زیر بحث پانچ جھنڈوں والی روایات میں بھی اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ صحابہ کرام نے قرآن میں تحریف کی تھی یہ روایت تفسیر قمی صہ ۱۰۹ مطبوعہ نجف اشرف ۱۳۸۶ھ پر ہے۔

اصل روایت میں گوسالہ۔ فرعون اور سامری کے الفاظ ہیں جس کا مصداق مولوی مقبول احمد دہلوی نے دیوبند میں ابوبکر۔ عمر اور عثمان کو قرار دیا ہے۔ العیاذ باللہ۔ یہ روایت گو من گھڑت ہے لیکن خلفائے ثلثہ کے بارے میں اور تحریف قرآن کے بارے میں شیعوں کا عقیدہ اس سے واضح ہوتا ہے اور تعجب ہے کہ قرآن میں تحریف کرنے والے تو حسب روایت جہنمی بن جائیں گے لیکن حضرت علی المرتضیٰ اپنے پیروکاروں سمیت جنت میں جائیں گے حالانکہ حسب اعتقاد شیعہ انہوں نے ظہور مہدی تک اصلی قرآن کو بالکل ہی غائب کر دیا تھا۔ پھر ان کے پیروکار شیعوں نے کس ثقل اکبر (یعنی کتاب اللہ) کی پیروی اور اطاعت کی تھی۔ فَبِئْسَمَا يَحْكُمُونَ۔

ہمارا سوال

شیعہ امامیہ کا اصل مذہب تو تحریف قرآن کا ہی ہے لیکن اگر مولوی محمد حسین صاحب مجتہد اور مولوی طالب حسین صاحب کراچوی کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ متن قرآن میں تحریف کے قائل نہیں تو پھر وہ ان اکابر علمائے شیعہ کو بالوضاحت کافر قرار دیں جو قرآن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جامعین قرآن کے ہاتھوں تحریف قرآن کے قائل ہیں۔ بَيِّنُوا تُوجَرُوا

عقیدۂ امامت اور کلمۂ شیعہ

حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی دام مجدہم نے اپنی یادگار تصنیف ایرانی انقلاب میں شیعی عقیدۂ امامت کی پوری وضاحت کر دی ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے لیکر اکابر علمائے دیوبند اور خصوصاً امام اہل سنت حضرت مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رحمہم اللہ تعالیٰ نے شیعی عقیدہ امامت کو عقیدہ ختم نبوت کے منافی قرار دیا ہے اور فتوی تکفیر شیعہ کی ایک بڑی بنیاد ان کا عقیدۂ امامت ہی ہے۔ کیونکہ وہ منصب امامت کو منصب نبوت سے افضل قرار دیتے ہیں۔ اور اسی لئے اثنا عشریہ کے نزدیک اس امت کے بارہ نامزد معصوم امام انبیائے سابقین حتی کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ اور حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہم السلام سے بھی افضل ہیں اسلام کے بنیادی اصول تین ہیں توحید۔ نبوت اور قیامت۔ اور تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے اپنی اپنی امتوں کو انہی اصول ثلثہ کی تعلیم دی ہے لیکن اس کے برعکس شیعہ اثنا عشریہ کے نزدیک اسلام کے بنیادی اصول پانچ ہیں۔ توحید۔ عدل۔ نبوت امامت۔ قیامت۔ اور شیعہ مذہب کی ابتدائی کتابوں حتی کہ مترجم نمازوں میں بھی انہی پانچ اصول دین کی وضاحت پائی جاتی ہے جس سے لازم آتا ہے کہ جس طرح توحید نبوت اور قیامت کا منکر کافر ہے اسی طرح شیعوں کی مزعومہ امامت کا منکر بھی کافر ہے۔ اور اسی عقیدہ امامت کی اہمیت کے پیش نظر انہوں نے اپنے کلمۂ اسلام و ایمان میں عقیدۂ امامت کا اضافہ کر دیا ہے۔ (اور اذان میں بھی وہ رسالت کی شہادت کے بعد امامت کی شہادت دیتے ہیں۔ یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ محمد رسول اللہ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللہ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللہ وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْل۔ اور یہی کلمہ انہوں نے پاکستان کے سرکاری سکولوں کی کلاس نہم و دہم کے نصاب اسلامیات

لازمی کی کتاب :- رہنمائے اساتذہ میں شامل کرلیا ہے جس کی تشریح اس کتاب میں حسبِ ذیل عبارت سے کی گئی ہے :-

کلمۂ اسلام کے اقرار اور ایمان کے عہد کا نام ہے۔ کلمہ پڑھنے سے کافر مسلمان ہو جاتا ہے۔ کلمہ میں توحید و رسالت ماننے کا اقرار اور امامت کے عقیدے کا اظہار ہے۔ ان عقیدہ کے مطابق عمل کرنے سے مسلمان مومن بنتا ہے" اس کلمہ اور اس کی مذکورہ وضاحت سے یہ لازم آتا ہے کہ مسلمان کلمۂ اسلام میں حضرت علی رضی خلافت بلافصل کا اقرار نہیں کرتا۔ وہ نہ مسلم ہیں اور نہ مومن۔ اس وجہ سے سوائے شیعوں کے دورِ رسالت سے لیکر آج تک ساری ملت اسلامیہ نہ مسلم قرار دی جا سکتی ہے اور نہ مومن۔ حالانکہ خود خاتم النبیین۔ رحمت للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تئیس سالہ تبلیغی رسالت میں کسی کافر کو حلقہ اسلام میں داخل کرتے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امامت اور خلافت بلافصل کا اقرار نہیں کرایا۔ کلمۂ اسلام میں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف توحید و رسالت کا اقرار کرایا ہے

یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (جس کی مزید تفصیل بندہ کے ایک رسالہ پاکستان میں تبدیلی کلمۂ اسلام کی ایک خطرناک سازش میں موجود ہے) بہرحال کلمۂ اسلام میں حضرت علی المرتضیٰ کی خلافت بلافصل کا اضافہ اور اس کو ایمان و اسلام کے لئے مثل اقرار رسالت کے شرط قرار دینا۔ نبی کریم رحمت للعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ کے متعین فرمودہ کلمۂ اسلام کو ناقص قرار دینے کے مترادف ہے جو ایک مستقل کفر ہے۔ خلاصہ یہ کہ عقیدہ امامت عقیدۂ تحریف قرآن۔ تکفیر صحابہ و خلفائے راشدین کی بنا پر شیعہ امامیہ کی تکفیر کا فتویٰ صحیح ہے۔

اور اس کے علاوہ ان کے عقائد تقیہ۔ کتمان حق۔ تبرا۔ رجعت اور متعہ وغیرہ ایسے عقائد ہیں جن کی بنا پر وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے قرآن اور اسلام سے اپنا تعلق منقطع کر چکے ہیں اور جب تک وہ اپنے عقائد کفریہ سے توبہ نہ کریں ان کو ملت اسلامیہ میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

ایرانی تحریف شدہ قرآن

اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ

:۔ حکومت پنجاب نے ادارہ سازمان چاپ جاودان (ایران) کے شائع کردہ قرآن پاک نمبر ۴ کے تمام نسخے فوری طور پر ضبط کر لیے ہیں کیونکہ اس کے متن میں الفاظ یا اعراب میں تحریف پائی گئی جو قرآن پاک کے مسلمہ متن کے خلاف ہے اور جس سے مسلمانان پاکستان کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچ سکتی ہے۔ (جنگ راولپنڈی ۱۲ دسمبر ۱۹۸۷ء) یہ حکومت کیلئے بھی چیلنج ہے ایران کے مطبوعہ تحریف شدہ قرآن کے ثبوت کے بعد کیا اس امر میں کوئی شبہ ہو سکتا ہے کہ شیعوں کا موجودہ قرآن پر ایمان نہیں ہے۔ اور وہ قرآن میں تحریف کے قائل ہیں۔

خادم اہل سنت مظہر حسین غفرلہ خطیب مدنی جامع مسجد چکوال

و امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان

---

۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۸ھ — ۱۵ جنوری ۱۹۸۸ء

ضمیمہ ۳

علماء پاکستان کی مزید تصدیقات

*

علماء سرحد کی تصدیقات

اسیر مالٹا، سلف کی یادگار حضرت مولانا عزیر گل صاحب مدظلہ العالی کی رائے گرامی

اسیر مالٹا، سلف کی یادگار حضرت مولانا محمد عزیر گل صاحب مدظلہ العالی کی رائے گرامی۔

اسیر مالٹا حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے خادم خاص اکابر دیوبند کی یادگار حضرت مولانا محمد عزیر گل صاحب مدظلہ العالی کی خدمت اقدس میں حاضری کا شرف حاصل ہوا اور آپ کو یہ استفتا اور فتویٰ پڑھ کر سنایا گیا تو اس پر خوشی کا اظہار فرمایا اور بہت دعائیں دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ فتویٰ وقت کا اہم تقاضا اور ضرورت ہے۔ کیونکہ ان کے عقائد اب بالکل واضح ہو گئے ہیں اور مسلمانوں کو کھل کر ایذا پہنچانے کے درپے رہتے ہیں۔ آپ سے دستخط کی درخواست کی گئی تو فرمایا کہ میں اس فتویٰ کی توثیق کرتا ہوں۔ بینائی نہیں رہی جس کی وجہ سے پندرہ سال سے قلم نہیں اٹھایا اور ہاتھ میں رعشہ بھی ہے اس لئے دستخط سے معذور سمجھیں، دوبارہ درخواست کی گئی کہ تبرک کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ اس پر آپ کے دستخط ہوں تو ازراہ شفقت اس درخواست کو قبول فرمایا اور حضرت نے ہاتھ پکڑوا کر فتوے پر دستخط فرمائے۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اس سے پہلے شیعوں کے کفر کا فتویٰ مولانا عبدالشکور لکھنوی لکھ چکے ہیں جس پر ہمارے تمام اکابر نے دستخط فرمائے تھے۔ اس طرح شیعوں کے کفر کا فتویٰ علمائے دیوبند کا متفقہ موقف ہے۔

جامعہ امدادالعلوم۔ پشاور

حضرت مولانا فقیر محمد صاحب مدظلہ العالی خلیفہ مجاز حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کی رائے

شیعہ پکے کافر ہیں، ان کے کفر کو اور ان کی شناعت کو ہمارے حضرت مجدد ملت نوراللہ مرقدہ بھی اپنے فتویٰ اور

ملفوظات میں بار بار بیان فرما چکے ہیں۔ علماء دیوبند نے جب شیعوں کے کفر کا فتویٰ دیا تو اس پر مولانا عبدالماجد دریابادی کے اشکالات کے ہمارے حضرت قدس سرہ نے جواب دیئے۔ شیعوں کا پورا دین اور مذہب کلمہ سے لیکر جنازہ اور دفن تک ہر ہر چیز اسلام اور مسلمانوں سے مختلف ہے۔ ان کا سب سے بڑا کفر یہ ہے کہ یہ موجودہ قرآن کو محرف مانتے ہیں، امامت کے قائل ہیں اور صحابہؓ کو مرتد و منافق سمجھتے ہیں اس لئے یہ کافر ہیں۔ اور میں مفتی صاحب کے فتوے کی تصدیق و توثیق کرتا ہوں۔ جو علماء اور مشائخ شیعوں کے خلاف علمی اور عملی کام کر رہے ہیں وہ جہاد کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی نصرت و مدد فرمائے اور ان کو کامیاب فرمائے۔ میں ہر وقت ان لوگوں کے لئے دل سے دعا گو ہوں۔ (مولانا) فقیر محمد (مدظلہ) سرپرست اعلیٰ جامعہ امدادالعلوم۔ پشاور

ہم اپنے بزرگ اور قابل صد احترام علماء کرام کی تائید کرتے ہوئے روافض اثنا عشریہ کے اسباب کفر کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں۔

محمد حسن جان شیخ الحدیث جامعہ امدادالعلوم پشاور

روافض کی کتب کے مطالعے سے ان کی تکفیر خود بخود معلوم ہوتی ہے۔

امان اللہ۔ استاد حدیث جامعہ امدادالعلوم

عبدالرحمٰن ناظم جامعہ امدادالعلوم۔

محمود۔ مدرس جامعہ امدادالعلوم

حضرت مولانا عبدالحق مدظلہ العالی وعلماء دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور کی تصدیق

حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب مدظلہ مفتی اعظم پاکستان فقہ اور فتاویٰ میں ہمارے مقتدا اور امام ہیں اور ہم مقتدی حضرات فتاویٰ میں صرف آپ کی اقتدا کرتے ہیں اس لئے اس فتویٰ کی تصدیق و توثیق کی حضرت مفتی صاحب کے فتوے کے بعد کوئی ضرورت نہیں۔ آپ کا فتویٰ ہم تمام علماء دیوبند اور خدام کے لئے حجت اور دلیل ہے۔ آپ کے حکم کے پیش نظر سعادت کے لئے دستخط کر رہا ہوں ورنہ حضرت مفتی صاحب کے دستخط ہم سب کی طرف سے کافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب مدظلہ اور حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن صاحب مدظلہ کے اس جہاد کو قبول فرمائے۔ ان بزرگوں نے اس فتنہ کا بروقت احساس کیا اور اس مرض کو سرطان بننے سے قبل ہی امت مسلمہ سے کاٹ کر علیحدہ کرنے کی کوشش کی ہے میں ادنیٰ خادم کی حیثیت سے اس جدوجہد اور جہاد میں حضرت مفتی صاحب کا ساتھ دوں گا۔ اللہ تعالیٰ اس سعی کو قبول فرمائے۔

(مولانا) عبدالحق (مدظلہ)

مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

رکن قومی اسمبلی پاکستان

میرا مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن مدظلہ کے جواب سے اتفاق ہے بلاشک و شبہ یہ فرقہ مرتد ہے اس سے نکاح حرام اور کالعدم ہے۔

محمد فرید عفی عنہ مفتی و استاد دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

سمیع الحق. نائب مہتمم واستاد حدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک
ورکن ایوان بالا پاکستان

عبدالقیوم حقانی. استاد دارالعلوم حقانیہ
عبدالحلیم - " " "
غلام الرحمان. استاد دارالعلوم حقانیہ
انوار الحق " " "

مدرسہ نجم المدارس وعلماء کلاچی۔ ڈیرہ اسماعیل خان

حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن صاحب مدظلہ کا اثنا عشری شیعوں کے بارے میں فتویٰ نظر سے دیکھا۔ فتویٰ یہی ہے افسوس کہ اس کے عام اظہار میں بہت تاخیر ہو چکی ہے اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں۔

قاضی عبدالکریم غفرلہ
مہتمم مدرسہ نجم المدارس کلاچی

قاضی عبداللطیف کلاچوی فاضل دارالعلوم دیوبند رکن ایوان بالا پاکستان۔
قاضی عبدالحلیم. نائب مہتمم مدرسہ عربیہ نجم المدارس۔
قاضی محمد نسیم. ناظم مدرسہ نجم المدارس۔
محمد زمان. مدرس نجم المدارس۔ امان اللہ. مدرس نجم المدارس۔
قاضی محمد اکرم. مدرس نجم المدارس۔ غلام علی مدرس نجم المدارس۔
محمد ہارون. کلاچی۔ گلاب نور. کلاچی۔ حافظ عبدالواحد. کلاچی۔
عزیز الرحمن. کلاچی۔ عبداللہ کلاچی۔ حبیب الرحمن کلاچی۔

دارالعلوم سرحد۔ پشاور

المجیب معیب محمد ایوب خان بنوری. مہتمم وشیخ الحدیث دارالعلوم سرحد۔
عبداللطیف. مفتی دارالعلوم سرحد۔ پشاور
عبداللہ. مدرس دارالعلوم سرحد۔ شفیع الدین مدرس دارالعلوم سرحد۔
سمیع اللہ. مدرس دارالعلوم سرحد۔ جلیل الرحمان. مدرس دارالعلوم سرحد۔
شہاب الدین. مدرس دارالعلوم سرحد۔ احسان الحق. مدرس دارالعلوم سرحد۔

مرکزی دارالقراء۔ نمک منڈی۔ پشاور

الجواب صحیح - محمد جان شیخ الحدیث. مرکزی دارالقراء. پشاور
" " محمد فیاض مہتمم مرکزی دارالقراء۔ نمک منڈی پشاور

جامعہ اشرفیہ پشاور

محمد اشرف قریشی. مدیر صدائے اسلام ومہتمم جامعہ اشرفیہ پشاور

دارالعلوم ھادیہ پشاور

الجواب صحیح ۔ رحمت ہادی ۔ مہتمم دارالعلوم ہادیہ پشاور

سعید الرحمٰن ناظم اعلیٰ دارالعلوم ہادیہ پشاور

مدرسہ معراج العلوم بنوں

جو استفتاء میرے سامنے آیا اور اس میں فرقہ اثنا عشریہ کے عقائد ہیں اس کی رو سے یقیناً اس قسم کے عقائد رکھنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے اس سے مسلمانوں جیسا معاملہ کرنا ناجائز ہے۔ اس قسم کے عقائد رکھنے والی جماعت جب کہ کافر ہے اور پھر اپنے آپ کو یہ مسلمان ظاہر کرتے ہیں اور عامۃ المسلمین کو گمراہ کرتے ہیں۔ یہ مارآستین ہیں۔ جس کا ضرر علانیہ کفار سے بہت زیادہ ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ ان کے اس تلبیس میں نہ پھنسیں ان سے اظہار برأت کر کے ان کے کفر و کفریات عام طور پر مشتہر کریں۔

فضل غنی مفتی مدرسہ معراج العلوم بنوں

ایسے عقائد رکھنے والے کافر ہیں اور ان سے مسلمانوں جیسا معاملہ نہیں ہونا چاہئے۔

صدرالشہید مہتمم مدرسہ معراج العلوم بنوں

اس قسم کے عقائد رکھنے والا جو کہ استفتاء میں مذکور ہیں خواہ وہ فرقہ اثنا عشریہ ہو یا اور کوئی وہ کافر ہے۔

عبدالرؤف مدرس معراج العلوم بنوں ۔ روشان مدرس معراج العلوم بنوں

احمد شاہ مدرس معراج العلوم ۔ مجیب الرحمٰن مدرس معراج العلوم ۔ سعداللہ ۔ مدرس معراج العلوم۔

جامعہ مدنیہ تجوید القرآن بنوں

ایسے عقائد والے کافر ہیں۔

حضرت گل ۔ مہتمم جامعہ مدنیہ تجوید القرآن و خطیب جامع مسجد حق نواز خان بنوں

جامعہ مدنیہ ۔ اسماعیل

تصحیح عقائد تک ایسے عقائد رکھنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

حافظ سید حبیب شاہ ۔ ناظم اعلیٰ جامعہ مدنیہ

عبیداللہ ۔ مدرس جامعہ مدنیہ ۔ عبدالغنی مدرس جامعہ مدنیہ

جامعہ علوم شرعیہ بنوں

مسلماً و حامداً و مصلیاً و مسلماً

امابعد ۔ حضرات علماء کرام کے فتاویٰ دربارۂ شیعہ حضرات خصوصاً اثنا عشریہ نظر سے گزرے۔ تفصیل کا موقع تو نہیں ہے البتہ قرآن پاک ۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں ان کے عقائد بالکل واضح کفر ہے ان کے ساتھ مسلمانوں جیسا سلوک قطعاً حرام ہے۔ ان کے ساتھ رشتے ناطے نکاح کے حرام ہیں، ان کے عقائد سے عوام الناس کو آگاہ کرنا علماء کرام کا فرض ہے۔ لہٰذا بندہ علماء کرام کے فتووں کی من و عن تائید کرتا ہے۔ فقط

ننگ اسلاف حضرت علی عثمان
مہتمم مدرسہ عربیہ علوم شرعیہ بنوں

جامعہ حلیمیہ پیزو ضلع بنوں

الجواب صحیح۔ محمد محسن۔ مہتمم جامعہ حلیمیہ۔
" " محمد شفیع مدرس جامعہ حلیمیہ۔ جان محمد۔ مدرس جامعہ حلیمیہ
" " حضرت علی جامعہ حلیمیہ۔ محمد انور۔ مدرس جامعہ حلیمیہ

علماء و خطباء بنوں

الجواب صحیح۔ حاجی محمد جاذب خطیب جامع مسجد داس ہوتک بنوں
" " محمد زمان خطیب جامع مسجد حافظ جی عیدگاہ لکی روڈ بنوں
" " عبدالرحمٰن۔ خطیب جامع مسجد مدنی۔
" " غیاث الدین ڈومیل وزیر ضلع بنوں۔ غیاث الدین سواتی۔ منڈہ خیل بنوں۔
" " زرولی شاہ۔ مہتمم مدرسہ عربیہ کنز العلوم بنوں
" " عمر خان۔ مہتمم مدرسہ اسلامیہ خزینۃ العلوم تاجہ زئی بنوں
" " عبدالغفار۔ تاجہ زئی۔ قاری نور الرحمان شیری خیل بنوں۔
" " محمد طیب کوثر۔ ناظم اعلیٰ مدرسہ انوار العلوم میراخیل بنوں

الجواب صحیح عمر خان خطیب جامع مسجد ننگر خیل بنوں
" " شیر محمد۔ خطیب جامع مسجد تجوڑی بنوں

دارالعلوم الاسلامیہ لکی مروت ضلع بنوں

الجواب صحیح۔ فضل اللہ۔ مہتمم دارالعلوم الاسلامیہ لکی مروت
" " حمید اللہ جان۔ ناظم اعلیٰ دارالعلوم الاسلامیہ لکی مروت
الجواب حق والحق احق بالاتباع۔ حبیب اللہ مفتی دارالعلوم الاسلامیہ لکی مروت
تاج محمد۔ مدرس دارالعلوم الاسلامیہ لکی مروت۔ محمد کمال۔ مدرس دارالعلوم لکی مروت
محمد کفایت اللہ " " اصلاح الدین " "

جامعۃ العلوم الاسلامیہ لکی مروت۔ ضلع بنوں

الجواب حق فماذا بعد الحق الا الضلال۔
عزیز الرحمان۔ مفتی جامعۃ العلوم الاسلامیہ لکی مروت ضلع بنوں
الجواب صحیح۔ (قاری) فضل الرحمان۔ مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ لکی مروت

جامعہ عثمانیہ مچن خیل۔ لکی مروت ضلع بنوں

الجواب صحیح ۔ عبدالمتین ۔ مہتمم جامعہ عثمانیہ موضع مچن خیل لکی مروت ضلع بنوں۔

علماء وخطباء لکی مروت

الجواب صحیح ۔ عزیز الرحمان ۔ خطیب جامع مسجد قریشاں لکی مروت

حبیب اللہ لکی مروت ۔ الجواب صحیح ۔ نعمت اللہ لکی مروت

دارالعلوم انجمن تعلیم القرآن، محلہ پراچگان کوہاٹ

اثنا عشری شیعہ کے بارے میں احقر کے سامنے پاکستان کے مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب دامت برکاتہم اور ہندوستان کے محدث جلیل حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی دامت برکاتہم کے تفصیلی جوابات وفتویٰ پیش کئے گئے۔ ہمیں بھی حرف بحرف ان کے جواب سے اتفاق ہے اور ہمارے نزدیک بھی اثنا عشری الشیعہ بلاریب کافر ہیں۔ ان کے ساتھ غیر مسلموں جیسا سلوک کرنا چاہیئے۔ واللہ اعلم بالصواب

(مولانا) معین الدین خادم
دارالعلوم انجمن تعلیم القرآن کوہاٹ

دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ

ہم اس فتویٰ کی حرف بحرف تائید کرتے ہیں۔

گوہر شاہ عفرلہ ۔ مہتمم دارالعلوم۔ قمرالزمان عفی عنہ مفتی دارالعلوم۔

روح الامین عفرلہ شیخ الحدیث دارالعلوم۔ غلام محمد صادق مدرس۔

معتمد باللہ عفی عنہ مدرس۔ فخرالاسلام کان اللہ لہ۔ مدرس۔

(مولانا) ایاز احمد عفرلہ۔ مدرس۔

دارالعلوم اسلامیہ عربیہ تخت بھائی مردان

میں تہہ دل سے مفتی ولی حسن بنوری ٹاؤن کراچی کی طرف سے شائع شدہ فتویٰ کی تصدیق کرتا ہوں۔ واللہ اعلم

(مولانا) محمد امین گل عفی عنہ
شیخ الحدیث دارالعلوم اسلامیہ عربیہ۔

دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی

الجواب صحیح روح اللہ عفا اللہ عنہ
مہتمم دارالعلوم نعمانیہ۔

علماء کرام ومفتیان عظام ضلع مردان صوبہ سرحد

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی۔ اما بعد فقد طالعنا الفتوی فی نفی الشیعۃ الشنیعۃ۔ وطالعنا بعض الحوالجات فھی حقۃ مطابقۃ للشریعۃ الغراء و

علماء پنجاب کی تصدیقات

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان کے امیر اور خانقاہ سراجیہ کے سجادہ نشین

حضرت مولانا خان محمد صاحب مدظلہ کی تصدیق۔

فقیر مندرجہ فتاوی سے متفق ہے۔ شیعہ اپنے مقام کفر یہ کی وجہ سے بلاشبہ کافر ہیں۔

فقیر ابوالخلیل خان محمد خانقاہ سراجیہ۔ کندیاں شریف۔

جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ۔ راولپنڈی

قرآن کریم کی تحریف، شیخین کی تکفیر اور مسئلہ امامت (جو عقیدہ ختم نبوت کے منافی ہے) کی بنا پر مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی مدظلہ کے فتوی کی تائید ہے۔ تفضیلی فرقے کے بارے میں وضاحت ہونی چاہیئے۔

سعید الرحمان

مہتمم جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ۔ راولپنڈی

جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد

مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن کے فتوی کے بعد شیعہ اثنا عشریہ کے کفر میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ ہم مفتی صاحب کے فتوی کی تائید کرتے ہیں۔

محمد عبداللہ مدیر جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد

عبدالمتین ناظم

محمد شریف · عبدالباسط · عبدالعزیز · عبدالغفور طیب احمد

خطیب بادشاہی مسجد لاہور۔

الجواب صحیح عبدالقادر آزاد

المخالفة عن تلك الفتوى مخالفة عن الحق وماذا بعد الحق الا الضلال.

حمد اللہ مہتمم دار العلوم مظہر العلوم ڈاگئی و امیر جمیعت علماء اسلام ضلع مردان
قاضی نور الرحمن. سرپرست اعلیٰ مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع مردان
سعید اللہ. امیر مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع مردان
عبد الغنی. صدر مدرس دار العلوم خیر المدارس ہوتی یار مردان
فضل محمود. ناظم اعلیٰ دار العلوم اسلامیہ انوار العلوم ڈانگ بابا مردان
محمد ابراہیم. خطیب جامع مسجد گجو خان روڈ مردان
معین الدین. ناظم اعلیٰ دار العلوم اسلامیہ عربیہ رستم و ناظم جمیعت علماء اسلام ضلع مردان
حافظ حسین احمد. مہتمم دار العلوم تحفیظ القرآن الکریم پار ہوتی مردان
پیرزادہ عبد الحبیب ناظم اعلیٰ جمیعت العلماء اسلام تحصیل مردان مقام گجرات
احمد عبد الرحمن الصدیقی ایم اے، مدیر نظارۃ المعارف مسجد سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نوشہرہ صدر. ضلع پشاور

دار العلوم نعمانیہ. ڈیرہ اسماعیل خان

ہم حضرت مولانا محمد منظور نعمانی کے استفتاء کے جواب میں حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی کے فتوی کی مکمل تائید و توثیق کرتے ہیں.

علاؤ الدین. مہتمم دار العلوم نعمانیہ - سراج الدین. نائب مہتمم دار العلوم نعمانیہ
عطاء اللہ شاہ. مفتی دار العلوم نعمانیہ. عبد الحمید. مدرس. امیر عباس مدرس.

علماء و خطباء ڈیرہ اسماعیل خان

الجواب صحیح غلام رسول خلیفہ مجاز حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوری ڈیرہ اسماعیل خان
محمد رمضان، خطیب جامع مسجد قوۃ الاسلام ڈیرہ اسماعیل خان
سراج الدین مروت صدر مدرس دار العلوم فرقانیہ عثمانیہ ڈیرہ اسماعیل خان
مولانا غلام بادشاہ خطیب مدنی مسجد ڈیرہ اسماعیل خان
مولانا عبد الرشید. ڈیرہ اسماعیل خان. مولانا فیض اللہ فاضل دیوبند ڈیرہ اسماعیل خان

جامعہ مدنیہ اٹک شہر

احقر اکابر علماء کرام کے ارشادات سے پورا متفق ہے۔

محمد زاہد الحسینی غفرلہٗ مہتمم جامعہ مدنیہ اٹک شہر۔

الجواب صحیح محمد نصیر الحسینی۔ مدرس جامعہ مدنیہ اٹک شہر۔

جامعہ اشرفیہ لاہور

لقد اصاب من اجاب محمد عبید اللہ مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

الجواب صحیح محمد مالک کاندھلوی شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

المجیب مصیب محمد موسیٰ البازی عفی عنہ استاد حدیث وتفسیر جامعہ اشرفیہ لاہور

جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور

تحریف قرآن، تفسیر شفیع، قذف سیدہ عائشہ، سب صحابہ اور عقیدۂ امامت کے بارہ سوالوں کا ایک ہی

مذہب عقیدہ جدا بھی ہے۔ شیعوں کی مستند و معتبر کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ اس عقیدہ کے قائل ہیں جس کا حاصل

یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں بعد میں صحت کسی دوسری چیز میں ظاہر ہوتی ہے جو پہلے معلوم نہیں ہوتی تو پہلا

ارادہ منسوخ کر کے دوسرا ارادہ فرماتے ہیں ہر کی تین قسمیں ہیں بداء در ارادہ یعنی جو چیز معلوم ہوتا اس کے خلاف

ہو۔ بداء در ارادہ یعنی جس کا ارادہ اللہ تعالیٰ نے کیا وہ غلط تھا اس کے خلاف صحیح تھا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے

پہلے ایک بات کا حکم دیا بعد میں منسوخ کر کے دوسرا حکم دیا کیونکہ پہلا حکم غلط تھا۔ یہ تینوں مضمون کہ اللہ

تعالیٰ کے لئے جائز رکھتے ہیں۔ یہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کی عاقبت اندیشی اور علم کے تبدیل سے مستلزم

ہے اس لئے یہ عقیدہ کفر ہے تفصیل کے لئے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کی کتاب تحفہ اثنا عشریہ کی طرف رجوع

کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

عبد الواحد

مفتی جامعہ مدنیہ لاہور

میں مفتی ولی حسن ٹونکی مذکورہ مجیب متین مفتی عبد الواحد کے دستخط کی تصدیق کرتا ہوں

شعبہ تصدیقات مفتی جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور

انجمن خدام الدین لاہور و علماء لاہور

الجواب صحیح محمد جمیل قادری امیر انجمن خدام الدین لاہور

المجیب مصیب قاری محمد جمیل خان مرکزی ناظم جمعیۃ علماء اسلام پاکستان و مہتمم مدرسہ عربیہ رحمانیہ لاہور

الجواب صحیح سید عیسیٰ الحسینی خلیفہ مجاز حضرت مولانا عبد القادر رائے پوری

صاحب کتاب ذوالفقار علی الجواب وما توفیقی الا باللہ محمد حق نواز عفی عنہ قاسمی، لاہور

جامعہ حنفیہ تعلیم الاسلام جہلم

رسالہ بینات میں اکابر اہل سنت والجماعت کا جو فتوی شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کا شائع ہوا ہے۔ احقر کا اس سے پورا پورا اتفاق ہے

(مولانا قاضی) عبداللطیف جہلم

جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

الجواب صواب بلا ارتیاب ابوالزاہد محمد سرفراز صدر مدرس و شیخ الحدیث مدرسہ نصرۃ العلوم

دارالعلوم فیصل آباد

الجواب صحیح مفتی زین العابدین مفتی و مہتمم دارالعلوم فیصل آباد

دارالعلوم فیض محمدی فیصل آباد

الجواب صحیح محمد انور کلیم اللہ مہتمم دارالعلوم فیض محمدی

ضیاء الحق مفتی دارالعلوم فیض محمدی و خطیب مرکزی جامع مسجد فیصل آباد

محمد عابد مدرس دارالعلوم فیض محمدی

محمد الیاس مدرس اشرف المدارس فیصل آباد

جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑ پکا ضلع ملتان

الجواب صحیح عبدالمجید شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑ پکا

مدرسہ عربیہ دارالہدی بھکر

الجواب حق محمد عبداللہ مہتمم مدرسہ عربیہ دارالہدی بھکر

جامعہ خیر المدارس ملتان کے مفتیان اور علماء کرام کی آراء

شیعہ اثنا عشریہ رافضیہ مندرجہ ذیل کفریہ عقائد کے قائل ہیں:
(۱) موجودہ قرآن کریم غیر محفوظ و ناقص ہے۔ اس میں تحریف و کمی بیشی کی گئی ہے۔ (۲) عقیدۂ امامت۔
(۳) سوائے تین چار کے باقی تمام صحابہ مرتد و کافر ہیں۔ (۴) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان اور الزام تراشی جو تکذیب قرآن کو مستلزم ہے۔

واضح رہے کہ شیعوں کے یہ کفریہ عقائد شیعہ مذہب کی انتہائی معتبر اور مستند کتابوں میں درجۂ شہرت و تواتر کے ساتھ منقول ہیں اور ان کے مجتہدین بلا تاویل ان کفریات کو اپنا عقیدہ قرار دیتے ہیں۔

لہٰذا شیعہ اثنا عشریہ رافضیہ جو عقائد بالا کے قائل ہیں کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں مسلمانوں سے ان کا نکاح، شادی بیاہ جائز نہیں حرام ہے مسلمانوں کے لیے ان کے جنازے میں شرکت جائز نہیں ان کا ذبیحہ حلال نہیں۔ واللہ اعلم عبدالستار عفا اللہ عنہ مفتی خیر المدارس ملتان

اگر کوئی شیعہ کہتا ہے کہ ہمارے یہ عقائد نہیں تو وہ اپنی مذہبی کتابوں سے بے خبر ہے یا تقیہ کرتا ہے کیونکہ تقیہ (جھوٹ) ان کے مذہب میں عبادت ہے اور اگر وہ اپنے دعوٰی میں سچا ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ ایسے تمام مجتہدین کی تکفیر کرے جو تحریف قرآن وغیرہ عقائد کفریہ کے قائل ہیں۔ فقط
والجواب صحیح محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ نائب مفتی خیر المدارس ملتان
ما اصاب بہ المفتی عبدالستار دامت برکاتہم فہو الکفایہ وعلیہ المعول بل الحق الذی لا محیص عنہ
محمد اسحاق غفرلہ مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان

جامعہ قاسم العلوم ملتان

مذکورہ بالا استفتاء اور حضرات مفتیان کرام کے فتاوٰی میں دلائل کے ساتھ واضح کیا گیا ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ تحریف قرآن کریم کے قائل ہیں، ان کے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قائل ہیں، صحبت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے منکر ہیں، جبرئیل علیہ السلام کے وحی لانے میں غلطی کا قول کرتے ہیں، سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جائز اور کار خیر سمجھتے ہیں۔ اور عقیدۂ امامت یعنی اماموں کے لیے وہی اوصاف ثابت کرتے اور عقیدہ رکھتے ہیں، جو انبیاء علی نبینا وعلیہم الصلوۃ والسلام کے لیے ثابت ہیں۔ الحاصل امور دین میں سے مسائل ضروریہ کے منکر ہیں، لہٰذا یہ عقائد رکھنے والے شیعہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ والجواب صحیح
محمد انور شاہ غفرلہ مفتی و استاد حدیث جامعہ قاسم العلوم ملتان
اصاب من اجاب منظور احمد نائب مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان
الجواب صحیح فیض احمد مہتمم جامعہ قاسم العلوم ملتان

علماء بلوچستان کی تصدیقات

مدرسہ مظہر العلوم شاہدرہ کوئٹہ وعلماء بلوچستان

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن مدظلہ کے فتوٰی کی ہم تائید وتوثیق کرتے ہیں۔
عبدالغفور مہتمم مدرسہ مظہر العلوم شاہدرہ کوئٹہ۔ انوار الحق خطیب جامع مسجد کوئٹہ۔
عبدالمنان ناصر لورالائی بلوچستان۔ آغا محمد مدرسہ دارالعلوم اسلامیہ لورالائی۔
عبدالستار صدر سواد اعظم اہلسنت بلوچستان عبدالقیوم نائب صدر سواد اعظم اہلسنت بلوچستان
مولا بخش مہتمم مدرسہ عربیہ صدیقیہ مستونگ ضلع قلات وناظم اعلیٰ سواد اعظم اہلسنت بلوچستان۔

مدرسہ مطلع العلوم بروری روڈ کوئٹہ

حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن کا فتوٰی وقت کی اہم ضرورت ہے۔
الجواب صحیح عبدالواحد مہتمم مدرسہ مطلع العلوم کوئٹہ۔ حافظ حسین احمد ناظم وممدس مدرسہ مطلع العلوم کوئٹہ

علماء سندھ کی تصدیقات

سندھ کی مشہور مذہبی شخصیت حضرت مولانا عبدالکریم صاحب دامت برکاتہم بیر شریف والوں کا فتوٰی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی۔ اما بعد۔

راقم الحروف سے شیعہ کے متعلق فتوی طلب کیا گیا۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جو فتوٰی دیا ہے۔ وہ صاحب المذہب اور مدینہ منورہ کے بڑے عالم اور قرون اولی کے المشہود بالخیر زمانہ کی شخصیت ہیں میں ان کے فتوٰی کا تابع ہوں۔

فقط۔ عبدالکریم قریشی
ساکن بیر شریف تعلقہ ضلع لاڑکانہ

نوٹ:۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے شیعوں کے کفر کا فتوٰی دیا ہے جیسا کہ مقدمہ اور فتاوٰی میں حوالہ کے ساتھ مذکور ہے۔

مدرسہ اشرفیہ سکھر و علماء سکھر

شیعہ کافر ہیں ہم مفتی ولی حسن ٹونکی کے فتوٰی کی تصدیق و تائید کرتے ہیں۔
محفوظ احمد مفتی و مدرس مدرسہ اشرفیہ سکھر خلیل احمد بندھانی مدرس مدرسہ اشرفیہ سکھر
عبدالہادی مدرس مدرسہ اشرفیہ سکھر
الجواب صحیح محمد سلیم خطیب مسجد اقصٰی لوان گوٹھ سکھر
الجواب حق بلا ارتیاب محمد بشیر مبلغ ختم نبوت سکھر

مدرسہ مدینۃ العلوم سکھر

میں مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی کے فتوٰی کی تائید کرتا ہوں۔
عبدالمجید مہتمم مدرسہ مدینۃ العلوم سکھر

جامعہ اشرفیہ سکھر

شیعہ کے متعلق حضرت مولانا محمد منظور نعمانی نے جو سوال مرتب فرمایا اور اس کے جواب میں مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی نے جواب تحریر فرمایا ہے۔ بندہ احقر اس کے ایک ایک حرف سے متفق ہے اور اس سے مکمل اتفاق ہے۔
محفوظ احمد مفتی جامعہ اشرفیہ سکھر

بالکل برحق ہے۔ خلیل احمد بندھانی ناظم جامعہ اشرفیہ و خطیب جامع مسجد سکھر
الجواب صحیح۔ محمد شاہد تھانوی نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ۔ الجواب صحیح۔ اسلام الدین مدرس مدرسہ اشرفیہ سکھر۔

خانقاہ بالیجی شریف

الجواب صحیح۔
اسعد محمود سجادہ نشین خانقاہ بالیجی شریف

جامعہ دارالہدیٰ۔ ٹھیڑی۔ خیرپور

میں مذکورہ فتوٰی سے متفق ہوں۔ غلام قادر۔ مفتی جامعہ دارالہدیٰ
میں اس فتوٰی سے متفق ہوں۔ صمد اللہ مہتمم جامعہ دارالہدیٰ

خانقاہ عالیہ قادریہ راشدیہ امروٹ شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد
مسئلہ مذکورہ میں احقر اجماع امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات سے متفق ہے۔
سید سراج احمد شاہ امروٹی۔ سجادہ نشین خانقاہ عالیہ قادریہ راشدیہ

جامعہ شمس الہدیٰ کولاب جمیل خیرپور

الجواب صحیح ۔ غلام محمد مہتمم جامعہ شمس الہدیٰ

جامعہ حمادیہ خیرپور

بس اس فتویٰ سے اتفاق کرتا ہوں ۔ بدرالدین مہتمم جامعہ حمادیہ

مدرسہ احیاء العلوم قادریہ شکارپور

جو شیعہ موجودہ قرآن شریف میں تحریف کے قائل ہیں وہ پکے کافر ہیں ۔
مولانا غلام قادر مہتمم جامعہ احیاء العلوم

علماء و خطباء سندھ

الجواب صحیح ۔ بشیر احمد مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سکھر ۔
مذکورہ فتویٰ جو کہ حضرت مفتی ولی حسن صاحب مفتی اعظم پاکستان نے دیا ہے اس پر میرا اتفاق ہے جو کہ کافر شیعہ سے متعلق ہے ۔
محمد اسماعیل خطیب گول مسجد سراج کالونی سکھر ۔
الجواب صحیح ۔ خرم سلیم خطیب مسجد اقصیٰ نواں گوٹھ سکھر
عبدالعزیز مہتمم مدرسہ جامعہ محمودیہ مظہر العلوم پنو عاقل
عطاء اللہ ۔ مدرسہ عربیہ دارالعلوم شرعیہ قمبر لاڑکانہ
حافظ عبدالمجید ۔ مدرسہ مفتاح العلوم رستم سندھ
بشیر احمد ۔ مہتمم مدرسہ دارالعلوم مجیدیہ گوٹھ یاسین
عبدالکریم ۔ مہتمم مدرسہ حمادیہ پنو عاقل
فیض اللہ ۔ مہتمم مدرسہ قاسم العلوم جیکب آباد
عبدالرزاق ۔ مہتمم مدرسہ دارالعلوم عثمانیہ
رحیم بخش ۔ مہتمم مدرسہ مطلع العلوم پنو عاقل

تلمیذ خاص حضرت مولانا عبیداللہ سندھی مولانا محمد صدیق ولی اللہی

شیعہ فرقہ مرزائیوں کی طرح کافر ہے جس طرح مرزائی اجرائے نبوت کے قائل ہیں اسی طرح شیعہ اجرائے نبوت کے قائل ہیں ۔ (ارشاد ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک مولانا عبیداللہ سندھی)
(محمد صدیق ولی اللہی)

علماء حیدرآباد کی آراء

شیعہ اثنا عشریہ کافر ہیں کیونکہ یہ قرآن کے منکر ہیں، صحابہ کرامؓ کو مرتد سمجھتے ہیں، عقیدۂ امامت کے اعتبار سے ختم نبوت کے منکر ہیں ۔ ہم سب مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن ٹونکی کی تصدیق کرتے ہیں ۔
عبدالرؤف مہتمم شیخ الحدیث مدرسہ مفتاح العلوم حیدرآباد
عبدالحق مدرس مدرسہ مفتاح العلوم حیدرآباد عبدالسلام صدر مدرس اعظم اہلسنت حیدرآباد
عبدالمتین خطیب جامع مسجد وحدت کالونی حیدرآباد

جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی

الجواب بعلهم الحق والصواب : اثنا عشری شیعہ فرقہ جو ضروریاتِ دین اور اسلام کے مسائل قطعیہ کا منکر ہو مثلاً حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت کا قائل ہو یا قرآن کے بارے میں حضرت جبرئیلؑ کی غلطی کا قائل ہو یا صدیق اکبرؓ کے صحابی ہونے کا منکر ہو (امثال ذالک) تو یہ بالاتفاق کافر ہیں جن کے بارے میں علماء حق پہلے بھی کفر کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ لہٰذا ایسے غلط عقائد رکھنے والوں سے سلسلہ مناکحت اور ان کا ذبیحہ تدد و نیاز کی چیزیں کھانا اور ان کی نماز جنازہ پڑھنا یا ان کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا اسی طرح ان کو مسلمانوں کا حاکم یا سربراہ بنانا یہ سب ناجائز اور حرام ہیں۔

قال فی الشامیة نعم لا شك فی تكفیر من قذف السیدة عائشةؓ او انكر صحبة الصدیقؓ او اعتقد الالوهیة فی علیؓ او ان جبرئیلؑ غلط فی الوحی ونحو ذالك من الكفر الصریح۔
(شامی ص۳۲۱ ج۴ فتاویٰ دارالعلوم مفتی شفیعؒ ص۱۳۲ ج۱)

ایضاً فیه وبهذا ظهر ان الرافضی ان كان ممن یعتقد الالوهیة فی علیؓ او ان جبرئیلؑ غلط فی الوحی او كان ینكر صحبة الصدیقؓ او یقذف السیدة الصدیقةؓ فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدین بالضرورة الخ شامی ص۳۱۴ ج۴ وایضاً فیه وحرم نكاح الوثنیة الخ وكل مذهب یكفر معتقدهٗ شامی ص۳۱۳ ج۴ دارالعلوم دیوبند ص۲۵۴ ج۴ وشرط صحة استلام المیت وطهارته الخ درمختار ص۲۳۰ ج۱ وشرط كون الذابح مسلماً الخ درمختار ص۲۰۸ ج۲

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب اور مولانا محمد منظور نعمانی صاحب نے روافض کے کفر کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ نظام الدین شامزی رئیس دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی ۲۵

عنایت اللہ	استاد حدیث جامعہ فاروقیہ کراچی	محمد انور	استاد حدیث جامعہ فاروقیہ کراچی
حمید الرحمان	" " " "	محمد عادل خان	نائب مہتمم " " "
صبیاللہ خالد	مدرس " " "	محمد یوسف	ناظم " " "
محمد زیب	استاد حدیث جامعہ فاروقیہ کراچی	سعید حسن	نائب مفتی جامعہ فاروقیہ کراچی
روزی خان	نائب مفتی " "	عبدالسلام بلوچستانی	معین مفتی
محمد طاہر وٹو	معین مفتی " "		

جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

فاضل مستفتی نے شیعہ عقائد کو ان کی کتابوں کے حوالوں سے واضح کر دیا ہے۔ ان عقائد کفریہ کی وجہ سے شیعہ اثنا عشریوں کا کفر بالکل واضح ہے جیسا کہ حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن صاحب مدظلہ العالی

نے فتویٰ دیا ہے۔ ہم مفتی صاحب کے فتوے کے ایک ایک لفظ کی تائید کرتے ہیں کہ شیعہ بلاریب وشک کافر ہیں ان سے مسلمانوں جیسا برتاؤ کرنا جائز نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب کتبہ خالد محمود جامعہ بنوریہ
محمد نعیم مہتمم جامعہ بنوریہ کراچی عبدالحمید ناظم تعلیمات جامعہ بنوریہ کراچی
محمد اسلم شیخوپوری مدرس جامعہ بنوریہ کراچی احمد ممتاز مفتی ومدرس " "
محمد عمر فاروق " " " محمد حسین مدرس " "
مشتاق احمد " " " فیاض الرحیم فیصل " "
ظفر احمد " " " محمد مظہر " "
الجواب صحیح مزمل حسین کاپڑیا نائب مدیر ماہنامہ اقرأ ڈائجسٹ کراچی
الجواب صحیح محمد جمیل خان معاون مدیر " "
الجواب صحیح محمد کفایت اللہ معین ناظم تعلیمات جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مدرسہ فرقانیہ طیبہ کراچی

چونکہ شیعہ روافض صحابہ کرامؓ کو کافر کہتے ہیں اور اللہ کی کتاب قرآن مجید میں تحریف کے قائل ہیں اس لیے یہ پکے کافر ہیں جو ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ فقط
محمد طیب نقشبندی بقلم خود خادم مدرسہ فرقانیہ طیبہ وخطیب جامع مسجد صابری ٹرسٹ گارڈن کراچی ۸
الجواب صحیح زرین شاہ ہاشمی خطیب جامع مسجد یٰسین لیمار مارکیٹ کراچی

جامعہ اسلامیہ درویشیہ کراچی

میں مفتی ولی حسن کے فتوی کی حرف بہ حرف تائید کرتا ہوں۔
محمد منہر شاہ مہتمم جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی
مجھے مفتی صاحب کے فتوی سے اتفاق ہے۔ تاج علی شاہ ناظم جامعہ اسلامیہ درویشیہ کراچی۔

بنگلہ دیش کے علماء کی تصدیق

الجواب باسمہ تعالیٰ :۔ صورت مسئولہ میں شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں فاضل مستفتی حضرت علامہ مولانا محمد منظور نعمانی دامت برکاتہم نے شیعوں کے جن بنیادی عقائد کفریہ کو ان کی مستند کتابوں سے حوالہ کے ساتھ نقل فرمایا ہے ان میں سے ہر عقیدہ ایسا ہے کہ ان کے کفر اور ارتداد کے لئے کافی ہے، جبکہ شیعوں کے مذکورہ بالا عقائد باطلہ کے علاوہ بے شمار کفریات ایسے ہیں کہ ان کو دیکھ اور پڑھ کر کوئی باخبر آدمی انہیں مسلمان نہیں کہہ سکتا، نہ انہیں مسلمان سمجھ سکتا ہے۔

تحریف قرآن کا عقیدہ، مسئلہ امامت، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں شیعوں کا عقیدہ کہ العیاذ باللہ تمام صحابہ تین کے علاوہ مرتد ہو گئے تھے۔ تقیہ منعہ یہ پانچ امور ایسے ہیں کہ جنکو شیعوں نے اپنے دین کے بنیادی عقائد کی حیثیت دی ہے، اور یہ سب امور پوری امت مسلمہ کے نزدیک دین اسلام سے انکار بلکہ سراسر کفر والحاد اور زندقہ ہے۔

واضح رہے کہ روافض اور شیعوں کی تکفیر کا فیصلہ کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے بلکہ زمانہ قدیم سے فقہا اور محدثین کرام نے انکے عقائد کفریہ کی بنا پر انہیں کافر اور دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا ہے۔

امام دار الہجرت امام مالکؒ، ابن حزم اندلسی، امام شاطبی، شیخ عبد القادر جیلانی حنبلیؒ، شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ حنبلی، مجدد الف ثانیؒ نقشبندی، شاہ ولی اللہ حنفی، شاہ عبد العزیز حنفی، قاضی عیاض مالکیؒ ملا علی قاری حنفی، بحر العلوم حنفی اور اصحاب فتاوی میں سے صاحب فتح القدیر ابن ہمام سلطان عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں دو سو علماء اور مفتیین کرام کا مرتب کردہ فتاوی عالمگیری کا فیصلہ، علامہ ابن عابدین شامی کے فتوی کے بعد روافض کی تکفیر میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا ہے جبکہ اس سے قبل پچاس سال قبل امام اہل السنۃ والجماعۃ حضرت مولانا عبد الشکور لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ایک اجتماعی فتاوی ترتیب دے کر شائع کیا تھا جس میں اسوقت دار العلوم دیوبند کے تمام مدرسین اور مفتیان کرام کے علاوہ بہت سے علماء کرام کے دستخط تھے خاص کر مولانا مفتی مسعود صاحب، مفتی محمد شفیع صاحب مہتمم دار العلوم کورنگی کراچی۔ مولانا رسول خان صاحب، حضرت مولانا اصغر حسین صاحب دیوبندی، علامہ مولانا سید انور شاہ کشمیری۔ مولانا ابراہیم بلیاویؒ، مولانا خلیل احمد سہارنپوری، سید مولانا حسین احمد مدنی، مفتی مہدی حسن شاہجہان پوری۔ شیخ الحدیث مولانا عبد الرحمن کامل پوری، مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ صاحب وغیرہ اکابر علماء دیوبند اور بہت سے علماء اہل حدیث کے دستخط ثبت ہیں اور جماعت بریلوی کے بانی مولانا احمد رضا خان نے رد شیعہ پر ایک مبسوط فتوی تحریر کر کے رد الرد افض کے نام شائع کیا ہے۔

ان اکابر کے فتاوی کے بعد بھی اگر شیعوں کی تکفیر میں کسی کو شبہ ہے تو اس پر بڑی حسرت کی بات ہوگی کہ اللہ تعالی نے اسکے سینہ کو حق بات کے سمجھنے سے تنگ کر دیا ہے اور تا حال گمراہی میں چھوڑ رکھا ہے، اللہ تعالی تمام مسلمانوں کو ہدایت نصیب فرمائے۔

اسلئے ہمارا ادارہ "مجمع البحوث الاسلامیہ العلمیہ بنگلہ دیش" کے اراکین نے متفقہ طور پر حضرت علامہ مولانا حبیب الرحمن اعظمی ہندوستان کے جواب اور حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن خان ٹونکی جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن پاکستان کے جواب سے اتفاق کیا۔ اور ان کے فتاوی کی توثیق کر دی، اور یہ فیصلہ دیا ہے کہ شیعہ اثنا عشری جن کے عقائد مذکورہ بالا کفریات کے علاوہ دوسرے بے شمار کفریات اور زندقہ پر مشتمل ہیں وہ کافر ملحد اور زندیق ہیں جب تک وہ ان کفریات سے توبہ نہیں کرتے ان سے کسی قسم کا اسلامی رشتہ تعلقات جائز نہیں ہے۔ ان سے مناکحت جائز نہیں، ان کی نماز جنازہ میں شرکت کرنا جائز نہیں، ان کو مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کرنا جائز نہیں شیعہ مسلمان کا وارث ہوگا۔ فقط واللہ اعلم۔

کتبہ محمد انعام الحق چاٹگامی ۸ ر ۵ ر ۱۴۰۸ھ

اراکین مجمع البحوث الاسلامیہ العلمیہ بنگلہ دیش کے توثیقات

مفتی عبدالسلام صاحب چاٹگامی، مشیر خاص مجمع البحوث الاسلامیہ العلمیہ بنگلہ دیش۔

مفتی شبیر احمد صاحب کملائی ـــ مفتی جسیم الدین صاحب چاٹگامی ـــ مفتی محمود الحسن چاٹگامی
مفتی شہید اللہ کسینوی ـــ محمد حفظ الرحمٰن کملائی ـــ محمد بزل الرحمٰن بریسالی ـــ محمد عبد الحئی بریسالی۔
تاج الاسلام کشور گنجی ـــ شہاب الدین فیروزپوری ـــ محمد رستم کھلنوی ـــ فیض اللہ چاندپوری ـــ محمد شہید اللہ گوپال گنجی۔
محمد عبد الرشید گوپال گنجی ـــ مولانا شمس الاسلام مومن شاہی ـــ محمد بلال الدین کملائی ـــ محمد عبد القادر شریعت پوری ـــ عبد الحکیم شرکی
محمد ابو موسیٰ کشور گنجی ـــ محمد حسن چاٹگامی ـــ محمد عبد الغفار فرید پوری ـــ محمد دانش علی فرید پوری ـــ شہید الاسلام فرید پوری
ابو البشر شریعت پوری ـــ کفایت اللہ سندیپی ـــ محمد اسحاق ڈاکوی ـــ محمد مسعود الرحمٰن فرید پوری ـــ ابو جعفر فرید پوری
روح الامین فرید پوری ـــ شفیق الرحمٰن بہیروی ـــ نور اللہ بانیوی ـــ محمد ابراہیم حسن مطلوب کملائی ـــ عزیز الحق سلہٹی ـــ
سعید الرحمٰن رنگپوری ـــ عبد اللہ ڈاکوی ـــ محمود الحسن مومن سنگھ ـــ محبی چاٹگامی۔ ایوب چاٹگامی ـــ عبد اللہ چاٹگامی

علماء کینیا

الجواب صحیح ـ محمد امین زاہد ـ مدیر معہد منشاکوس الاسلامی کینیا ـ
مطیع الرسول ـ نیروبی۔ خالد خلیل نعمانی، ممباسا ـ محمد عثمان ممباسا

علماء برطانیہ

فاذا بعد الحق الا الضلال۔ منظور الحق۔ جامع مسجد ہولی روڈ برمنگھم ما قالہ المفتی ولی حسن فہو الحق والصواب
عبید الرحمٰن شیفیلڈ ـ محمد امداد اللہ قاسمی جامع مسجد ووڈ اسٹاک روڈ برمنگھم
قاری تصور الحق مسجد عمر والفرڈ روڈ برمنگھم ـ مفتی محمد اسلم جامع مسجد راد ھرم
عبد الغفور نقشبندی ۷۵، ہینڈز ورتھ برمنگھم ـ محمد اسلم مکی مسجد شیفیلڈ
محمد ابراہیم خطیب ۱۹۷ والٹرلو روڈ مسجد ولور ہیمپٹن ـ

مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ مہتمم دارالعلوم کورنگی کراچی کا ایک فتویٰ

سوال ۔ ایک لڑکی نابالغہ کا عقد اس کے والدین کی رضامندی سے ایک لڑکے نابالغ شیعہ سے ہوا اور اس کی رخصتی سن بلوغ تک موقوف قرار پاکر لڑکی اپنے والدین کے یہاں رہی اور جب وہ کچھ سمجھدار ہوئی تو اس کو یہ معلوم ہوا کہ اس کا شوہر اور اس کا کل خاندان شیعہ ہے اس وجہ سے لڑکی کے دل میں زوج کی طرف سے تنفر پیدا ہوا۔ بالآخر ۳۰ دسمبر ۱۹۶۳ء کو وہ بالغ ہوگئی اور بالغ ہونے کی پہلی آن میں اس نے نکاح سے انکار کر دیا جس کی تقریر و تحریری بہت سی شہادتیں موجود ہیں۔ اب لڑکی کے والدین اس کا عقد کسی سنی المذہب سے کرنا چاہتے ہیں لہٰذا صورت مذکورہ میں پہلے نکاح کا عند الشرع کیا حکم ہے اور لڑکی کے والدین اب اس کا نکاح کر سکتے ہیں یا نہیں۔

الجواب ۔ بعض شیعہ باعتبار عقیدہ کے کافر ہیں اور بعض فاسق و مبتدع ہیں، جن کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خدا کہتے ہیں اور یہ کہ جبرئیل نے وحی لانے میں غلطی کی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کے منکر ہیں اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر افترا کے قائل ہیں وہ باتفاق فقہا کافر ہیں اور ایسے شیعہ سے نکاح لڑکی سنیہ کا منعقد ہی نہیں ہوتا پس اگر شوہر لڑکی مذکورہ کا اسی عقیدہ کا ہے تو یہ نکاح شرعاً صحیح اور منعقد نہیں ہوا۔ اب اس کا نکاح اس کی رضا سے دوسری جگہ کفو میں کر دیا جائے۔ شامی میں ہے۔ وبهذا ظهر ان الرافضي ان كان ممن يعتقد الوهية علي رض وان جبريل غلط في الوحي وان كان ينكر صحبة الصديق ويقذف السيدة الصديقة۔ فهو كافر لمخالفة القواطع المعلومة من الدين بالضرورة بخلاف ما اذا كان يفضل عليا ويسب الصحابة فانه مبتدع لا كافر۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ شیعہ تفضیلی کافر نہیں ہیں بلکہ مبتدع اور فاسق ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(نقل از فتاویٰ دارالعلوم ج ۲ ص ۵۰۶)

نوٹ: علماء کی طرف سے یہ احتیاط شروع سے چلی آرہی ہے کیونکہ شیعوں نے اپنے آپ کو ہر زمانہ میں تقیہ کے پردوں میں چھپایا کہ جن علماء نے ان کی کتابوں کا مطالعہ کیا اور ان کے عقائد جب بھی واضح ہوئے تو علماء نے ان کے مطلق کفر کا فتویٰ دیا ہے، آج ان کے عقائد بالکل واضح ہو چکے ہیں، خصوصاً تحریف قرآن، مسئلہ امامت، تکفیر شیخین، صحابہ کرامؓ کو مرتد و منافق سمجھنا وغیرہ اس لئے علماء کا فتویٰ ان کے مطلق کفر کا ہے۔ اسی بنیاد پر مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ کے فتویٰ پر دیگر علماء دیوبند کے ساتھ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے بغیر کسی قید کے دستخط فرمائے تھے۔

مفکر اسلام مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمود نور اللہ مرقدہٗ کا ایک فتویٰ

اگر کوئی شیعہ ایسا عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ خدا تھے، یا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے وحی لانے میں غلطی کی ہے، یا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت باندھتا ہے، یا حضرت صدیق اکبرؓ کی صحابیت کا منکر ہے۔ یا خلفائے ثلاثہ کو سب و شتم (برا بھلا کہنا) جائز سمجھتا ہو تو وہ خارج از اسلام ہے اس سے اس مسلمان عورت کا نکاح صحیح نہیں ہوا، جہاں چاہیں اس عورت کا نکاح کر سکتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

محمود عفا اللہ عنہ

مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان۔

(نقل از رجسٹر فتاویٰ مدرسہ قاسم العلوم ص۔ استفتاء ۱۰۱۷)

نوٹ:۔ خیال رہے کہ فتویٰ میں ذکر کردہ عقائد کا شیعوں کے عقائد ہونا ان کی کتابوں سے واضح ہو چکا ہے۔

*

بریلوی مکتب فکر کے مقتدا اور پیشوا اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی کا فتویٰ

بالجملہ ان خبیثوں تبرائیوں کے باب میں حکم قطعی اجماعی یہ ہے کہ وہ علی العموم کفار مرتدین ہیں۔ انکے ہاتھ کا ذبیحہ مردار ہے۔ ان کے ساتھ مناکحت نہ صرف حرام بلکہ خالص زنا ہے معاذ اللہ مرد افضی اور عورت مسلمان ہو تو یہ سخت قہر الٰہی ہے۔ اگر مرد سنی اور عورت ان خبیثوں کی ہو جب بھی ہرگز نکاح نہ ہوگا محض زنا ہوگا اولاد ولد الزنا ہوگی باپ کا ترکہ نہ پائے گی۔ اگرچہ اولاد بھی سنی ہو کر شرعاً ولد الزنا کا باپ کوئی نہیں۔ عورت نہ ترکۂ مستی پائے نہ مہر کی۔ کہ زنا کے لئے مہر نہیں۔ رافضی اپنے کسی قریب حتی کہ باپ بیٹے ماں بیٹی کا بھی ترکہ نہیں پا سکتا۔ سنی تو سنی کسی مسلمان بلکہ کسی کافر کے بھی یہاں تک کہ خود اپنے ہم مذہب رافضی کے ترکے میں اس کا اصلا کچھ حق نہیں ان کے مرد عورت مال جاہل کسی سے میل جول سلام کلام سب سخت کبیرہ اشد حرام۔ جو ان کے ملعون عقیدوں پر آگاہ ہو کر پھر بھی انہیں مسلمان جانے یا ان کے کافر ہونے میں شک کرے باجماع تمام ائمہ دین خود کافر بے دین ہے اور اس کے لئے بھی یہی احکام ہیں جو ان کے لئے مذکور ہوئے مسلمانوں پر فرض ہے کہ اس فتویٰ کو نگوشش ہوش سنیں اور اس پر عمل کر کے سچے پکے مسلمان سنی بنیں۔

وباللہ التوفیق واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

کتبہ


عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

عفی عنہ

محمدی، سنی، حنفی، قادری ۱۳۰۱ھ
عبد المصطفیٰ احمد رضا خان

خصوصی اشاعت

خمینی اور اثنا عشریہ کے بارے میں
علماء کرام کا متفقہ فیصلہ
حصّہ دوم



بیرون ممالک سے بذریعہ ہوائی ڈاک

سعودی عرب، عرب امارات، قطر، بحرین، عراق ایران، مصر، کویت، بنگلہ دیش، انڈیا ہر ۲۰ روپے
ریاستہائے متحدہ امریکہ، برطانیہ، متحدہ ایرلینڈ، ڈنمارک برما، نائجیریا، جنوبی افریقہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ ۲۵/۰ روپے

خط وکتابت وترسیل کا پتہ

ماہنامہ بینات پوسٹ بکس نمبر ۳۴۶۵ کراچی ۵
جامعۃ العلوم الاسلامیہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵
فون نمبر ۴۱۳۵۷۰ - ۴۱۹۵۵۳

CamScanner

فہرست

بصائر و عبر — مولانا محمد یوسف لدھیانوی

اپنا کچھ حال اور ناظرین کرام سے استدعا ——— حضرت مولانا محمد منظور نعمانی ۵

نگاہ اولیں ——— خلیل الرحمن سجاد ندوی ۷

مقدمہ ——— از حضرت مولانا محمد منظور نعمانی ۱۷

روافض کے بارے میں حضرت مولانا عبدالحی فرنگی محلی کا موقف ۱۹ علامہ بحر العلوم اور روافض کی تکفیر ۲۴

امام غزالی کا موقف ——— ۲۷ مسلم پرسنل لا بورڈ میں شیعوں کی شرکت و رکنیت ۲۹

ایک انتہائی جاہلانہ بات ——— ۳۱ ایک ضروری وضاحت ——— ۳۲

ایک تنقیح، شیعہ اور اثنا عشریہ ——— ۳۴

استفتاء میں پیش کردہ شیعی عقائد سے متعلق کچھ اہم اضافے ——— ۳۵

ترجمہ مولوی مقبول احمد دہلوی
- حضرات شیخین (معاذ اللہ) مومن نہیں منافق تھے ۳۸
- تحریف قرآن کا عقیدہ ——— ۴۲

ترجمہ مولوی فرمان علی صاحب
- عقیدہ تحریف قرآن ——— ۴۸
- ہمعصر شیعہ علماء و مجتہدین ——— ۵۴

عقیدہ تحریف قرآن کے بارے میں شیعہ علماء کا ایک مغالطہ اور فریب ——— ۵۹

شیعہ مذہب معاصر شیعہ علماء کی تحریروں کی روشنی میں ۔ از جناب مولانا قاضی مظہر حسین صاحب چکوال (پاکستان) ——— ۶۳

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب کا فتویٰ ——— ۷۷

تصدیقات حضرات علمائے پاکستان ——— ۸۰

علمائے سرحد ——— ۸۰ علمائے پنجاب ——— ۸۷

علمائے بلوچستان ——— ۹۰ علمائے سندھ ——— ۹۱

بنگلہ دیش کے ممتاز مراکز افتاء اور اکابر علماء کے فتاویٰ و تصدیقات ——— ۹۵

حضرات علمائے برطانیہ کا فتویٰ و تصدیقات ——— ۱۲۰

برطانیہ میں مقیم حضرات علمائے کرام کی اجتماعی توثیق ——— ۱۲۷

ہندوستان کے بعض دینی اداروں و علماء کرام کے وہ جوابات جو حال ہی میں موصول ہوئے ۱۳۰

بصائر و عبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

جنوری و فروری ۱۹۸۸ء (جمادین ۱۴۰۸ھ) میں ماہنامہ "بینات" کی اشاعتِ خاص "خمینی اور اثنا عشریہ کے بارے میں علماء کرام کا متفقہ فیصلہ" کے عنوان سے شائع ہوئی۔ یہ ماہنامہ "الفرقان" لکھنؤ (دسمبر ۱۹۸۷ء) کا من وعن چربہ تھا جس میں حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ العالی کا ایک طویل استفتاء اور اس کی روشنی میں اکابر اہل فتویٰ کا یہ متفقہ فیصلہ درج تھا کہ شیعہ اثنا عشریہ اپنے تین عقیدوں کی وجہ سے قطعی کافر اور ملتِ اسلامیہ سے خارج ہیں۔

۱ ـــــ وہ قرآن کریم کو تحریف شدہ سمجھتے ہیں۔

۲ ـــــ خلفائے راشدین اور ان سے بیعت کرنے والے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کو کافر و منافق اور مرتد جانتے ہیں ـــــ اور

۳ ـــــ اُن بزرگوں کو، جنہیں وہ "ائمہ معصومین" کہتے ہیں، انبیاء کرام علیہم السلام سے افضل و بالاتر قرار دیتے ہیں۔

"الفرقان" لکھنؤ نے اسی سلسلہ کا دوسرا حصہ مئی تا جولائی ۱۹۸۸ء میں شائع کیا۔ "بینات" کی یہ اشاعتِ خاص، اسی حصہ دوم کا عکس اور پاکستانی ایڈیشن ہے، اس کے مطالعہ سے وہ تمام شکوک و شبہات انشاء اللہ رفع ہو جائیں گے جو اس مسئلہ میں بعض لوگوں کو پیش آتے ہیں۔

واللہ الموفق لکل خیر و سعادۃ

محمد یوسف عفی عنہ

از حضرت مولانا محمد منظور نعمانی دامت برکاتہم

اپنا کچھ حال اور ناظرین کرام سے استدعا

بسم اللہ والحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد رسول اللہ وعلی آلہ واصحابہ ومن والاہ —

اس عاجز کی عمر کا پچاسی واں سال ختم ہو کر چھیاسی واں شروع ہو رہا ہے۔ کبر سنی کے ضعف کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر اور کچھ دوسرے امراض و عوارض بھی ہیں، اللہ تعالیٰ کی عطا فرمائی ہوئی قوتیں اس کے بنائے ہوئے قانون فطرت کے مطابق رخصت ہو رہی ہیں — ایک ایکسیڈنٹ کے نتیجہ میں قریباً ۱۲ سال سے مسجد کی حاضری سے بھی محرومی ہے، میرا بستر ہی میری مسجد ہے۔ پڑھنے لکھنے یا لکھانے کا کام بھی صرف وہی کرتا ہوں جس کو فرض یا قریب بہ فرض ضروری سمجھتا ہوں اور آخرت میں جس کے وسیلہ مغفرت و رحمت ہونے کی امید ہوتی ہے — آنے والے خطوط اکثر دوسروں سے پڑھوا کر سنتا ہوں اور جواب لکھنا ہو تو دوسروں سے ہی لکھاتا ہوں — احباب مخلصین سے گزارش ہے کہ صرف ضرورت ہی سے خط لکھیں اور ممکن حد تک مختصر لکھیں علمی و فقہی سوالات کے جواب سے معذور سمجھا جائے —

اپنے اسی حال میں گزشتہ ۵-۶ سالوں میں شیعہ مذہب اور اس دور کے اس کے امام خمینی صاحب کے بارہ میں جو کچھ لکھا گیا جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا جا چکا ہے وہ اسی وقت لکھا جب متعدد ممالک سے اطلاعات ملیں کہ ایرانی حکومت کی طرف سے مسلمانوں میں شیعیت کی دعوت و تبلیغ کا جو کام پورے حکومتی وسائل کے ساتھ انتہائی فریب کاری اور منصوبہ بندی کے ساتھ ہو رہا ہے اس کے نتیجہ میں بڑی تعداد میں ناواقف مسلمان شیعہ مذہب کو اصلی اسلام سمجھ کر قبول کر رہے ہیں، تو اپنا فرض سمجھا کہ مسلمانوں کے دین و ایمان کی حفاظت کے لئے انکو شیعہ مذہب کی حقیقت سے واقف کیا جائے۔ اس لئے اہل سنت ہی کو مخاطب کیا گیا، شیعہ حضرات کو مخاطب کرنے کی ضرورت بھی نہ سمجھی گئی صرف ان کی بنیادی اور مستند کتابوں سے اور خمینی صاحب کی کتابوں سے شیعہ مذہب کو پیش کیا گیا دلائل سے اسکو غلط باطل ثابت کرنے کی کوشش بھی نہیں کی گئی — اس عاجز کو یقین ہے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی تحفۂ اثنا عشریہ اور نواب محسن الملک مرحوم کی آیات بینات اور آخر میں حضرت مولانا محمد عبدالشکور فاروقی علیہ الرحمہ کی اس سلسلہ کی تصنیفات نے اس ضرورت کو

پورا کر دیا ہے اور قیامت تک کیلئے حجت تمام کر دی ہے ۔۔۔ الغرض راقم سطور نے صرف اتنا ہی کام کیا ہے کہ اہلسنت کو شیعہ مذہب سے واقف کرنے کی اور یہ بتلانے کی کوشش کی ہے کہ متقدمین اور متاخرین علمائے امت نے اس مذہب اور اس کے ماننے والوں کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا ہے ۔

معلوم ہوا ہے کہ اس عاجز کی کتاب "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" کے شیعہ حضرات کی طرف سے متعدد جواب لکھے گئے ہیں ان میں سے دو راقم سطور کو بھی ملے ان کی ورق گردانی سے اندازہ ہوا کہ صرف اپنے فرقہ کے عوام کو مطمئن کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس عاجز نے شیعہ مذہب کے بارے میں اپنی اس کتاب میں جو کچھ لکھا ہے وہ ان کی بنیادی اور مستند کتابوں سے نقل کیا ہے ۔ اس کا جواب صرف یہی ہو سکتا ہے کہ بتلایا جائے کہ فلاں حوالہ غلط دیا گیا ہے یا فلاں عبارت کا ترجمہ یا مطلب غلط لکھا گیا ہے اس کے علاوہ جو لکھا جائے گا وہ جواب نہیں صرف فریب کاری ہوگی ۔ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کی "تحفہ اثنا عشریہ" کے راقم سطور نے متعدد جواب دیکھے ہیں جن میں سے ہر ایک کے کئی کئی ہزار صفحات ہیں اور سنا ہے کہ شیعہ علماء و مجتہدین کی طرف سے اسکے چالیس کے قریب جوابات لکھے گئے ہیں جن میں سے اکثر غیر مطبوعہ ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ تحفہ اثنا عشریہ لاجواب ہے اور لاجواب رہے گا یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکفرون ۝

جیسا کہ اوپر عرض کیا اس عاجز کی عمر کے پچاسی سال پورے ہو چکے ہیں ، اللہ ہی جانتا ہے کتنا وقت اور باقی ہے بظاہر تو منزل دور نہیں ۔۔۔ اب سب سے بڑی حاجت صرف یہ ہے کہ زندگی کے جو دن باقی ہیں ایمان ، اعمال مرضیہ کی توفیق ، معاصی سے حفاظت ، نعمتوں پر شکر ، گناہوں قصوروں سے استغفار کے اہتمام اور عافیت کے ساتھ پورے ہوں ۔ مقرر وقت آئے تو ایمان کے ساتھ اٹھا لیا جائے اور ارحم الراحمین محض اپنے رحم و کرم سے مغفرت فرما دیں ۔۔۔ یہ عاجز ناظرین کرام سے بھی اسی دعا کا طالب و سائل ہے ۔

ایک مومن کا دوسرے مومن بھائی کے لئے سب سے بہتر و کارآمد تحفہ اس کے لئے غائبانہ دعا ہی ہے یہ دعا کرنے والے بندہ کی طرف سے اللہ کی عبادت ہے اور جس بندہ کے لئے دعا کی جائے اس کی خدمت بھی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے ۔

ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار ۝

ربنا اغفر لی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب ۝

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہ اولیں

خلیل الرحمٰن سجاد ندوی

الفرقان کے گذشتہ شمارے بابت ماہ اپریل میں اعلان کیا گیا تھا کہ آئندہ شمارے میں جو مئی وجون کا مشترکہ شمارہ ہوگا اثنا عشری مذہب کے بارے میں والد ماجد حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ کے استفتاء کے جواب میں ملک وبیرون ملک سے آنے والے وہ فتاوی وتصدیقات شائع کئے جائیں گے جو ہمیں دسمبر ۸۸ء میں شائع ہونے والی الفرقان کی خصوصی اشاعت کے شائع ہونے کے بعد موصول ہوئے ہیں ـــــ ہمارے اس اعلان کے بموجب یہ شمارہ جون کے شروع میں روانہ ہوکر اب تک آپ تک پہنچ جانا چاہیئے تھا، لیکن ہوا یہ کہ ہمارے کاتب صاحب کو لو لگ گئی اور ایسی لگی کہ وہ ایک مہینے سے زیادہ عرصہ تک صاحب فراش رہے ۔ اب ان کے بدل کی تلاش شروع ہوئی، لیکن جو اچھا کاتب ملتا وہ یہی عذر کرتا کہ کام بہت ہے۔ اور موسم اتنا گرم ہے کہ عام دنوں کے حساب سے آدھا کام بھی نہیں ہو پا رہا ہے ۔ بہرحال اللہ اللہ کرکے اب کتابت کا کام اس منزل میں پہنچا ہے کہ امید ہوگئی ہے کہ انشاء اللہ جولائی کے شروع میں یہ شمارہ روانہ ہوجائے گا ـــــ اس ایک مہینے کی تاخیر سے یقیناً آپ کو زحمت ہوئی ہوگی ـــــ ہم نے اپنی مجبوری کی داستان سنادی! امید ہے کہ آپ بھی ہم کو مجبور ومعذور قرار دے دیں گے ـــــ یاد رہے کہ اب یہ شمارہ تین مہینوں، مئی جون جولائی ۸۹ء، رمضان، شوال، ذیقعدہ ۱۴۰۹ھ کا مشترکہ شمارہ ہے۔

"دامان نگہ تنگ وگل حسن تو بسیار" کے مصداق نگاہ اولیں کے لئے چند صفحات کی جگہ باقی بچی ہے۔ اور باتیں کئی عرض کرنی ہیں۔ لہٰذا "آمدم برسر مطلب" کام کی بات شروع کرتے ہیں۔

۱۔ آیئے، پہلے اس نمبر کے مشتملات پر ایک نظر ڈالیں ۔

سب سے پہلے آپ کی نظر سے مقدمہ گذرے گا ـــــ مقدمہ میں حضرت والد ماجد مدظلہ نے اثنا عشریوں کی تکفیر کے فتویٰ کے متعلق چند ایسے اشکالات کے سلسلہ میں اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت فرمائی ہے جو بعض حضرات کی طرف سے اٹھائے گئے ہیں ۔

۲۔ مقدمہ کے بعد آپ حضرت والد ماجد مدظلہ ہی کا ایک اور مضمون ملاحظہ فرمائیں گے جس میں انھوں نے اثنا عشریوں کے ان تینوں عقائد کے بارے میں جن کے بارے میں وہ اپنے استفتاء میں تحقیق و تفصیل کے ساتھ لکھ چکے ہیں کہ یہ تینوں عقیدے اثنا عشری مذہب کے بنیادی اور لازمی عقیدے ہیں، اور ان کی بنا پر اس مذہب کی طرف اپنی نسبت کرنے والوں کی تکفیر ضروری ہے، اپنے تازہ مطالعہ کی روشنی میں اس صدی کے بعض شیعہ علماء کی وہ تحریریں پیش کی ہیں جن سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ ہمارے زمانہ کے شیعہ علماء بھی اپنے "اسلاف" کے ان عقائد پر مضبوطی سے جمے ہوئے ہیں۔ اور بعض "نادان دوستوں" کا یہ کہنا بالکل بے بنیاد اور بے خبری اور سادہ لوحی پر مبنی ہے کہ یہ عقائد پچھلے زمانہ کے شیعوں کے ہوں تو ہوں، ہمارے زمانہ کے شیعوں کے تو یہ عقائد نہیں ہیں ——— اسی ضمن میں عقیدہ تحریف کے بارے میں شیعوں کے ایک پر فریب مغالطہ کی قلعی بھی کھول دی گئی ہے جو تحریف اور نسخ کے درمیان تلبیس کر کے، اور ضعیف و غیر مستند ماخذ سے بعض روایتوں کو پیش کر کے آج کل کے شیعہ علماء و مصنفین کی طرف سے ناواقف سنی مسلمانوں کو زور و شور سے دیا جا رہا ہے ——— اس مضمون کے بعد آپ پاکستان کے ممتاز عالم دین اور حضرت مدنیؒ کے خلیفہ مجاز مولانا قاضی مظہر حسین صاحب امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان کا ایک مضمون "شیعہ مذہب معاصر شیعہ علماء کی تحریروں کی روشنی میں" ملاحظہ فرمائیں گے جو انھوں نے استفتاء کے جواب ہی میں تحریر فرمایا ہے اس مضمون میں بھی فاضل مضمون نگار نے صحابہ کرام عقیدہ تحریف اور مسئلہ امامت ان تینوں بنیادی موضوعات کے متعلق معاصر پاکستانی شیعہ علماء و مصنفین کی تحریروں کے اقتباسات پیش کئے ہیں، اور اس بارے میں اتنا مواد جمع کر دیا ہے کہ ان لوگوں پر حجت قائم ہو گئی ہے جو عام مسلمانوں کی ناواقفیت سے فائدہ اٹھا کر یہ پروپیگنڈا کر رہے ہیں کہ ہمارے زمانہ کے شیعہ علماء کے یہ عقائد نہیں ہیں جو استفتاء میں پیش کئے گئے ہیں ——— بہر حال اس موضوع پر حضرت والد ماجد مدظلہ اور مولانا قاضی مظہر حسین صاحب امیر تحریک خدام اہلسنت پاکستان کے یہ مضامین اس نمبر میں خلاصے کی چیز ہیں ——— خدا کرے ان علمی کاوشوں سے کما حقہ فائدہ اٹھایا جائے۔

۳۔ اس کے بعد فتاوی کا حصہ شروع ہوا ہے ——— سب سے پہلے پاکستان سے آئے ہوئے فتاوی و تصدیقات پیش کئے گئے ہیں ——— اور چونکہ ان میں سے بیشتر میں حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی مفتی اعظم پاکستان کے اس فتوی کی توثیق و تصدیق کی گئی ہے جو دسمبر ۷۸ء میں شائع ہونے والے الفرقان کے خاص نمبر میں شائع ہو چکا ہے اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ مولانا مدظلہ کے اس فتوے

کا خلاصہ اس شمارے میں بھی شائع کر دیا جائے، اس لئے آپ کی نظر سے پہلے وہی گذرے گا۔

علماء پاکستان میں آپ سب سے پہلے حضرت مولانا عزیر گل صاحب کی تصدیق ملاحظہ فرمائیں گے مولانا مدظلہ حضرت شیخ الہند کے خادم خاص تھے، اور علمائے دیوبند میں اب آپ ہی بزرگ ترین عالم دین ہیں۔ اس کے بعد آپ تھانوی سلسلہ کے اس دور کے ممتاز عالم و شیخ حضرت مولانا فقیر محمد صاحب کی تصدیق ملاحظہ فرمائیں گے۔ اور پھر حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ العالی مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک و رکن قومی اسمبلی پاکستان اور انکے عالی مقام صاحبزادے مولانا سمیع الحق صاحب نائب مہتمم و استاد حدیث دارالعلوم حقانیہ و رکن ایوان بالا پاکستان اور دارالعلوم حقانیہ کے دیگر اساتذہ کی تصدیق و توثیق آپ کی نظر سے گذرے گی۔ حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ العالی عصر حاضر کے ان چند علماء میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے درس و تدریس اور تصنیف و تحریر کے ذریعہ علوم دینیہ کی خدمت، اور اصلاح باطن و تزکیہ نفوس کی کوششوں کے ساتھ میدان جہاد میں عملی شرکت کا شرف بھی عطا فرمایا ہے۔ گویا محاذ کی آغوش میں تسبیح و مناجات کے ساتھ "وسعت افلاک میں تکبیر مسلسل" دونوں کی جامعیت مولانا کو اور ان کے رفقاء و تلامذہ اور فرزندوں کو نصیب ہے۔ باخبر حضرات جہاد افغانستان میں مولانا کی، اور ان کے پورے حلقہ تعلق کی عملی شرکت کی تفصیلات جانتے ہیں۔ اور مولانا کی شخصیت کو خصوصی قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایران، افغانستان، اور پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی حالات و خطرات سے جس قدر براہ راست واقفیت کے مواقع مولانا کو میسر ہیں وہ شاید ہی دوسروں کو ہوں۔ مولانا کو علمی بلند مقامی کے علاوہ اس پہلو کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے، نہایت طاقتور اور صاف لب و لہجہ میں اثنا عشریوں کی تکفیر سے مولانا کا اتفاق، کم از کم ان لوگوں کے لئے نہایت اطمینان بخش ہے جو مولانا سے واقف ہیں اور ساتھ ہی اس خیال خام کا زبردست جواب بھی ہے کہ شیعوں کی تکفیر کی مہم اس وقت وہ لوگ چلا رہے ہیں جن کی عالم اسلام پر نظر نہیں ہے اور جو محدود مدرسی خول میں بند رہتے ہیں۔ مولانا کے صاحبزادے محترم و مکرم جناب مولانا سمیع الحق صاحب بھی اپنے والد ماجد کے نقش قدم پر ہیں، دارالعلوم میں تدریس و حدیث اور نیابت اہتمام کے ساتھ ہی وہ پاکستان کے ایوان بالا کے رکن بھی ہیں۔ اور گذشتہ طویل عرصہ سے پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے پاکستان کے ایوان میں جو بل "شریعت بل" کے نام سے زیر بحث تھا وہ مولانا موصوف ہی کا پیش کردہ تھا۔ دارالعلوم حقانیہ کے ترجمان ماہنامہ الحق میں مولانا کے جو اداریے اور جو پارلیمانی و غیر پارلیمانی تقاریر شائع ہوتی رہتی

ہیں، ان سے مولانا کی جامعیت، اعتدال، عالم اسلام کے حالات پر گہری نظر، اور پس پردہ کی جانے والی سازشوں سے واقفیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ بہرحال ہم جیسے لوگوں کے لئے مولانا موصوف کا اثنا عشری مذہب کے پیروکاروں کے چہرہ سے نقاب کشائی کی حالیہ کوشش سے اتفاق و تائید کا اظہار بھی کافی اہمیت کا حامل ہے۔

مجموعی طور پر پاکستان کے جن علماء کے فتاویٰ و تصدیقات اس شمارے میں پیش کئے جا رہے ہیں وہ پچاس سے زیادہ دینی مدارس اور مراکز افتاء کی نمائندگی کرتے ہیں اور خود ان کی تعداد تقریباً ۱۰۰ ہے جن میں مذکورہ بالا حضرات کے علاوہ حضرت مولانا خان محمد صاحب امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، مولانا عبدالقادر آزاد، مولانا محمد مالک کاندھلوی شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور مولانا مفتی زین العابدین، مفتی و مہتمم دارالعلوم فیصل آباد کے اسماء گرامی خاص طور سے قابل ذکر ہیں

پاکستان کے بعد آپ بنگلہ دیش کے مختلف مراکز افتاء اور دینی اداروں میں افتاء و تدریس وغیرہ خدمات میں مشغول تین سو کے زیادہ حضرات اہل علم کے فتاویٰ و تصدیقات ملاحظہ فرمائیں گے۔ اس کے بعد برطانیہ میں مقیم حضرات علماء کرام کے فتاویٰ و تصدیقات پیش کئے گئے ہیں۔ جن میں پہلے تو وہاں کے ممتاز عالم دین، اور مختلف دینی کاموں کے روح رواں مولانا یعقوب اسماعیل قاسمی (ڈیوزبری) کا مختصر اور جامع فتویٰ ہے — اور پھر تقریباً ۷۰ علماء کی اس فتویٰ پر تصدیقی دستخطیں ہیں۔ اس کے بعد حزب العلماء یوکے کے زیر اہتمام بلیک برن میں منعقد ہونے والے ایک اجلاس میں خمینی اور اثنا عشریوں کی تکفیر کے متعلق ہند و پاک کے علماء کے حالیہ متفقہ فیصلہ کی اجتماعی تائید پر مشتمل منظور شدہ تجویز پیش کی گئی ہے اس اجلاس میں جن علماء نے شرکت کی اور جن کی مکمل اتفاق رائے سے یہ تجویز منظور ہوئی (جن کی تعداد سو سے زیادہ ہے) ان کے اسمائے گرامی بھی پیش کئے گئے ہیں — آخر میں آپ ہندوستان کے بعض مراکز افتاء اور دینی مدارس کے وہ جوابات ملاحظہ فرمائیں گے جو ہمیں دیر سے موصول ہوئے تھے — اس طرح تعداد کے اعتبار سے اس نمبر میں پہلے نمبر سے بھی زیادہ حضرات اہل علم و فتویٰ کے فتاویٰ و تصدیقات شامل ہیں — ہم امید کرتے ہیں کہ اتنے وسیع پیمانے پر علماء کی طرف سے کئے جانے والے اس فیصلہ کے بعد دنیا بھر کے مسلمان اس اندھے فتنہ سے اپنے کو اور عام مسلمانوں کو محفوظ رکھنے کے لئے زیادہ فکرمندی اور زیادہ فعالیت کا ثبوت دیں گے

اب آیئے ذرا تازہ حالات کا بھی جائزہ لے لیں —

سب سے پہلے قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ بالآخر سعودی حکومت نے ایرانیوں کے ساتھ اپنے طرز عمل میں تھوڑی سی تبدیلی کی ضرورت محسوس کرلی جو لوگ گذشتہ ۸۔ سال میں ایرانیوں کی طرف سے بڑھتی ہوئی جارحانہ سرگرمیوں اور ان کے منفی عزائم سے مکمل واقفیت رکھتے ہیں ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ سعودی حکومت کا ایرانیوں کے ساتھ جو رویہ ہے اس کی کیا توجیہ کریں۔ کچھ لوگوں کے نزدیک سعودی حکومت کی یہ پالیسی صبر و انتظار اور جلد بازی سے پرہیز کے اصول پر مبنی تھی، کچھ مبصرین اسے سعودیوں کی کمزوری اور بزدلی پر محمول کرتے تھے۔ بعض لوگوں کے خیال میں سعودی قیادت خطرہ کے مقابلہ کے لئے دشمن کے برے دنوں کے انتظار میں تھی۔ اور ساتھ ہی وہ اس مہلت سے فائدہ اٹھا کر اپنے بازوؤں کو مضبوط کرنے میں لگی ہوئی تھی ——— بہرحال اب تک کے رویہ کی وجہ کچھ بھی ہو یہ بات کسی حد تک اطمینان بخش ضرور ہے کہ گزشتہ سال کے تازیانہ نے سعودیوں کو اپنے رویہ میں تبدیلی کی ضرورت کا احساس دلا دیا ہے۔ چنانچہ انھوں نے نہ صرف ایران کے ساتھ سفارتی تعلقات منقطع کرلئے بلکہ واضح الفاظ میں ایرانیوں کو جتلا دیا کہ ہم صرف ۵۰ ہزار ایرانیوں کو اس سال حج کے لئے آنے کی اجازت دیں گے ——— اور کسی قسم کی سیاسی سرگرمیوں کی شروع ہی سے اجازت نہیں دی جائے گی بلکہ سختی سے ہر فتنہ و شورش کو کچل دیا جائے گا۔ ہم سعودی حکومت کے سابقہ رویہ کے بارے میں اپنی رائے محفوظ رکھتے ہوئے موجودہ حالات میں طرز عمل کی تبدیلی کے فیصلہ کو خوش آیند سمجھتے ہیں ——— اور امید کرتے ہیں کہ سعودیوں اور غیر سعودیوں سب کو خداوند عزیز و حکیم کا تکوینی نظام وہ سب کچھ سمجھا دیگا جو بندے اپنی عاجزی و کمزوری کی وجہ سے نہیں سمجھا پا رہے ہیں۔

حالات کا ایک دوسرا رخ یہ بھی ہے کہ ایران سے آنے والی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ ایران کی اعلیٰ سطحی قیادت اس وقت شدید اختلافات اور باہمی تفرقہ و انتشار کا شکار ہے۔ ایران کی موجودہ اندرونی صورتحال کے بارے میں ہمیں گذشتہ دو تین مہینوں سے کچھ اطلاعات نجی ذرائع سے موصول ہو رہی تھیں ——— اس سلسلہ میں لندن کے سنڈے ٹائمز مورخہ ۲۹ مئی ۸۸ء میں بھی ایک مفصل رپورٹ شائع ہوئی ہے رپورٹ کے ابتدائی حصہ میں کہا گیا ہے۔

AFTER nine years of rarely-challenged absolute rule, Ayatollah Khomeini is facing growing internal unrest and dissent among Iran's mullahs.

He has been unable to quell violent fighting among the clerical elite which erupted in the wake of a victory by radicals in recent parliamentary elections.

The clashes among pro and anti-Khomeini mullahs have left at least four dead and hundreds injured. The trouble be-

came so severe last week that Khomeini was forced to cancel nationwide "allegiance marches" scheduled to be held by his rank-and-file supporters, the Hezbollah.

He said in a broadcast on Tuesday that he feared the demonstrations would exacerbate "differences of opinion".

And in a message yesterday to the new parliament, the ayatollah implicitly referred to the divisions within his regime by saying that "the biggest sin some clergymen could commit now was to desert the revolution in these crucial times".

۹۰ سال تک مطلق العنانی کے ساتھ حکومت کرنے کے بعد اب آیت اللہ خمینی کو ایران کے علماء کی طرف سے بڑھتی ہوئی داخلی کشمکش اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حالیہ پارلیمانی انتخابات میں انتہا پسندوں کی کامیابی کے بعد ایرانی علماء میں جو باہمی خانہ جنگی چھڑ گئی ہے، آیۃ اللہ خمینی اسے روکنے میں ناکام رہے ہیں۔ خمینی کے حامی اور مخالف ملاؤں کے درمیان جو جھڑپیں ہوئی ہیں ان میں بہ اشخاص ہلاک ہوئے ہیں اور کئی سو زخمی، گذشتہ ہفتے میں صورتحال اتنی نازک ہوگئی تھی کہ خمینی حامیوں کی تنظیم "حزب اللہ" کی طرف سے "اظہار وفاداری" کے لئے جو جلوس نکلنے تھے خمینی نے انھیں بھی منسوخ کر دیا۔ منگل کے دن انھوں نے ایک نشریہ میں کہا ہے کہ انھیں اندیشہ تھا کہ ان مظاہروں سے اختلاف کی آگ مزید بھڑ

ازیں نئی پارلیمان کے نام اپنے ایک پیغام میں انھوں نے قیادت کے اندرونی اختلافات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "سب سے بڑا گناہ جو علماء کے طبقہ کی طرف سے اس وقت سرزد ہو سکتا ہے وہ ان نازک حالات میں "انقلاب" سے منحرف ہونا ہے"

ہم نے اپنے قارئین کو یہ خبر اس لئے سنائی ہے کہ وہ خطروں سے آگاہ رہنے کے ساتھ اس حقیقت سے بھی باخبر رہیں کہ اللہ تعالیٰ کا غیبی نظام کس طرح کارفرما ہے اور اس لئے بھی سنائی ہے کہ وہ بڑھی ہوئی امید اور بڑھے ہوئے یقین کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعاؤں کے اہتمام کو اور بڑھائیں کہ اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کے عوام و خواص کو عقل سلیم دے، اور اسلام کے دشمنوں کی صفوں میں تفرقہ ڈال دے۔ ان کے قدموں کو اکھاڑ دے اور انھیں آپس ہی میں لڑا کر ان کی طاقت کو نیست و نابود کر دے بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

جہاں تک اس سال حج میں ایرانیوں کی آمد کا مسئلہ ہے تو اس کے بارے میں پرسوں ہی

ایران میں شیعہ حج کے ذمہ دار اعلیٰ مہدی کروبی کا واضح اعلان آگیا ہے کہ اس سال ایران سے کوئی بھی شخص حج کرنے نہیں جائے گا ـــــ البتہ بی بی سی کے جس نشریہ میں یہ خبر سنائی گئی ہے۔ اسی میں اس طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے کہ مگر کون جانے کہ اس سال ایرانی وہاں اپنے وجود کا اعلان کسی اور طریقہ پر کر دیں!! ـــــ ہم مانتے ہیں کہ اس اندیشہ کو بالکلیہ مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ الفرقان کے گذشتہ شمارے میں ہم خود ذکر کر چکے ہیں کہ ایک دہشت گرد گروہ کو حج کے دوران خونریز ہنگامے کرنے کے لئے تہران میں تربیت دی جا رہی ہے۔ لیکن ان خبروں کی وجہ سے خوف میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور نہ ان دھمکیوں سے ارادوں میں کمزوری آنی چاہیئے۔ عازمین حج کے قافلے الحمد للہ حسب سابق ذوق و شوق کے ساتھ رواں دواں ہیں۔ خدا کے گھر اور سید الکونین کے روضہ پر جانے والو! تمہیں مبارک ہو، جاؤ اور خوب شوق و ذوق کے ساتھ جاؤ اور پوری امت کی فکریں لے کر جاؤ، اور وہاں مقامات قبولیت پر خوب گڑگڑا گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اس امت کے لئے ہدایت، رحمت اور نصرت کی بھیک مانگو اور ان محرموں کے لئے جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگا دی ہے، اور جو حق اور اہل حق کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں دعائیں کرو کہ ان کی ایکیں ناکام ہوں، ان کے حوصلے پست ہوں ـــــ اور ان کے قدم اکھڑ جائیں۔ اور جن کے اندر تھوڑی سی استعداد بھی قبول حق کی باقی ہے، بارگاہ ایزدی سے انھیں ہدایت عطا ہو، اور صحیح اور سیدھے راستہ پر چلنے کی توفیق ملے۔

پاکستان میں گذشتہ دو تین سال سے جس طرح کے حالات تھے، اور جس قسم کی خبریں وہاں سے آ رہی تھیں وہ بہت تشویش کا باعث تھیں ـــــ اب وہاں اچانک حالات نے نیا موڑ لیا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ قوم کی جو حالت ہے اسکو دیکھتے ہوئے اوپر کی تبدیلیوں سے کوئی امید، کم از کم ہمیں تو ہوتی نہیں اور بار بار کے تجربے بتاتے ہیں کہ دلوں کی تبدیلی کے بغیر صرف نظام کی تبدیلی سے بہتر نتائج کی توقع فضول ہے۔ البتہ کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ آنے والے انتخابات میں پاکستان کے علماء و قائدین اگر اس صورتحال کو درست کرنے کی طرف خاص توجہ دیں جو تمام شعبوں میں کلیدی عہدوں پر شیعوں کے فائز کر دیئے جانے کے سبب پیدا ہو گئی ہے (یعنی انتخابی طاقت کو شیعوں کے بے دخل کرنے اور ان کی طاقت کو کم سے کم کرنے کی طرف مرکوز کر دیں) تو اور کچھ ہو یا نہ ہو، اس "آستین" کے سم قاتل کا اثر کچھ کم ہو جائے گا۔ اور یہ بات آئندہ کے تعمیری و اصلاحی کاموں کے لئے بہت مفید و معاون ثابت ہوگی۔ ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا

ہم نے اوپر کی سطروں میں خصوصاً ایران کے داخلی حالات کے جس تازہ ترین رخ کا ذکر کیا ہے اس سے یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیئے کہ بس اب کچھ کرنے کی ضرورت نہیں میدان سر ہو گیا۔ یہ بات نہ مطابق واقعہ ہے اور نہ مطابق عقل، واقعہ یہ ہے کہ خمینی کی مقبولیت ایران میں جیسے جیسے کم ہوتی جا رہی ہے، اسی رفتار سے خارجی اور عالمی سطح پر خمینی اور اس کے حامیوں کی طرف سے خمینی کے دائرہ اثر کو بڑھانے کی کوشش تیز تر کی جا رہی ہے۔

جنوبی افریقہ سے معروف مصنف ڈاکٹر حبیب الحق ندوی صاحب نے جو ڈربن یونیورسٹی میں شعبہ عربی اردو اور فارسی کے سربراہ ہیں حضرت والد ماجد مدظلہ کے نام اپنے ایک تازہ مکتوب مورخہ ۱۷ مئی ۸۸ء میں موجودہ صورتحال کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"شاید اکثر لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ مختلف ممالک میں سنیوں کو شیعہ بنانے کا عمل زور و شور سے جاری ہے۔ کم از کم اس ملک (جنوبی افریقہ) میں ایک جماعت نے اعلان کر دیا ہے کہ وہ سنی عقائد سے دستبردار ہو کر شیعی عقائد پر ایمان لاتی ہے۔ ساتھ ہی ان کے لئے ایک پروپیگنڈا سنٹر بھی فراہم کر دیا گیا ہے تاکہ سونی صدی سنی آبادی میں تشیع کی تبلیغ کی رفتار تیز کر دی جائے۔ بعض ممالک میں ایرانی سفراء امام خمینی کے ہاتھ پر سنیوں سے بیعت بھی لے رہے ہیں۔ یہ خبر مزید تشویشناک صورتحال اختیار کرتی جا رہی ہے۔"

اسی طرح کی اطلاعات بعض اور ملکوں سے بھی موصول ہوئی ہیں — اسی بنا پر ہم نے یہ کہا ہے کہ ابھی کام مکمل نہیں ہوا ہے — ابھی بہت کام باقی ہے۔

اس سلسلہ میں بگاڑ کے ایک پہلو کی وضاحت اور کر دی جائے — کچھ لوگ یہ رائے رکھتے ہیں کہ ہمیں اپنی مہم کا نشانہ صرف خمینی اور اس کے پیروکاروں کو بنانا چاہیئے، نفس شیعیت اور اثنا عشری مذہب کو نشانہ بنانا غیر ضروری بھی ہے اور خلاف مصلحت بھی، ہم صاف لفظوں میں عرض کرتے ہیں کہ یہ خیال ہماری رائے میں شیعیت کی حقیقت، اس کی تاریخ اور خمینی اور شیعیت کے باہمی تعلق کی اصل نوعیت کو صحیح طور پر نہ سمجھنے کا نتیجہ ہے — خمینی دراصل قدیم شیعہ باطنی تحریک کا ایک لیڈر ہے اور اس شجرۂ خبیثہ کی تازہ فصل کا ایک پھل، اس شجرۂ خبیثہ کے مضر اور مہلک برگ و بار سے حفاظت کا ایک راستہ تو یہ ہے کہ جب کبھی اس پر پھل آئے ہم پھلوں پر لاٹھیاں چلا چلا کر انھیں توڑ دیں، اور زیست و نابود کر دیں البتہ درخت کو نہ چھیڑیں — اور ایک راستہ یہ ہے کہ اس شجرۂ خبیثہ ہی کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے تاکہ مستقل طور پر اس کے کڑوے اور مہلک پھلوں سے نجات مل جائے۔ ہم جانتے ہیں کہ

بھیج دیا جائے گا۔

آخر میں اس بات کا اظہار بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان، بنگلہ دیش اور برطانیہ کے علماء کرام کے یہ جوابات ان ملکوں کے بعض حضرات علماء کرام کی خصوصی توجہ اور محنت کے نتیجہ میں ہم تک پہنچے ہیں۔ پاکستان میں مولانا مفتی احمد الرحمٰن صاحب نے اپنے بعض رفقاء کے ہمراہ مختلف صوبوں اور شہروں کے دورے کئے، اور ایک ایک جگہ کے علماء سے براہ راست رابطہ قائم کر کے انکے جوابات حاصل کئے۔ بنگلہ دیش کے علماء کے جوابات و فتاویٰ مولانا اظہار الاسلام، مولانا محی الدین صاحب اور مولانا شمس الدین صاحب اور ان کے رفقاء کی توجہ سے حاصل ہوئے ــــ بلکہ پاکستان کے مفتی احمد الرحمٰن صاحب نے بنگلہ دیش کا بھی سفر کیا، اور وہاں کے بہت سے علماء کے جوابات حاصل کر کے ہمیں ارسال کئے۔ برطانیہ کے علماء کے جوابات مولانا یعقوب اسماعیل منشی صاحب اور مولانا محمد یعقوب مفتاحی صاحب کی کوششوں سے ہم تک پہنچے ــــ اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کی مساعی کو قبول فرمائے اور ہر قسم کے زیغ و ضلال سے ہماری اور پوری امت کی حفاظت مقدر و میسر فرمائے آمین

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد سید المرسلین وخاتم النبیین وعلی الہ واصحابہ والتابعین لہم باحسان الی یوم الدین اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ

الفرقان کا یہ شمارہ جو آپ کے ہاتھ میں ہے، یہ اس خصوصی شمارہ کا گویا حصہ دوم ہے جو خمینی اور شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں علماء کرام کا متفقہ فیصلہ کے عنوان سے اب سے قریباً چھ مہینے پہلے دسمبر ۸۰ء میں شائع ہوا تھا، اس میں راقم سطور کا ایک مقدمہ اور شیعہ اثنا عشریہ کے بارے میں ایک مبسوط و مفصل استفتاء (جو قریباً ساٹھ صفحات پر مشتمل تھا) اور ہندو پاکستان کے حضرات اکابر علماء و اصحاب فتویٰ اور مستند دینی مراکز و مدارس کے جوابات اور فتوے تھے ——— اس کے مقدمہ میں یہ بھی ذکر کیا گیا تھا کہ پاکستان کے ہمارے بعض مخلصین نے وہاں کے حضرات اکابر علماء و اصحاب فتویٰ اور مستند دینی مراکز و مدارس سے ہمارے استفتاء کے جوابات و فتاوی بڑی تعداد میں حاصل کئے تھے جو اب تک نہیں پہونچ سکے ہیں، انشاء اللہ ان کے موصول ہونے پر ان کو بھی "الفرقان" میں شائع کر دیا جائے گا۔

وہ جوابات و فتاوی بفضلہ تعالیٰ موصول ہو گئے، اس کے علاوہ بہت بڑی تعداد

میں بنگلہ دیش کے حضرات علماء کرام اور وہاں کے مستند دینی مراکز و مدارس کے فتاوی بھی اس عرصہ میں آ گئے نیز برطانیہ (انگلستان) میں مقیم علماء کرام کے جوابات، اور ہندوستان کے بھی بعض علماء کرام و اصحاب فتوی اور دینی مراکز کے جوابات و فتوے بھی اس عرصہ میں مزید موصول ہو گئے، اب یہ سب الفرقان کے اس خصوصی شمارہ میں شائع کئے جا رہے ہیں۔

یہاں یہ عاجز اپنے رب کریم کے شکر کے ساتھ اس کا اظہار بھی مناسب سمجھتا ہے کہ جب میں نے شیعہ اثنا عشریہ اور خمینی کے بارے میں استفتاء مرتب کر کے حضرات علماء کرام کا فتوی حاصل کرنے اور اس کے شائع کرنے کا فیصلہ کیا تھا تو میرا خیال بلکہ غالب گمان تھا کہ ماضی قریب کے بعض لوگوں کے کفر کے غلط فتووں کی وجہ سے تکفیر کا فتوی بہت بدنام ہو گیا ہے اس لئے مختلف حلقوں کی طرف سے مجھ پر ملامت کے تیروں کی بوچھار ہو گی اور ممکن ہے کہ بہت سے حضرات جو اصل مسئلہ میں پورا اتفاق رکھتے ہوں۔ وہ بھی اس کو مناسب نہ سمجھیں لیکن یہ عاجز اس صورتحال میں جس کا ذکر استفتاء کی تمہید اور مقدمہ میں بھی کیا جا چکا ہے فیما بینی و بین اللہ اس کو اپنا دینی فریضہ سمجھتا تھا اس لئے ارشاد ربانی یجاھدون فی سبیل اللہ ولا یخافون لومۃ لائم کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے کو ملامت کے تیروں کا نشانہ بننے کے لئے تیار کیا اور اسی فیصلہ کے نتیجہ میں الفرقان کا وہ خاص نمبر گذشتہ دسمبر میں شائع ہوا۔ جس کا اوپر کی سطروں میں ذکر کیا جا چکا ہے۔

یہ عاجز اس کو اپنے کریم پروردگار کا خاص کرم ہی سمجھتا ہے کہ آج تک ایک خط بھی ایسا نہیں آیا جس میں اس فتوائے تکفیر اور اس کی اشاعت کے اقدام کو غلط یا نامناسب ہی قرار دیا گیا ہو۔ اس کے برعکس لاتعداد خطوط ایسے موصول ہوتے رہے جن میں لکھا گیا کہ یہ اس وقت کا اہم دینی فریضہ تھا جسکے ادا کرنے کی توفیق اللہ تعالیٰ نے آپ کو دی۔

بہت سے حضرات اہل علم نے لکھا کہ ہمیں اب تک اس بارے میں تردد تھا لیکن نمبر اور خاص کر اس کے مقدمہ کے مطالعہ کے بعد وہ تردد اور کوئی اشکال باقی نہیں رہا فللہ الحمد ولہ المنۃ۔

تاہم چند خطوط ایسے بھی آئے جن میں کچھ اشکالات بطور سوال کے پیش کئے گئے

تھے، جن میں زیادہ تر وہ تھے جن کا جواب مقدمہ یا استفتار میں موجود تھا اس لئے یہ خیال
یا گیا کہ ان حضرات نے استفتار اور مقدمہ کا بغور مطالعہ نہیں فرمایا، ایسے حضرات کو مختصر
واب کے ساتھ یہ لکھ دینا کافی سمجھا گیا کہ مقدمہ اور استفتار کا ایک بار پھر بغور مطالعہ فرمالیا
ائے ——— اور کچھ اشکالات ایسے بھی تھے جن کے بارے میں مناسب سمجھا گیا کہ
فقان کے اس پیش نظر شمارہ میں کچھ وضاحت کر دی جائے۔ چنانچہ ذیل میں یہ عاجز
کچھ لکھنے کا ارادہ رکھتا ہے اس سے مقصود دراصل ان اشکالات کے بارے میں
اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت ہی ہے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

روافض کے بارے میں حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلی کا موقف

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے
متعدد فتووں میں روافض کی تکفیر کے خلاف رائے ظاہر فرمائی ہے ——— اس عاجز
راقم سطور نے حضرت مولانا فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ کے ان فتووں کا بغور مطالعہ کیا، اس
مطالعہ کے بعد یہ عاجز یقین کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچا کہ حضرت مولانا کی نظر سے شیعوں کی
کتابیں نہیں گذریں جن کے مطالعہ سے بغیر کسی شک شبہ کے یہ بات سامنے آجاتی ہے کہ
ان کے بعض عقائد قطعی طور پر موجب کفر ہیں۔

انھیں دنوں جب راقم سطور اس سلسلہ میں کچھ لکھنے کا ارادہ کر رہا تھا ایک صاحب سے
معلوم ہوا کہ حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلیؒ کے ایک فاضل شاگرد نے یہی بات لکھی ہے
——— ان صاحب نے یہ بھی بتایا کہ اس بارے میں تفصیلی معلومات جناب مولانا مفتی
محمد رضا انصاری صاحب فرنگی محلی سے حاصل کی جاسکتی ہیں ——— یہ معلوم ہونے کے
بعد میں نے مولانا موصوف کے پاس پیام بھیجا کہ مجھے ایسا معلوم ہوا ہے، اس سلسلہ
میں مجھے براہ راست آپ سے معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

میرے اس پیام کے جواب میں ازراہ عنایت وہ ایک دن خود ہی تشریف لے
آئے، انھوں نے بتلایا کہ حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ نے زندگی کے
آخری دور میں علماء فرنگی محل کا ایک تذکرہ عربی میں لکھنا شروع فرمایا تھا۔ اس کا نام
تجویز فرمایا تھا "خیر العمل بذکر تراجم علماء فرنگی محل" لیکن وہ ناتمام

رہ گیا ۔ ان کی وفات کے بعد ان کے فاضل شاگرد مولانا الحافظ محمد عبد الباقی صاحب فرنگی محلی مہاجر مدنی[1] نے اس کی تکمیل کی ۔ ——— یہ رسالہ مولانا عبد الباقی صاحب ہی کے قلم کا لکھا ہوا مخطوطہ کی شکل میں محفوظ ہے، اصل مخطوطہ مولانا جمال میاں (خلف حضرت مولانا عبد الباری فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ) کے پاس ہے جو کراچی میں مقیم ہیں، لیکن اس کی فوٹو کاپی میں نے لے لی تھی جو میرے پاس محفوظ ہے، اس میں مولانا عبد الباقی صاحب نے اپنے استاذ حضرت مولانا عبد الحی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ کی روافض کی عدم تکفیر کی رائے کے بارے میں صراحت کے ساتھ لکھا ہے: کہ "ان کی نظر سے روافض کے علماء کی وہ کتابیں نہیں گذریں جن سے ان کے وہ عقائد معلوم ہو جاتے ہیں جو قطعی طور پر موجب کفر ہیں"۔

اسی سلسلۂ گفتگو میں مولانا مفتی محمد رضا انصاری صاحب نے یہ بھی بتلایا کہ علماء فرنگی محل میں سب سے پہلے ملا محمد معین صاحب نے روافض کی تکفیر کا فتویٰ دیا (جو ملا مبین شارح سلم و مسلم وغیرہ کے صاحبزادے ہیں) مولانا عبد الباقی صاحب ان ملا معین صاحب کے حقیقی پوتے ہیں۔

میں نے ان سے گذارش کی کہ میں اس مخطوطہ کا وہ مقام دیکھنا چاہتا ہوں جس میں مولانا عبد الباقی صاحب نے اپنے استاذ حضرت مولانا عبد الحی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ کی روافض کے بارے میں عدم تکفیر کی رائے سے متعلق تحریر فرمایا ہے۔

میں ان کا شکر گذار ہوں کہ انھوں نے مخطوطہ کے تین صفحوں کی فوٹو کاپی کرا کے میرے پاس بھیجدی۔ اس کے ساتھ ایک مفصل نوٹ بھی تحریر فرمایا، ان دونوں چیزوں

---

[1] ان مولانا الحافظ عبد الباقی صاحب فرنگی محلی کے تعارف میں مولانا مفتی محمد رضا انصاری صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ "انھوں نے فارغ التحصیل ہونے کے بعد فرنگی محل ہی میں تدریس کا آغاز فرمایا ان کے تلامذہ میں مولانا محمد عبد الباری صاحب فرنگی محلی بھی تھے۔ مولانا عبد الباقی صاحب نے تین دفعہ حج و زیارت کا شرف حاصل کیا پہلے ۱۳۰۸ھ پھر ۱۳۱۲ھ میں پھر تیسری بار ۱۳۲۱ھ میں ——— اس سفر میں بعض بشارات کی وجہ سے ہجرت کی نیت سے مدینہ منورہ میں مقیم ہو گئے ۱۹۴۵ء (۱۳۶۴ھ) میں وفات پائی اور جنت البقیع میں تحت اقدام اہل البیت مدفون ہوئے" رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ۔

سے مجھے نہایت مفید معلومات حاصل ہوئے جو غالباً کسی دوسرے ذریعے سے حاصل نہیں ہو سکتے تھے جزاھم اللہ تعالیٰ کما یلیق بشانہ الکریم

لیکن یہاں تو اس عاجز کو اس مخطوطہ سے صرف وہی نقل کرنا ہے جس کا تعلق روافض کی تکفیر یا عدم تکفیر کے مسئلہ سے ہے۔

مخطوطہ میں مولانا عبدالباقی صاحب نے اپنے دادا ملا محمد معین صاحب کا تذکرہ لکھا ہے اس میں یہ بھی ذکر کیا ہے کہ اس وقت کی سلطنت اودھ کے شیعہ وزیر سبحان علی خاں سے ان کے مباحثے اور مناظرے ہوتے تھے ـــــ اسی سلسلۂ کلام میں مولانا عبدالباقی صاحب نے اپنے استاذ حضرت مولانا عبدالحیٔ رحمۃ اللہ علیہ کی یہ عبارت نقل فرمائی ہے۔

وقال الاستاذ العلام فی ترجمتہ وھو اول من أفتیٰ من علماء ھذہ المحلۃ بتکفیر الروافض مطلقًا	وہ (ملا محمد معین) فرنگی محل کے علماء میں پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے علی الاطلاق روافض کی تکفیر کا فتویٰ دیا[1]

اس کے آگے مولانا عبدالباقی صاحب نے اسکی وضاحت فرماتے ہوئے لکھا ہے:

"قلت اختلف علماء ملتنا فی باب الروافض علی ثلاثۃ اقوال،
فقال الاستاذ العلام بعدم تکفیرھم من سب الشیخین فان سب المسلم فسوق والبدعۃ لا تزیل الایمان لبنائھا علی التاویل، وقد حقق المسئلۃ ابن عابدین فی "تنبیہ الولاۃ والحکام" وقال بحر العلوم بعدم تکفیرھم مطلقًا لما نص الامام بعدم تکفیر اھل القبلۃ لکونھم علی تاویل وان کان رکیکا"

اس کا حاصل یہ ہے کہ روافض کے بارے میں علماء فرنگی محل کے تین قول ہیں،

---

[1] حضرت مولانا عبدالحیٔ رحمۃ اللہ علیہ نے ملا معین صاحب کے تذکرہ میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے وقت کے بلند پایہ محدث و فقیہ اور صلاح و تقویٰ، کثرت عبادت تعلق مع اللہ اور اتباع سنت میں بھی ممتاز عالم، و بانی تھے۔

ہمارے استاذ علام حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلیؒ، سب شیخین (یعنی شیخین کی شان میں دشنام دبدگوئی) کی بنیاد پر شیعوں کی تکفیر کے قائل نہیں ہیں۔ کیونکہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور بدعت ہے جس سے ایمان زائل نہیں ہو جاتا کیونکہ یہ دشنام دبدگوئی کسی تاویل کی بنیاد پر ہے، اور علامہ ابن عابد بن شامی نے اپنے رسالہ "تنبیہ الولاۃ والحکام" میں اس مسئلہ کی تحقیق و وضاحت فرمائی ہے[1] اور علامہ بحر العلوم بھی مطلقاً روافض کی تکفیر کے قائل نہیں ہیں، کیونکہ امام (ابو حنیفہؒ) نے تصریح کی ہے کہ اہل قبلہ کی تکفیر نہ کی جائے[2] بوجہ اسکے کہ ان کے عقیدہ کی بنیاد تاویل پر ہے، اگرچہ وہ تاویل رکیک (یعنی نہایت کمزور اور ناقابل قبول) ہی کیوں نہ ہو۔

آگے مولانا عبدالباقی صاحب نے اپنے استاذ حضرت مولانا عبدالحیؒ صاحبؒ کے مذکورہ بالا کلام پر تبصرہ کرتے ہوئے جو تحریر فرمایا ہے اس میں انھوں نے علامہ بحر العلوم کے اس موقف پر بھی کلام کیا ہے جو ان کے استاد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے، فرماتے ہیں:

"أقول هذا وان كان اصلاً اصيلاً لا ينطبق على شيعة زماننا ولعله كان ينطبق على شيعة عصر بحر العلوم"

اس کا حاصل یہ ہے کہ علامہ بحر العلوم نے اہل قبلہ کی عدم تکفیر کے بارے میں حضرت امام ابو حنیفہؒ کے حوالہ سے جو نقل فرمایا ہے اگرچہ وہ بجائے خود صحیح اصول ہے لیکن وہ ہمارے زمانے کے شیعوں پر منطبق نہیں ہوتا، شاید علامہ بحر العلوم کے زمانہ کے شیعوں پر منطبق ہوتا ہو۔

---

[1] دسمبر ۱۹۸۶ء میں شائع ہونے والے الفرقان کے خاص نمبر میں استفتاء کیساتھ جو مقدمہ راقم سطور کا شائع ہوا ہے اس میں تفصیل سے لکھا گیا ہے کہ ہمارے اکثر فقہاء نے روافض کی تکفیر صرف سب شیخین کی بنیاد پر کی ہے۔ علامہ ابن عابدین شامی نے اس سے اختلاف ظاہر کیا ہے، حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلیؒ کا موقف بھی یہی ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ اس مسئلہ میں دو رایوں کی گنجائش ہے۔ لیکن راقم سطور نے اپنے استفتاء میں شیعوں کے جو تین عقیدے پیش کیے ہیں ان کے موجب کفر ہونے کے بارے میں ہرگز دو رایوں کی گنجائش نہیں ہے۔ (ہمارے اکثر فقہاء نے سب شیخین کی بنیاد پر روافض کی جو تکفیر کی ہے اسکے بارے میں نمبر کے مقدمہ میں ص۱۷ سے ص۲۱ تک مفصل کلام کیا گیا ہے)۔

[2] اہل قبلہ کی تکفیر نہ کرنے کے بارے میں حضرت امام ابو حنیفہؒ اور دیگر ائمہ سے جو نقل کیا جاتا ہے اس پر تفصیلی گفتگو خاص نمبر کے مقدمہ ص۲۲، ۲۳ میں کی جا چکی ہے، بعض صاحب نے اس کو نہ دیکھا ہو ان کو راقم سطور کا مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ ضرور اس کا مطالعہ فرمائیں۔

آگے مولانا عبد الباقی صاحب نے اسی مسئلہ سے متعلق اپنے استاذ علام حضرت مولانا عبد الحی رحمۃ اللہ علیہ کے موقف کے بارے میں تحریر فرمایا ہے:

"اما قول الاستاذ فی فسق سباب الشیخین وان کان تحقیقیا ولکنہ غیر موافق بحال شیعۃ زماننا، وکأن الاستاذ أحال النظر فی کتب أسلافھم ولم یطلع علی احوال أخلافھم واما الجدّ رحمہ اللہ فقد باحثھم وعلم مذھبھم ورجد فیھم مایوجب تکفیرھم، فاما سب الشیخین فلا ریب انہ کبیرۃ والشیعۃ یستحلون سبھما بل ربما یعدونہ من المثوبات ومن یستحل المعصیۃ یکفر فکیف بمن یستحبھا"

اس کا حاصل یہ ہے کہ استاذ رحمۃ اللہ علیہ نے شیخین کی شان میں بدگوئی کرنے والوں کے بارے میں فاسق ہونے کی جو بات کہی ہے وہ اگرچہ بجائے خود صحیح ہے لیکن وہ ہمارے زمانے کے شیعوں پر منطبق نہیں ہے، گمان یہ ہوتا ہے کہ استاذ محترم کی نظر سے شیعوں کے متقدمین کی کتابیں گذری ہوں گی اور انھیں بعد کے زمانے کے شیعوں کے حالات کی اطلاع نہ رہی ہوگی، لیکن ہمارے دادا استاذ محمد معین رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے مباحثے کیے ہیں اور ان کے مذہب کے بارے میں پوری واقفیت حاصل کی ہے، اور انھوں نے روافض میں وہ عقائد پائے ہیں جن کی وجہ سے ان کی تکفیر واجب ہو جاتی ہے، رہا مسئلہ سب شیخین کا تو اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ وہ یعنی شیخین کی شان میں گستاخی کرنا کبیرہ گناہ ہے اور شیعہ نہ صرف اس کو جائز سمجھتے ہیں بلکہ وہ ان کے نزدیک ثواب والے اعمال میں سے ہے اور (شریعت مسلمہ کا اصول ہے کہ) جو شخص معصیت کو حلال وجائز قرار دے اس کی تکفیر کی جائے گی تو کیا شیعہ وہ تو اس کو مستحب (نیکی اور کارِ ثواب) سمجھتے ہیں۔

اس کے آگے مولانا عبد الباقی صاحب نے روافض کے وہ عقائد تحریر فرمائے ہیں جو ان کی کتابوں کے مطالعہ اور ان کی تقریروں اور گفتگوؤں سے ان کے علم میں آئے جو قطعی طور پر موجب کفر ہیں، ان میں مولانا موصوف نے ان کے عقیدۂ بدا کا اور قرآن مجید میں تحریف اور تغیر و تبدل کے عقیدے کا ذکر کیا ہے اس سلسلہ میں مولانا نے بطور مثال کے چند آیتیں بھی لکھی ہیں جن کے بارے میں روافض کا

عقیدہ ہے کہ اصل آیت یوں تھی اور موجودہ قرآن میں تحریف کر کے اس طرح کر دی گئی ہے، نیز اسی سلسلہ میں مولانا موصوف نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ قرآن میں دراصل چالیس[1] پارے تھے دس پارے خلیفہ ثالث عثمانؓ نے چھپا لیے، مولانا عبدالباقی صاحب نے اسی سلسلہ میں اپنے ائمہ معصومین کے بارے میں روافض کے اس عقیدہ کا بھی ذکر کیا ہے کہ ان سے معجزات کا ظہور ہوتا ہے اور ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحیفے نازل ہوتے ہیں، اور وہ حضرت علیؓ کو اور باقی گیارہ اماموں کو بھی) انبیاء سابقین سے افضل و بالاتر مانتے ہیں اور ان کے نزدیک ان کے اماموں اور نبیوں رسولوں میں صرف نام کا فرق ہے (یعنی اماموں کے لیے نبی و رسول کا لفظ استعمال نہیں کیا جاتا لیکن صفات و کمالات اور خصوصیات میں کوئی فرق نہیں)

روافض کے یہ عقیدے لکھنے کے بعد مولانا عبدالباقی صاحب نے تحریر فرمایا ہے:

"فهل يشك أحد بعد هذه الأقاويل في كفر أصحابها،

كلا والله لا ريب في تكفيرهم"

مطلب یہ ہے کہ کیا کسی کو روافض کے ان عقائد و اقوال کے علم میں آجانے کے بعد ان کے کفر میں شک شبہ ہو سکتا ہے، خدا کی قسم! ان کی تکفیر میں کسی صاحب علم کو ہرگز شبہ نہیں ہو سکتا۔

علامہ بحر العلوم اور روافض کی تکفیر:

تعجب ہے کہ حضرت مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلیؒ نے اپنے خاندانی بزرگ بحر العلومؒ کے بارے میں تحریر فرمایا ہے کہ وہ روافض کی تکفیر کے مطلقاً قائل نہیں ہیں اور مولانا عبدالباقی صاحب نے بھی اس بات کو تسلیم کر کے اس کا جواب دیا ہے کہ ان کے زمانے کے شیعوں

---

[1] یہ بات کہ قرآن میں چالیس پارے تھے اور دس غائب کر دیے گئے، راقم سطور نے اثنا عشریہ کی کسی کتاب میں اب تک نہیں دیکھی لیکن مختلف مقامات کے متعدد ثقہ حضرات نے راقم سطور سے بیان کیا کہ انھوں نے شیعوں کے عوام بلکہ ان کے بچوں کی زبان سے بھی یہ بات سنی ہے اور راقم سطور کو تحقیق کے ساتھ یہ بات معلوم ہے کہ پٹنہ کی خدا بخش لائبریری کے نوادر کے خانہ میں قرآن مجید کا چالیس پاروں والا نسخہ موجود ہے۔

کا حال ایسا ہی ہوگا۔ حالانکہ مسلم الثبوت کی شرح فواتح الرحموت میں مولانا بحر العلوم نے صراحت کے ساتھ لکھا ہے کہ میں نے شیعوں کی تفسیر "مجمع البیان" میں یہ دیکھا ہے کہ ان کے بعض اصحاب کا عقیدہ یہ ہے کہ اصلی قرآن موجودہ قرآن سے زیادہ تھا اس کو جمع کرنے والے اور ترتیب دینے والے صحابہ کی تقصیر اور کوتاہی سے اس کے کچھ حصے غائب ہو گئے (اگرچہ خود مصنف ابو علی طبرسی اس کا قائل نہیں ہے)

آگے تحریر فرمایا ہے فمن قال بھذا القول فھو کافر لانکارہ الضروری یعنی جو شیعوں کا یہ عقیدہ ہے وہ بلاشبہ کافر ہیں کیونکہ یہ ایک ایسی حقیقت کا انکار ہے جو ضروریات دین میں سے ہے[1]

اور اسی "فواتح الرحموت" میں انبیاء علیہم السلام کی عصمت کے بیان میں شیعوں کا یہ عقیدہ بیان کرنے کے بعد کہ ان کے نزدیک از روئے عقل بھی یہ جائز نہیں ہے کہ کوئی صغیرہ یا کبیرہ گناہ نبوت سے پہلے یا نبوت کے بعد ان سے صادر ہو لیکن وہ انبیاء علیہم السلام کیلئے عقلاً و شرعاً اسکو جائز سمجھتے ہیں کہ تقیہ کے طور پر (نہ صرف معصیت بلکہ) ان سے کفر کا بھی صدور ہو سکتا ہے۔ علامہ بحر العلوم نے تحریر فرمایا ہے:

وھذا من غایۃ حماقتھم فانہ لو جوز ھذا الامر العظیم علیھم لما بقی الامان فی أمر التبلیغ وھو ظاھر کیف وما من نبی إلا ویبعث بین أظھر أعدائہ فلعلہ کتم شیئاً من الوحی خوفاً منھم وخضوعاً من مذھبھم الباطل وحماقتھم الکاملۃ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم ما عاش من وقت البعثۃ الی وقت الموت الا فی أعدائہ ولم یکن لہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم قدرۃ لدفعھم مدۃ عمرہ وکان یخاف منھم فاحتمل کتمانہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم شیئاً من الوحی فلا

---

[1] فواتح الرحموت کی یہ عبارت استفتاء میں نقل کی جا چکی ہے۔ خاص نمبر ۸۷

ثقة بالقرآن وغیرہ فانظر إلی شناعتهم وحماقتهم
کیف التزموا هذه الشناعات فخذلهم الله تعالی
إلی یوم القیامة ص ۳۸۷ طبع نول کشور لکھنؤ

مطلب یہ ہے کہ روافض کا یہ عقیدہ کہ انبیاء علیہم السلام سے تقیہ کے طور پر ہر درجہ کی معصیت بلکہ کفر کا بھی صدور ہو سکتا ہے ان کی انتہائی درجہ کی حماقت اور گمراہی ہے، کیونکہ اگر اس کو تسلیم کر لیا جائے تو حضرات انبیاء علیہم السلام کی دین و شریعت کی تبلیغ و تعلیم پر اعتماد و اعتبار باقی نہیں رہے گا جبکہ واقعہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت عموماً ان کے دشمنوں ہی میں ہوئی ہے تو اس عقیدہ کی بنیاد پر شک شبہ رہے گا کہ انھوں نے اپنے دشمنوں کے خوف سے وحی الٰہی میں سے کچھ چھپا لیا ہو اُمت تک اس کو نہ پہنچایا ہو ـــــ خاص کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بارے میں ان روافض کا انتہائی باطل اور حد درجہ احمقانہ عقیدہ یہ ہے کہ آپ بعثت یعنی نبوت کے آغاز سے لیکر وفات تک اپنے دشمنوں ہی میں گھرے رہے اور ساری عمر ان دشمنوں کو اپنے سے دور اور دفع کرنے کی قدرت آپ کو حاصل نہیں ہوئی اور ان سے آپ ڈرتے ہی رہے۔ تو اس عقیدہ کی بنیاد پر یہ شک شبہ رہے گا کہ شاید آپ نے ان دشمنوں کے خوف سے وحی الٰہی میں سے کچھ چھپا لیا ہو اور اس کی تبلیغ امت کو نہ فرمائی ہو، اس صورت میں نہ تو قرآن مجید کے بارے میں اعتماد و اعتبار رہے گا اور نہ وحی کے ذریعہ آنے والے دیگر احکام کے بارے میں ـــ تو ان کی حماقت اور ان کے اس عقیدہ کی شناعت پر غور کیا جائے، انھوں نے ان بیہودہ خرافات کو کس طرح اپنا دین و مذہب بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو قیامت تک اپنی رحمت سے محروم و نامراد رکھے۔

اس بحث کو علامہ بحر العلوم نے مندرجہ ذیل سطروں پر ختم فرمایا ہے:

والحق أنهم لمثل هذه الاقاویل خرجوا عن ربقة الاسلام ولذا أراهم بعض اهل الله رضوان الله تعالیٰ علیهم أجمعین علی صورة الخنزیر کما هو مشروح فی الفتوحات	اور حق یہ ہے کہ یہ روافض اپنے ان جیسے عقائد و اقوال کی وجہ سے دائرہ اسلام سے خارج ہیں، اور اسی وجہ سے بعض اہل اللہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ان کو (مکاشفہ یا عالم رؤیا میں) خنزیر کی صورت میں دیکھا ہے۔

المکیۃ للشیخ الأکبر وارث رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم، بل حکم بعض أھل اللہ تعالیٰ رضوان اللہ علیھم أنھم یحشرون علی صورۃ الخنزیر ص۳۸۷

جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وسلم کے خاص وارث شیخ اکبر کی فتوحات مکیہ میں بیان کیا گیا ہے ـــــ بلکہ بعض اہل اللہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے فرمایا ہے کہ یہ لوگ قیامت میں خنزیر کی شکل میں اٹھائے جائیں گے۔

فواتح الرحموت کی ان صاف صریح عبارتوں کے ہوتے ہوئے کیسے کہا جا سکتا ہے کہ علامہ بحر العلوم روافض کی تکفیر کے مطلقاً قائل نہیں ہیں۔

امام غزالیؒ کا موقف

ایک صاحب نے امام غزالیؒ کی کتاب "التفرقۃ" کے حوالہ سے ان کی عبارت نقل فرمائی ہے جس میں انھوں نے اہل قبلہ کی تکفیر سے زبان کو روکنے کی خاص طور سے وصیت فرمائی ہے اور اسی "التفرقۃ" میں امام موصوف نے مسئلہ امامت اور صحابہ کرام کے بارے میں شیعوں کے غلط خیالات و نظریات کی بنا پر ان کو صرف مبتدع قرار دیا ہے۔

اب سے قریباً پندرہ سال پہلے ۱۹۷۴ء میں جب قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے کیلئے پاکستان میں حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں ایک عوامی تحریک برپا ہوئی تھی (جس کے نتیجہ میں حکومتی سطح پر قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیدیا گیا تو اس وقت دہلی سے شائع ہونے والے ایک کثیر الاشاعت اردو ڈائجسٹ میں اس تحریک اور حکومت پاکستان کے اس فیصلہ کے خلاف ایک مضمون شائع ہوا تھا، یہ مضمون ایسی فنکاری سے لکھا گیا تھا جس سے عام لوگوں کے متاثر ہونے کا اندیشہ تھا، اس میں امام غزالیؒ کی اس کتاب "التفرقۃ" کا حوالہ بھی دیا گیا تھا، اس وقت راقم سطور نے "الفرقان" ہی میں تکفیر کے بارے امام غزالیؒ کے نقطۂ نظر پر تفصیل سے روشنی ڈالی تھی، بعد میں وہ مضمون اسی موضوع سے متعلق چند دوسرے مضامین کے ساتھ "قادیانی کیوں مسلمان نہیں" کے نام سے کتابی شکل میں شائع ہو گیا تھا

جن حضرات کو یہ غلط فہمی ہو کہ راقم سطور کے استفتاء کے جواب میں حضرات علماء کرام و اصحاب فتویٰ نے شیعہ اثنا عشریہ اور ان کے موجودہ دور کے امام خمینی کی جو تکفیر کی

ہے اور ان کو دائرۂ اسلام سے خارج قرار دیا ہے، امام غزالیؒ کا موقف اس کے خلاف ہے ——— ان سے گذارش ہے کہ وہ راقم سطور کا محولہ بالا مضمون "قادیانی کیوں مسلمان نہیں" نامی کتاب میں ملاحظہ فرمالیں، اس میں تکفیر کے بارے میں امام غزالیؒ کے نقطہ نظر پر ان کی کتاب "التفرقہ" ہی کے حوالوں سے پوری تفصیل سے کلام کیا گیا ہے، یہ مضمون مذکورہ بالا کتاب کے پورے دس صفحات پر ہے۔

یہاں صفحات میں عدم گنجائش کی وجہ سے مختصراً صرف اتنا عرض کر دینا کافی سمجھا ہے کہ اہل قبلہ جو ایک خاص دینی اصطلاح ہے اس کی وضاحت خاص نمبر کے مقدمہ میں ص ۲۲، ۲۳ پر کی جا چکی ہے۔

اور مسئلہ امامت اور صحابہ کرام کے احوال کے بارے میں شیعوں کے جن خیالات و نظریات کی بنا پر امام غزالیؒ نے ان کو صرف مبتدع قرار دیا ہے اس سے امام غزالیؒ کی مراد امامت کے بارے میں شیعوں کے بعض فرقوں (زیدیہ وغیرہ) کا یہ عقیدہ و نظریہ ہے کہ امامت (یعنی خلافتِ نبوت) دراصل حضرت علی مرتضیٰؓ کا حق تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں وصیت بھی فرما دی تھی لیکن شیخین نے حضور کی وفات کے بعد حضرت علیؓ کو خلافت سے محروم کر دیا اور خود خلیفہ بن گئے، اس طرح انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی اور ایک بڑے گناہ کے مرتکب ہوئے لیکن وہ اسکی بنیاد پر شیخین کو کافر و مرتد، ایمان سے محروم اور مخلد فی النار نہیں کہتے، الغرض امام غزالیؒ نے ایسے ہی لوگوں کو صرف مبتدع قرار دیا ہے ——— لیکن شیعہ اثنا عشریہ حضرات شیخین کے کافر و منافق، ایمان سے محروم اور مخلد فی النار (ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں گرفتار رہنے والے) ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں، اور خلافت کے مسئلہ میں ان کا ساتھ دینے والے عام صحابہ کو بھی مرتد قرار دیتے ہیں، جیسا کہ استفتاء میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے۔ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے بلاشبہ ایک ایسی حقیقت کی تکذیب اور اس کا انکار کرتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر اور قطعیت کے ساتھ ثابت ہے، یعنی حضرات شیخین کا مومن صادق اور حنفی ہونا، اس مسئلہ پر خاص نمبر کے مقدمہ میں تفصیل سے روشنی ڈالی جا چکی ہے اور امام غزالیؒ نے اسی بحث کے آخر میں خاتمہ کلام کے طور پر تحریر فرمایا ہے کہ

"قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص ایسی بات کہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی فرمائی ہوئی کسی بات کی تکذیب ہوتی ہو تو اس کی تکفیر واجب ہوگی، اگرچہ وہ مسئلہ فروعات میں سے ہو۔

اس موقعہ پر امام غزالیؒ کی عبارت یہ ہے:

ومهما وجد التكذيب	اور جب بھی تکذیب کی صورت پائی جائے
وجب التكفير وإن كان في	گی تو تکفیر واجب ہوگی اگرچہ اس کا تعلق کسی
الفروع (التفرقة ص۵)	فروعی مسئلہ سے ہو۔

راقم سطور نے استفتاء میں اثنا عشریہ کے موجب کفر عقائد کے سلسلہ میں شیخین کے مومن صادق اور جنتی ہونے سے انکار کے علاوہ جو ان کے دو اور عقیدے پیش کیے ہیں، ایک قرآن مجید کے محرف ہونے کا عقیدہ اور دوسرا امامت کا وہ عقیدہ جو قطعی طور پر ختم نبوت کا انکار ہے، یہ دونوں عقیدے بھی بلاشبہ ایسے ہیں کہ ان سے ایسی حقیقتوں کی تکذیب ہوتی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قطعیت کے ساتھ ثابت ہیں اور ضروریات دین میں سے ہیں۔

امام غزالیؒ کی کسی کتاب کے مطالعہ سے یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ ان کی نظر سے شیعہ اثنا عشریہ کی وہ کتابیں گذری ہیں جن کے مطالعہ سے ان کے یہ عقیدے کسی شک شبہ کے بغیر سامنے آجاتے ہیں اور جیسا کہ راقم سطور اپنی کتاب "ایران انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں تفصیل سے لکھ چکا ہے، اس کی وجہ اثنا عشری مذہب میں کتمان اور تقیہ کی تاکیدی تعلیم ہے۔

(ص ۲۲۲ تا ص ۲۳۲)

مسلم پرسنل لا بورڈ میں شیعوں کی شرکت و رکنیت

کچھ عرصہ ہوا لکھنؤ شہر ہی کا ایک وفد راقم سطور کے پاس آیا جس میں بعض علماء کرام بھی تھے اور شہر کے بعض اعیان و اصحاب وجاہت حضرات بھی، ان صاحبان نے میرے سامنے بطور سوال کے یہ مسئلہ پیش کیا کہ آپ کی اور حضرت مولانا ابو الحسن علی ندوی صاحب کی تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ شیعوں کے بارے میں آپ دونوں حضرات کا موقف وہی ہے جو امام اہلسنت حضرت مولانا عبد الشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ کا تھا اور ہم لوگوں کا ہے لیکن آپ حضرات نے مسلم پرسنل لا بورڈ میں شیعوں کو بھی اپنے ساتھ شریک کیا ہے۔

حضرت مولانا علی میاں اس کے صدر ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ آپ بھی اس کے بانی ارکان میں ہیں، اس سے سمجھا جاتا ہے کہ آپ ان کو مسلمان سمجھتے ہیں اور ہمیں معلوم ہوا ہے کہ شیعوں کے بعض ذاکرین مقررین اپنی مجلسوں میں اس کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں، اور لکھنؤ کے مسلمانوں کے ذہنوں میں بھی اس کی وجہ سے طرح طرح کے سوالات پیدا ہوتے ہیں۔

میں نے ان حضرات سے کہا کہ یہ صحیح ہے کہ میں بورڈ کے بانی ارکان میں سے ہوں، اگرچہ اپنی اس معذوری کی وجہ سے جو آپ حضرات کے سامنے ہے میں ادھر کئی سال سے اس کے کسی جلسہ میں بھی شریک نہیں ہو سکا ہوں لیکن بہرحال اس کا رکن ہوں اور جس طرح اس کی ابتدا اور تشکیل ہوئی اس سے پوری طرح واقف ہوں اور اس میں شریک رہا ہوں۔

مجھے تعجب ہے کہ آپ حضرات کے ذہنوں میں یہ سوال کیوں پیدا ہوا، آپ جانتے ہیں کہ اس میں بریلوی مکتب فکر کے حضرات بھی شریک ہیں ـــــ جب بمبئی کے پہلے اجلاس کے بعد مسلم پرسنل لا بورڈ کی تشکیل ہوئی تھی تو دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب علیہ الرحمۃ اس کے صدر تجویز ہوئے تھے اور مولانا مفتی برہان الدین صاحب جلپوری نائب صدر، حالانکہ وہ مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی کے نہ صرف ہم مسلک بلکہ ان کے خلیفہ بھی تھے، حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب اور ہم سب دیوبندیوں اور ندویوں اور ہمارے بزرگوں کے بارے میں ان کی رائے اور ان کا فتویٰ وہی تھا جو مولانا احمد رضا خانصاحب نے حسام الحرمین[1] میں اور اس سے بھی پہلے

---

[1] "حسام الحرمین" مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی کا ایک فتویٰ ہے، جس میں متعین طور پر ہمارے چار اکابر حضرت مولینا محمد قاسم نانوتوی، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی، حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کی تکفیر کی گئی ہے اور ان کی تکفیر نہ کرنے والوں کو بھی کافر قرار دیا گیا ہے، اسی فتاویٰ الحرمین بھی انھیں مولوی احمد رضا خانصاحب بریلوی کا فتویٰ ہے جس میں ندوۃ العلماء کے ابتدائی بانیوں حضرت مولانا محمد علی مونگیری وغیرہ کی اسی زور و شور سے تکفیر کی گئی ہے، یہ فتاویٰ الحرمین حسام الحرمین سے چار پانچ سال پہلے لکھا گیا تھا۔

فتاویٰ الحرمین" میں لکھا ہے جو آپ حضرات کے علم میں ہے۔ اور بمبئی کے اس پہلے اجلاس کے صدر استقبالیہ ڈاکٹر نجم الدین صاحب تھے جو شیعوں کے داؤدی فرقہ کے موجودہ امام (جو اس فرقہ والوں کے نزدیک گویا امام معصوم ہیں) کے چھوٹے بھائی تھے، اور شاید آپ لوگوں کو معلوم ہو کہ داؤدی فرقہ کا حال یہ ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ بھی اس کو اور فرقہ اسماعیلیہ کو غالیوں میں شمار کرتے ہیں اور ان سے براءۃ کرتے ہیں۔

اس تفصیل سے میرا مقصد یہ ہے کہ مسلم پرسنل لا بورڈ اسی طرح کی ایک مجلس یا محدود تنظیم ہے، جیسے مثلاً مسلم مجلس مشاورت، جس میں اس کی رکنیت کے لیے عقائد کی چھان بین نہیں کی جاتی، ہر وہ شخص جو اپنے کو مسلمانوں میں شمار کرے اور بورڈ کے خاص مقصد، مسلم پرسنل لا کے تحفظ سے متفق ہو اس کو بورڈ میں شامل کیا جا سکتا ہے رکن ہی نہیں عہدیدار بھی بنایا جا سکتا ہے۔

ایک انتہائی جاہلانہ بات:

ایک صاحب کا بالواسطہ پیام پہنچا، انھوں نے خاص نمبر دیکھ کر فرمایا کہ شریعت کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی آدمی میں ننانوے باتیں کفر کی ہوں اور ایک بات اسلام کی تو اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی، مسلمان ہی کہا جائے گا، شیعوں میں تو اسلام کی سیکڑوں باتیں ہیں، وہ خدا رسول کو بھی مانتے ہیں، نماز روزہ کو بھی مانتے ہیں وغیرہ وغیرہ، لہٰذا ان کو کیسے اسلامی دائرہ سے خارج اور کافر قرار دیا جا سکتا ہے؟

یہ انتہائی جاہلانہ بات اس لائق نہیں تھی کہ اس کے بارے میں کچھ لکھنا ضروری سمجھا جائے لیکن معلوم ہوا کہ یہ بات بہت مشہور ہے، اس لیے مناسب سمجھا گیا کہ اس بارے میں بھی اختصار ہی کے ساتھ کچھ لکھ دیا جائے۔

خیال ہے کہ جن صاحب نے یہ بات کہی یا جو لوگ بھی کہتے ہوں انھوں نے خود نہیں سوچا کہ وہ کیسی مہمل بات کہہ رہے ہیں، ظاہر ہے کہ خدا کو ماننا اسلام کی سب سے پہلی بات ہے اور معلوم ہے کہ ہندو، عیسائی، یہودی، مجوسی اور تمام ہی مذاہب والے خدا کا وجود مانتے ہیں اگرچہ شرک جیسی گمراہیوں میں مبتلا ہیں اور اسی طرح تمام مذاہب والے دنیا کے اعمال کی جزا اور سزا کے بھی قائل ہیں، یہود و نصاریٰ اپنے گمراہانہ عقیدوں کے ساتھ

پیغمبروں کے پورے سلسلہ کو مانتے ہیں، اللہ کی نازل کی ہوئی کتابوں توراۃ و انجیل وغیرہ کو بھی مانتے ہیں ـــــ نیز سب مانتے ہیں کہ زنا، چوری، ڈاکہ اور ظلم و فساد بری باتیں ہیں، غریبوں مسکینوں کی مدد کرنا، بھوکوں کو کھانا کھلانا، پیاسے کو پانی پلانا نیکی کے کام ہیں ـــ ظاہر ہے یہ سب باتیں اسلام کی ہیں، تو کیا ان باتوں کے ماننے والے سب مسلمان ہیں؟

اس عاجز کا خیال ہے کہ تکفیر کے بارے میں ہمارے حضرات فقہاء نے جو یہ بات لکھی ہے کہ اگر کسی شخص کے کلام یا اس کی عبارت کے بالفرض سو مطلب ہو سکتے ہوں جن میں ننانوے موجب کفر ہوں اور ایک مطلب ایسا ہو جس کی بنیاد پر وہ شخص دائرۂ اسلام ہی میں رہتا ہو تو مفتی کو چاہیے کہ وہ اُس ایک مطلب کا لحاظ رکھتے ہوئے اس کو مسلمان ہی قرار دے تکفیر نہ کرے، ہاں اگر خود وہ شخص اس کا اقرار کرے کہ اس کا مطلب وہی ہے جو موجب کفر ہے تو پھر اس کی تکفیر کی جائے گی ـــــ الغرض اس عاجز کا گمان ہے کہ جو لوگ وہ جاہلانہ بات کہتے ہیں جو اوپر ذکر کی گئی، انھوں نے کسی عالم سے حضرات فقہاء کرام کے حوالہ سے تکفیر سے متعلق وہ مسئلہ سنا ہوگا جو ابھی ذکر کیا گیا اور اپنی نادانی و بدفہمی سے وہ سمجھ لیا ہوگا جو اوپر ذکر کیا گیا۔

ایک ضروری وضاحت

جو شخص کسی مذہبی فرقہ سے وابستہ ہو تو ظاہر ہے کہ اس کے متعلق یہی سمجھا جائے گا کہ اس کے عقائد وہی ہیں جو اس مذہب کی مستند کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں، اگرچہ یہ ممکن ہے کہ اپنے مذہب سے جہالت و ناواقفیت، یا اپنی ذاتی رائے کی بنا پر اس کے وہ عقائد نہ ہوں، اسی اصول کی بنا پر ـــــ جو شخص اپنے کو مسلمان کہتا ہے اس کے متعلق یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ اسلام کے بنیادی عقائد پر ایمان رکھتا ہے، اگرچہ ہماری بدبختی سے مسلمانوں میں بہت سے جاہل اور دین سے ناواقف ایسے لوگوں کا ہونا معلوم ہے جو اسلام کے بنیادی عقائد اور ایمانیات سے بے خبر ہیں، اسی طرح یہ بھی معلوم ہے کہ مسلمانوں میں بعض ایسے پڑھے لکھے گمراہ بھی ہیں جو مغربی تعلیم اور فلسفہ کے اثر سے آخرت اور جنت و دوزخ اور ملائکہ جیسی ایمانی حقیقتوں پر یقین نہیں رکھتے، لیکن جب تک کسی شخصیت کے بارے میں تحقیق کے ساتھ ایسی بات معلوم نہ ہو اس کو مسلمان ہی کہا

اور سمجھا جائے گا۔

اس مسلمہ اصول کی بنا پر یہی سمجھا جاتا ہے اور سمجھا جائے گا کہ جو شخص شیعہ اثنا عشری فرقہ سے وابستہ ہے، اس کے عقائد وہی ہیں جو اس فرقہ کی مستند کتابوں میں بیان کئے گئے ہیں اور انہیں عقائد کی بنا پر اس کے بارے میں وہ شرعی فیصلہ کیا جائیگا جو راقم سطور کے استفتاء کے جواب میں حضرات علماء کرام و اصحاب فتویٰ نے کیا ہے۔ اگر بالفرض ان میں سے کسی فرد کے عقیدے وہ نہیں ہیں تو ظاہر ہے کہ اس کے حق میں وہ فیصلہ نہیں ہوگا ــــ لیکن اثنا عشری مذہب میں تقیہ چونکہ نہ صرف جائز بلکہ واجب اور ائمہ معصومین کی سنت و عبادت ہے (جیسا کہ خاص نمبر کے مقدمہ اور اس سے زیادہ تفصیل سے راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب" میں لکھا جا چکا ہے) اس لیے اگر کوئی اثنا عشری شیعہ ان عقائد سے انکار کرے جو موجب کفر ہیں تو اس انکار کے بارے میں شک و شبہ رہے گا۔ اور نکاح اور ذبیحہ جیسے معاملات میں احتیاط کے پہلو پر عمل کرتے ہوئے پرہیز کیا جائے گا۔ ہاں اگر ایسے کسی شخص کے بارے میں کسی ذریعہ سے یقین ہو جائے کہ یہ اثنا عشریہ کے موجب کفر عقائد سے بری ہے تو ظاہر ہے کہ اسکے بارے میں وہ فیصلہ نہیں کیا جائے گا، اور آخرت میں اللہ تعالیٰ جو علیم و خبیر ہے، اس کے ساتھ اپنے علم محیط کے مطابق معاملہ فرمائے گا۔

اس مرحلہ پر اپنے ناظرین کو یہ بتلا دینا بھی یہ عاجز مناسب سمجھتا ہے کہ استفتاء میں شیعہ اثنا عشریہ کے جن تین عقیدوں کو پیش کیا گیا ہے جو ہمارے نزدیک قطعی طور پر موجب کفر ہیں، ان میں سے پہلا عقیدہ یعنی شیخین کا ایمان سے محروم اور منافق ہونے کی بنیاد پر (یا کم از کم ظالم و غاصب اور فاسق ہونے کی وجہ سے) مخلد فی النار ہونا ایسا عقیدہ ہے جس پر ہمارے زمانے کے بھی شیعہ علماء اور مجتہدین کا اتفاق ہے ان میں سے کسی کا انکار ہمارے علم میں نہیں۔

اسی طرح تیسرے عقیدے امامت پر (جو بلاشبہ عقیدۂ ختم نبوت کی نفی کرتا ہے جیسا کہ

لہ بعض اثنا عشری علماء نے شیخین کے بارے میں اپنا عقیدہ یہ بھی لکھا ہے کہ وہ ظالم غاصب اور فاسق تھے لیکن ساتھ ہی انھوں نے تصریح کی ہے کہ ان کے نزدیک فاسق بھی کافروں کی طرح مخلد فی النار یعنی نجات اور جنت سے محروم ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے ــــــــ

استفتا میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے، سب کا اتفاق ہے۔ ہاں عقیدۂ تحریفِ قرآن سے ہمارے اس زمانہ کے اکثر شیعہ علما انکار کرتے ہیں، لیکن چونکہ یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ قرآن کو مرتب اور جمع کرنے والے حضرات خلفائے ثلاثہ کے بارے میں ان کا جو عقیدہ ہے اس کے ہوتے ہوئے قرآن مجید پر ایمان، بلکہ کسی درجہ کا اعتماد و اعتبار ہونا بھی از روئے عقل ممکن نہیں ہے اس لیے ہم مجبور ہیں کہ اس انکار کو تقیہ پر محمول کریں، جیسا کہ ان کے ایک عظیم محدث و مجتہد و متکلم نعمت اللہ الجزائری نے تحریف سے انکار کرنے والے اپنے علمائے متقدمین شیخ صدوق و شریف مرتضیٰ و طبرسی و عیزہ کے بارے میں صراحت سے لکھا ہے۔ ان کی کتاب "الانوار النعمانیہ" کی عبارت استفتا میں درج کی جا چکی ہے ——— واللہ اعلم باحوال عبادہ وھو علیم بذات اللہ

ایک تنقیح۔ "شیعہ" اور "اثنا عشریہ"

شیعوں کے بہت سے فرقے تھے، ان کی تعداد قریباً ستر تک ذکر کی گئی ہے۔ ان میں سے اب بھی بہت سے ہیں۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں افراط و غلو، اور حضرات خلفائے ثلاثہ سے بغض و عداوت اور لعن طعن ان سب فرقوں میں قدرِ مشترک ہے۔ ان میں بعض وہ بھی تھے جن کا عقیدہ تھا کہ حضرت علیؓ ہی انسانی شکل میں خدا ہیں، اور وہ بھی تھے جن کا عقیدہ تھا کہ دراصل اللہ تعالیٰ نے علی بن ابی طالب کو نبی بنانا چاہا تھا اور جبرئیل کو وحی لیکر انہی کے پاس بھیجا تھا لیکن وہ غلطی سے محمد بن عبد اللہ کے پاس پہنچ گئے ——

ہمارے بعض نقبا اور اصحاب فتاویٰ نے شیعوں کے ان عقیدوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ ایسے عقیدے رکھنے والے فرقے ہمارے علم میں اب دنیا میں کہیں نہیں ہیں ——

اب شیعہ عام طور سے اثنا عشریہ ہی کو کہا جاتا ہے، جن کا دوسرا معروف نام "امامیہ" بھی ہے۔ ان کے عقائد و نظریات راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ ہمارے استفتا اور فتاویٰ کا تعلق خاص اسی فرقہ سے ہے۔ شیعوں کے دوسرے فرقے اب اپنے مستقل ناموں سے معروف ہو گئے ہیں۔ مثلاً "اسماعیلیہ" "نصیریہ" "زیدیہ" وغیرہ۔

استفتاء میں پیش کردہ شیعی عقائد

(کے)

متعلق کچھ اہم اضافے

اب سے کئی سال پہلے جب اس عاجز نے شیعہ اثنا عشریہ کی کتابوں کا مطالعہ کیا یہ بات واضح طور پر سامنے آئی کہ ان کے اکثر عقائد و نظریات کتاب و سنت اور امت کے جمہور سلف صالح سے مختلف بلکہ متصادم ہیں اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین اسلام کے متوازی یہ گویا ایک دوسرا دین ہے ان کے عقائد میں بہت سے وہ ہیں جن کی بنا پر ہمارے متقدمین و متاخرین علماء و فقہاء نے ان کی تکفیر کی ہے۔

لیکن اس عاجز نے حضرات علماء شریعت کی خدمت میں جو استفتاء پیش کیا اس میں ان کے ائمہ معصومین کی روایات اور ان شیعہ اکابر علماء و مصنفین کے بیانات کے حوالوں سے جو شیعہ مذہب میں سند کا درجہ رکھتے ہیں، ان کے صرف تین ایسے عقیدے درج کیے تھے جو قطعی اور یقینی طور پر موجب کفر ہیں اور جن میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں ——— وہ تین عقیدے یہ ہیں:

① شیخین حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما (معاذ اللہ) ایمان سے محروم منافق اور کافر تھے، بلکہ اس امت اور اگلی امتوں کے بھی خبیث ترین کافروں (مثلاً ابوجہل و ابولہب اور فرعون و نمرود وغیرہ) اور شیطان سے بھی بدتر درجہ کے کافر تھے، اور جہنم میں سب سے زیادہ عذاب انھیں پر ہے، اور

وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے، نیز یہ کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بھی (معاذ اللہ) ایمان سے محروم منافقہ اور کافرہ تھیں۔

(۲) موجودہ قرآن محرّف ہے، اس کو جمع و مرتب کرنے والے خلفاء ثلثہ نے اس میں طرح طرح کی تحریفیں کی ہیں۔

(۳) اثنا عشریہ کے بارہ اماموں کا مرتبہ تمام انبیاء سابقین حتیٰ کہ حضرات اولوالعزم انبیاء علیہم السلام سے بھی بالاتر ہے اور رسولوں پیغمبروں کی تمام شرائط اور صفات و خصوصیات (مثلاً اللہ تعالیٰ کی طرف سے تقرر اور نامزدگی، عصمت، انکی امامت پر ایمان کا شرط نجات ہونا اور ان کا مفترض الطاعۃ ہونا وغیرہ) ان کو حاصل ہیں، بلکہ وہ کمالات اور مرتبہ میں ان سے بدرجہا فائق ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا مطلب صرف یہ ہے کہ آپ کے بعد کسی شخصیت کے لیے نبی و رسول کا لفظ استعمال نہیں کیا جائے گا ــــ اور یہ عقیدہ بلاشبہ ختم نبوت کی حقیقت کا انکار ہے۔[1]

جس استفتاء کا اوپر کی سطروں میں ذکر کیا گیا وہ الفرقان کے خاص نمبر کی شکل میں گذشتہ دسمبر میں ہند و پاکستان کے اکابر علماء و اصحاب فتویٰ اور مستند دینی مراکز کے جوابات و فتاوی کے ساتھ شائع ہو چکا ہے۔ یہ استفتاء اب سے قریباً تین سال پہلے مرتب کیا گیا تھا اس کے بعد بھی اثنا عشریہ کی کتابوں کا مطالعہ جاری رہا، اس مطالعہ کے دوران بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سے غفلت نہیں ہوئی کہ کسی فرد یا فرقہ کی تکفیر کا مسئلہ انتہائی سنگین اور خطرناک ہے، اس لیے اس بارے میں انتہائی احتیاط سے کام لیا جائے اس میں بے احتیاطی خود اپنے ایمان کو خطرے میں ڈالنا ہے ــــ لیکن واقعہ یہ ہے کہ بعد کے مطالعہ نے اس یقین و اذعان میں اضافہ ہی کیا کہ یہ تینوں عقیدے بلاشک و شبہ اثنا عشریہ کے عقائد ہیں اور قطعی طور پر موجب کفر ہیں اور ان میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں

---

[1] ان تینوں عقیدوں سے متعلق شیعوں کے ائمہ معصومین کی روایات اور ان کے متقدمین و متاخرین علماء و مجتہدین اور مصنفین کی تصریحات استفتاء میں پورے حوالوں کیساتھ پیش کی جا چکی ہیں۔

اس پورے مطالعہ کا حاصل پیش کرنے کیلئے ایک مستقل کتاب درکار ہوگی، جس کی فی الحال نہ ضرورت ہے نہ گنجائش۔ تاہم اس میں سے اس وقت صرف وہ پیش کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے جو اسی صدی کے مستند شیعہ علماء و مجتہدین کا لکھا ہوا ہے، تاکہ اُس خیال کی تردید ہو جائے جو بعض لوگوں کی طرف سے نہایت غیر ذمہ دارانہ طریقہ پر بلکہ سرگوشیوں کے سے انداز میں پھیلایا جا رہا ہے یعنی یہ کہ "یہ عقائد اگلے زمانہ کے شیعوں کے تھے ہمارے زمانہ کے اثنا عشریوں کے یہ عقیدے نہیں ہیں"

اس وقت اس سلسلہ میں اسی صدی کے لکھے ہوئے دو مشہور و معروف شیعہ علماء کے ترجمۂ قرآن کے اقتباسات خصوصیت کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں، ایک مولوی مقبول احمد دہلوی اور دوسرے مولوی فرمان علی (متوطن چندن پٹی۔ یوپی) یہ دونوں ترجمے اسی صدی ہی میں لکھے گئے ہیں اور اس وقت کے شیعوں کے قبلہ و کعبہ اکابر علماء و مجتہدین نے ان دونوں ترجموں پر شاندار تقاریظ لکھی ہیں اور مترجموں کو بھرپور خراج تحسین ادا کیا ہے۔

ہمارے نزدیک مولوی مقبول احمد صاحب کا یہ طرز عمل قابل قدر ہے کہ انھوں نے اثنا عشریہ کی حدیث و تفسیر کی مستند و معتبر کتابوں سے اپنے ائمہ کی وہ روایات اپنے حواشی میں کسی لاگ لپیٹ کے بغیر نقل کر دی ہیں جن میں حضرات خلفاء ثلثہ اور ان کو خلیفہ برحق ماننے والے تمام صحابہ کرام کو منافق و مرتد کہا گیا ہے، اسی طرح وہ روایتیں بھی صفائی کیساتھ نقل کر دی ہیں جن میں قرآنی آیات میں تحریفات کا ذکر کیا گیا ہے اور جن سے موجودہ قرآن کا محرف اور ناقابل اعتبار ہونا ثابت ہوتا ہے۔

ہم نے صفحات میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے مولوی مقبول احمد صاحب کی اس سلسلہ کی صرف بیس کے قریب عبارتیں پیش کی ہیں، یہ "مشتے نمونہ از خروارے" ہے اگر کوئی چاہے تو مولوی مقبول احمد صاحب کے حواشی اور انکے ضمیمہ سے (جو چھ سو سے زیادہ صفحات کی ضخیم کتاب کی شکل میں شائع ہو چکا ہے) ایک مستقل کتاب کئی سو صفحات کی لکھ سکتا ہے ـــــ واقعہ یہ ہے کہ مولوی مقبول احمد صاحب کے حواشی اور یہ ضمیمہ شیعہ مذہب اور اسکی روح کو سمجھنے کے لیے بالکل کافی ہیں۔

مولوی فرمان علی صاحب نے بہت کچھ پردہ داری سے کام لیا ہے، تاہم قرآن مجید کے محرف ہونے کے بارے میں خود ان کا اور شیعہ اثنا عشریہ کا جو عقیدہ ہے اس کو کسی حد تک صفائی سے لکھ دیا ہے، جیسا کہ ناظرین کرام ملاحظہ فرمائیں گے۔

ترجمہ مولوی مقبول احمد دہلوی

حضرات شیخین (معاذ اللہ) مومن نہیں منافق تھے

سورہ بقرہ کی آیت ۸ "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ" کا ترجمہ لکھا ہے:

اور آدمیوں میں سے (ایسے بھی ہیں) جو کہتے ہیں کہ ہم خدا اور قیامت کے دن پر ایمان لائے ہیں حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں۔

پھر اس پر حاشیہ لکھا ہے:

تفسیر امام عسکری میں جو کچھ وارد ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ غدیر کے دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے جب صحابہ کو امیر المومنینؑ سے بیعت کرنے اور ان پر بلفظ امیر المومنین سلام کرنے کا حکم دیا تو ابوبکر و عمر مہاجرین و انصار میں سے نو شخصوں کے پاس گئے اور ان سے اس بارہ میں بحث و بزر کی کہ جس وقت رسول اللہ کا انتقال ہو جائے تو علیؑ مرتضیٰ سے امر خلافت چھین لینے کی کوشش کریں اور جس چال سے ممکن ہو انھیں خلیفہ نہ ہونے دیں..... چونکہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ ان کے دلوں میں عداوت ہے اور حق کو اس کے حق سے الگ کرنا چاہتے ہیں پس اس آیت کے ذریعہ اپنے رسول کو ان کی حالت سے خبر دیدی ۱۲

مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دیدی کہ یہ ابوبکر و عمر ایمان سے محروم یعنی منافق ہیں۔ اور آپ کے قائم فرمائے نظام کو ناکام کرنے کے لیے خفیہ سازش کر رہے ہیں جو بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف بغاوت اور شدید ترین کفر ہے۔ والعیاذ باللہ

سورۂ نساء کی آیت ۱۳۷ "إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا

ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا کے حاشیہ میں لکھا ہے:

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ آیت فلاں و فلاں[1] و فلاں[2] کے بارے میں نازل ہوئی ہے، ابتداء اسلام میں جب وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ پر ایمان لائے اس کو تو خدا نے فرمایا "اٰمَنُوْا" پھر جب ولایت انھیں جتلائی گئی اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے ان سے فرمایا "مَنْ کُنْتُ مولاہ فھذا علی مولاہ" تو اس وقت ان کے دلوں نے انکار کیا، اسے خدا نے فرمایا "ثُمَّ کَفَرُوْا" پھر جب آنحضرتؐ نے فرمایا کہ "علی کو میرا جانشین اور امیر المومنین تسلیم کرنے کی بیعت کرو" تو انھوں نے اس حکم کی تعمیل اور بیعت کی، اسے خدا فرماتا ہے، "ثُمَّ اٰمَنُوْا" پھر جب رسول خدا کا انتقال ہوا تو وہ اس بیعت پر قائم نہ رہے اسے خدا فرماتا ہے "ثُمَّ کَفَرُوْا" بلکہ ان لوگوں نے جو بحکم رسول خدا جناب امیر المومنین کی بیعت کر چکے تھے خود اپنے لیے بیعت لی اسے خدا فرماتا ہے "ثُمَّ ازْدَادُوْا کُفْرًا" جس کا مطلب یہ ہے کہ ایمان کا کوئی جز تو کہاں باقی رہتا کفر بھی معمول سے کہیں زیادہ بڑھ گیا ص ۱۵۸

روایت کا حاصل یہ ہے کہ خلفاء ثلثہ و حضرت ابوبکر، حضرت عمر و حضرت عثمان (رضی اللہ عنہم) معاذ اللہ صرف کافر ہی نہیں بلکہ اس درجہ کے کافر تھے کہ ان کے دلوں میں ذرہ برابر ایمان بھی نہیں تھا۔

سورۂ الحاقہ کی آیت ۴۴ "وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ الآیۃ" پر حاشیہ لکھا ہے:

تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جب جناب رسولؐ خدا نے علی مرتضیٰؑ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر (مقام خم غدیر میں) ان کی ولایت کا اظہار کیا ہے تو اس وقت ان دونوں صاحبوں نے ایک زبان ہو کر کہا کہ واللہ یہ خدا کی طرف سے نہیں ہے اور یہ کوئی چیز بھی نہیں ہے سوائے اس

---

[1] شیعوں کے ائمہ کی روایات اور ان کے علماء کی کتابوں کا مطالعہ کرنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ فلاں و فلاں و فلاں سے مراد حضرات خلفاء ثلثہ ہوتے ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ آیت انھیں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (الفرقان)

کے کہ رسولؐ یہ چاہتے ہیں کہ اپنے چچیرے بھائی کو اسکے ذریعے سے بزرگ بنادیں اس پر خدا تعالیٰ نے "وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا" سے لیکر آخر سورۃ تک یہ سب آیتیں نازل کیں، ازاں جملہ یہ جو فرمایا۔ "اِنَّ مِنْكُمْ مُكَذِّبِيْنَ" اس سے مراد فلاںؓ اور فلاںؓ ہیں اور یہ جو فرمایا "وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ" اس میں اسم ضمیر سے مراد علی مرتضیٰؑ ہیں۔ ص۴۰

مطلب یہ ہوا کہ قرآن پاک کی آیت "اِنَّ مِنْكُمْ مُكَذِّبِيْنَ" میں اللہ تعالیٰ نے (معاذ اللہ) شیخین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والا اور آپؐ کو جھوٹا قرار دینے والا فرمایا ہے۔ (استغفر اللہ ثم استغفر اللہ)

سورۂ محمدؐ کی آیت ۲۵ "اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ" کا ترجمہ لکھا ہے:

"یہ تحقیق جو لوگ بعد اس کے کہ ان کے لیے ہدایت ظاہر ہو چکی تھی اپنے پچھلے پاؤں پلٹ گئے، شیطان نے ان کو فریب دیا اور ان کو امیدیں دلائیں"

پھر اس پر حاشیہ لکھا ہے:

کافی میں امام جعفر صادقؑ سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ فلاں اور فلاں (مراد شیخین) جناب امیر المومنین کی ولایت ترک کرنے میں ایمان سے پھر گئے، پھر فرمایا، واللہ یہ آیت ان دونوں کے بارے میں اور ان کے پیروؤں کے بارے میں نازل ہوئی۔

آگے اسی آیت کے لفظ "اَلشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

نیز جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ یہاں اَلشَّيْطٰنُ سے مراد حضرت ثانی ہیں۔ ص۸۱۲

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں خاص طور سے شیخین حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ اور ان تمام صحابہ کرام اور ان تمام مسلمانوں کو جنھوں نے ان کو خلیفہ رسول مانا اور ان کی پیروی کی مرتد قرار دیا گیا ہے۔ نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ثانی یعنی حضرت عمرؓ کو شیطان کہا ہے۔ (استغفر اللہ العلی العظیم)

معلوم ہو کہ شیعہ علماء و مصنفین خاص طور سے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کو سب سے بڑا مجرم اور کافر اعظم قرار دیتے ہیں، ان کو جا بجا اپنی کتابوں میں "فرعون ھذہ الامۃ" (اس امت کا فرعون) لکھتے ہیں، خلافت غصب کرنے کا اصل مجرم بھی انھیں کو کہتے ہیں۔

شیعوں کے معروف محدث اور فقیہہ و متکلم نعمت اللہ الجزائری نے اپنی کتاب "الانوار النعمانیہ" میں لکھا ہے:

إِنَّهُ قَدْ وَرَدَتْ فِي رِوَايَاتِ الْخَاصَّةِ أَنَّ الشَّيْطَانَ يُغَلُّ بِسَبْعِينَ غِلًّا مِنْ حَدِيدِ جَهَنَّمَ وَيُسَاقُ إِلَى الْمَحْشَرِ فَيَنْظُرُ وَيَرَى رَجُلًا أَمَامَهُ تَقُودُهُ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ وَفِي عُنُقِهِ مِائَةٌ وَعِشْرُونَ غِلًّا مِنْ غِلَالِ جَهَنَّمَ فَيَذْهَبُ الشَّيْطَانُ إِلَيْهِ وَيَقُولُ مَا فَعَلَ الشَّقِيُّ حَتَّى تَرَاهُ عَلَى الْعِقَابِ وَأَنَا أَغْوَيْتُ الْخَلْقَ وَأَوْرَدْتُهُمْ مَوَارِدَ الْعَلَالِ فَيَقُولُ عُمَرُ لِلشَّيْطَانِ مَا فَعَلْتُ شَيْئًا سِوَى أَنِّي غَصَبْتُ خِلَافَةَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ،

(الانوار النعمانیہ جلد اول ص۸۱ و ص۸۲)

خلاصہ (یعنی ہم شیعوں) کی روایات میں وارد ہوا ہے کہ شیطان کے گلے میں جہنم کے لوہے کے ستر طوق ہونگے اور وہ اسی حال میں محشر کی طرف ہانک کر لیجایا جائیگا، وہ دیکھیگا کہ اس کے آگے ایک آدمی ہے جسکو عذاب کے ملائکہ گھسیٹ کر لے جا رہے ہیں اور اسکی گردن میں جہنم کے ایک سو بیس طوق ہیں (معاذ اللہ وہ حضرت عمر ہونگے) تو شیطان اس شخص کے قریب جاکر پوچھے گا کہ تجھ بدبخت نے کیا جرم کیا تھا کہ تجھکو عذاب مجھ سے زیادہ دیا جا رہا ہے؟ میں نے تو ساری مخلوق کو گمراہ کیا اور ہلاکت و بربادی کے گھاٹ اتار دیا تھا۔ تو عمر کہیگا، میں نے تو اس کے سوا کچھ نہیں کیا کہ علی بن ابی طالب کی خلافت کو غصب کیا تھا اور ابوبکر کو خلیفہ بنا دیا تھا)

آگے مصنف نعمت اللہ الجزائری نے لکھا ہے کہ اس دنیا میں جو کفر و نفاق پیدا ہوا اور ظالموں کا جو تسلط اور غلبہ ہوا وہ سب عمر کی اسی مجرمانہ حرکت کا نتیجہ تھا اسی لیے اس کو آخرت میں شیطان سے زیادہ تقریباً دوگنا عذاب دیا جائے گا۔ (العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ)

تحریف قرآن کا عقیدہ: مولوی مقبول احمد دہلوی نے سورۂ نساء کی آیت ۶۴ "وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ الآیۃ" پر حاشیہ لکھا ہے:

تفسیر قمی میں ہے کہ اصل تنزیل میں جَآءُوْكَ کے بعد یَا عَلِیُّ تھا، ص ۱۴۰

مطلب یہ ہے کہ آیت میں تحریف کی گئی جَآءُوْكَ کے مخاطب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں حضرت علی تھے آیت میں سے ان کا نام نکال دیا گیا۔

پھر اسی سلسلہ کی آیت ۶۶ "وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ الآیۃ" پر حاشیہ لکھا ہے کہ:

"کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اصل تنزیل یوں تھی"

مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ فِیْ عَلِیٍّ "یعنی علی کے بارے میں جو نصیحت کی گئی، ص ۱۴۰

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے بھی فِیْ عَلِیٍّ کا لفظ نکال دیا گیا اور تحریف کر دی گئی۔

سورۂ نساء کی آیت ۱۷۰ "یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ الآیۃ" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

"کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ آیت اس طرح منقول ہے قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فِیْ وَلَایَةِ عَلِیٍّ فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّكُمْ وَاِنْ تَكْفُرُوْا بِوَلَایَةِ عَلِیٍّ فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ، ص ۱۶۵

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے فی ولایۃ علی اور بولایۃ علی کے الفاظ نکال دیے گئے اور اس طرح اس آیت میں دو تحریفیں کی گئیں۔

سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۸۹ "فَاَبٰٓی اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ جبرئیلؑ امین نے یہ آیت یوں پہنچائی تھی فَاَبٰٓی اَكْثَرُ النَّاسِ بِوَلَایَةِ عَلِیٍّ اِلَّا كُفُوْرًا (پھر بھی بہت سے لوگ ولایت جناب امیر المومنین کا انکار کیے بغیر نہ رہے) ص ۲۴۷

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں فابی اکثر الناس کے بعد اور الا کفورا سے پہلے بولایۃ علی تھا قرآن کو مرتب و جمع کرنے والے خلفاء ثلثہ نے یہاں سے بھی بولایۃ علی کا لفظ نکال دیا اور تحریف کر دی۔

سورۂ کہف کی آیت ۲۹ "وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ الآیۃ" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

کافی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جبرئیلؑ امین اس آیت کو یوں لائے تھے ،، وَنُزِّلَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّکَ فِیْ وَلَایَۃِ عَلِیٍّ۔

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے بھی فی ولایۃ علی کے الفاظ نکال دیئے گئے اور تحریف کردی گئی۔

سورۂ طٰہٰ کی آیت ۱۱۵ وَلَقَدْ عَہِدْنَا اِلٰی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ الایۃ پر حاشیہ لکھا ہے کہ:

کافی میں جناب امام جعفر صادق سے خدا تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں منقول ہے کہ واللہ جناب رسول خدا پر یہ آیت اس طرح نازل ہوئی ،، وَلَقَدْ عَہِدْنَا اِلٰی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ کَلِمَاتٍ فِیْ مُحَمَّدٍ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَالْاَئِمَّۃِ مِنْ ذُرِّیَّتِہِمْ فَنَسِیَ۔ ص ۵۰۹

مطلب ظاہر ہے کہ شیعوں کے چھٹے امام معصوم جعفر صادق نے قسم کھا کر فرمایا کہ اس آیت میں لفظ مِنْ قَبْلُ کے بعد پوری عبارت یہ تھی کَلِمَاتٍ فی محمد وعلی وفاطمۃ والحسن والحسین والائمۃ من ذریتہم ،، جو موجودہ قرآن میں نہیں ہے، یعنی قرآن کو جمع اور مرتب کرنے والے خلفاء ثلثہ نے اس پوری عبارت کو قرآن سے نکال دیا۔

سورۂ احزاب کی آخری آیت کے آخری کلمات ،، وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ،، کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

،، ثواب الاعمال ،، میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ سورۂ احزاب سورہ بقرہ سے بھی زیادہ طویل تھی، مگر چونکہ اس میں عرب کے مردوں اور عورتوں کی عموماً اور قریش کی خصوصاً بداعمالیاں ظاہر کی گئی تھیں اس لیے اسے کم کردیا گیا اور اس میں تحریف کردی گئی ہے ،، ص ۶۸۲

قرآن مجید کھول کر ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ سورہ بقرہ میں دو سو چھیاسی ۲۸۶ آیتیں ہیں اور موجودہ سورہ احزاب میں صرف تہتر ۷۳ یعنی سورۂ بقرہ کے مقابلہ میں قریباً ایک چوتھائی تو حاصل یہ ہوا کہ موجودہ سورۂ احزاب کے مقابلہ میں اصلی سورۂ احزاب تقریباً چار گنا تھی قرآن مجید جمع کرنے والے حضرات خلفاء ثلثہ نے ۲/۳ کے قریب اس میں سے نکال دیا اور وہ تقریباً چوتھائی رہ گئی، حاشیہ لکھنے والے مولوی مقبول احمد صاحب دہلوی نے اس کو خود تحریف لکھا ہے۔

یہ تو صرف ایک سورۂ احزاب میں تحریف کا حال ہے اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ شیعہ صاحبان کے نزدیک موجودہ قرآن مجید اصل نازل ہونے والے قرآن مجید کے کے مقابلہ میں کتنا ناقص رہ گیا ہے۔ استفتاء میں اصول کافی کے حوالہ سے انھیں امام جعفر صادق کا ارشاد نقل کیا جا چکا ہے کہ جو قرآن جبرئیلؑ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچایا تھا اس میں سترہ ہزار آیتیں تھیں (جبکہ موجودہ قرآن میں کل آیتیں چھ ہزار سے کچھ ہی اوپر ہیں، ساڑھے چھ ہزار بھی نہیں ہیں)

سورۂ محمد کی آیت ۲ کے کلمات "وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ" پر حاشیہ لکھا ہے کہ:

"تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اصل تنزیل یوں ہوئی تھی "وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ عَلِیٍّ" (یعنی اور جو کچھ محمد مصطفٰے پر حضرت علی کے بارے میں نازل کیا گیا اس پر ایمان لائے)" ص ۸۸۸

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں سے بھی قرآن جمع کرنے والوں نے فی علی کا لفظ نکال دیا اور تحریف کر دی۔

سورہ واقعہ کی آیت ۲۹ "وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ" پر حاشیہ لکھا ہے کہ:

تفسیر مجمع البیان میں عامۃ الناس کی روایت ہے کہ کسی شخص نے جناب امیر المومنین کے سامنے وَطَلْحٍ منضود پڑھا تو حضرت نے فرمایا کہ طلح کا کیا موقعہ ہے، اصل تو یہاں طلع ہے جیسے خدائے تعالیٰ فرماتا ہے "وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ"، کسی نے عرض کی پھر حضور اسے بدل کیوں نہیں دیتے؟ فرمایا آج اس کا موقع نہیں ہے کہ قرآن مجید میں اصلاح کر کے عوام الناس کو ہیجان میں لایا جائے (ائمہ علیہم السلام میں یہ حق مخصوص جناب صاحب الامر علیہ السلام کا ہے کہ قرآن مجید کو اسی طور پر پڑھوائیں گے جس پر وہ زمانہ جناب رسول خدا میں پڑھا جاتا تھا) تفسیر صافی میں ہے کہ ہمارے بہت سے علماء نے یعقوب سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب امام جعفر صادق کے سامنے "وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ" پڑھا تو حضرت نے فرمایا کہ اصل تو یوں نہیں ہے اصل تو "وطلع منضود" تھا۔ ص ۸۵۴

ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ موجودہ قرآن کا لفظ "طلح منضود" غلط ہے اصل تنزیل میں "طلع منضود" تھا، واضح رہے کہ یہ صرف ح اور ع کا فرق نہیں ہے بلکہ دونوں کے معنی میں بھی فرق ہے، اس روایت کے مطابق امیر المومنین حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ

نے موجودہ قرآن کے طبع منضود" کو غلط بتلایا، لیکن صرف عوام کے ہیجان اور ناراضی کے خوف سے اس غلطی کی اصلاح و تصحیح سے گریز فرمایا۔ کیا اس میں کوئی شک شبہ کی گنجائش ہے کہ یہ سیدنا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر افترا اور بہتان ہے ـــــ واقعہ یہ ہے کہ شیعوں کی حدیث کی کتابوں میں حضرت علی مرتضیٰ اور دیگر ائمہ معصومین سے اس طرح کی جو روایتیں نقل کی گئی ہیں وہ مذہب شیعہ کے مصنفین کی گھڑی ہوئی ہیں۔ ان کا اصل مقصد قرآن پاک کو ناقابل اعتماد کر دینا ہے، جو دین اسلام کی اصل بنیاد ہے۔

سورہ یوسف (۱۲) آیت ۴۹، ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ کا ترجمہ کیا ہے کہ:

"پھر اس کے بعد ایک ایسا برس آئیگا جس میں لوگ سیراب ہو جائینگے اور جس میں وہ نچوڑینگے"

پھر اس پر حاشیہ لکھا ہے کہ

تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کے سامنے ایک شخص نے یہ آیت یوں تلاوت کی "ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ" یعنی یعصرون کو معروف پڑھا جیسا کہ آپ موجودہ قرآن شریف میں دیکھتے ہیں، حضرت نے فرمایا۔ وائے ہو تجھ پر وہ کیا نچوڑیں گے؟ آیا خمر نچوڑیں گے؟ اس شخص نے عرض کی یا امیر المومنینؑ، پھر میں اسے کیونکر پڑھوں؟ فرمایا: خدا نے تو یوں نازل فرمایا ہے "ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يُعْصَرُونَ" یعنی یُعْصَرُونَ کو مجہول بتلایا، جسکے معنی میں یہ فرمایا کہ ان کو یا دلوں سے پانی بکثرت دیا جائے گا، اور دلیل اس امر پر خدا کا یہ قول لائے "وَأَنزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا" (اور ہم نے بدلیوں سے موسلا دھار پانی اتارا)

آگے مترجم اور محشی مقبول احمد دہلوی قول مترجم کا عنوان قائم کر کے لکھتا ہے کہ:

معلوم ہوتا ہے کہ جب قرآن میں اعراب لگائے گئے ہیں تو شراب خور خلفاء کی خاطر یُعْصَرُونَ کو یَعْصِرُونَ سے بدل کر معنی کو زیر و زبر کیا گیا ہے، یا مجہول کو معروف سے بدل کر لوگوں کے لیے ان کے کرتوت کی معرفت آسان کر دی۔ ہم اپنے امام کے حکم سے مجبور ہیں کہ جو تغیر یہ لوگ کر دیں تم اس کو اسی کے حال پر رہنے دو اور تغیر کرنے والے

کا عذاب کم نہ کرو، ہاں جہاں تک ممکن ہو لوگوں کو اصل حال سے مطلع کر دو۔ قرآن مجید کو اس کی اصلی حالت پر لانا جناب صاحب العصر علیہ السلام کا حق ہے اور ان ہی کے وقت میں وہ حسب تنزیل خدائے تعالیٰ پڑھا جائے گا۔ ص ۳۸۴

تفسیر قمی کے حوالہ سے جو روایت مولوی مقبول احمد دہلوی نے اس حاشیہ میں نقل کی ہے اور اپنی طرف سے اس پر جو اضافہ یا تبصرہ فرمایا ہے وہ اس کی مرجح دلیل ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کا عقیدہ یہی ہے کہ قرآن مجید میں تحریف کی گئی ہے اور یہ بھی کہ شیعوں کو اسی تحریف شدہ قرآن کو پڑھنا چاہیئے، یہی ان کو ان کے امام کا حکم ہے، جب کبھی ان کے آخر الزماں امام و امام غائب اظاہر ہونگے اس وقت وہ قرآن کو اس طرح پڑھیں گے اور پڑھوائیں گے، جس طرح وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا تھا اور آپ کے زمانے میں پڑھا جاتا تھا، ان کے ظاہر ہونے تک شیعوں کو ان کے امام کا حکم ہے کہ قرآن کے جن کلمات یا جن آیات کا غلط اور محرف ہونا ان کو معلوم ہے ان کو بھی وہ اسی طرح پڑھیں جس طرح موجودہ قرآن میں ہیں صحیح کر کے نہ پڑھیں (کیا اسکے بعد بھی کسی کے لیے شیعوں کے عقیدۂ تحریف کے بارے میں شک شبہ کی گنجائش ہے)۔

سورۂ الحاقہ کی آیت ۴۳ "تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" پر حاشیہ لکھا ہے کہ:

کافی میں جناب امام موسیٰ کاظم سے منقول ہے کہ خدائے تعالیٰ نے جو فرمایا۔ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ ولایت جناب امیر المومنین کا حکم عزت والے رسول یعنی جبرئیل امین نے خدا کی طرف سے پہونچایا، چونکہ لوگوں نے یہ کہہ دیا تھا کہ محمدؐ نے اپنے پروردگار کے خلاف جھوٹ بول دیا ہے اللہ نے ان کے بارے میں یہ حکم نہیں دیا ہے۔ پس خدا تعالیٰ نے ان کے بارے میں قرآن مجید نازل کیا اور فرمایا "اِنَّ وَلَايَةَ عَلِيٍّ تَنْزِيْلٌ مِنْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ، وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا مُحَمَّدٌ بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ" پھر اس پر عطف فرمایا اور ارشاد فرمایا۔ اِنَّ وَلَايَةَ عَلِيٍّ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ۔ وَاِنَّ عَلِيًّا لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ وَاِنَّ وَلَايَتَهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ

سورۂ الحاقہ کے آخر میں "تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" سے سورۃ کے خاتمہ تک دس آیتیں ہیں، مولوی مقبول احمد دہلوی نے کافی کے حوالہ سے یہ جو روایت نقل کی ہے اسکے مطابق "تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" سے پہلے اِنَّ وَلَايَةَ عَلِيٍّ تھا جو غائب

کر دیا گیا، اور اس کے بعد والی آیت میں "وتقول علینا" کے بعد محمد، تھا وہ بھی حذف کر دیا گیا۔ آگے آیت ۴۸ "وانہ لتذکرۃ للمتقین" اس طرح تھی۔ "ان ولایۃ علی لتذکر للمتقین" اس سے ولایۃ علی نکال دیا گیا پھر آیت ۵۰ در اصل اس طرح تھی۔ "وان علیا لحسرۃ علی الکفرین" اس میں سے حضرت علی کا اسم گرامی نکالا گیا، پھر اس سے آگے کی آیت ۵۱ اس طرح تھی۔ "وان ولایتہ لحق الیقین" اس میں سے ولایۃ نکال دیا گیا، اور سورۃ کی آخری آیت ۵۲ اس طرح تھی۔ "فسبح باسم محمد باسم ربک العظیم" اس میں سے یا محمد کا لفظ نکال دیا گیا۔ اس طرح اس سورۃ کی ان آخری آیتوں میں ایک دو نہیں چھ جگہ تحریف کی گئی، (استغفر اللہ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ)

سورۂ معارج کی پہلی آیت "سأل سائل بعذاب واقع" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

یہ آیت یوں نازل ہوئی تھی سأل سائل بعذاب واقع للکفرین بولایۃ علی

اور اسی طرح مصحف فاطمہ میں درج ہے، ص ۹۰۷

مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں للکفرین کے بعد بولایۃ علی کا لفظ تھا، قرآن کو جمع و مرتب کرنے والوں (حضرات خلفاء ثلثہ) نے یہاں سے بھی ولایۃ علی کا لفظ غائب کر دیا اور تحریف کر دی۔

یہاں یہ بات خاص طور سے قابل ذکر اور قابل لحاظ ہے کہ قرآن مجید کی تحریف سے متعلق مولوی مقبول احمد دہلوی کی ایک درجن جو عبارتیں ان صفحات میں نقل کی گئی ہیں ان سب میں انھوں نے اپنے ائمہ معصومین کی روایات پیش کی ہیں جن میں قرآنی آیات میں تحریف کی متعین طور سے نشاندہی کی گئی ہے، پھر انھوں نے ان روایات کی کوئی تاویل بھی نہیں کی ہے، بلکہ اپنے قارئین کو یہی بتلایا ہے کہ ان قرآنی آیات میں یہ تحریفیں کی گئی ہیں۔ اسکے بعد اس میں کسی کیلئے شک شبہ کی گنجائش نہیں رہتی یہی ان کا عقیدہ ہے اور یہی عقیدہ شیعوں کے قبلہ و کعبہ ان سب اکابر علماء و مجتہدین کا ہے جنھوں نے اس ترجمہ پر تقریظیں لکھی ہیں اور یہی انھوں نے اپنے عوام کو بتلانا چاہیے۔

انتباہ:۔ ہم کو اس میں ذرہ برابر شک شبہ نہیں ہے اور نہ کسی مسلمان کو شک

شبہ ہو سکتا ہے کہ شیعوں کی حدیث و تفسیر کی کتابوں میں قرآن مجید کی تحریف اور تیخین اور ان کے رفقاء صحابہ کرام کی تکفیر کی جو روایتیں سیدنا حضرت علی مرتضیٰؓ اور ان کی اولاد کے دیگر بزرگان دین حضرت محمد باقر حضرت جعفر صادق و موسیٰ کاظم وغیرہ سے نقل کی گئی ہیں یہ سب ان لوگوں کی گھڑی ہوئی ہیں جنھوں تیسری صدی میں شیعہ مذہب تصنیف کیا۔ ان بزرگان دین کا دامن ان خرافات و کفریات سے بالکل پاک ہے۔ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ ۝

مولوی مقبول احمد دہلوی نے شیعوں کی حدیث و تفسیر کی کتابوں کافی، تفسیر قمی، تفسیر عیاشی اور تفسیر عسکری وغیرہ سے خاص کر قرآنی آیات میں تحریف سے متعلق جو روایتیں اپنے حواشی میں نقل کی ہیں (جن میں سے ہم نے صفحات میں عدم گنجائش کی مجبوری سے صرف بارہ[۱۲] یہاں پیش کی ہیں، ورنہ اس سے کئی گنی پیش کی جا سکتی تھیں) ان سے یہ بات بھی معلوم ہو جاتی ہے کہ ان روایتوں کے گھڑنے والے بہت ہی کم علم تھے۔ انھوں نے جن کلمات کے بارے میں لکھا ہے کہ فلاں فلاں آیتوں میں یہ کلمات تھے جو غائب کر دیئے گئے۔ اگر ان کلمات کو ان آیات میں اسطرح لکھدیا جائے جس طرح ان روایتوں میں بتلایا گیا ہے تو عربی زبان کا ذوق رکھنے والے ہر شخص کو مخمل کی عبا میں ٹاٹ کے پیوند سے بھی زیادہ بدنما محسوس ہوگا۔ اور کیا عجب کی ان روایتوں کے گھڑنے کا مقصد قرآن مجید کو ناقابل اعتماد کر دینے کے علاوہ اس کی معجزانہ حیثیت کو مجروح کر دینا بھی رہا ہو۔

ترجمہ مولوی فرمان علی صاحب

عقیدہ تحریف قرآن

قرآن مجید کے آخری پارہ کی سورۃ الم نشرح کی آخری دو آیتیں یہ ہیں فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝ موجودہ قرآن مجید میں فَانْصَبْ کی صاد پر زبر ہے لیکن شیعوں کی روایات میں ہے کہ اصل میں صاد کے زیر کے ساتھ فَانْصِبْ تھا جس کا مطلب ہوتا ہے کہ تم مقرر کر دو، مولوی فرمان علی صاحب نے اپنے یہاں کی اس روایت کی بنیاد پر فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ کا ترجمہ یہ کیا ہے۔

تو جب تم فارغ ہو جاؤ تو مقرر کر دو۔

اور حاشیہ میں لکھا ہے:۔

خدا نے دوسرا احسان جتایا ہے کہ تم پر جو نبوت اور احکام خدا پہونچانے کا بوجھ بہت بڑا تھا، اسکو علی بن ابی طالب کی خلافت و وزارت سے ہلکا کر دیا اور چونکہ اس حکم خدا یعنی حضرت علی کی خلافت کے اظہار کو حضرت رسول بہت مشکل کام سمجھتے تھے اس بنا پر خدا نے جس طرح دوسرے مقام پر دوسرے الفاظ میں فہمائش کی ہے اسی طرح یہاں بھی یوں فرمایا کہ جب تم آخری حج سے فارغ ہو تو خلیفہ مقرر کر دو،،

پھر آگے اپنے بیان کیے ہوئے اس مطلب کی تائید میں لکھا ہے:

اسکی موید وہ روایت ہے جسکو صاحب کشاف نے جلد ۳ صفحہ ۳۸ میں ذکر کر کے بدعت فرمایا ہے صفحہ ۸۲۵ و صفحہ ۸۲۶

مولوی فرمان علی نے یہاں روایت کے لیے زمخشری کی تفسیر کشاف کا صرف حوالہ دیدیا ہے۔ کشاف کی عبارت یہ ہے:

ومن البدع ما روی عن بعض الرافضة انه قرأ فانصب بکسر الصاد أی فانصب علیا للامامة	اور بدعات میں سے ایک وہ بھی ہے جو بعض روافض سے روایت کیا گیا ہے کہ انھوں نے فانصَب کو صاد کے کسرہ کے ساتھ فانصِب پڑھا اور اسکا یہ مطلب بیان کیا کہ علی کو امامت کیلئے مقرر اور نامزد کر دو۔

یہاں ہم کو صرف یہ بتلانا ہے کہ مولوی فرمان علی کے نزدیک اس کلمہ فانصَب میں تحریف کی گئی ہے، اصل قرآن میں جو حضور پر نازل ہوا تھا، صاد کے زیر کیساتھ فانصِب تھا اور اس کا مطلب یہ تھا اے رسول! تم علی کو امام و خلیفہ مقرر کر دو، اس میں تحریف کر کے صاد کے زبر کے ساتھ فانصَب کر دیا گیا، جس سے مطلب بالکل بدل گیا۔ لیکن جیسا کہ مولوی مقبول احمد دہلوی کی نقل کی ہوئی روایات سے معلوم ہو چکا ہے شیعوں کو ان کے اماموں کا حکم ہے کہ وہ قرآن کو اسی طرح پڑھیں جس طرح اس تحریف کے بعد لکھا گیا ہے، اور یہ معلوم ہو جانے کے باوجود کہ یہ غلط اور تحریف شدہ ہے اس کو اسی طرح پڑھیں، مولوی فرمان علی صاحب نے جو قرآن اپنے ترجمہ اور حواشی کے ساتھ شائع کرایا

ہے (جو اس وقت راقم سطور کے سامنے ہے) اس میں بھی صاد کے زبر کے ساتھ فانصَبْ لکھا گیا ہے۔ جو ان کے نزدیک ایسی تحریف ہے جسکے نتیجہ میں آیت کا مفہوم بالکل بدل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے ذریعہ جو ایک اہم حکم دیا تھا وہ تحریف ہو کر ہمیشہ کیلئے نظروں سے غائب بلکہ معدوم اور نابود ہو گیا ہے۔

قرآن پاک سورۂ الحجر کی آیت ۹ ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نازل فرمائے ہوئے قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری کا اعلان فرمایا ہے۔ مولوی فرمان علی صاحب نے بھی اس کا ترجمہ یہ لکھا ہے:

بے شک ہم ہی نے قرآن نازل کیا اور ہم ہی تو اس کے نگہبان بھی ہیں۔

شیعوں کا عقیدۂ تحریف قرآن چونکہ اس آیت کریمہ کی گویا تکذیب ہے اس لیے شیعہ علماء و مصنفین طرح طرح سے اس کی تاویلیں کرتے ہیں تاکہ اس آیت کو قرآنی آیت مانتے ہوئے بھی ان کے لیے عقیدۂ تحریف قرآن کی گنجائش رہے، چنانچہ مولوی فرمان علی صاحب نے اس آیت پر حاشیہ لکھا ہے:

ذکر سے ایک تو قرآن مراد ہے، جسکو میں نے ترجمہ میں اختیار کیا ہے تب اس کی نگہبانی کا مطلب یہ ہے کہ ہم اسکو ضائع اور برباد نہ ہونے دیں گے پس اگر تمام دنیا میں ایک نسخہ بھی قرآن مجید کا اپنی اصلی حالت پر باقی ہو تب بھی یہ کہنا صحیح ہوگا کہ وہ محفوظ ہے، اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اس میں کسی قسم کا کوئی تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا کیوں کہ اس میں تو شک ہی نہیں کہ ترتیب بالکل بدل دی گئی ہے۔ ص ۲۶۱

مولوی فرمان علی صاحب نے اس حاشیہ میں قرآن کے ایک نسخہ کے محفوظ رہنے کی جو بات کہی ہے اس کو انھوں نے صراحت اور صفائی سے بیان نہیں کیا اور نہیں بتلایا کہ وہ کون سا نسخہ ہے اور کہاں محفوظ ہے ——— حقیقت یہ ہے کہ اپنے ائمہ معصومین کی روایات کے مطابق شیعہ صاحبان کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید مکمل اور اصلی صورت میں صرف علی مرتضیٰ نے جمع فرمایا تھا، اس کو انھوں نے اپنے ہی پاس محفوظ رکھا، اپنی خلافت کے زمانہ میں بھی ظاہر نہیں فرمایا، وہ نسخہ اسی طرح رازدارانہ طور پر ایک امام سے دوسرے امام کو منتقل ہوتا رہا اور اب وہ بارہویں امام (امام غائب) کے پاس ہے جو شیعی عقیدے کے مطابق اب سے قریباً ساڑھے گیارہ سو سال پہلے پیدا

ہوئے تھے اور لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہتے تھے کوئی ان کو دیکھ نہیں سکتا تھا پھر
وہ اپنے والد حسن عسکری کی وفات سے دس دن پہلے چار پانچ برس ہی کی عمر میں منصب
امامت سے متعلق سارا ساز و سامان حضرت علی مرتضیٰ سے لیکر گیارہویں امام اپنے والد
حسن عسکری تک کے سارے تبرکات و متروکات اور قرآن مجید کا وہ خاص نسخہ بھی ساتھ
لے کر اپنے شہر سُرّ من رائی کے ایک غار میں روپوش ہو گئے تھے، اور اب تک غائب
ہیں، اور قیامت سے پہلے کسی وقت وہ ضرور ظاہر ہوں گے۔ اس وقت وہ مکمل اصلی
قرآن کا وہ نسخہ بھی لائیں گے۔ الغرض مولوی فرمان علی صاحب کا مطلب یہ ہے کہ
جب وہ ایک نسخہ محفوظ ہے تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ "اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ"
پورا ہو رہا ہے اور موجودہ قرآن میں جو تحریفات اور تبدیلیاں ہوئی ہیں جن کی نشاندہی ان
کے ائمہ معصومین نے فرمائی ہے اُن کا اللہ تعالیٰ کے اِس وعدہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

ہم صرف یہ دعا ہی کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شیعہ حضرات (خواص و عوام) کو وہ
عقل و فہم عطا فرمائے جس سے وہ سمجھ سکیں کہ ان کی اس بات میں کتنی معقولیت ہے؟
اِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ۔

یہاں ہمارا مقصد مولوی فرمان علی صاحب کی تردید اور ان کی بات کو غلط ثابت کرنا
نہیں ہے اور نہ ہمارے نزدیک اس کی کوئی ضرورت ہے۔ کیوں کہ اللہ نے جس شخص کو کچھ
بھی عقل عطا فرمائی ہے وہ خود سمجھ سکتا ہے کہ یہ بات انتہائی مہمل اور کتنی غیر معقول ہے۔
ہمارا مطمحِ نظر اور مدعا اس وقت صرف یہ ہے کہ مولوی فرمان علی صاحب قرآن میں تحریف
اور تغیر و تبدل کے قائل ہیں اور اپنے اسی عقیدے کے تحفظ کے لیے انھوں نے وعدۂ
خداوندی "اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ" کی مندرجہ بالا جو تاویل کی ہے وہ انسانی عقل کے لیے قطعاً
ناقابل قبول ہے۔

مولوی فرمان علی صاحب نے اسی حاشیہ میں یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ:

"اس میں تو کوئی شک ہی نہیں کہ ترتیب بالکل بدل دی گئی ہے"

انھوں نے اپنے حواشی میں بعض آیتوں کے متعلق متعین طور پر بتلایا ہے کہ یہ آیت کسی
دوسری جگہ تھی موجودہ قرآن کو جمع و مرتب کرنے والوں نے کسی غرض سے اور جگہ داخل
کر دیا ــــ مثلاً سورۂ احزاب کی آیت ۳۳ "اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ

الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا" کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ:۔

یہ آیت (یعنی آیت تطہیر) اس مقام کی نہیں بلکہ خواہ مخواہ کسی غرض سے داخل کی گئی ہے۔

اسی طرح سورۂ ہود کی آیت ۷۳ "قالوا أتعجبين من أمر الله رحمة الله وبركاته عليكم أهل البيت إنه حميد مجيد" جس میں فرشتوں کی جانب سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ حضرت سارہ کو خطاب ہے اور ان کو اہل البیت کہا گیا ہے، پر مولوی فرمان علی نے مندرجہ ذیل حاشیہ لکھا ہے:۔

"اور اس مقام پر شبہ نہ ہو کہ حضرت ابراہیم کی بی بی کو خدا نے اہل بیت میں داخل کیا ہے کیونکہ اس سے قبل کی آیت میں جتنا خطاب حضرت سارہ کی طرف ہے واحد مؤنث حاضر کے صیغہ میں، اور اس آیت میں ضمیر کم جمع مذکر حاضر کی ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مخاطب کچھ اور لوگ ہیں، اور یہ آیت خواہ مخواہ یہاں داخل کر دی گئی ہے"۔

جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا گیا ہے اس وقت ہمارا مقصد صرف یہ دکھلانا ہے کہ مولوی فرمان علی بھی قرآن میں تغیر و تبدل اور تحریف کے قائل ہیں۔ اس حاشیہ میں اور اسی طرح سورۂ احزاب کی آیت تطہیر سے متعلق حاشیہ میں انھوں نے دلیل کے طور پر جمع مذکر حاضر کی ضمیر کے استعمال کی جو بات لکھی ہے، خدا ہی جانتا ہے کہ وہ عربی زبان و محاورات سے ان کی ناواقفیت پر مبنی ہے یا دانستہ فریب کاری، حقیقت یہ ہے کہ محترم اور باعظمت خواتین سے خطاب کے وقت خاص موقعوں پر ان کی عظمت کے اظہار کیلئے جمع مذکر حاضر کی ضمیر سے بھی ان کو مخاطب کیا جاتا ہے، اور ان دونوں آیتوں میں جمع مذکر حاضر کی ضمیر سے خطاب اسی مقصد سے کیا گیا ہے،

آیت تطہیر میں حضورؐ کی ازواج مطہرات مخاطب ہیں اور سورہ ہود کی اس آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجۂ مطہرہ حضرت سارہ، اور یہ قرآن مجید کی معجزانہ فصاحت و بلاغت کے عین مطابق ہے۔ اور سورۂ احزاب کی آیت تطہیر میں اہل البیت حضورؐ کی ازواج مطہرات کو فرمایا گیا ہے اور انھیں کی کامل تطہیر کے ارادۂ الٰہیہ کا اعلان کیا گیا ہے۔ اور سورۂ ہود کی آیت میں اہل البیت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجۂ مطہرہ حضرت سارہ کو فرمایا گیا ہے۔

عربی زبان و ادب سے واقفیت رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ لفظ اہل البیت کا

اطلاق بیوی ہی کے لیے ہوتا ہے کسی شخص کی ماں یا بیٹوں کو اس کی اہل البیت نہیں کہا جاتا ہے اسی طرح فارسی میں "اہل خانہ" (جو اہل بیت کا لفظی ترجمہ ہے) بیوی ہی کے لیے استعمال ہوتا ہے کسی شخص کی ماں یا اس کی بیٹیوں کو اسکی اہل خانہ نہیں کہا جاتا، اردو محاورہ بھی اسی کے مطابق ہے ــــ ہاں جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہوا ہے کہ جب آیت تطہیر نازل ہوئی (جس میں حضورؐ کی ازواج مطہرات کی کامل تطہیر کے ارادۂ الٰہیہ کا اعلان فرمایا گیا ہے) تو رسول اللہ ــــ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت سیدہ فاطمہ اور ان کے شوہر اور اپنے چچازاد بھائی حضرت علیؓ مرتضیٰ اور ان کے دونوں صاحبزادوں حضرت حسن و حضرت حسین کو اپنے ساتھ لے کر دعا فرمائی کہ اے اللہ! ان کو بھی میرے اہل البیت میں شامل فرما اور ان کی بھی خصوصی تطہیر کا فیصلہ فرما!

اور ہمارا یقین ہے کہ حضورؐ کی یہ دعا قبول فرمائی گئی اور حضورؐ کی دعا کے نتیجہ میں یہ حضرات بھی اہل البیت میں اور خصوصی تطہیر کے ارادۂ الٰہیہ کی وسعت میں شامل ہیں[1]

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مولوی فرمان علی صاحب کے مندرجہ بالا حاشیہ سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ان کے نزدیک قرآن کو جمع کرنے والوں نے اس کی آیتوں کی ترتیب میں صرف یہی ردوبدل نہیں کیا ہے کہ ایک آیت کو اس کی اصل جگہ سے نکال کر دوسری جگہ رکھ دیا، بلکہ ان "ظالموں" نے ایسا بھی کیا ہے کہ تحریف کی چھری سے ایک آیت کے دو ٹکڑے کیے اور ایک ٹکڑے کو کسی دوسری جگہ ٹانک دیا ــــ سورۂ ہود کی آیت اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ رحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت اِنہ حمید مجید ہ کے بارے میں مندرجہ بالا حاشیہ میں مولوی فرمان علی صاحب نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کا حاصل یہی ہے کہ آیت کے پہلے جز اتعجبین من امر اللہ کے بعد آیت کا جو حصہ ہے وہ کسی دوسری جگہ کا ہے جس کو قرآن مرتب کرنے والوں نے اپنی کسی خاص غرض سے یہاں جوڑ دیا ہے یہی حال سورہ احزاب کی آیت تطہیر کا ہے وہ بھی

---

[1] یہاں ہم نے صرف اتنا اشارہ کر دینا کافی سمجھا ہے، اس موضوع پر محققانہ اور تشفی بخش تفصیلی بحث امام اہلسنت حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی کے رسالہ تفسیر آیت تطہیر میں دیکھی جا سکتی ہے۔

پوری آیت نہیں ہے، بلکہ آیت کا آخری جزء ہے معلوم ہوا کہ مولوی فرمان علی صاحب کے نزدیک قرآن مجید کی آیتوں میں صرف جگہ تبدیل نہیں کی گئی بلکہ ان میں قطع و برید کا عمل بھی کیا گیا ہے۔

کیا کسی صاحب عقل کو اس بارے میں شک شبہ ہو سکتا ہے کہ قرآنی آیتوں کی کی ترتیب میں رد و بدل اور قطع و برید کا یہ نظریہ تسلیم کر لینے کے بعد قرآن قطعاً ناقابل اعتماد ہو جاتا ہے آیتوں کا سیاق سباق اور ان کی جگہ بدلنے سے اکثر ان کا مفہوم و مطلب بھی بدل جاتا ہے۔ اور آیتوں میں قطع برید تسلیم کر لینے کے بعد قرآن ہرگز قابل اعتبار نہیں رہتا۔ ہمارے نزدیک یہ عقیدہ اور نظریہ بلاشبہ قرآن دشمنی ہے، وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ہ

ہمعصر شیعہ علماء و مجتہدین

ناظرین کرام آئندہ صفحات میں پاکستان کے حضرات علماء کرام کے جوابات میں پہلا جواب و فتویٰ جناب مولانا قاضی مظہر حسین صاحب زید مجدہم کا ملاحظہ فرمائیں گے انھوں نے اسی دور کے شیعہ علماء و مجتہدین کی کتابوں سے جو عبارتیں نقل فرمائی ہیں ان کے مطالعہ کے بعد یہ حقیقت روز روشن کی طرح سامنے آجاتی ہے کہ یہ سب بھی حضرات شیخین و صدیق اکبر و فاروق اعظم کو (معاذ اللہ) ایمان سے محروم منافق اور قرآن کو محرف مانتے ہیں ـــــ اور ایران کے خمینی صاحب جو اس دور کے شیعی دنیا کے گویا امام اکبر ہیں، انھوں نے اپنی کتاب "کشف الاسرار" میں حضرات شیخین اور ان کے خاص رفقاء تمام سابقین اولین کے کفر و نفاق کے بارے میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ استفتاء میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے اور دسمبر میں شائع ہونے والے، خاص نمبر کے مقدمہ میں ثابت کیا جا چکا ہے کہ اس عقیدہ کے رکھنے والے کے لیے قرآن پر ایمان اور اس کو تحریف سے محفوظ ماننا از روئے عقل بھی ممکن نہیں ہے۔

اب اس وقت اس سلسلہ میں ایک بات یہ عرض کرنی ہے کہ شیعہ علماء و مصنفین کی کتابوں کے مطالعہ سے یہ بھی سامنے آتا ہے کہ ان میں سے جو لوگ بلند

آہنگی کے ساتھ موجودہ قرآن پر ایمان کا دعویٰ اور عقیدۂ تحریف سے بظاہر شدت کے ساتھ انکار کرتے ہیں وہ بھی اس سلسلہ کی اپنی تحریروں میں ایسا مواد شامل کر دیتے ہیں جس سے عقیدۂ تحریف قرآن کی پوری تائید ہوتی ہے۔

جناب مولانا قاضی مظہر حسین صاحب نے اپنے جواب میں "تحریف قرآن اور پاکستانی شیعہ" کے زیر عنوان پاکستان کے مشہور شیعہ مجتہد مولوی محمد حسین صاحب (فاضل نجف اشرف) کا ذکر کیا ہے اور ان کی کتاب "اثبات الامامۃ" کے حوالہ سے ان کی عبارت نقل کی ہے جو اس کی واضح اور روشن دلیل ہے۔ اس کے بعد الفیس کی دوسری کتاب "احسن الفوائد فی شرح العقائد" کی مندرجہ ذیل عبارت نقل کی ہے:

"ہاں یہ درست ہے کہ ہمارے بعض علماء کرام تحریف کے قائل ہیں۔
.... اور جو علماء اس نظریہ کے قائل ہیں وہ بھی اس نظریہ کی صحت پر دلائل رکھتے ہیں"

اس کے بعد ان شیعہ مجتہد صاحب نے عقیدۂ تحریف کے قائل علماء کی طرف سے پانچ دلیلیں پیش کی ہیں، مولانا قاضی مظہر حسین صاحب نے ان میں سے صرف پہلی دلیل اپنے جواب میں نقل فرمائی ہے، غالباً انھوں نے اپنے مدعا کے ثبوت کیلئے اسی کو کافی سمجھا ہے، یہ دلیل ناظرین کرام قاضی صاحب کے جواب میں صفحہ ۶۵ پر ملاحظہ فرمائیں گے لیکن راقم سطور ان کی باقی چار دلیلیں بھی یہاں نقل کر دینا مناسب سمجھتا ہے، البتہ طوالت سے بچنے کے لیے یہ دلیلیں کچھ اختصار اور تلخیص کے ساتھ نقل کی جا رہی ہیں۔

دوسری دلیل جمع قرآن کی وہ کیفیت ہے جو کتب سیر و تواریخ میں مذکور ہے..... جو شخص جمع کی یہ کیفیت ملاحظہ کرے گا ظن غالب بلکہ یقین ہو جائے گا کہ اسطرح کچھ نہ کچھ حصہ ضرور جمع ہونے سے رہ گیا ہوگا۔

تیسری دلیل کسی شخص کی جمع کردہ چیز پر اسی وقت یہ وثوق ہو سکتا ہے کہ اس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا جب اس کے جامع کا ایمان و ایقان ایسا مسلم ہو کہ ہر قسم کے شک شبہ سے بالاتر ہو اور اس کی جمع و ترتیب سے سوا دین اسلام کی خدمت کے اور کوئی غرض و غایت بھی نہ ہو لہٰذا جو لوگ سرے سے ان جامعین قرآن

کے ایمان میں کلام کرتے ہیں اور ان کے مساعی و جہود کو کسی جذبہ دینی پر محمول کرنے کیلئے تیار نہیں بلکہ وہ ان کی جمع و ترتیب کو ان کے دنیوی اغراض و مقاصد پر محمول کرتے ہیں اگر وہ اس میں کچھ کمی کے قائل ہوں بھی تو وہ معذور ہیں۔

اس تیسری دلیل کے بارے میں ہم یہ عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ مولوی محمد حسین صاحب کے الفاظ سے قطع نظر یہ دلیل سو فیصد صحیح ہے۔ جو لوگ جامعین قرآن کو ایمان سے محروم بدنیت و بدکردار مانتے ہیں (جو خود ان مجتہد صاحب کا بھی حال ہے) ان کے لیے قرآن پر ایمان اور اسکو تحریف سے محفوظ ماننا از روئے عقل بھی ممکن نہیں ہے جیسا کہ اس عاجز نے استفتاء میں اس بارے میں تفصیل سے لکھا ہے۔

چوتھی دلیل یہ ہے کہ چونکہ پہلی امتوں میں آسمانی کتب میں تحریف ہو چکی ہے اور پیغمبر اسلام کا ارشاد ہے کہ جو کچھ بھی پہلی امتوں میں واقع ہوا ہے بعینہ وہ میری امت میں بھی واقع ہوگا (کنز العمال) لہٰذا اس عمومی شبہ کا تقاضہ ہے کہ اس امت میں بھی آسمانی کتاب میں کچھ تحریف واقع ہو۔

پانچویں دلیل یہ ہے کہ جب مسلمانوں کے خلیفہ اول و دوم بالخصوص حضرت امیر المومنینؑ کا جمع کردہ قرآن مجید موجود تھا تو اس کی موجودگی میں جناب خلیفہ ثالث کو از سر نو جمع کرنے کی کیا ضرورت درپیش آئی تھی ..... اس سے بھی مستفاد ہوتا ہے کہ جامع کی کوئی خاص غرض تھی۔ ص ۳۷۶ تا ص ۳۷۸ ملخصاً

ان مجتہد صاحب نے قرآن مجید میں تحریف کے مدعی اور قائل اپنے علماء کی یہ پانچ دلیلیں بیان فرمائی ہیں اور ان میں سے ایک کا بھی جواب نہیں دیا ہے بلکہ صرف یہ لکھ کر بات ختم کر دی ہے۔

> ہمیں یہاں ان ادلہ کے صحت و سقم سے بحث کرنا مقصود نہیں ہے، ان چند ادلہ کے یہاں ذکر کرنے سے مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ جو حضرات اس نظریہ کے قائل ہیں وہ بھی دلائل رکھتے ہیں اور ان کے اس نظریہ سے کسی اسلامی مسلمہ اصول کی مخالفت لازم نہیں آتی۔ ص ۳۷۸

اس عبارت میں ان مجتہد صاحب نے صفائی کے ساتھ اقرار فرمایا ہے کہ قرآن کا محرف نہ ہونا کوئی مسلمہ اسلامی مسئلہ نہیں ہے، یہ صراحت کے ساتھ اپنے اس عقیدہ

کا اظہار و اعلان ہے کہ موجودہ قرآن پر ایمان لانا ضروری نہیں ہے۔

ہمارے نزدیک اس سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ ان مجتہد صاحب اور اسی طرح آج کل کے ان جیسے دوسرے شیعہ علماء و مجتہدین کا عقیدۂ تحریف سے انکار اور موجودہ قرآن پر ایمان کا دعویٰ صرف تقیہ ہے۔ جیسا کہ گیارہویں صدی کے ان کے عظیم المرتبت محدث و متکلم سید نعمت اللہ الجزائری نے "الانوار النعمانیہ" میں شیخ صدوق اور شریف مرتضیٰ اور شیخ طبرسی کے بارے میں صراحت اور صفائی سے لکھا ہے کہ انھوں نے قرآن میں تحریف سے انکار بہت سی مصلحتوں سے کیا ہے، (یعنی اپنے عقیدہ اور ضمیر کے خلاف انھوں نے تقیہ کے طور پر تحریف سے انکار کی بات کہی ہے) ــــ شیعوں کے محدث اعظم نعمت اللہ الجزائری کی پوری عبارت استفتاء میں نقل کی جا چکی ہے، دسمبر میں شائع ہونے والے خاص نمبر کے صفحہ ۵۸ پر دیکھی جا سکتی ہے۔

شیعہ علماء متقدمین میں چوتھی صدی کے شیخ صدوق پہلے شخص ہیں جنھوں نے قرآن کے محرف ہونے سے انکار کیا ہے اور اپنا یہ عقیدہ ظاہر کیا ہے کہ موجودہ قرآن بعینہٖ وہی کتاب اللہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی، انھوں نے اپنے رسالہ اعتقادیہ میں اپنے اس عقیدہ پر دلائل بھی پیش کئے ہیں۔ (انکا یہ رسالہ مجتہد مولوی محمد حسین صاحب نے اپنے ترجمہ و شرح کے ساتھ شائع کیا ہے وہی اس وقت سامنے ہے) شیخ صدوق نے اپنے اسی رسالہ میں اسی بحث کے آخر میں تحریر فرمایا ہے:

قال امیر المومنین لما جمعه فلما جاء به فقال لهم هذا کتاب الله ربکم کما انزل علی نبیکم لم یزد فیه حرف ولم ینقص منه حرف فقالوا لا حاجة لنا فیه عندنا مثل الذی عندک فانصرف وهو

حضرت امیر المومنین علیہ السلام قرآن جمع کر چکے تو اسے لوگوں کے پاس لاکر فرمایا اے لوگو! یہ تمہارے پروردگار کی کتاب ہے یہ اسی طرح ہے جس طرح تمہارے پیغمبر پر نازل ہوئی تھی، نہ اس میں کوئی حرف زیادہ ہوا ہے اور نہ کسی حرف کی کمی واقع ہوئی ہے ان لوگوں نے جواب دیا ہمیں

یقول فنبذوہ وراء ظھورھم واشتروا بہ ثمنا قلیلا فبئس ما یشترون۔

(رسالہ اعتقادیہ مصنفہ شیخ صدوق ابن بابویہ قمی متوفی ۳۸۱ھ)

اس قرآن کی ضرورت نہیں، ہمارے پاس ایسا ہی قرآن موجود ہے جیسا کہ آپ کے پاس ہے، حضرت یہ فرماتے ہوئے واپس تشریف لے گئے کہ ان لوگوں نے اس کو پس پشت ڈالا ہے اور اس کے بدلے میں بہت ہی کم قیمت چیز کو خریدا ہے، اور کیسی بری چیز ہے وہ جو انھوں نے خریدی ہے۔

(ترجمہ مولوی محمد حسین مجتہد احسن الفوائد ص ۲۶۲)

کیا کسی کے لیے اس میں شک شبہ کی گنجائش ہے کہ امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کا جو کلام شیخ صدوق نے یہاں نقل کیا ہے وہ خود اس کی صریح دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی وہ کتاب الٰہی (قرآن مجید) جس میں نہ کوئی حرف کم ہوا تھا اور نہ زیادہ کیا گیا تھا وہ وہی تھا جس کو امیر المومنین نے جمع فرمایا تھا، اور جب انھوں نے اس کو شیخین اور ان کے رفقاء کے سامنے پیش کیا تو اس کو انھوں نے نہیں لیا اور کہہ دیا کہ ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہمارے پاس بھی ایسا قرآن موجود ہے تو حضرت علی مرتضیٰ نے ان کا جواب سن کر جو فرمایا فنبذوہ وراء ظھورھم واشتروا بہ ثمنا قلیلا فبئس ما یشترون۔ اس کا مطلب اس کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا کہ انھوں نے ان حضرات کے جواب اور ان کی بات کو غلط اور ان کے قرآن کو نامعتبر اور ان کو کتاب اللہ کے پس پشت ڈالنے اور اس کے بدلے دنیا کا حقیر نفع حاصل کرنے کا مجرم قرار دیا۔

راقم سطور نے عرض کیا تھا کہ شیعہ علماء و مصنفین کی کتابوں کے مطالعہ سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ ان میں سے جو حضرات قرآن مجید میں تحریف سے انکار اور موجودہ قرآن پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ بھی جب اس موضوع پر لکھتے ہیں تو اپنی تحریروں میں ایسا مواد شامل کر دیتے ہیں جس سے عقیدۂ تحریف کی پوری تائید ہو ——

۔ شیخ صدوق کے رسالہ اعتقادیہ سے اوپر جو کچھ نقل کیا گیا ہے وہ اور رسالہ کے مترجم و شارح مولوی محمد حسین مجتہد کا جو کلام اس سے پہلے نقل ہوا جس میں انھوں نے تحریف کا عقیدہ رکھنے والے اپنے علماء کے دلائل بیان کیے ہیں، یہ دونوں اسکی عبرت انگیز مثالیں ہیں۔

عقیدۂ تحریف کے بارے میں شیعہ علماء کا ایک پُر فریب مغالطہ

راقم سطور نے شیعوں کے عقیدۂ تحریف قرآن کے بارے میں استفتا میں قریباً بیس (۲۰) صفحات پر جو کچھ لکھا ہے، اور اس کے ساتھ کے مقدمہ میں، اور پھر اس شمارے کے بھی گذشتہ صفحات میں جو کچھ لکھا گیا ہے، اور اس سب سے پہلے "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں اسی موضوع پر ۳۲ صفحات پر جو کچھ لکھا جا چکا ہے، اس کے مطالعہ کے بعد کسی کے لئے اس بارے میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ شیعہ اثنا عشریہ کا ایمان اس حقیقت پر نہیں ہے کہ موجودہ قرآن، تحریف اور تغیر و تبدل سے محفوظ بعینہٖ وہی "کتاب اللہ" ہے جو سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم پر نازل ہوئی تھی، بلکہ از روئے عقل بھی ان کے لئے اس حقیقت پر ایمان ممکن نہیں ہے۔

راقم سطور کا یہ بھی خیال ہے کہ اس کھلی اور غیر مشکوک حقیقت کو اُن شیعہ علماء نے بھی محسوس کر لیا ہے جو موجودہ قرآن پر ایمان کا دعویٰ اور تحریف سے انکار کرتے ہیں، اسی وجہ سے اس مسئلہ کے بارے میں انھوں نے یہ رویہ اختیار کر لیا ہے کہ اپنے ائمہ معصومین کی دو ہزار سے زیادہ ان روایات کے بارے میں جن میں پوری صراحت کیساتھ قرآن مجید میں ہر طرح کی تحریف کا ہونا بیان کیا گیا ہے اور جن کے متعلق انکے اکابر علماء نے اقرار کیا ہے کہ یہ روایات متواتر ہیں، اور ان ہی کے مطابق ہمارا اور ہمارے اکابر و مشائخ کا عقیدہ ہے، الغرض ان روایات اور اپنے اکابر علماء کے اس اقرار کے بارے میں کوئی معقول تحقیقی جواب دینے کے بجائے وہ الزامی جواب کے طور پر سیوطی کی "اتقان" اور "در منثور" وغیرہ کے حوالوں سے وہ روایات پیش کرتے ہیں جن میں بعض صحابۂ کرام سے نقل کیا گیا ہے کہ ہم پہلے قرآن مجید میں آیت پڑھا کرتے تھے (جو موجودہ قرآن میں نہیں ہے) واقعہ یہ ہے کہ ان شیعہ علماء و مصنفین کا یہ محض مغالطہ اور فریب ہے (جس میں بلاشبہ انکو خاص مہارت حاصل ہے)

اس قسم کی روایتوں کے بارے میں تفصیلی بحث تو حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف "تنبیہ الحائرین"[1] میں دیکھی جائے، یہاں تو راقم سطور اس سلسلہ میں مندرجہ

---

[1] یہ کتاب اب "شیعہ اور قرآن" کے نام سے شائع ہوئی ہے کتب خانہ الفرقان سے بھی طلب کی جا سکتی ہے۔ منیجر

ذیل چند مختصر باتیں لکھدینا کافی سمجھتا ہے۔

۱۔ اہل سنت کی طرح شیعہ علما بھی اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں جب قرآن مجید کے نزول کا سلسلہ جاری تھا تو ایسا بھی ہوتا تھا کہ ایک آیت نازل ہوتی اور اس کی تلاوت کی جاتی، پھر کچھ مدت کے بعد اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے اس کے منسوخ کئے جانے کا حکم آجاتا، جس کا مطلب ہوتا تھا کہ آیت اتنی ہی مدت کے لئے نازل کی گئی تھی۔ (آیتوں کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس طرح منسوخ کئے جانے کا ذکر خود قرآن مجید سورۂ بقرہ کی آیت ۱۰۶ "ما ننسخ من آیۃ الایۃ" میں بھی کیا گیا ہے)

پھر یہ نسخ کبھی اس طرح ہوتا کہ آیت کی تلاوت بھی منسوخ ہو جاتی اور اس کے ذریعہ آنیوالا حکم بھی منسوخ ہو جاتا، اور کبھی ایسا ہوتا کہ صرف تلاوت منسوخ ہوتی، اور حکم باقی رہتا، اور کبھی اس کے برعکس یہ بھی ہوتا کہ آیت کے ذریعہ آنیوالا صرف حکم منسوخ ہوتا، اور آیت قرآن مجید میں رہتی، اور اس کی تلاوت بھی کیجاتی۔

نسخ کی ان تینوں صورتوں کا ذکر چھٹی صدی کے مشہور شیعہ عالم و مفسر ابو علی طبرسی نے اپنی تفسیر مجمع البیان میں سورۂ بقرہ کی آیت ۱۰۶ "ما ننسخ من آیۃ او ننسھا نات بخیر منھا او مثلھا الایۃ" کے ذیل میں اس طرح کیا ہے۔

والنسخ فی القرآن علی ضروب منھا ان یرفع حکم الآیۃ وتلاوتھا کما روی عن ابی بکرۃ انہ قال کنا نقرأ لاترغبوا عن اٰبائکم فانہ کفر بکم ومنھا ان تثبت الآیۃ فی الخط ویرفع حکمھا کقولہ تعالیٰ فان فاتکم شیٔ من ازواجکم الی الکفار فعاقبتم فھذہ ثابتۃ اللفظ فی الخط مرتفعۃ الحکم ومنھا ما یرتفع اللفظ ویثبت الحکم کآیۃ الرجم فقد قیل انھا

قرآن میں نسخ کئی قسم کا ہوا ہے، ان میں سے ایک صورت یہ ہے کہ آیت کا حکم اور اس کی تلاوت دونوں منسوخ ہو جائیں، جیسا کہ ابو بکرۃ (صحابی) سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ہم پڑھا کرتے تھے "لاترغبوا عن اٰبائکم فانہ کفر بکم"۔ اور نسخ کی دوسری صورت یہ ہے کہ آیت کے الفاظ کتابت میں باقی رہیں، مگر حکم منسوخ ہو جائے اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے "فان فاتکم شیٔ من ازواجکم الی الکفار فعاقبتم الایۃ" اس آیت کے الفاظ کتابت میں باقی ہیں مگر حکم منسوخ ہو گیا ہے

انت منزلة فرفع لفظها

اور نسخ کی ایک تیسری صورت یہ ہے کہ آیت کی تلاوت منسوخ ہو جائے لیکن حکم باقی رہے، جیسا کہ آیت رجم میں ہوا ہے، بیان کیا گیا ہے کہ رجم کی آیت نازل ہوئی تھی اس کے الفاظ منسوخ ہو گئے۔

ابو علی طبرسی نے نسخ کی یہ تینوں صورتیں ذکر کرنے کے بعد آخر میں لکھا ہے۔

ذکرنا حقیقة النسخ عند المحققین

ہم نے نسخ کی وہ حقیقت بیان کر دی ہے جو محققین کے نزدیک مسلم ہے۔

معلوم ہوا کہ قرآنی آیات میں نسخ کی ان تینوں صورتوں کے بارے میں ابو علی طبرسی نے جو کچھ لکھا ہے، وہ ان کی ذاتی رائے نہیں ہے، بلکہ عام محققین علمائے شیعہ اسی کے قائل ہیں۔

اس کے بعد راقم سطور عرض کرتا ہے کہ اتقان اور در منثور وغیرہ کے حوالوں سے جو روایتیں پیش کر کے شیعہ صاحبان ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ اہل سنت کی کتابوں میں بھی تحریف کی روایتیں ہیں، حقیقت یہ ہے کہ ان روایتوں میں سے جو کسی درجہ میں قابل اعتبار ہیں ان میں نسخ کی انہی صورتوں کا ذکر ہے جن میں آیتوں کی تلاوت منسوخ ہو گئی ہے، خود علامہ سیوطی نے ان روایتوں کو نسخ کی اسی صورت کی مثال کے طور پر نقل کیا ہے۔

الغرض ان روایتوں کی بنیاد پر یہ دعویٰ کرنا کہ اہل سنت کی کتابوں میں بھی تحریف کی روایتیں ہیں محض مغالطہ اور فریب ہے ——— اس کے برخلاف شیعوں کے ائمہ معصومین کی دو ہزار سے اوپر جو روایتیں ہیں، جن میں قرآن میں ہر طرح کی تحریف کا ہونا بیان کیا گیا ہے، انکے بارے میں نسخ کی بات نہیں کہی جا سکتی، ان میں سے بہت سی روایات میں تصریح ہے کہ قرآن میں یہ تحریف اور قطع و برید منافقین نے کی ہے جس سے قرآن کا حلیہ ہی بگڑ گیا ہے، راقم سطور کی کتاب "ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت" میں وہ روایتیں دیکھی جا سکتی ہیں۔

۲۔ یہاں یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ علامہ سیوطی کا طریقہ "اتقان" و "در منثور" اور اکثر دوسری تصانیف میں بھی یہ ہے کہ وہ ہر طرح کی رطب و یابس روایات نقل کر دیتے ہیں، اور تنقید و تحقیق کا کام، کتاب کا مطالعہ کرنے والے اہل علم کیلئے چھوڑ دیتے ہیں، اس لئے ان کتابوں میں کسی روایت کا ہونا ہرگز اس کی دلیل نہیں ہے کہ وہ قابل استناد ہے۔

۳۔ شیعہ صاحبان اہل سنت کی کتابوں کے حوالوں سے جو روایات یہ ثابت کرنے کے لئے پیش کرتے ہیں کہ ان سے قرآن میں تحریف ثابت ہوتی ہے، ان کی بنیاد پر آج تک اہل سنت میں سے ایک آدمی بھی قرآن میں تحریف کا قائل نہیں ہوا۔ بلکہ تمام متقدمین و متاخرین اہلسنت کا اس پر اتفاق ہے کہ جو شخص قرآن کی ایک آیت میں بھی تحریف کا قائل ہو، وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، اس کے برخلاف اس بارے میں شیعوں کا جو حال ہے، وہ استفتاء میں بھی بیان کیا جا چکا ہے

۴۔ آخری بات اس سلسلہ میں یہ ہے کہ موجودہ قرآن پاک کا تحریف سے محفوظ بعینہٖ وہ کتاب الٰہی ہونا جو سیدنا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم پر نازل ہوئی تھی خود قرآن سے اور اس کے تواتر سے ثابت ہے، پس اگر بالفرض کوئی روایت کسی بھی کتاب میں ایسی ہو جس سے قرآن میں تحریف کا شبہ بھی پیدا ہوتا ہو، اور کوئی قابل قبول توجیہ بھی نہ کی جا سکتی ہو تو وہ قابل رد ہوگی یہ اہل سنت کا مسلم اصول ہے، یہی صراط مستقیم ہے، اور یہی عقل سلیم کا فیصلہ۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔



مولانا قاضی مظہر حسین
امیر تحریک خدام اہلسنت پاکستان

(بجواب استفتا)

شیعہ مذہب کی
معاصر شیعہ علماء کی تحریروں کی روشنی میں

فخر اہل سنت مخدوم العلماء حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی زید فیضہم کی تصنیف لطیف "ایرانی انقلاب امام خمینی اور شیعیت" ایک ایسا علمی اور اسلامی شاہکار ہے جس نے دور حاضر کی منظم اور مسلح شیعیت یعنی خمینیت کو بے نقاب کر کے ان لوگوں کو راہ حق دکھادی ہے جو مذہب شیعہ کی حقیقت سے ناواقف تھے اور وہ شیعیت کو اسلام ہی کی ایک شاخ سمجھتے تھے۔ حضرت مولانا موصوف نے اس تصنیف کے بعد شیعہ مذہب کی مستند اور بنیادی کتب سے ان کے اصولی عقائد یعنی امامت۔ تحریف قرآن اور تفسیق و تکفیر صحابہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین) پیش کر کے ایک جامع استفتا مرتب فرمایا اور اسے جواب کے لئے دین حق کے امین و محافظ حضرات علماء شریعت کی خدمت میں ارسال کر دیا جس پر پاک و ہند کے اکابر علمائے اہل السنت والجماعت نے بلاخوف لومۃ لائم اپنا شرعی فریضہ ادا کرتے ہوئے شیعہ اثنا عشریہ کو ان کے کفریہ عقائد کی بنا پر کافر قرار دے دیا فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔ محسن اہلسنت حضرت مولانا نعمانی دام فیضہم کا اس پیرانہ سالی میں یہ ایک عظیم الشان مجاہدانہ کارنامہ ہے۔ جس کی حق تعالیٰ نے ان کو خصوصی توفیق عطا فرمائی ہے ع ہر کسے را بہر کارے ساختند۔ بندہ اس فتویٰ سے پوری طرح متفق ہے۔ اور بحیثیت فتویٰ اس پر مزید لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا۔ البتہ یہ ثابت کرنے کے لئے کہ پاکستان کے شیعہ علماء و مجتہدین بھی اپنے اسلاف کے مذکورہ کفریہ عقائد

کے قائل ہیں۔ اور تصنیفی تنظیمی ہر پہلو سے ان کی تبلیغ و ترویج کر رہے ہیں کچھ مزید وضاحت مفید سمجھتا ہوں۔ چنانچہ ان کے بعض مشہور مصنفین کی تصانیف کے اقتباسات بطور نمونہ حسب ذیل ہیں۔

صحابہ کرام معاصر شیعہ علماء کی نظر میں

مولوی محمد حسین فاضل نجف اشرف پاکستان کے شیعہ مجتہدین میں سے ایک مولوی محمد حسین ڈھکو فاضل نجف اشرف (مقیم سرگودھا) ہیں جنھوں نے اپنی کتاب "اثبات الامامۃ" میں اپنے اساتذہ کی ان تحریرات کا عکس بھی شائع کر دیا ہے جنھوں نے انکو اجتہاد کی سندیں دی ہیں۔ مجتہد مذکور بھی اپنے عقیدۂ امامت کی بنا پر صحابہ کرام اور خصوصاً پہلے تین خلفاء راشدین امام الخلفاء حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے انتہائی بغض رکھتے ہیں۔ اور ان کو صراحتاً غیر مومن اور منافق قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بھی اپنے استفتاء میں ان کی کتاب "تجلیات صداقت" سے دو عبارتیں نقل کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں مولوی محمد حسین شیعہ مجتہد نے یہ بھی زہر افشانی کی ہے کہ "جناب امیر (یعنی حضرت علی المرتضیٰ) خلافت ثلثہ کو غاصبانہ و جابرانہ اور خلفاء ثلثہ کو گناہگار، کذاب، غدار، خیانت کار اور ظالم و غاصب اور اپنے آپ کو سب سے زیادہ خلافت نبوت کا حقدار سمجھتے تھے" (تجلیات صداقت صہ ۲۰۶ ناشر انجمن حیدری بھون روڈ چکوال) (۲) اصحاب ثلثہ اور ان کے تابعین ہرگز اس میں شامل نہیں ہیں کیونکہ یہ نہ مومن ہیں نہ مخلص مہاجر (ایضاً صہ ۴۹) (۳) ثلثہ کی فتوحات نے اسلام کو بدنام کیا (صہ ۶۵) (۴) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے متعلق لکھا ہے کہ:۔ عائشہ صاحبہ نے خچر پر سوار ہو کر امام حسن کے جنازہ کو روکا اور حجرہ میں اس سے مانع ہوئیں۔ اس پر شیعان علیؓ نے شور مچایا کہ تو کبھی اونٹ پر سوار ہوتی ہے۔ اور کبھی خچر پر اگر زندہ رہی تو اب ہاتھی پر سوار ہوگی (صہ ۴۰۸) یہ ملحوظ رہے کہ مصنف مذکور نے کتاب "تجلیات صداقت" میرے والد ماجد حضرت مولانا ابوالفضل محمد کرم الدین صاحب دبیر رحمہ اللہ تعالیٰ کی رد رفض و بدعت میں مقبول عام کتاب "آفتاب ہدایت" کے جواب میں سنہ ۱۹۶۲ء

میں لکھی ہے۔ جو اس طرح کے ہذیانات و مکذوبات سے مملوہے۔ لاحول ولاقوۃ الابباللہ العلی العظیم ــــ

مولوی حسین بخش جاڑا

پاکستان کے ایک اور شیعہ مجتہد مولوی حسین بخش جاڑا ہیں (مقیم دریاں خاں (میانوالی) حال لاہور، مجتہد مذکور بھی فاضل نجف اشرف (عراق) ہیں۔ انھوں نے بھی اپنی تفسیر انوار النجف جلد اول میں اپنے اساتذہ کا سلسلۂ اسناد درج کیا ہے:

مصنف مذکور نے چند سال ہوئے ایک فرضی مناظرہ بغداد شائع کیا ہے جس میں خلفائے ثلثہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں لکھا ہے:۔ "یہ لوگ (ثلثہ) دل وجان سے مومن نہیں تھے البتہ ظاہراً زبانی طور پر وہ اسلام کا اظہار کرتے تھے" (ص۵۷)

(۲) اسلام کے جرنیل اعظم حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے بارے میں لکھا ہے "انھوں نے مالک بن نویرہ کو قتل کر کے اسی رات اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا اور اس ظالم خالد نے مالک اور اس کی قوم کے دو سرداروں کے سر چولہے کی اینٹوں کی جگہ رکھ کر اوپر دیگ چڑھادی۔ اور اس زنا کا ولیمہ تیار کیا۔ اور خود بھی کھایا اور فوج کو بھی کھلایا (ص۹۹)

(۲) خالد سیف اللہ نہیں سیف الشیطان تھا (ص۱۰۰)

مولوی غلام حسین نجفی

ایک اور شیعہ مصنف مولوی غلام حسین نجفی فاضل نجف اشرف مقیم لاہور نے اپنی کتاب سکھم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم" میں بعنوان:۔ "جناب عمر کے متعلق قرطاس ابیض" نمبر وار ایک سو الزامات حضرت فاروق اعظم پر لگائے ہیں چنانچہ لکھا ہے کہ "جناب عمر کا موجودہ قرآن پر ایمان نہ تھا ــــ جناب عمر کو لقب فاروق یہودیوں نے عطا کیا تھا ــــ جناب عمر نبی کی بیویوں پر آوازے کستا تھا۔ جب وہ رات کے وقت رفع حاجت کے لئے مدینہ سے باہر جاتی تھیں ــــ جناب عمر شراب حرام ہونے کے بعد بھی شراب پیتے رہے ــــ جناب عمر جہنم کا تالا ہے۔ اور بہتر تو یہ تھا کہ جہنم کا گیٹ ہوتا" ــــ العیاذ باللہ

(۲) یہی غلام حسین نجفی اپنی ایک دوسری تصنیف قول مقبول فی اثبات وحدت بنت رسول" (ص۴۳۲) میں قرآن کے تیسرے موعودہ خلیفہ راشد داماد رسول حضرت عثمان ذوالنورین

رضی اللہ عنہ کے بارے میں یوں ہرزہ سرائی کرتا ہے "جناب عثمان نے پہلی بیوی رقیہ کو قتل نہیں کیا تھا بلکہ دوسری بیوی ام کلثوم کو اذیت جماع سے مار ڈالا تھا اور پھر خلیفہ ولید کی طرح اس کے مردہ سے ہمبستری کرتا رہا۔ اور پوری دنیا میں یہ پہلا خلیفہ ہے جس نے شرم و حیا کا بانڈہ توڑ کر اپنی بیوی کے مردہ سے ہمبستری کی ہے اور نبی کریم کو اذیت دینے والا رحمت خداوندی کا حقدار نہیں ہے۔ پس شیعوں کے امام نے اس لئے فرمایا ہے کہ جس نے نبی کریم کو اذیت دی۔ اے خدا تو اس پر لعنت بھیج"۔

مرزا حسن الحائری الاحقاقی

ایک شیعہ آیت اللہ مرزا حسن الحائری الاحقاقی عراق سے فرار ہو کر کویت میں پناہ گزین ہیں۔ ان کی ایک عربی کتاب کا ترجمہ بنام "مصباح العقائد" پاکستان میں مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد نے شائع کیا ہے اس میں بھی خلفائے راشدین کے بارے میں زہر افشانی کی گئی ہے۔ اور حضرت خالد بن ولید پر اس مذکورہ بہتان تراشی کو دہراتے ہوئے (جو ایران کے خمینی سے لے کر پاکستان کے شیعہ مصنفین تک سب کا شیوہ ہے) کہ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ کے متعلق بھی لکھا ہے کہ ــــ خلیفہ ثانی کی خلافت میں مغیرہ بن شعبہ نے زنا کیا اور زناکار کے بجائے اس کے چشم دید گواہوں کو کوڑے لگائے گئے۔ حضرت علیؓ کے اعتراض کا بھی کوئی اثر نہ ہوا۔ یہ خلافتِ عمر کا زمانہ ہی تھا کہ معاویہ جیسا طالب دنیا امیر شام بن گیا الخ (ص ۱۶۹)

قارئین کرام اندازہ کر سکتے ہیں کہ شیعہ مصنفین کفر و نفاق کے زہر آلود تیر اُن اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر برسا رہے ہیں جو مہاجرین اولین میں سے ہیں جن کو حق تعالیٰ نے رضی اللہ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ (پارہ گیارہ ع ۲) قرآن کی قطعی سند عطا فرمائی ہے اور یہ شیعہ علماء اُن ازواج مطہرات کی عظمت مجروح کر رہے ہیں جن کو رب العالمین نے امہات المومنین (اہل ایمان کی مائیں) فرما کر امت مسلمہ کے ایمان کے لئے معیار حق قرار دیا ہے۔ شیعیت کی اس ناپاک اور جارحانہ کارروائی کے بعد کیا کوئی اہل عقل و انصاف شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ اکابر علمائے اہلسنت نے شیعہ امامیہ کی تکفیر کا فتویٰ دیکر کوئی ناروا و نامناسب اقدام کیا ہے؟ ہرگز نہیں!!

تحریف قرآن اور معاصر شیعہ علماء

مولوی محمد حسین مجتہد فاضل نجف اشرف

پاکستان کے شیعہ علماء و مجتہدین بھی اپنے اسلاف کی طرح تحریف قرآن کے قائل ہیں چنانچہ مولوی محمد حسین مجتہد مذکور نے بعنوان " ایک مشہور اعتراض" لکھا ہے کہ :- کہا جاتا ہے کہ اگر مسئلہ امامت اس قدر اہم تھا کہ جتنا شیعہ حضرات خیال کرتے ہیں تو خداوند عالم نے ائمہ کے اسمائے گرامی صراحتہً قرآن میں کیوں نہ ذکر کر دیئے تاکہ مسلمانوں کا اس مسئلہ میں اختلاف ختم ہو جاتا اور سب مسلمان ایک مسلک میں منسلک ہو جاتے الخ

اس کا الزامی جواب دینے کے بعد مصنف مذکور لکھتے ہیں : اس کا حلی اور تحقیقی جواب یہ ہے کہ فریقین کی بعض روایات کے مطابق ائمہ اطہار علیہم السلام کے اسمائے گرامی قرآن مجید میں موجود تھے مگر جمع قرآن کے وقت انھیں نظر انداز کر دیا گیا چنانچہ ہماری تفسیر صافی ص ۹ مقدمہ ششم طبع ایران بحوالہ تفسیر عیاشی حضرت امام جعفر صادق سے مروی ہے فرمایا :- لو قری القرآن کما انزل لالفیتمونا فیہ مسمّین اگر قرآن کو اس طرح پڑھا جاتا جس طرح وہ نازل ہوا تھا تو تم اس میں ہمیں نام بنام پاتے " (اثبات الامامت طبع دوم ص ۲۱۲)

(۲) یہی شیعہ مجتہد لکھتے ہیں :- "ہاں یہ درست ہے کہ ہمارے بعض علمائے کرام تحریف کے قائل ہیں"۔ اس کے بعد مجتہد مذکور نے قائلین تحریف کی طرف سے پانچ دلیلیں پیش کی ہیں۔ چنانچہ لکھا ہے کہ اس سلسلہ میں ان کی پہلی اور محکم دلیل وہ روایات ہیں جو اس مسئلہ کے متعلق کتب فریقین میں موجود ہیں جو اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ جمع قرآن کے وقت اس میں فی الجملہ ضرور کچھ کمی واقع ہوئی۔ یہ روایات اس قدر کثیر التعداد ہیں کہ ان سب کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ علامہ مجلسی (یعنی باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ) نے مرآۃ العقول میں ان کے تواتر کا ادعا فرمایا ہے اور اس قدر صریح الدلالت ہیں کہ ان میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں" (احسن الفوائد فی شرح العقائد طبع دوم ص ۲۹۱)

اور اسی سلسلے میں مصنف مذکور نے لکھا ہے کہ :- یہاں ان دلائل کی صحت و سقم سے بحث کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ ان کے یہاں ذکر کرنے سے مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ جو

حضرات اس نظریہ کے قائل ہیں وہ بھی کچھ دلائل رکھتے ہیں اور ان کا یہ نظریہ بھی محض بے دلیل نہیں ہے اور یہ کہ ان کے اس نظریہ سے کسی اسلامی مسلّم عقیدے کی مخالفت لازم نہیں آتی کما لایخفی (ایضاً ص ۴۹۳)

علاوہ ازیں مصنف مذکور آیت انا نحن نزّلنا الذکر وانا له لحافظون (پ ۱۴ سورۃ الحجر) کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں :۔ اگر قرآن کا ایک فرد اس تحریف سے محفوظ ہے تو وعدہ خداوندی پورا ہے۔ اور قائل تحریف کہہ سکتا ہے کہ حضرت امیر المومنین کا جمع کردہ قرآن اس وعدہ الہیہ کی عملی تصویر ہے جو موجود ہے اور ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے۔ (ایضاً ص ۴۹۴)

منقولہ عبارات کے بعد کوئی کہہ سکتا ہے کہ مولوی محمد حسین ڈھکو مجتہد تحریف قرآن کا قائل نہیں ہے :۔ عبرت۔ عبرت۔ عبرت

مولوی حسین بخش جاڑا

اس شیعہ مصنف کے شائع کردہ مناظرہ بغداد کی بعض عبارتیں پہلے نقل کی جا چکی ہیں۔ ان کی تفسیر انوار النجف ۱۴ جلدوں میں پاکستان میں شائع ہو چکی ہے۔ وہ بھی اصول کافی کی روایات کے پیش نظر لکھتے ہیں :۔

ایک اور روایت میں آپ (یعنی امام محمد باقر) نے فرمایا کہ "جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ میں پورے قرآن کا جامع ہوں جس طرح کہ وہ اترا تھا تو وہ جھوٹا ہے بلکہ جس طرح اترا تھا اسی طرح پورے طور پر اس کو جمع اور حفظ سوائے علی ابن ابی طالب کے اور کوئی کر ہی نہیں سکا اور پھر وہ ائمہ کے پاس ہے جو اس کے اوصیا ہیں" (انوار النجف جلد اول ص ۷۲) لیکن ہمارا سوال بہر حال یہی ہے کہ حضرت علیؓ نے اصلی قرآن کو کیوں غائب کیا، لیکن اس کے باوجود جاڑا صاحب اپنی تفسیر میں یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اسی قرآن کے قائل اور اس کو محفوظ مانتے ہیں جو امت میں رائج ہے۔

حضرت علی قرآن سے افضل ہیں

یہی جاڑا مجتہد لکھتے ہیں۔ جناب رسالتمآب نے فرمایا میں تم میں دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جاتا ہوں (ایک) اللہ کی کتاب اور (دوسرے) علی بن ابی طالب۔ اور علی تمھارے لئے کتاب اللہ سے افضل ہے کیوں کہ یہ تمھارے لئے کتاب اللہ کی ترجمانی کرے گا۔ (علی ناطق

اور قرآن صامت ہے اور ناطق صامت سے افضل ہوا کرتا ہے) (ایضاً انوار النجف جلد اول ۶۵)

مرزا علی امرتسری ثم لاہوری

شیعوں کے ایک مناظر مرزا احمد علی امرتسری ثم لاہوری نے جو پاکستان میں ہی آنجہانی ہوئے ہیں اپنی کتاب "الانصاف فی الاستخلاف" میں لکھا تھا کہ ۱۔ حضرت عثمان کا قرآن کی نقلوں کو پھیلانا مسلّم۔ لیکن یہی ترتیب قرآن ان کی غفلت از اسلام کو طشت از بام کرتی ہے اگر وہ حضرت علیؑ کے جمع شدہ قرآن کو رائج کرتے تو ان پر کوئی الزام عائد نہ ہوتا۔ ہم نمونہ کے طور پر اس ترتیب کی چند غلطیوں کو ظاہر کرتے ہیں الخ۔

اسی سلسلہ میں مرزا احمد علی رقمطراز ہیں ۲۔ اگر متروک محاوروں کو بھی معجزہ کہا جائے تو بس خیر پھر تو میں بھی ایک ایسی کتاب لکھ سکتا ہوں جو پرانے محاورات کو شامل ہو۔ اور وہ معجزہ ہوگا۔ بس حضور یہی آپ کے حضرت عثمان کی کاروائی ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ میں ذکر سے رسول اللہ مراد ہے" مرزا احمد علی آنجہانی کی اس کتاب پر لاہور کے ایک مشہور شیعہ مجتہد علی الحائری نے تقریظ لکھی ہے۔ اس کتاب کی تحریف قرآن کے بارے میں مذکورہ عبارت "آفتاب ہدایت" میں بھی منقول ہے۔

عقیدۂ تحریف قرآن اور ماہنامہ خیر العمل لاہور

ایک شیعہ ماہنامہ خیر العمل لاہور سے شائع ہوتا ہے جس کا ہیڈ آفس ۶۶ قاسم روڈ سمن آباد لاہور میں ہے اس رسالہ کے ٹائیٹل پر لکھا ہے۔ زیر سرپرستی قائم آل محمد علیہ السلام۔ نگراں اعزازی۔ علامہ مرزا یوسف حسین صاحب (جو چند دن ہوئے آنجہانی ہو چکے ہیں) اس ماہنامہ کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر عسکری بن احمد ایم بی بی ایس ہیں جو مرزا احمد علی مذکور کے خلف ہیں اسی سال کے خیر العمل ماہ نومبر ۱۹۸۷ء میں ڈاکٹر موصوف نے بعنوان :۔ "فتدبروا یا اولی الالباب" ایک مفصل اداریہ لکھا ہے جس میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ موجودہ قرآن محرّف ہے (العیاذ باللہ) بطور نمونہ اس مضمون کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں :۔

(۱) بہر حال کتاب بندی کے مراحل عہد ثلثہ (یعنی خلفائے ثلثہؓ) میں ہوئے اور جامعین قرآن نے وہ قرآن جمع کیا جو آجکل ہمارے ہاتھوں میں ہے اور اس کو سرکاری طور پر رائج کیا لہٰذا اسے مصحف عثمان کہنا چاہیئے۔ پاکستان بننے سے پہلے لاہور میں قرآن کی جتنی کتابت

ہوتی تھی وہ گلاب سنگھ کے پرنٹنگ پریس میں ہوتی تھی۔ اگرچہ حضرت علیؓ کے مرتب کئے ہوئے قرآن کو سرکاری طور پر مسترد کر دیا گیا تھا۔ مگر انھوں نے اپنی ظاہری خلافت کے دور میں بھی اسے رائج کرنے کی کوشش نہ فرمائی مگر انھوں نے یہ ضرور کیا کہ مفسرین قرآن کی ایک جماعت بنائی جس نے قرآن مجید کے معانی و مطالب کو ماثورہ روایات اور احادیث سے محفوظ کر لیا۔ اور وہ تبلاتے چلے گئے کہ اس جمع شدہ قرآن میں ترکیب و ترتیب اور آیات کی تقدیم و تاخیر میں کیا کیا خرابی ہوئی ہے الخ

(۲) یہ الٹ پلٹ اتفاقاً ہوئی یا غفلتاً۔ عمداً یا التزاماً مگر اس سے کلام اللہ میں بحث خلط ملط ہو کر رہ گئے ـــــ اللہ نے اس کا انکشاف اپنے کلام میں کر رکھا ہے۔ سورۃ الفتح پ ۲۶ آیت ۱۵ میں اللہ تعالیٰ نے اطلاع دی ہے۔

یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّبَدِّلُوْا کَلٰمَ اللّٰہِ ۔ یہ لوگ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ کے کلام کو بدل ڈالیں

(۳) قرآن مجید کے چیلنج فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ وغیرہ آیات کے متعلق لکھتے ہیں:۔ آج بھی اللہ کا یہ چیلنج قرآن و اللہ و رسول اللہ کی تکذیب کرنے والوں کے لئے قائم ہے مگر جامعین قرآن کی غلط ترتیب سے یہ غیر منطقی بلکہ قدرے مضحکہ خیز بن گیا ہے ـــ الٹا غیر منطقی ہونے کا الزام اللہ تعالیٰ پر دھرنے کی بجائے یہی بہتر ہے کہ جامعین و مرتبین قرآن پر اسے دھرا جائے جنھوں نے اِدھر کی آیت کو اُدھر جوڑ دیا۔ اور اُدھر والی کو اِدھر ـــ تاریخ یہ تبلانے سے قاصر ہے کہ کتنے مکذبین کی اصلاح میں یہ الٹ ترتیب مانع ہوئی اور اللہ پر کیا کیا الزام انھوں نے دھرے۔

(۴) سورہ بقرہ کی آیت ۱۸۴ ۔ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَہٗ فِدْیَۃٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ ط ایسا حکم اللہ اور رسول کا نہیں ہو سکتا۔ کاتبین وحی اور جامعین وحی کی بھول چوک یا عمداً یہاں سے لفظ لا چھوٹ گیا ہے۔ سب مفسرین کا اتفاق ہے کہ اس آیت میں یطیقونہ دراصل لایطیقونہ ہے۔ یعنی جو روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں وہ فدیہ روزہ دیں

(۵) اسی طرح سورۃ الانفال میں پ ۹ ۔ آیت ۲۷ میں حکم اللہ تعالیٰ ہے۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِکُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

اس آیت کریمہ میں بھی کاتبین و جامعین فتخونوا امانتکم سے لا کو بھول گئے ہیں یا عمداً چھوڑ گئے ـــ اس حذف لا نے کتنے کتنوں کو گمراہ کیا ہوگا اور کتنے گمراہ فرقے

بنے ہوں گے ۔ بیچ ان مسائل قرآنیہ کے ۔

(۶) سورۃ الحجر پ ۱۴ ۔ آیت ۴۱ میں قول باری تعالیٰ ہے ۔ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ۔ اللہ نے کہا ہے کہ میرے اوپر ہے جو ایک راستہ وہ سیدھا ہے ۔ یہ آیت دراصل یوں ہے ۔ هٰذَا صِرَاطُ عَلِيٍّ مُسْتَقِيمٌ ۔ یہ علیؑ کی راہ (ہی) سیدھی ہے ۔

(۷) سورۃ الصّٰفّٰت میں قول باری تعالیٰ ہے ۔ سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ ہے اس پر بھی علماء مفسرین غلطاں ہیں کہ اِلْیاسین کیا ہے ۔ عبداللہ بن عباسؓ کی تفسیری روایت اور کتب احادیث و تفاسیر میں ہے ۔ کہ الیاسین دراصل آل یٰسین ہے ۔ اور یٰسین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک ہے ۔

(۸) قرآن بین الدفتین کو جمع کرنے والوں اور اس پر اعراب و اوقاف لگانے والوں کا مطمح نظر بڑی آسانی سے سمجھ میں آجاتا ہے جب یہ سمجھ لیں کہ سقیفائی خلافتوں کی مدمقابل وہی شخصیت تھی جسے آنحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد خلافت پر نصب و مقرر کیا تھا یعنی علی بن ابی طالب علیہ السلام لہٰذا ان کے متعلق آیات پر ہی سقیفائی رندہ پھیرا گیا اور ایک موطا قرآن تیار کیا گیا جس میں فضائل علی کی صفائی کی گئی ہو

(۹) تنزیل قرآن میں بنو امیہ اور دوسرے قریش کے شر منافقین کے بدنام نازل ہوئے تھے جو مصحف عثمانی سے مفقود ہیں ۔ قرآن میں اگر ایک دشمن رسول (یعنی ابولہب) کا نام آگیا ہے تو اللہ تعالیٰ کو کوئی ضرورت نہ تھی کہ رسول اللہ کے جو جانی دشمن تھے ان کے اسمائے نامبارکہ کو بتلانے سے پرہیز کرتا ۔ ابولہب ہاشمی نے اگرچہ زبانی کلامی دشمنی کی تھی اس کا نام ہی نہیں بلکہ مکمل سورۃ اللھب نازل ہوگئی ۔ اس کی بیوی حمالۃ الحطب (ابو سفیان کی بہن ام جمیل) کا ذکر نام کے بغیر آگیا ۔ مگر ایسے موذیان رسول کے بدناموں کا قرآن میں ذکر نہیں ہے ۔ جنھوں نے رسول اللہ کی ہتک حرمت کی اور آپ کو لہولہان کر دیا اور آپ کو ضربات شدید پہنچائیں اور آپ کے اعضا کو توڑ دیا ۔ یعنی دندان مبارک کو شہید کر دیا ۔ سنت اللہ اور اسلوب قرآن کا تقاضا تو یہ ہے کہ ان کے ناموں پر بھی مکمل مکمل سورے نازل ہوتے اولوالباب کے لئے قطعاً مشکل نہیں کہ وہ عقل دوڑا کر سمجھ لیں کہ اہل حسبنا اور سقیفائی خلیفے چونکہ خود قریشی تھے اور جامع القرآن

خود اموی تھا۔ اس لئے احترام خلافت کو برقرار رکھنے کے لئے قرآن کمیٹی کے نوخیزوں نے قریشی اور اموی موذیان رسول کے بدناموں کو خارج دفتر کر دیا۔ مگر مفسرین نے اس کا بھانڈا پھوڑ دیا۔

تبصرہ ڈاکٹر عسکری کے اس مضمون کو پڑھنے کے بعد کیا کوئی صاحب عقل و شعور یہ کہہ سکتا ہے کہ اس رافضی کا موجودہ قرآن پر ایمان ہے؟ کیا کوئی عیسائی اور یہودی وغیرہ دشمن اسلام قرآن کو ناقابل اعتماد ثابت کرنے کے لئے اس سے زیادہ یاوہ گوئی کر سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ غیر مسلم مصنفین اگرچہ قرآن کو کلام اللہ نہیں مانتے لیکن وہ اس امر کے معترف ہیں کہ موجودہ قرآن وہی ہے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا تھا اور اس کی تبلیغ و اشاعت آج تک ساری ملت اسلامیہ کر رہی ہے۔ بہرحال ڈاکٹر عسکری ہو یا کوئی اور۔ قرآن میں تغیر و تبدیلی۔ کمی و بیشی کے متعلق جس کا یہ عقیدہ ہو وہ یقیناً کافر ہے۔ اور سب سے زیادہ تعجب اور دکھ کی بات یہ ہے کہ "خیر العمل" کا یہ مضمون تازہ ہے اور اس دور حکومت میں شائع ہوا ہے جس کا یہ دعویٰ ہے کہ پاکستان میں قرآن و سنت پر مبنی نظام حکومت قائم کریں گے۔

شیعہ تراجم قرآن اور تحریف

میرے پاس مولوی مقبول احمد دہلوی کا ترجمہ مع ضمیمہ (مطبوعہ ۱۹۱۵ء دہلی) اور ۲ مولوی فرمان علی کا ترجمہ (ناشر امامیہ کتب خانہ) اندرون موچی دروازہ لاہور، اور ۳ ترجمہ مولوی امداد حسین کاظمی بعنوان القرآن المبین تفسیر المتقین (تالیف ۱۳۸۰ھ) ناشر شیعہ بک ایجنسی الصاف پریس لاہور موجود ہیں۔ ان تینوں شیعہ تراجم کے حواشی میں شیعہ ائمہ کی ایسی روایات منقول ہیں جن سے تحریف قرآن (کمی و بیشی) ثابت ہوتی ہے۔ اور ان تراجم کی تائید و تصدیق متعدد شیعہ علماء و مجتہدین نے کی ہے۔ خصوصاً مولوی مقبول احمد کے ترجمہ پر تو لکھنؤ کے بڑے بڑے شیعہ مجتہدین کی تقاریظ درج ہیں۔ یہاں بطور نمونہ سورۃ آل عمران کی آیت یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ کا ترجمہ اور تفسیر پیش کی جاتی ہے۔

تحریف قرآن اور قیامت میں پانچ جھنڈے

مندرجہ بالا آیت کا ترجمہ مولوی مقبول احمد نے یہ لکھا ہے

جس دن کچھ چہرے نورانی ہوں گے اور کچھ منہ کالے۔ اس کے حاشیہ پر مولوی مقبول احمد لکھتے

ہیں :۔ تفسیر قمی میں حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی تو جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت میرے پاس پانچ جھنڈوں کے تحت میں ہو کر آئے گی۔ ان میں سے چار کے ماتحت تو بھوکے پیاسے جہنم میں بھیج دیئے جائیں گے اور پانچویں کے سیر و سیراب جنت میں داخل کئے جائیں گے۔ پوری حدیث ضمیمے میں ملاحظہ فرمائیے اور ضمیمہ میں جو روایت منقول ہے درج ذیل ہے۔

ان پانچ جھنڈوں سے پہلا جھنڈا اس امت کے گوسالہ (ابوبکر) کا ہوگا۔ اس میں آنحضرت فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں سے سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد ان دو گرانقدر چیزوں کے ساتھ جو میں تم میں چھوڑ آیا تھا کیا برتاؤ کیا۔ وہ جواب دیں گے کہ ثقل اکبر (یعنی کتاب خدا) میں تو ہم نے تحریف کی اور اسے پس پشت ڈال دیا۔ اور ثقل اصغر (یعنی اہل بیت رسول) ان سے ہم نے عداوت اور بغض رکھا اور ظلم کیا۔ آنحضرت فرماتے ہیں میں ان سے یہ کہوں گا کہ تمہارے کالے منہ ہوں تم جہنم میں بھوکے پیاسے چلے جاؤ۔ پھر دوسرا جھنڈا اس امت کے فرعون (عمر) کا میرے پاس آئے گا۔ اور میں ان سے سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا وہ جواب دیں گے ثقل اکبر میں تو ہم نے تحریف کی اور اسے پھاڑ ڈالا اور اس کی مخالفت کی۔ اب رہا ثقل اصغر ان سے ہم نے دشمنی کی اور ان سے لڑے۔ تو میں ان سے کہوں گا کہ تمہارا بھی منہ کالا ہو۔ تم بھی جہنم میں پیاسے چلے جاؤ۔ اس کے بعد تیسرا جھنڈا امت کے سامری (عثمان) کا آئے گا ان سے بھی میں یہی سوال کروں گا کہ تم نے میرے بعد میرے ثقلین کے ساتھ کیا معاملہ کیا، وہ جواب دیں گے ثقل اکبر کی ہم نے نافرمانی کی اور اسے چھوڑ دیا اور ثقل اصغر کی ہم نے نصرت چھوڑ دی اور ان کو ضائع کر دیا۔ تو میں ان سے کہوں گا کہ تمہارا بھی منہ کالا ہو۔ جہنم میں پیاسے چلے جاؤ۔ اس کے بعد چوتھا جھنڈا ذوالثدیہ کا جس کے ساتھ اول سے آخر تک کل خوارج ہوں گے آئے گا میں ان سے بھی سوال کروں گا کہ میرے ثقلین کے ساتھ تم نے کیا کیا وہ یہ کہیں گے کہ ثقل اکبر کو تو ہم نے پھاڑ ڈالا اور اس سے علیحدہ رہے اور ثقل اصغر کے ساتھ ہم لڑے اور ان کو قتل کیا۔ میں ان سے کہوں گا جاؤ جہنم میں پیاسے۔ پھر پانچواں جھنڈا امام المتقین سید الوصیین قائد الغر المحجلین وصی رسول رب العالمین کا میرے پاس وارد ہوگا۔ میں ان سے دریافت کروں گا کہ تم میرے بعد ثقلین کے ساتھ کس طرح پیش آئے۔ وہ جواب میں عرض کریں گے کہ ثقل اکبر

کی ہم نے پیروی اور اطاعت کی اور ثقل اصغر سے ہم نے محبت و موالات کی اور ان کو یہاں تک مدد دی کہ ان کے بارے میں ہمارے خون تک بہا دیئے گئے پس ان سے میں کہوں گا سیر و سیراب ہو کر سفید رو بن کر جنت میں چلے جاؤ اس کے بعد آنحضرت نے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں۔ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ سے هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ تک۔

(ضمیمہ ترجمہ مولوی مقبول احمد صـ ۵۸ مطبوعہ مقبول پریس دہلی سنہ ۱۹۱۵ء)

